# ''تلاش''

## ممتاز مفتی

www.IqbalCyberLibrary.Net
©2002-2006

# ممتاز مفتی کی یاد میں

ہمیں چھوڑ جانے سے چند روز قبل ممتاز مفتی مجھ سے کہنے لگے۔

''یار عکسی تیرے لوک ورثہ فائدہ!''

''یار، یاد رکھنا جب میں مر جاؤں تو دو شہنایوں والے اور ایک ڈھول والے کو بلوا لینا اور گھر کے باہر خوب شادیانے بجانا۔ خوشی منانا۔ وعدہ کر یار۔ ایسا ہی کرو گے۔''

والد سے کیا ہوا وعدہ تو میں نہ نبھا سکا۔

لیکن آج اتنا ضرور عرض کروں گا کہ ہمیں ممتاز مفتی کا سوگ نہیں منانا چاہیئے۔ بلکہ انہیں Celebrate کرنا چاہیئے۔

So let us Celebrates MUMTAZ MUFTEE

He was a gift to all us from ALLAH

مجھے یہ زعم تھا کہ ممتاز مفتی کے تمام رفقاء کو ذاتی طور پر جانتا پہچانتا ہوں۔ اور پھر ان میں سے بیشتر تو میرے بھی دوست ہیں۔ لیکن یہ زعم ان کی وفات پر پاش پاش ہو گیا۔ سینکڑوں ہزاروں لوگ نہ جانے کہاں کہاں سے اُمڈ پڑے اچھے خاصے عمر رسیدہ بزرگ دھاڑیں مار مار رو رہے تھے۔ کچھ چیخ چیخ کر پکار رہے تھے

بابو، بابو، میں یتیم ہو گیا۔

میں حیرت سے ان سب کو دیکھ رہا تھا۔

یہ کون ہے۔ کہاں سے آیا ہے۔ یہ کیونکر یتیم ہو گیا۔ میں سوچتا رہا۔

میرا خیال تھا لوگ آئیں گے۔ مجھے سہارا دیں گے۔ گلے لگائیں گے۔ دلاسہ دیں گے۔ غم بانٹیں گے۔ الٹا مجھے ہی ان سب کا دکھ بانٹنا پڑ گیا۔ اور وہ مولوی حضرات

جنہوں نے لبیک کے چھپنے پر مفتی جی کے کلاف فتوے جاری کیے۔

ٰہ کون ہے جو بیت المکرّم کو کالا کوٹھا کہتا ہے اس کی یہ جسارت کہ حج کا تمسخر اڑائے کہ ''کوٹھے والا مجھے آنکھیں مار رہا ہے۔''

ان ہی میں سے ایک مولانا ممتاز مفتی کے قلم کو اسلام کی تلوار سے تشبیہ دینے لگا۔

میں حیرت سے سنتا رہا۔

اسی موقع پر جیب کترے بھی پیچھے نہیں رہے جیب کتروں کا ایک پورا گروہ جنازے کے دوران ممتاز مفتی کے پرستاروں کو لوٹتا رہا۔بہت سوں کی جیبیں کٹ گئیں ۔

ایک صاحب جن کی جیب کٹ چکی تھی فرمانے لگے ۔کیا مذاق ہے ۔ممتاز مفتی جاتے جاتے بھی ہاتھ دکھا گئے۔پاس ہی کھڑا احمد بشیر بولا۔

نہیں صاحب ۔ممتاز مفتی جاتے جاتے سب کو کچھ دے گئے ۔جیب نہیں اپنا دل ٹٹولیں اور کہئں کہ میں غلط کہہ رہا ہوں ۔

ممتاز مفتی جیب کتروں کو بھی کچھ دے گئے ہیں۔

ممتاز مفتی کو بچپن سے اپنے گھر کے ماحوم سے سخت نفرت تھی جب ان کے والد مفتی محمد حسین نے دوسری شادی کر لی تو ممتاز مفتی کی والدہ صغراں بی بی کی حیثیت گھر میں نوکرانی کے برابر رہ گئی

اپنے والد کے خلاف شدید غم وغصہ تھا۔

گھر چھوڑ کر چلے گئے ۔

کتنے ہی برس ۔کئی سال بیت گئے ۔والد مفتی محمد حسین ۹۰ برس کو پہنچے ۔لیکن ممتاز مفتی نہ ان سے ملے نہ کلام کیا۔

وہ ایسے ہی اگر کبھی کسی سے روٹھ جاتے تو برسوں بات نہ کرتے ۔بہت غصے والے تھے۔

بڑی بڑی خطائیں معاف کر دیتے۔ لیکن کسی چھوٹی سی بات پر روٹھ جاتے۔

ایف اے اور بی اے میں انگریزی امتحان میں ہمیشہ فیل ہوتے رہتے کہتے تھے تعلیم نے میرا کچھ نہیں بگاڑا۔

لیکن 1935ء میں بطور انگلش ٹیچر ملازم ہو گئے۔

اسکول میں انگریزی پڑھانے لگے۔

RECESSION کا دور تھا۔ چالیس روپے تنخواہ پائی۔

باپ INSPECTOR OF SCHOOLS تھا۔ کسی نے یوں ہی چھیڑ دیا۔ مفتی سفارشی ہے۔ باپ سے کہلوا بھیجا۔ گھر واپس آ جاؤ بس اسی دن سے اسکول سے استعفیٰ دے دیا۔ نوکری چھوڑ کر چلے گئے، شہر چھوڑ دیا۔

ممتاز مفتی باغی تھے۔ والد، گھربار، عزیز و اقارب سب کو چھوڑ چکے تھے کسی رشتہ دار کی جرات نہ تھی کہ ممتاز مفتی کو ملے۔ مجھ سے بہت پیار کرتے تھے۔ جس قدر باپ سے نفرت تھی اسی قدر مجھ سے پیار تھا۔ کہتے، دیکھو اچھی نہ تمہرا کوئی تایا ہے نہ کوئی پھوپھا، نہ ماما ہے نہ چاچا، بس ایک میں ہوں تمہارا ابا۔ میں ہی تمہارا دوست، اور میرے سب دوست بھی تمہارے دوست ہیں۔ والد سے نفرت اب پورے معاشرے کو لپیٹ میں لے چکی تھی۔

اسی دور میں ممتاز مفتی نے گہما گہمی، چپ اور اسمارائیں جیسا ادب تخلیق کیا۔ وہ نفسیاتی افسانے جسے لوگ ''جنسی کہانیاں'' بھی لکھتے ہیں۔ دراصل ممتا مفتی کی معاشرے کے خلاف کھلی بغاوت تھی۔ معاشرے کی گھٹن، رسم و رواج کی پابندیاں اور گرامر و زبان کی قیود کے خلاف۔ ممتاز مفتی کی شخصیت کے ارتقا کا یہ اہم دور تھا۔

وہ صرف جنسی حوالے سینہ تھے بلکہ T R E D FATHER جو FREUD کے فلسفے کا اہم ستون ہے ان پر پورا پورا لاگو ہورا ہے۔

ان کی شخصیت میں تضاد ہی تضاد تھا۔

غصیلی اور باغی ہونے کے باوجود ممتاز مفتی شرمیلے تھے۔ڈرے ڈرے، سہمے سہمے، خوف زدہ، انتہائی احساس کمتری کے شکار۔

کبھی کسی بڑے افسر سے نہ ملتے۔

دفتر میں چپڑاسیوں اور کلرکوں کو دوست رکھتے۔انہیں یار رکھتے، انہیں کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے۔

افسر سے خوف یا پھر شدید غصہ رکھتے۔

ایک افسر کو گھونسہ مارنے پر کئی سال معطل رہے۔

پیشاب کی حاجت ہو تو کبھی OFFICER TOILET نہ جاتے STAFF TOILET تلاش کرتے ہمیشہ۔یا باہر کسی جھاڑی میں بیٹھنا گوارہ کر لیتے۔1950 کے لگ بھگ ممتاز مفتی میں تبدیلی آ گئی۔اب وہ ایک مشہور افسانہ نویس تھے اور ریڈیو پاکستان میں بطور سکرپٹ رائٹر کام کرتے تھے۔مختار صدیقی، مسعود قریشی، اشفاق احمد، یوسف ظفر، باقی صدیقی، محمد حسین ان کے ہم عصر دوست تھے۔

فطرت تو نہ بدلی۔وہی شدت وہی غصہ۔طبعیت کا تضاد اور حساس پن تو ویسا ہی رہا۔لیکن رخ بدل گیا۔

نہ جانے کس بابے کی دعا تھی یا کسی بزرگ کی نگاہ یا خود قدرت اللہ شہاب کا چمتکار یہ تو میں نہیں جانتا لیکن تبدیلی یقینی تھی۔

ممتاز مفتی کی تلاش ذات نے رخ تبدیل کر لیا۔شخصیت کی صفات تو نہ بدلیں البتہ ارتقاء نے ایک دوسری شکل اختیار کر لی۔این نیا راستہ اپنا لیا۔

پھر ممتاز مفتی بابوں اور خانقاہوں کی تلاش میں سرگرداں رہتے عقیدت کی دلدل میں دھنتے چلے گئے۔

لیکن اس سفر میں ہر موڑ پر قدرت اللہ شہاب سے ان کے گہرے مراسم یا خط و کتابت رہی آہستہ آہستہ ممتاز مفتی کی شدت مجذوبانہ رنگ اختیار کرتی گئی۔ممتاز مفتی مجذوب ہو گئے۔

شکر ہے خدا کا کہ پورے پورے مجذوب نہ ہوئے لیکن کسی درجہ ایسے ہی جیسے نارنجی میں کچھ کچھ مالٹے کا ذائقہ ہوتا ہے۔ممتاز مفتی میں بھی ایک مجذوب تھا۔

اسی دور مین ممتاز مفتی نے لبیک اور الکھ نگری جیسا ادب تخلیق کیا۔خانہ کعبہ کو کالا کوٹھا یا اللہ کو کوٹھے والے سے تشبیہ دینا کسی مجذوب کی تحریر تو ہو سکتی ہے ہوش منداديب کی نہیں ۔اور کسی مجذوب ہی کو یہ قبولیت حاصل ہوتی ہے کہ وہ ایسی گستاخانہ باتیں لکھے اور صاف بچ نکلے۔

آپ اور میں پورے ہوش میں ایسی تحریر نہیں لکھ سکتے۔

پھر ایک دن اچانک قدرت اللہ شہاب چل بسے ممتاز مفتی کے خواب ادھورے رہ گئے۔عقیدت کے وہ تانے بانے جو ممتاز مفتی نے قدرت کی ذات کے گرد بن رکھے تھے۔ٹوٹ گئے۔نے محل وقوع نے جہت ہو گئے۔وہ اجلی کرن پاکستان کا عروج جس کا ممتاز مفتی کو یقین تھا کہ وہ ہرت کی زندگی ہی مین حقیقت بن جائے گی بکھر کر رہ گئی۔ممتاز مفتی کا مداد چھن گیا۔

قدرت کے مرنے کے چند ہی سال بعد ممتاز مفتی کا محبوب بیٹا عکسی مفتی گھر چھوڑ کر چلا گیا۔عکسی نے دوسرے شادی کر لی۔

ممتاز مفتی کو دوسری شادی سے سخت ناپسند تھی۔اس نے اپنے والد کو کبھی معاف نہ کیا تھا۔

بیٹا دوسری کرتے ہی گھر چھوڑ گیا تو ممتاز مفتی بالکل تنہا رہ گیا۔تن تنہا۔اسہ کی نفرت بے معنی ہو کر رہ گئی۔

اس کی موج در موج محبت اور عقیدت کا نہ کوئی ساحل رہا نہ کنارہ۔

وہ اکیلا تن تنہا OLD MAN AND THE SEA کی طرح چپو مار مار کر اپنی کشتی ٹھیلتا رہا۔اس میں زندگی کی امنگ اب باقی تھی

آخری سانس تک ممتاز مفتی کی آنکھوں میں چمک تھی۔قلم میں تلوار جیسی کاٹ تھی ۔وہ علی پوا کا ایلی تھا۔ہار ماننا اس کا شیوہ نہ تھا۔

لیکن اب مفتی دھیما پڑ چکا تھا۔مجذوبیت رنگ بدل کر فقیری میں تبدیل ہو چکی تھی۔ایک بوسیدہ بستر پر پڑا رہتا۔یا پھر رنگین ٹکڑیوں والی رلی پر بیٹھ کر کچھ لکھتا رہتا ۔کچھ سوچتا رہتا۔

لوگ یوں ہی کھچے چلے آتے۔لوگوں کی سیوا اس کا مسلک بن چکا تھا۔ایک گھنے درخت کی طرح اس کا سایہ دور دور پھیل چکا تھا۔لیکن اس کی تلاش ختم نہ ہوئی تھی ۔حالانکہ وہ بہت تھک چکا تھا۔اس کی آرزو جوان تھی ۔اس کی جستجو میں چمک تھی ۔وہ ایک لمحے کے لیے رو کا نہ تھا اس کا سفر جاری تھا۔

”قلم مین لامکاں کی آرزو رکھنا
90 یا نوسو سال، آخر ٹوٹ جاتی ہے
گئے ممتاز مفتی جی
ازل سے تا ابد پھیلی
کہانی رو پڑی ہے“

”بلقیس محمود کی نظم“

☆

ممتاز مفتی کی زندگی دراصل ایک طویل تلاش ہے۔ان کی آخری تصنیف کا نام بھی ''تلاش'' 1905ء سے لیکر 1945ء تک جو کچھ ان پر بیتا اس کا نام ایلی رکھا۔یہ پہلا حصہ ممتاز مفتی کی عالم اشہاد کی روئیداد ہے۔علی پور کا ایلی تلاش ذات کا ناول ہے۔

1905ء سے 1990ء تک آپ بیتی کو الکھ نگری کا نام دیا۔یہ دوسرا حصہ ممتاز مفتی کا عالم الغیب کا سفر نامہ ہے۔لبیک اور الکھ نگری دراصل تلاش خدا کی روئیداد ہے۔دونوں ہی ممتاز مفتی کی تلاش ہیں۔وہ مشاہدات ہیں جن میں سے ممتاز مفتی گذرا۔اور جن کی بدولت مفتی ''ممتاز'' ہو گیا۔اور دونوں تصانیف میں بلاشبہ بہت تضاد ہے۔خود ممتاز مفتی لکھتے ہیں۔

علی پور کے ایلی کے دھواں دھار اندھیرے آنے والی کرن کو مزید چمک بخشیں گے۔ایلی کے اندھیرے اور الکھ نگری کے چمکیلے خواب ایک دوسرے سے جس قدر مختلف ہین اسی قدر ممتاز مفتی کی شخصیت کے ارتقاء کی اہم کڑیاں ہیں۔یے ایک ہی عمل کے دو ASPECT ہیں۔دو رخ ہیں۔

اس عمل کے دوران کئی شخصیات، کردار، روحانی بابے بزرگ عامل پروفیسر حتیٰ کہ خود قدرت اللہ شہاب سنگ میل تو ضرور ہیں منزل نہیں ممتاز مفتی کا سفر یہاں ختم نہیں ہوتا جاری ہے۔

ممتاز مفتی کی تلاش جاری ہے۔

ان کی وفات کے بعد ایک لڑکی نے فیصل آباد سے مجھے خط لکھا۔لکھتی ہیں۔

''ممتاز مفتی کبھی مر نہیں سکتے۔آج وہ اپنی تحریروں کے
اندر زندہ ہیں۔اپنے جذبے کی پوری سچائی کے ساتھ، اپنی
خوبصورت عقیدت کے ساتھ، ان کی تلاش بھی ان کی طرح

ہی خوبصورت تھی۔ ان کو خدا ملا یا نہیں۔ یہ تو وہ جانتے ہوں
گے یا شاید آپ؟ مگر میری تمنا تھی کہ کاش خدا کہیں میرے
پاس ہوتا تو میں انہیں دے دیتی۔''

اب سے بہت سال پہلے کی بات ہے جب میں گارڈن کالج میں پروفیسر تھا۔ ایک روز کالج کے چند طالب علم میرے گھر آئے اور ممتاز مفتی سے کہنے لگے ''اچھا تو آپ عکسی مفتی کے باپ ہیں۔''

یہ سن کر میرے والد کچھ سوچ میں پڑ گئے۔

اسی شام اپنے ایک دوست سے کہنے لگے۔

یا، آج عجیب واقعہ پیش آیا۔ میرے تو وہم وگمان میں نہ تھا کہ ایک دن ایسا بھی آئے گا لوگ ممتاز مفتی کو بیٹے کے حوالے سے پہچانیں۔

بس مجھے موقع مل گیا۔ میں نے کہا۔ والد صاحب، اب پتہ چلا جو دل کو لگی۔ آخر میرا حوصلہ دیکھیں پچھلے 38 برس سے آپ ہی کے نام سے پہچانا جاتا ہوں۔ کالج میں پروفیسر ہوں، شعبہ نفسیات کا سربراہ ہوں، کئی قسم کے پاکھنڈ کرتا ہوں لیکن پھر بھی لوگ یہ ہی کہتے ہیں۔ وہ ''ممتاز مفتی کا بیٹا۔''

بات کو جاری رکھتے ہوئے میں نے کہا:

SIR پچھلے 38 برس میں نے زندگی آپ کی طرز پر گزاری ہے اب میں اپنے طور رہنا چاہتا ہوں۔ مجھے اجازت دیں۔

ممتاز مفتی نے تھوڑی دیر سوچا اور کہنے لگے۔

جاؤ عکسی، اجازت ہے۔

اسی دن میرا اور ممتاز مفتی کا راستہ الگ ہو گیا۔

اب میں 52 برس کا ہوں۔

کئی سال گزر چکے ہیں۔

لیکن آج مجھے اس بات پر فخر ہے کہ میں ممتاز مفتی کا بیٹا ہوں۔

ممتاز مفتی ہی میری پہچان ہے۔

ممتاز مفتی ہی میرا ورثہ ہے۔

اس سے بڑھ کر میرے لیے اور کوئی اعزاز نہیں۔

عکسی مفتی

31 Oct-1995

اسلام آباد

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

# یہ کتاب

یہ کتاب نہ فلسفہ بھگارتی ہے۔

نہ علمیت چھانٹتی ہے

نہ دانشوریاں پیش کرتی ہے۔

اگر آپ سنجیدہ اور مدلل مطالعہ کے خواہش مند ہیں تو میر مخلصانہ مشورہ ہے کہ آپ یہ کتاب نہ پڑھیں۔ خوامخواہ وقت ضائع ہوگا۔

سچی بات یہ ہے کہ یہ کتاب کتاب ہی نہیں۔ میں نے بڑی کوشش کی ہے کہ یہ کتاب نہ بن جائے ''بکش'' نہ ہو جائے۔ بوجھل نہ ہو جائے۔ اونچی باتیں نہ کرے۔ جو سر کے اوپر سے گزر جائیں۔

یہ کتاب آپ سے باتیں کرے گی ہلکی پھلکی باتیں چھوٹے چھوٹے موضوعات پر باتیں ممکن ہے آپ کو اس کی کچھ باتوں سے اتفاق نہ ہو۔ ایسا ہو تو ازراہ کرم اس کی بات کو پلے نہ باندھیں۔ جھگڑا نہ کریں صاحبو دلیل سے کبھی کوئی قایل نہیں ہوا۔ اختلاف رائے تو ہوتا ہی ہے۔ اسی سے زندگی رنگ بھری ہے۔

اس کتاب کا نام غلط ہے۔ غلط فہمیاں پیدا کرتا ہے قاری کہیے گا اگر تلاش ہے تو منزل بھی ہوگی۔ لیکن یہ ایسی تلاش ہے جس کی کوئی منزل نہیں۔ صرف تلاش ہی تلاش ہے یہ بھی واضح نہیں کہ کس چیز کی تلاش ہے کبھی شک پڑتا ہے کہ مسلمان کی تلاش ہے۔ کبھی خیال آتا ہے کہ شاید دور حاضرہ کی حقیقت کی تلاش ہے۔ کبھی ایسے لگتا ہے کہ یہ تو سچ کی تلاش ہے۔ حتمی سچ کی نہیں بلکہ چھوٹی چھوٹی سچائیوں کی۔ سوچوں کی سچائیاں، ایمان کی سچائیاں، برتاؤں کی سچائیاں، رسمی سچائیاں، پرانی سچائیاں، نئی سچائیاں۔

کسی نے بوٹے سے پوچھا بوٹے بوٹے یہ بتا کہ تو اگنے میں اتنی دیر کیوں لگاتا

ہے۔

بوٹا بولا اس لیے کہ زمین کی کشش مجھے اگنے نہیں دیتی

ہائیں ایسا ہے۔ بری بات

بوٹا بولا: نہ نہ زمین کو برا نہ کہو۔

کیوں نہ کہیں۔

اس لیے کہ اگر زمین مجھے اگنے سے نہ روکے تو میں کبھی نہ اگ سکوں

وہ کیا بات ہوئی۔

روکاوٹ نہ ہو تو حرکت ممکن ہی نہیں۔ یہ قانون فطرت ہے صاحبو روکاوٹیں دراصل رحمتیں ہیں۔ روکاوٹیں حرکت پیدا کرتی ہیں۔ جن کے پہنچ جانے کا خطرہ ہو ان کے راستے میں روکاوٹیں آتی ہیں بڑے روکاوٹیں کھڑی نہ کریں تو چھوٹوں میں احتجاج پیدا نہ ہو۔ Revolt نہ ہو۔ حرکت پیدا نہ ہو۔

اور حرکت نہ ہو تو زندگی نہ ہو۔ کچھ بھی نہ ہو۔

یہ دنیا تصویر کی طرح فریم میں ٹنگی رہے۔

یہ زندگی کیا ہے۔

قیام اور حرکت کا اک کھیل ہی تو ہے۔

کبھی قیام آ جاتا ہے اور آتے ہی حرکت پر دفعہ 144 لگا دیتا ہے۔ خبردار حرکت نہ کرنا۔ حرکت گناہ ہے، حرکت شیطانیت کا کھیل ہے۔

پھر حرکت کا ریلا آتا ہے سب کچھ توڑ پھوڑ کر رکھ دیتا ہے۔

کائنات کی پیدائش کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتے ہیں۔

پہلے قیام ہی قیام تھا پھر ہم نے ایسی پھونک ماری کہ سب کچھ متحرک ہو گیا۔ آسمان الگ ہو گئے زمینیں الگ ہو گئیں سیارے بھنبھیریوں کی طرح گھومنے لگے۔ سورج بھڑ بھڑ جلنے لگے۔ چاند زمینوں کے گرد چکر کھانے لگے۔ مادے کو ایسا دھچکا لگا

کہ آج تک اس پھونک کا زور ختم نہیں ہوا۔آج بھی کائنات بلبلے کی طرح پھیلے جا رہی ہے۔پھیلے جا رہی ہے ہر چیز حرکت میں ہے۔مسلسل حرکت۔

یہ کتاب ان چھوٹوں کے لیے ہے۔

عرصہ دراز سے ہمارے بڑوں نے اقتدار پر قبضہ کر رکھا ہے۔زندگی کے ہر پہلو پر براجمان ہوئے بیٹھے ہیں،مناپلی بنا رکھی ہے۔اخلاقیات پر،مذہب پر،سوجھ بوجھ پر۔

بڑے کہتے ہیں ہم جانتے ہیں لہذا ہر بات ہم سے پوچھ کر کی جائے۔وہ چھوٹوں کو اہمیت نہیں دیتے چھوٹے بالغ ہو جائیں پھر بھی انہیں فرد کی حیثیت نہیں دیتے۔بڑوں کی نگاہوں میں وہ چھوٹے ہی رہتے ہیں اس بے قدری کی وجہ سے چھوٹوں میں منفی رجحانات پیدا ہوتے ہیں یوں ہمارا مستقبل داغدار ہو جاتا ہے۔

ہاں تو یہ کتاب چھوٹوں کے لیے ہے لیکن در پردہ وہ بڑوں کو متوجہ کرتی ہے۔پنجابی میں ایک مثل ہے۔دھیوڑیئے گل سن،نیوڑیے کن کر۔مطلب یہ کہ احساس بظاہر اپنی بیٹی کو جھاڑ جھپٹ کرتی ہے۔یہ محض دکھاوا ہوتا ہے دراصل وہ بہو کو سرزنش کر رہی ہوتی ہے یہ کتاب ہی کہتی ہے۔چھوٹے گل سن بڑے کن کر۔

وقت یہ ہے کہ بڑے کن نہیں کرتے نستے نہیں انہیں بولنے سے فرصت ہو تو سنیں۔صاحبوں بڑوں کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ ہم سمجھتے ہیں،جو سمجھتا ہے کہ وہ سمجھتا ہے۔اسے سننے کی کیا ضرورت ہے اور جو سنے ہی نہیں اسے کون سمجھائے یہ کتاب جگہ جگہ اسلام کی باتیں کرے گی اس سے یہ نہ سمجھ لیجئے گا کہ مصنف اسلام کو سمجھتا ہے بے شک اس نے اسلام کا مطالعہ کیا ہے۔چار ایک سال ہو گئے۔علما کی کتابیں پڑھی ہیں دینی رہنماؤں کی تفسیریں پڑھی ہیں لیکن بات سمجھ میں نہیں آئی۔لگتا ہے جیسے اسلام بھی اللہ کے جملہ بھیدوں میں سے ایک بھید ہے۔بہر حال اس مطالعے کا ایک فائدہ ضرور ہوا ہے کہ جو لوگ اسلام کو نہیں سمجھتے لیکن سمجھتے ہیں کہ سمجھنے

میں ان کی پہچان ہوگئی ہے۔

یہ کتاب بھی سمجھ میں آگئی ہے کہ مروجہ اسلام کے دو فائدے ہیں ایک تو اس سے ثبوت کمایا جاسکتا ہے اور دوسرے اسے استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔ثواب کمایا جاسکتا ہے۔ثواب کمانا بھی تو استعمال کرنے کی ہی ایک صورت ہے۔

بہر حال لوگ اسے بے دریغ استعمال کر رہے ہیں۔حکمران اپنی حکمرانی قائم رکھنے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔سیاستدان اپنی سیاست چمکانے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ذاتی فائدہ حاصل کرنے کے لیے علمائے دین پیش پیش ہیں۔انہوں نے عالم کا مرتبہ حاصل کرنے کے لیے دین کو جو سراسر عمل ہے۔علم میں بدل دیا ہے۔بڑے بڑے پگڑے باندھ کر چغے پہن کر آنکھوں کو کاجل اور داڑی کو خضاب سے رنگ کر عالم دین بن بیٹھے ہیں اور اب اس بات کے خواہاں ہیں کہ اقتدار پر قابض ہو جائیں۔

ہم نے اس کتاب کا دیباچہ چھوٹوں سے لکھوایا ہے یہ عمر میں چھوٹے ہیں ویسے بڑے Talented ہیں۔ان میں ایک شاعر ہے۔بڑی شاعرہ۔جو بھاں بھار کھڑی خود کو اور گرد و پیش کو دیکھ رہی ہے۔"بھاں بھار" ہی اس کتاب کی روح ہے چونکہ یہ کتاب ایلس ان ونڈر لینڈ ہے۔ایک سوچوں بھری پٹاری ہے مگر اظہار کے حق میں نہیں۔بہر حال جیسی بھی ہے یہ کتاب حاضر خدمت ہے۔

ممتاز مفتی

ستمبر 1995ء

باب نمبر 1

# جذبہ احترام

کتاب بڑا المیہ ہے کہ میں ۸۸ سال کا ہو گیا ہوں لیکن آج تک میری سمجھ میں نہیں آیا کہ مسلمان کا مطلب کیا ہے۔ میں نے علمائے دین سے پوچھا ہے، اسلامی کتابیں پڑھی ہیں، لیکن بے کار۔ عالم بات کو اور بھی الجھا دیتے ہیں۔ کتابیں فلسفے چھانٹتی ہیں۔

نہیں نہیں، میں غیر مسلم نہیں ہوں۔

اللہ کے فضل سے مسلمان ہوں۔

میں نے مسلمان گھرانے میں پرورش پائی ہے۔

۴۵ سال سے میں اس ملک کا شہری ہوں جو آئین کے مطابق اسلامی جمہوریہ ہے۔

اس کے باوجود مجھے آج تک سمجھ میں نہیں آیا کہ مسلمان کا مطلب کیا ہے۔

یقین کیجیے میں پڑھا لکھا فرد ہوں۔

کئی ممالک کے مسلمان دیکھے ہیں ان سے ملا ہوں اسلام پر ان کے لیکچر سنے ہیں۔

اس کے باوجود مجھے سمجھ میں نہیں آیا کہ سملمان کا مطلب کیا ہے۔

## اسلامی کتابیں

اسلامی کتابوں کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ وہ مجھ جیسے متبدیوں کے لیے نہیں لکھی جاتیں۔ یا علماء کے لیے لکھی جاتی ہیں یا جذبات میں لتھڑے ہوئے قاری کے لیے۔ دینی کتابوں میں موٹے موٹے عالمانا الفاظ ہوتے ہیں، فقہ کے بڑے بڑے مسائل ہوتے ہیں۔ مراقبے ہوتے ہیں، مجاہد ہوتے ہیں، ذکر ہوتے ہیں، اذکار

ہوتے ہیں جو مجھ جیسے عام آدمی کی سمجھ میں نہیں آتے۔

ایک بار مجھے رائے ونڈ کی تبلیغی میلے میں جانے کا اتفاق ہوا۔وہاں بڑی رونق تھی ۔جگہ جگہ علماءتقریریں کررہے تھے۔

آپ سے کہہ دوں تو کیا حرج ہے اگرچہ تقریر میں بہت کچھ ہوتا ہے۔جوش ہوتا ہے، جذبہ ہوتا ہے، خطابت ہوتی ہے نعرے ہوتے ہیں لیکن اثر نہیں ہوتا۔دلیلیں تو ہوتی ہیں مگر پتہ نہیں ایسے کیوں ہوتا ہے لیکن ایسے ہوتا ہے کہ بحث یا دلیل سے کبھی کوئی قائل نہیں ہوا۔آجکل سیمینار کا رواج عام ہو رہا ہے۔مقرر تقریریں جھارتے ہیں ،سامعین اونگھتے ہیں۔تقریر میں ''پلیٹ فارم اش''(Plate Formish) عنصر ہوتا ہے۔نمائش ہوتی ہے اشوکت نفس ہوتی ہے۔جس بات میں نمائش کا عنصر ہو،التزاماً دوسروں پر اثر ڈالنے کی کوشش ہو،وہ بات دل کو نہیں لگتی۔

علماء کی تقریریں پہلے سے تیار کی ہوئی ہوتی ہیں۔رٹی ہوئی ہوتی ہیں۔تھیٹر یکل ہوتی ہیں۔صرف ہونٹوں سے ڈیلور (Deliver) کی جاتی ہیں۔ان میں دل شامل نہیں ہوتا۔دل شامل نہ ہو تو اثر کیسا؟ تبلیغی میلے میں جگہ جگہ پنڈال بنے ہوئے تھے ۔تقریریں ہو رہی تھیں۔دھواں دار تقریر، جذبات کے فوارے چل رہے تھے۔پھوارا اڑ رہی تھی۔نعرے لگ رہے تھے۔جوش وخروش ایسا جیسے لام لگی ہو۔میلا لگا ہوا تھا ۔سبھی کچھ تھا صرف تبلیغ نہیں تھی۔تبلیغی میلے میں بیسیوں کتابوں کے سٹال لگے ہوئے تھے۔یہ سٹال اسلامی کتابوں سے بھرے ہوئے تھے۔ایک سٹال پر میں نے چند ایک کتابیں الٹ پلٹ کر دیکھیں۔ایک کتاب کی ''قیمت''پوچھی۔سٹال والے نے کہا ۔''ساٹھ روپے''

میں حیران رہ گیا اس لکھائی چھپائی اور ضخامت کی کتاب کی قیمت کسی طور ڈیڑھ سو روپے سے کم نہیں ہو سکتی۔

''اتنی کم قیمت!'' میں نے حیرت سے پوچھا۔''علمی ادبی کتابوں کی قیمت تو اس

سے دوگنی تگنی ہوتی ہے۔"

وہ مسکرایا بولا: "اسلامی کتابوں کی قیمتیں کم ہوتی ہیں چونکہ اسلامی کتابیں پاکستان میں بہت زیادہ بکتی ہیں لہذا ان کی Mass Prosuction ہوتی ہے لاگت کم آتی ہے منافع کی شرح کم رکھی جاتی ہے۔۔۔۔آپ کون سی کتاب خریدنا چاہتے ہیں۔" سٹال والے نے پوچھا۔

"میں ایک ایسی کتاب خریدنا چاہتاہوں جس میں سادہ انداز میں بتایا گیا ہو کہ مسلمان کا مطلب کیا ہے؟"

اس نے حیرت سے میری طرف دیکھا۔بولا "کیا آپ غیر مسلم ہیں؟"

"جی نہیں۔"میں نے سنجیدگی سے جواب دیا۔"اللہ کے فضل سے میں مسلمان ہوں۔"

"آپ مذاق تو نہیں کررہے۔"اس نے کہا۔

"دراصل میں پیدائشی مسلمان ہوں۔"میں نے جواب دیا۔"منہ زبانی مسلمان!"وہ ہنسنے لگا۔بولا: "جس نے کلمہ پڑھالیا وہ مسلمان ہے۔"

"بالکل میں نے بھی کلمہ پڑھالیا ہے مین بھی مسلمان ہو لیکن جاننا چاہتاہوں کہ مسلمان کا مطلب کیا ہے؟"

"تو اسلام پر کتابیں پڑھیے۔"وہ بولا۔

"پڑھی ہیں بہت پڑھی ہیں۔شاید اسی وجہ سے کنفیوز ہو گیا ہوں۔ویسے بھی کتاب اور چیز ہے مسلمان اور چیز۔"میں نے جواب دیا۔

## تذکرے

"اچھا!"وہ بولا "تو آپ تذکرے پڑھیں۔"

"تذکرے، وہ کیا ہوتے ہیں؟"

"وہ صوفیوں اور بزرگوں کی زندگیوں پر کتابیں ہوتی ہیں۔"

''ان کی سوانح ہوتی ہیں کیا؟''

''ہاں ہاں سوانح ہوتی ہیں''

میرے ذہن میں امید کی ایک کھڑکی کھل گئی۔

چار ایک تذکرے پڑھنے کے بعد مجھے بے حد مایوسی ہوئی۔تذکرے سب ایک جیسے تھے۔ان میں تین باتیں نمایاں تھیں۔ایک تو سرکار قبلہ تھے جو احترام کے گاڑھے شیرے میں بری طرح سے لت پت تھے، اس حد تک کہ انسانی خدوخال نظر نہیں آتے تھے۔

وہ انسان نہیں لگتے تھے۔جیسے کوئی اور مخلوق ہوں۔فرشتے اور انسان کے درمیان کی مخلوق میرے دل میں صوفیا اور اولیائے کرام کی بڑی عزت ہے، اس لیے کہ وہ عظیم انسان تھے۔عظیم انسان وہ ہوتا ہے جو انسان ہو، اعلیٰ کردار کا مالک ہو۔سچی بات یہ ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ مسلمان ایک کردار ہے جو اللہ کے احکامات پر عمل کرنے سے وجود میں آتا ہے۔

کسی تذکرے میں صاحب تذکرہ کے اعلیٰ کردار کی بات نہ کی گئی تھی صرف کرامات تھیں۔کرامات ہی کرامات جیسے وہ جادوگر ہوں۔کوشش کی گئی تھی کہ صاحب تذکرہ کو سپرمین کی حیثیت سے پیش کیا جائے۔

جہاں تک مجھے علم ہے اسلام میں سپرمین نہیں ہوتا۔کسی سپرمین کی گنجائش نہیں ہے۔اسلام میں بشریت کا درجہ بہت بلند ہے۔انبیاء بھی انسان تھے اور حضور اعلیٰ کی عظمت اس لیے ہے کہ وہ عظیم انسان تھے۔اس حقیقت کو غیر مسلم بھی تسلیم کرتے ہیں۔

تذکروں میں احترام کا گاڑھا ملبہ ہوتا ہے۔آدھی کتاب تو القابات اور حضوریات سے بھری ہوتی ہے۔احترام ہی احترام۔

## احترام

صاحبو! دعا کرو کہ کوئی محترم نہ بنے۔

سیانے کہتے ہیں احترام ایک دیوار ہے جو محترم اور احترام کرنے والے کے درمیان کھڑی ہو جاتی ہے،، جو قرب پیدا نہیں ہونے دیتی۔ جو خوف پیدا کرتی ہے ،خوف مثبت نہیں منفی جذبہ ہے اور احترام کا جذبہ باہمی محبت کے امکانات کو کم کر دیتا ہے۔

مثلاً باپ بیٹے کا رشتہ لیجئے۔ بیٹے پر لازم ہوتا ہے کہ وہ باپ کا احترام کرے ۔اسی وجہ سے باپ اور بیٹا ایک دوسرے کے قریب نہیں آسکتے۔

ایک دانش ور نے کہا خوب کہا ہے: ''اگر دو فرد پاس پاس بیٹھے ہوں لیکن ایک دوسرے سے کہنے کے لیے ان کے پاس کوئی بات نہ ہو تو جان لیجئے کہ وہ باپ بیٹا ہیں ''۔

رشتے کے لحاظ سے اتنے قریب برتاؤ کے حوالے سے اتنے دور۔ یہ جذبہ احترام کا اعجاز ہے۔ پتہ نہیں ایسے کیوں ہوا کہ باپ کو محترم بنا کر اولاد سے دور کر دیا گیا۔ اس دوری کا نتیجہ یہ ہوا کہ فادر ہوسٹیلٹی (Father Hostility) کا جذبہ پیدا ہوا اور اس Love Rate تعلق کی وجہ سے آج جنریشن گیپ کا مسئلہ وجود میں آیا۔

آج کے نوجوانوں پر نکتہ چینی کرو تو وہ جواب میں کہتے ہیں کہ سارا قصور بڑوں کا ہے۔ انہوں نے ہماری تربیت ٹھیک سے نہیں کی۔ بڑوں نے ہمیں حقیقت جانا۔ ہمیں بولنے نہیں دیا، ہمارے دلوں میں خوف کے جالے تن دیئے۔ چھوٹے سچ کہتے ہیں وقعی ہم نے انہیں بولنے نہیں دیا۔ جب بھی انہوں نے کچھ کہنا چاہا ہم نے انہیں ''ہشت، بڑوں کے سامنے بولتا ہے'' کہہ کر چپ کرا دیا۔

کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ساری چالاکی ماں کی ہے۔ ماں کی Lust for Possession اس قدر شدید ہے کہ وہ نہیں چاہتی کہ بچے باپ کے قریب ہوں ۔اس لیے کہ اگر باپ کے قریب ہو گئے تو ماں سے دور ہو جائیں گے۔ اس لیے وی

ایسا طریقہ کار اپناتی ہے کہ بچے باپ سے ڈریں۔ اس کے قریب نہ جائیں۔

ہمارے معاشرے میں ماں بچوں کو باپ سے ڈراتی رہتی ہے ''نہ نہ نہ۔ ایسا نہ کرو بیٹا۔ اگر ابا کو پتہ چل گیا تو پٹ جاؤ گے۔''

''میرے ابو کو بتا دوں گی کہ تو نے اس روز جھوٹ بولا تھا۔''

''خاموش ابو آ رہے ہیں۔''

ہمارے گھر مین ایسے جملے عام سنائی دیتے ہیں۔

بچے سمجھتے ہیں کہ جھوٹ بولنا برا نہیں۔ بس ابو کو پتہ نہ چلے ماں کے سامنے چاہے دنگا فساد کرو۔ لیکن ابو کے سامنے نہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بچے سمجھتے ہیں کہ باقی سب ٹھیک ہے لیکن ابو بہت بڑی روکاوٹ ہے۔

ماں بچوں کو خبردار کرتی رہتی ہے کہ ابو کا احترام لازم ہے۔ وہ یہ کبھی نہیں کہتی کہ میرا احترام کرو۔ مجھ سے ڈرو۔ وہ بچوں کے دلوں میں اپنے لیے محبت کا جذبہ پیدا کرتی ہے اور پ کے لیے خوف کا۔

ایک مغربی مزاح نگار نے ایک کتاب لکھی، نام تھا: "They and I" نام پر میں حیران ہوا۔ یا اللہ یہ کیسی کتاب ہے۔ اس کا موضوع کیا ہو گا۔ پڑھ کر پتہ چلا کہ گھر کے موضوع پر ہے۔ مصنف کا کہنا تھا کہ گھر ایک یونٹ نہیں ہوتا بلکہ دو یونٹوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ایک جانب ماں اور بچے اور دوسری جانب باپ اکیلا ''دے اینڈ آئی۔''

یہ افراق و تفریق احترام کی وجہ سے ہوتی ہے۔

ماں بچوں کو باپ سے ڈرتی رہتی ہے۔

باپ سمجھتا ہے کہ میرا احترام ہو رہا ہے۔

مجھے ''ماسٹر آف دی ہاؤس'' کا منصب مل رہا ہے۔

باپ کا ''شاؤن ازم'' تسکین پات رہتا ہے، اسے شعور نہیں ہوتا کہ جذبہ احترام نیچے ہی نیچے محبت کی جڑیں کاٹ رہا ہے۔

دوستو! باپ بڑی ہی معصوم اور احمق مخلوق ہے۔

صاحبو! کیا تمہیں پتہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں کس نے سب سے زیادہ ظلم ڈھائے ہیں (۱) ساس اور (۲) باپ نے۔ بے شک ماں محبت کا سرچشمہ ہے، وہ اپنے بیٹے کے لیے بڑی سے بڑی قربانی دے سکتی ہے لیکن وہ سمجھتی ہے کہ یہ میرا ہے صرف میرا۔ کسی دوسرے شخص کو اسے اپنانے کا حق حاصل نہیں ہے۔ پھر جب بہو گھر میں آجاتی ہے تو وہ بیٹے کو بہو کے ساتھ share کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتی۔ وہ بہو کو اپنا حریف سمجھتی ہے۔ حسد یا جیلسی کا جذبہ جاگتا ہے اور وہ بہو پر بہانے بہانے چوری چھپے ہر ممکن ظلم ڈھاتی ہے اور بیٹے کی ازدواجی زندگی کو تباہ کر کے رکھ دیتی ہے۔

باپ اپنے بیٹے کو کبھی مساوات کا حق دینے کو تیار نہیں ہوتا۔ بیٹا چاہے بالغ ہو جائے باپ اسے فرد کی حیثیت نہیں دے گا۔ سمجھے گا کہ یہ میرے جسم کا حصہ ہے ۔میرے جسم کی ایک ناپاک چھینٹ سے پیدا ہوا ہے۔ بچہ ہے۔ ناتجربہ کار ہے۔ بے وقوف ہے۔

باپ چاہتا ہے کہ اس کا بیٹا خود کو باپ جیسا بنائے۔ باپ کے اصولوں پر چلے ۔وہ نہیں چاہتا کہ بیٹا اپنے دور کے مطابق زندگی بسر کرے۔ ہر بڑا نئے دور کو حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ نئی جنریشن کے بارے میں سمجھتا ہے کہ وہ راہ راست سے بھٹکے ہوئے ہیں۔ کوئی باپ بیٹے کو برابری کا درجہ دینے کے لیے تیار نہیں۔ وہ بیٹے کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے تیار ہوگا۔ لیکن اپنے خیالات کی قربانی نہیں دے گا۔

# قرآن حکیم

آپ سے کہہ دوں تو کیا حرج ہے کہ میری بیوی کے جذبہ احترام کی وجہ سے میں آج تک قرآن حکیم نہیں پڑھ سکا۔

میری عمر ۸۸ سال کی ہو چکی ہے لیکن مجھے علم نہیں کہ اللہ نے بنی نوع انسان کے لیے کیا پیغام بھیجا ہے؟

یقیناً آپ میری بات پر ہنس دیں گے۔ اگر میں یہ کہوں کہ اللہ سے میرا تعارف ۱۹۵۵ء میں ہوا تھا۔ اس کے بعد ہم دونوں دوست بن گئے۔ یہ دوستی آج بھی قائم ہے۔ جب بھی میں فارغ ہوتا ہوں۔۔۔۔ اکیلا تو وہ چپ چاپ میرے قریب آ بیٹھتا ہے۔ پھر میں اسے اپنے دکھ درد سناتا ہوں اور وہ چپ چاپ سنتا ہے۔ سراپا ہمدردی بن کر مجھے حوصلہ دیتا رہتا ہے۔ اللہ سے دوستی کے باوجود ابھی تک مجھے علم نہیں کہ اللہ نے بندے کے نام کیا کیا پیغام بھیجے ہیں۔ کیا کیا احکامات جاری کئے ہیں۔ اس لیے کہ میں نے آج تک قرآن نہیں پڑھا۔ یقین جانئے میں سچے دل سے قرآن کو الہامی کتاب سمجھتا ہوں۔ جانتا ہوں۔ مجھے کامل یقین ہے کہ اسلام سے بہتر کوئی مذہب نہیں ہے۔ میرا ایمان ہے کہ اکیسویں صدی میں دنیا بھر کے سائنس دان، دانشور اور مفکر اس حقیقت کو جان لیں گے، مان لیں گے کہ اسلام واحد مذہب ہے جو دور حاضر کے لیے قابل قبول ہے۔ اس کے باوجود اپنی بیوی کے جذبہ احترام کی وجہ سے مین نے آج تک قرآن کریم کا مطالعہ نہیں کیا۔ نہیں کر سکا۔

میری بیوی ایک نیک خاتون ہے۔

وہ باقاعدہ نماز پڑھتی ہے۔ اگر کوئی نماز چھوٹ جائے تو وہ سارا دن جذبہ تاسف میں مبتلا رہتی ہے۔ قرآن کو سمجھنے کے لیے بلکہ ثواب حاصل کرنے کے لیے۔

وہ بلا ناغہ تلاوت کرتی ہے۔

قرآن کریم کے لیے اس کے دل میں بڑا جذبہ احترام ہے۔

وہ قرآن کریم کو ریشمی جزدان میں ملفوف رکھتی ہے۔

ایک نہیں دو تین جزدانوں میں۔

وہ قرآن حکیم کو الماری کے سب سے اونچے خانے میں رکھتی ہے۔

درمیانے خانے میں رکھ دیا جائے تو وہ اسے احترام کے منافی سمجھتی ہے۔

اگر میں قرآن کو میز پر رکھ دوں تو ناراض ہوتی ہے۔ کہتی ہے میز کوئی پاکیزہ جگہ نہیں ہے۔

میرا جی چاہتا ہے کہ میں قرآن کو سرہانے تلے رکھوں اور بیڈ بک کی طرح پڑھوں ۔بیڈ بک ایک ایسی کتاب ہوتی ہے جسے آپ سرہانے تلے رکھتے ہیں۔ جب بھی فارغ ہوئے، لیٹے تو کھول کر پڑھ لی، باقاعدگی سے سلسلہ وار نہیں، بلکہ جہاں سے کھلی وہیں سے پڑھنا شروع کر دیا۔

نوجوانی میں عام طور پر لڑکے لڑکیاں سرہانے تلے شعروسخن کی کتابیں رکھتے ہیں جب بھی فارغ ہوئے، کتاب کھولی اور رومانی دنیا میں داخل ہو گئے۔

سنجیدہ قسم کے لوگ مشاہیر کے اقوال کو بیڈ بک بناتے ہیں۔

میرا جی چاہتا ہے کہ میں قرآن کریم کو بیڈ بک بناؤں، کیونکہ میں اس کتاب دانش سمجھتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ اٹھتے بیٹھتے لیٹتے قرآن پڑھوں۔ لیکن کیا کروں میری بیوی اس کی اجازت نہیں دیتی۔

# بہشت

اس پر آپ کہیں گے کہ میاں تم تو رن مرید ہو۔

آپ درست فرماتے ہیں ۔واقعی میں رن مرید ہوں ، بلکہ الحمد اللہ کہ میں رن مرید ہوں۔

ایک روز میرے دوست قدرت اللہ شہاب نے مجھ سے پوچھا ''مفتی صاحب کیا آپ بہشت میں رہنا چاہتے ہیں؟''

میں نے کہا ''کیا وہ بہشت جس میں دودھ کی نہریں بہتی ہیں ۔کھانے کو پھل ملتے ہیں اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں مٹھی چاپی کرتی ہیں ۔میں اس جنت کو Concieve نہیں کرسکتا۔اس کے مفہوم کو نہیں سمجھ سکتا۔اس لیے کہ میں سمجھتا ہوں کہ جہاں دکھ نہیں ہے وہاں سکھ نہیں ہوسکتا۔دکھ اور سکھ دو الگ چیزیں نہیں بلکہ ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔''

شہاب بولے: ''نہیں میں اس جنت کی بات نہیں کر رہا۔''

''تو پھر؟''

بولے،''اس زندگی کے جنت کی بات کر رہا ہوں۔کیا آپ اس زندگی میں جنت میں رہنا چاہتے ہیں؟''

''بالکل چاہتا ہوں۔''

بولے''بڑا آسان نسخہ ہے۔''

میں نے کہا''بتائیے۔''

بولے:''اپنی بیوی کی ہر بات کے جواب میں''ہاں جی'' کہہ دیا کیجئے۔تو جناب گذشتہ آٹھ سال سے میں جنت میں رہتا ہوں۔کاش کہ یہ اسم اعظم مجھے پہلے مل جاتا تو میں سالہا سال جہنم میں رہنے سے بچ جاتا۔''

میری بیوی ان پڑھ ہے لیکن وہ سمجھتی ہے کہ دنیاوی مسائل کو مجھ سے بہت سمجھتی ہے بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ وہ سمجھتی ہے کہ میں دنیاوی بوتوں میں قطعی طور پر بے سمجھ ہوں ۔اس نے کبھی میری کسی بات سے اتفاق نہیں کیا۔وہ میرے لکھنے لکھانے کی بھی خلاف ہے۔کہتی ہے کیوں جھوٹی کہانیں لکھ لکھ کر اپنی عاقبت خراب کرتے ہو۔ایک بار ''نوائے وقت'' کے ایڈیٹر صاحب میرے انٹرویو لینے آئے۔کہنے لگے میاں بیوی دونوں کا انٹرویو لیں گے۔میں نے کہا ٹھیک ہے۔جب بیگم کی باری آئی تو اس نے سخت نکتہ چینی شروع کر دی۔ایڈیٹر صاحب نے پوچھا محترمہ آپ کے میاں میں کوئی تو خوبی ہو گی۔بیگم بولی ،اگر کوئی ہوتی تو میں آپ سے کیوں چھپاتی بھلا۔ان حالات میں ہماری سابقہ زندگی بسر ہوئی تھی۔

صرف قرآن کریم کی بات میری بیوی کا حکم ہے کہ کوئی کتاب یا جریدہ فرش یا بستر پر نہ رکھا جائے اس لیے کہ شاید اس میں کوئی آیت لکھی ہو۔

میرے لیے قرآن پڑھنے کی صرف ایک صورت ہے کہ کوئی ایسا نسخہ تلاش کروں جس میں عربی متن نہ ہو۔صرف ترجمہ ہو۔

میں نے بڑی کوشش کی کہ ایسا نسخہ مل جائے لیکن ابھی تک کامیاب نہیں ہوا۔

،یرے ایک دوست ہیں محمد طفیل۔پڑھے لکھے ہیں ساری دنیا میں گھومے پھرے ہیں۔انڈسٹریلیسٹ (Industrialis) ہیں۔ماڈرن خیالات کے حامی ہیں ۔قرآن کریم کے پروانے ہیں۔ان کی زندگی کا واحد مقصد یہ ہے کہ لوگوں کی توجہ قرآن کریم پر مرکوز کریں۔قرآن پڑھو۔قرآن سوچو،قرآن جیو،وہ قرآن کریم اور اس سے متعلقہ کتابیں لوگوں میں مفت بانٹیں رہتے ہیں۔

ایک روز میری عدم موجودگی میں میرے گھر آئے اور قرآن کریم کے چند قیمتی نسخے چھوڑ گئے۔میں حیران ہوا کہ یہ کون شخص ہے جو ہزاروں روپیوں کی کتابیں چھوڑ گیا ہے۔

اس کے بعد جب پہلی بار ان سے ملاقات ہوئی تو میں نے پوچھا کہ آپ اتنے قیمتی نسخے مجھے کیوں دے رہے ہیں۔

بولے: ''میں نے آپ کی کتابیں پڑھی ہیں۔آپ کی تحریر میں اثر ہے۔نوجوان آپ کی تحریریں پڑھتے ہیں۔میرا خیال ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کو Communication کا گفٹ عطا کیا ہے۔میں یہ نسخے اس لیے آپ کو دے رہا ہوں کہ شاید آپ ان سے استفادہ کر کے اپنی تحریروں میں قرآن کے پیغامات کا ذکر کریں۔''

میں ان کی بات سن کر ہکا بکا رہ گیا۔

میں نے کہا ''طفیل صاحب! میں تو دینی تعلیم سے بے بہرہ ہوں، جاہل مطلق ہوں، زبان پر قادر نہیں ہوں۔''

میری بیوی اتنے سارے جحیم قرآن دیکھکر گھبرا گئی۔بولی: ''اب میں اتنے سارے جذ دان کیسے بناؤں۔اور میں انہیں کہاں رکھوں۔الماریاں تو لٹر یٹر سے بھری ہیں۔آپ یہ قرآن بصد شکریہ انہیں واپس کر دیں۔''

صاحبو! جان لو کہ یہ سب جذبہ احترام کی وجہ سے ہے۔ہمارا جذبہ احترام اس قدر سفاک ہو چکا ہے کہ:

وہ ہمیں قرآن پڑھنے نہیں دیتا۔

باپ سے محبت کرنے نہیں دیتا۔

صوفیائے کرام کو انسان سمجھنے نہیں دیا تا۔

ہمارا جذبہ احترام ایسا ہی ہے جیسا کبھی انگلستان کے عوام میں؟ جذبہ ہمدردی جاگا تھا۔

لوگوں کو پتہ چلا کہ سائنس دان تحقیقی تجربات کے لیے مینڈکوں کو کاٹتے ہیں۔

لوگوں نے احتجاج کیا کہ یہ ظالمانہ فعل ہے۔

عوام کا نمائندہ وفد سائنس دانوں سے ملا۔انہوں نے سائنس دانوں کو خبردار کیا کہ جانوروں پر ظلم نہ کریں۔

سائنس دانوں نے وفد کو سمجھایا۔کہنے لگے کہ یہ کام ہم بنی نوع انسان کی بہتری کے لیے کرر ہے ہیں۔وفد نے کہا کہ بنی نوع انسان کی بہتری اور طرح سے بھی ہو سکتی ہے۔سائنس دانوں کی سمجھ میں بات نہ آئی اور وہ مینڈکوں کو کاٹنے سے باز نہ آئے۔

لوگوں کا جذبہ ہمدردی مزید جوش میں آ گیا۔وہ لیبارٹریز کے گرد چھپ کر سائنس دانوں کا انتظار کرنے لگے۔جو بھی سائنس دان آتا اس پر حملہ کر دیتے۔

یوں مینڈکوں کی ہمدردی سے سرشار لوگوں نے سائنس دانوں کو قتل کرنا شروع کر دیا۔

ایسے ہی جذبہ احترام سے سرشار مسلمانوں نے قرآن کریم کو جزدانوں میں بند کر دیا۔مسلمانوں کو قرآن کریم پڑھنے سے محروم کر دیا۔قرآن کو بت بنا کر الماریوں میں منتقل کر دیا۔

صاحبو!جذبہ احترام بڑی طاقتور ضربہ ہے۔

مجھے یقین ہے کہ اگر اللہ میاں ہمارے ہاتھ آ جائیں تو ہم جذبہ احترام کے تحت ان پر مشک کافور چھڑک کر،لوبان کی دھونی دے کر اپنی الماری کے اوپر والے خانے میں بت بنا کر سجا دیں گے۔

کچھ دیر کی بات ہے۔رمضان شریف کے دن تھے۔گرمیوں کا موسم تھا دوپہر کا وقت تھا۔میں ریل گاڑی مین سفر کر رہا تھا۔ہمارے ڈبے میں اوپر تختے پر ایک ایک نحیف ونزار مسافر لیٹا ہوا تھا۔وہ مسلسل کراہ رہا تھا۔ظاہر تھا کہ بیمار ہے۔اس کے ساتھ ایک نوجوان لڑکا تھا جو ہمارے ساتھ نچلی سیٹ پر بیٹا ہوا تھا۔

لڑکا بار بار اٹھ کر مریض سے پوچھتا تھا

مریض کو کھانسی چھڑ گئی جو بند ہونے میں نہ آتی تھی۔اتفاق سے سٹیشن آ گیا۔لڑکا

گاڑی سے اترا اور مریض کے لیے کوک کی ایک بوتل لے آیا۔ اس پر ڈبے میں بیٹھے ہوئے دو معزز آدمی اٹھے اور لڑکے کا راستہ روک کر کھڑے ہو گئے۔

ایک بولا، لڑکے تو رمضان شریف کی بے حرمتی کر رہا ہے۔

دوسرے نے کہا، ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے۔

اس پر میں نے ان معزز صاحبان کی منت کی۔ میں نے کہا: ''مریض کا کھانسی سے برا حال ہو رہا ہے۔ از راہ کرم اجازت دے دیجیے۔''

انہوں نے حقارت سے میری جانب دیکھا۔ انداز میں تشدد تھا۔ میں خوف زدہ ہو گیا۔

ایک صاحب بولے اگر مریض کو کوک پلانا ہے تو اسے کسی دوسرے ڈبے میں لے جائیں۔ اس ڈبے میں رمضان شریف کی بے حرمتی نہیں ہو گی۔

ان کا جذبہ احترام خام نہیں تھا، دکھاوا نہیں تھا، اصلی تھا، ایک ساعت کے لیے مجھے خیال آیا کہ شاید وہ مجھ سے بہتر مسلمان تھے۔

پھر مجھے شہادت کا واقعہ یاد آ گیا۔

برصغیر کی تقسیم سے پہلے کی بات ہے جب گورے ہم پر راج کرتے تھے۔

گرمی کا موسم تھا۔ رات کا وقت تھا۔ گورا صاحب بنگلے کے بیک یارڈ میں مچھر دانی لگائے سو رہا تھا۔ پٹھان چوکیدار راؤنڈ پر آیا۔ اس نے دیکھا کہ صاحب قبلے کی طرف پاؤں پسارے سو رہا ہے۔ چوکیدار نے صاحب کو جھنجھوڑا۔ بولا ''صاحب جی ادھر ٹانگیں مت کرو ادھر ہمارا قبلہ ہے'' صاحب کو بات سمجھ میں نہ آئی۔ اس نے چوکیدار کی بات کو اہمیت نہ دی اور سرہانے پر سر رکھ کر پھر سو گیا۔

چوکیدار دوبارہ راؤنڈ پر آئے تو دیکھا کہ صاحب قبلے کی طرف ٹانگیں کیے سو رہا ہے۔ اس نے پھر صاحب کو جھنجھوڑا۔ اب کی بار صاحب چڑ گیا۔ اس نے چوکیدار کو سنائیں اور پھر لیٹ کر سو گیا۔ چوکیدار اس بے حرمتی کو برداشت نہ کر سکا۔ اندر سے کلہاڑا اٹھایا

اور صاحب کی گردن کاٹ دی ۔چوکیدار پر مقدمہ چلا ۔کچہری میں اس نے اقبال جرم کر لیا۔بولا ''ہم نے اسے دو بار خبردار کیا کہ ادھر قبلہ ہے ادھر ٹانگیں کر کے مت لیٹو ہمارے قبلے کی بے حرمتی ہوتی ہے ۔یہ باز نہ آیا تو ہم نے اس کا گردن کاٹ دیا۔''

چوکیدار کو پھانسی کی سزا ہوگئی ۔سارا شہر اُمڈ آیا ۔انہوں نے نعرے لگائے کہ یہ پھانسی نہیں شہادت ہے ۔چوکیدار کی قبر پر مزار تعمیر کیا گیا۔شہید کا کتبہ لگا دیا گیا۔وہاں با قاعدہ قوالی ہونے لگی ۔عرس منایا جانے لگا۔

رات کو لیٹے ہوئے میں سوچ رہا تھا کہ شاید چوکیدار مجھ سے بہتر مسلمان تھا ۔شاید اسلام جذبے ہی کا نام ہے ۔دیوار پر لگی ہوئی مکہ معظمہ کی تصویر میں حرکت ہوئی اور وہ تصویر سے نکل کر میرے سامنے صوفے پر آ بیٹھا۔

میں نے چیخ کر کہا:''تو جو دلوں کے بھید جانتا ہے مجھے بتا کہ مسلمان کون ہے''اس کے چہرے پر مسکراہٹ پھیل گئی ۔۔۔۔۔بے نیازی بھری مسکراہٹ ۔

# باب نمبر۲

## عالم دین

میرے دوست مجھ سے سخت نالاں ہیں۔ کہتے ہیں مفتی تو نے خوامخواہ کا پا کھنڈ مچا رکھا ہے۔

میں کہتا ہوں یار واقعی میں جاننا چاہتا ہوں کہ مسلمان کا مطلب کیا ہے۔ اگر تمہیں معلوم ہے تو تم بتا دو۔ وہ سب صوم وصلات کے پابند ہیں۔ محمد عمر تو یوں نماز پڑھتا ہے جیسے فرض ادا کرنا مقصود ہو۔ جی نہیں لگاتا۔ بس چلا دیتا ہے، ابھی شروع کی ابھی ختم، کہتا ہے اگر ناغہ ہو جائے تو سارا دن یوں محسوس کرتا ہوں جیسے کوئی کمی رہ گئی ہو۔

## صوم وصلات

عماد یوں ڈوب کر پڑھتا ہے کہ گردنواح کا ہوش نہیں رہتا۔ اسے نماز پڑھتے دیکھو تو لگتا ہے جیسے لذت سے لت پت ہو۔ چند ایک سال کی بات ہے کہ ایک بزرگ تشریف لائے۔ اتفاقاً انہوں نے عماد کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھ لیا، کہنے لگے میاں آپ نماز نہیں پڑھتے لذت حاصل کرتے ہیں۔

مسعود بولا: ''عالی جاہ! جب یہ نماز پڑھتا ہے تو لگتا ہے جیسے بڑا ہی شیریں آم چوس رہا ہو۔''

بزرگ کہنے لگے: ''ہم تو اسرار و رموز سے واقف نہیں البتہ ہمارے سرکار قبلہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر عبادات میں لذت آنے لگے تو رک جاؤ چونکہ لذت مقصود نہیں، بلکہ روکاوٹ ہے۔''

بہر حال میرے دوست صوم وصلات کے پابند ہیں لیکن کہتے ہیں کہ ہمیں معلوم نہیں کہ مسلمان کا مطلب کیا ہے؟ ۔وہ میرے سوال کو سن کر ہنس دیتے ہیں کہتے ہین

دیکھو کوئی بھی تو جانتا ہو کہ مسلمان کا مطلب کیا ہے؟

مسعود بولا: ''دیکھ مفتی! جس شہر میں تو رہتا ہے یہاں سب مسلمان رہتے ہیں ۔سبھی پڑھے لکھے ہیں، اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔ اللہ اور اس کے آخری پیغمبر کی عظمت کو سچے دل سے مانتے ہیں، لیکن انہوں نے کبھی نہ نہیں سوچا کہ مسلمان کا مطلب کیا ہے، تو تو خوامخواہ اس جھگڑے میں پڑا ہے۔ اچھا فرض کرو تمہیں پتہ چل جاتا ہے کہ مسلمان کا مطلب کیا ہے تو کیا سنجیدگی سے اپنی زندگی کو اس کے مطابق ڈھال لے گا۔''

عمر نے قہقہہ لگایا۔ کہنے لگا: ''یار چھوڑ یہ مفتی سراسر منہ زبانی ہے، اس کی زندگی عمل سے یکسر خالی ہے۔ عمل کی سرے سے صلاحیت ہی نہیں ہے اور مسلمان تو وہ ہوتا ہے جو سراسر عمل ہو۔ مثلاً عماد الدین ہے، یہ صاحب عمل ہے۔''

''اونہوں!'' مسعود نے کہا۔ ''عماد صرف صاحب عبادات ہے، ساحب عمل نہیں ، مثلاً یہ ہاتھ کا کھلا نہیں۔ جب دینے کا وقت آتا ہے تو ہاتھ ترک جاتا ہے، مسلمان کا ہاتھ نہیں رکتا توفیق ہو یا نہ ہو ہاتھ کھلا رہتا ہے۔''

عماد کھسیانی ہنسی ہنسا۔ بولا ''میں نے کب دعویٰ کیا کہ ہے کہ میں صحیح مسلمان ہوں ، مجھے خود علم نہیں کہ مسلمان کون ہے، ہاں مفتی اگر تم چاہو تو ہم یہ مسئلہ ان سے پوچھ سکتے ہیں۔''

''کن سے پوچھ سکتے ہیں؟'' عمر نے پوچھا۔

''ایک صاحب دین یہاں تشریف لائے ہوئے ہیں ۔عمر رسیدہ ہیں، صاحب علم ہیں، محترم ہین، اگر آپ چاہیں تو ہم ان سے فون پر بات کر کے حاضری کی اجازت طلب کر سکتے ہیں۔ ان سے بات چیت کے دوران ہم ان سے سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ ممکن ہے وہ تمہیں مطمئن کر سکیں۔''

عماد نے صاحب دین سے اجازت حاصل کی ار اگلے روز ہم چاروں ان کی

خدمت میں حاضر ہو گئے۔

## دورِ حاضرہ

کچھ دیر کے بعد عالم دین ڈرائنگ روم مین تشریف لائے۔ بڑے اخلاق سے ہم سب سے ملے، حال احوال پوچھا اور پھر پیشتر اس کے کہ ہم ان سے کوئی سوال پوچھتے انہوں نے دورحاضر کی دین سے بے تعلقی بلکہ دینی کا تذکرہ چھیڑ دیا۔ان کی باتیں بڑی حد تک صحیح تھیں، قابل توجہ تھیں لیکن ان کے انداز سے معلوم ہوتا تھا جیسے دورحاضرہ ہماری نسل کا پیدا کردہ عمل ہو جیسے نئ نسل نے جان بوجھ کر دین کے خلاف سازش کی ہو اور بڑی پلاننگ اور محنت سے دورحاضرہ کو تشکیل دیا ہو

میں چاہتا تھا کہ ان کی خدمت میں عرض کروں کہ عالی جاہ دورحاضرہ ہماری نئ نسل کا پیدا کرودہ عمل نہیں ہے بلکہ عالمی حالات نے دورحاضرہ ہماری نئ نسل ہر عائد کیا ہے۔نئ نسل نے یہ ظلم ہم پر نہیں کیا الٹا وہ تو خود مظلوم ہے اور علمائے دین کی ہمدردانہ توجہ کی مستحق ہے۔

صاحبو! زندگی بھر میں بڑے بورحوں سے دورحاضرہ کے خلاف غم وغصہ کا اظہار سنتا آیا ہوں۔جب میں ۱۵۔۔۔۔۵ سال کا تھا تو ہمارے محلے کے بڑے بوڑھے دورحاضرہ کے کلاف غم وغصہ کا اظہار کیا کرتے تھے، یہ ۲۰۔۔۔۔۱۹۱۰ء کی دہائی کی بات ہے۔محلے کی بڑی بوڑھیاں دورحاضرہ کو بے نطق سنایا کرتی تھیں۔وہ دورحاضرہ سے اس قدر رزچ تھیں کہ اعلانیہ اسے بددعائیں دیا کرتی تھیں۔

اور جناب والا! ان دنوں ان کے لیے دورحاضرہ ہم تھے۔محلے کے پانچ سے اٹھارہ سال کے بچے۔ہم تعداد میں پندرہ بیس تھے۔جب ہم اپنے اپنے گھروں میں بیٹھے ہوتے تو بڑے بوڑھے خصوصاً بوڑھیاں ہمارے وارے نیارے جاتے اور ہمیں اپنی محبت سے لت پت کیے رکھتے۔لیکن جونہی ہم گھروں سے نکل کر محلے کے چوگان میں پہنچتے تو ہم دورحاضرہ بن جاتے۔

محلے والوں کو ہم سے یہ شکایت تھی کہ ہم محلے کے چوگان میں کھیلا کرتے تھے ۔ان کا کہنا تھا کہ نئی پودے بے کار کھیل کود میں وقت ضائع کرتی ہے حالانکہ ان کا کام ہے کہ وہ گھر بیٹھ کر قرآن کریم پڑھیں یا سکول کا سبق یاد کریں اور بڑوں کے احکامات کے مطابق گھر کے کاموں میں ہاتھ بٹائیں، والدین کی خدمت کریں۔

دراصل ساری مشکل یہ تھی کہ محلے کے بچے گیند سے کھلتے تھےاور محلے کے چوگان میں جہاں وہ کھیلتے تھے چاروں طرف نالیاں بنی ہوئی تھیں جن میں گندا پانی بہتا تھا اور ہمارا گیند گندے پانی کے چھینٹے ارتے اور چوگان سے گذرنے والے نمازیوں کے کپڑے پلید ہو جاتے ۔یا ہم گیند کو ہٹ لگاتے تو وہ چوگان کے اردگرد بنی ہوئی چھوٹی اینٹ کی حویلیوں کی کھڑکیوں سے گھروں کے اندجا گرتا ارسارے گھر کو پلید کر دیتا۔

اس پر محلے کی بڑی بوڑھیاں کھڑکیوں میں آ کھڑی ہوتیں اور نئی پودے کو صلواتیں سناتیں، دھمکیاں دیتیں، بددعائیں دیتیں، وہ صرف گھنٹوں کھڑکیوں میں کھڑی ہو کر بولتی رہتیں، بولتی رہتیں ۔جب وہ بول بلاوے سے تھک جاتیں اور اند چلی جاتیں تو چھپے ہوئے، دبکے ہوئے، ڈرے ہوئے بچے اپنی کمین گاہوں سے نکل کر پھر میدان میں جمع ہو جاتے پھر وہ سب انتقاماً بڑی بوڑھیوں کی نقلیں لگاتے۔ان کا مذاق اڑاتے، پھبتیاں کستے اور بڑی بوڑھیوں کی زبان درازیوں سے انتقام لینے کے لیے بڑی محنت سے بارہ دنوں میں ایک پٹاخہ تیار کرتے ۔جب وہ تیار ہو جاتا تو بڑے اہتمام سے ایک خاص وقت مقرر کرت پھر سب سے بڑا لڑکا چوگان کے گرد کی کسی دیوار پر وہ پٹاخہ پورے زور سے دیمارتا، ایک دھماکہ ہوتا، جسے سن کر محلے کی بڑی بوڑھیاں کھڑکیوں میں آکھڑی ہوتیں اور بول بول کر اپنے گلے پھاڑ لیتیں اور محلے کے تمام بچے جو چھپے بیٹھے ہوتے خوشی سے پھولے نہ سماتے۔

# بات اور تقریر

عالم دین صاحب بولے جا رہے تھے، بولے جا رہے تھے۔میں چاہتا تھا کہ وہ رکیں تو ان کی خدمت مین عرض کروں کہ عالی جاہ دور حاضرہ ہماری نئ نسل نے پیدا نہیں کیا،وہ تو عالمی حالات کی پیداوار ہے۔ہماری نئ نسل تو مظلوم ہے اور آپ کی ہمدردی کی مستحق ہے۔

لیکن عالم دین کسی مقام پر رکتے تو میں بات کرتا۔دراصل وہ بات نہیں کرتے تھے بلکہ تقریر کر رہے تھے۔معلوم ہوتا تھا کہ انہیں کئ ایک تقریریں ازبر تھیں۔ایک ختم ہوتی تو وہ دوسری اس کے ساتھ جوڑ دیتے۔یوں تسلسل جاری رہتا۔

دفعتاً دیوار پر گھڑی نے باری بجا دیئے، اس پر ہم چونکے،چونکہ ہم دس بجے ان کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے،لہذا پورے دو گھنٹے ہم سب اس انتظار میں بیٹھے رہے تھے کہ ان کی بات ختم ہوتو ہم ان سے سوال کریں۔

اس روز مجھے پتہ چلا کہ عالم دین سے بات کرنا ممکن نہیں ہے۔وہ سننے کے نہیں بلکہ کہنے کے شوقین ہیں اور ان کے پاس کہنے کی اتنی ساری باتیں ہیں کہ وہ ختم ہونے میں نہیں آتیں۔

نہ کوئی بحث کی نوبت نہ کوئی اذن سوال
فیتہ شہر کا جاہ و حشم زیادہ ہے

اگر بالفرض محال وہ آپ کا سوال سن بھی لیں تو وہ اسے سمجھنے کی کوشش نہیں کریں گیا رجواب کو اس قدر Irrelevant بنا دیں گے کہ آپ حیران رہ جائیں گے۔پھر وہ بات کو گھما کر پھرا کر اپنی کسی ازبر تقریر سے جوڑ کر اسے تقریر کی شکل دے دیں گے۔

## بہتر مخلوق

صاحبو! میں علمائے کرام سے بے حد مایوس ہوں۔ وہ صرف دو باتیں کرنا جانتے ہیں۔۔۔۔ دورِ حاضر پر تنقید اور ماضی کی مداح سرائی۔ صرف یہی نہیں مجھے علمائے کرام کے خلاف کئی ایک شکایات ہیں۔ مجھے ان سے بنیادی شکایت یہ ہے کہ وہ مجھ جیسے نہیں، عوامی نہیں ہیں، ہم میں سے نہیں ہیں، ان کا پہناوہ اور طرح کا ہے رہن سہن اور طرح کا ہے، آواز حلق کے نطلے پردوں سے نکلتی ہے، نہیں نکلتی نہیں نکالی جاتی ہے ۔بڑی مشق اور محنت سے نکالی جاتی ہے تاکہ اس میں ایک امتیازی ٹھمک ہے ۔معززیت کی ٹھمک، ان کی میک اپ کو دیکھ کر ایسا لگتا ہے جیسے وہ کوئی اور مخلوق ہوں، بہتر مخلوق۔۔۔۔انسان اور فرشتے کی درمیانی مخلوق یا جیسے وہ کسی تاریخی کاسٹیوم پلے کے اداکار ہوں۔ ان کی میک اپ اتنی بھاری ہوتی ہے کہ فلم سٹاروں کی میک اپ پیچھے رہ جاتی ہے۔

صاحبو! سیانے کہتے ہیں کہ اگر تم کسی پر اثر ڈالنا چاہتے ہو، اگر تم چاہتے ہو کہ کوئی تمہاری بات توجہ سے سنے، کانوں سے نہیں بلکہ دل کے کانوں سے، تو تم پر لازم ہے کہ پہلے تم ویسے بن جاؤ جیسے وہ لوگ ہیں جن پر تم نے اثر ڈالنا ہے، یہاں تک ویسے بن جاؤ کہ وہ لوگ سمجھیں کہ یہ شخص ہم میں سے ہے۔

## امتیازات، مساوات

کووں پر اثر ڈالنا مقصود ہے تو پہلے بظاہر کوا بننا پڑے گا۔ مور بن کر اپنی رنگ دار دم جھلانے سے مقصد حاصل نہیں ہوگا۔ الٹا کووں میں ری ایکشن پیدا ہوگا۔

علمائے دین کو اتنی سی بات سمجھ میں نہیں آتی کہ انہیں اسی طبقے کو سین کی جانب مائل کرنا ہے جسے وہ رد کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات کو نہیں جانا کہ دورِ حاضر ہی ہمارا حال ہے جو جلد ہی ہمارا مستقبل بننے والا ہے۔ انہوں نے نہیں جانا کہ دورِ حاضر ایک دھارا ہے، ایسا دھارا جسے روکا نہیں جا سکتا جس پر بند نہیں باندھا جا سکتا، جسے

صرف Channalise کیا جا سکتا ہے، رخ دیا جا سکتا ہے۔

وہ اسی خوش فہمی میں بیٹھے ہیں کہ ہم اپنا دور حاضری خود بنائیں گے۔ وہ جگہ جگہ دینی مدارس قائم کر رہے ہیں جن میں وہ بچوں کو دور حاضرہ سے محفوظ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہیں دنیاوی علوم سے محروم رکھتے ہیں، اور اس طرح سے ان کی تربیت کرتے ہیں کہ بڑے ہو کر وہ بچے ان جیسے بن جائیں۔ ان کا اٹھنا بیٹھنا، رہنا سہنا، بولنا چلنا عوام سے مختلف ہو جائے۔ ان بچوں میں بھی وہی امتیازی شان پیدا ہو جائے جو علمائے دین کا طرۂ امتیاز ہے

کاش کہ ہمارے علمائے دین کو شعور ہوتا کہ وہ ہم میں امتیازات پیدا کر رہے ہیں، حالانکہ مسلمان کی عظمت مساوات پر قائم ہے۔

## صوفیائے کرام

اس کے برعکس صوفیائے کرام نے مساوات کر اپنایا۔ وہ جانتے تھے کہ جن لوگوں پر اثر ڈالنا ہے ہمیں ویسا بننا پڑے گا اس حد تک کہ وہ ہمیں سمجھیں یہ شخص ہم مین سے ہے۔

صوفیائے کرام سینکڑوں میل دور۔ وسط ایشیا سے ہندوستان میں آتے تھے۔ یہاں پہنچ کر سچے دل سے اسے اپنا وطن سمجھتے، پورے طور پر ہمیں اپنا لیتے ہماری بولی سیکھتے، ہمارا پہناوا پہنتے، ہمارا رہن سہن اپناتے، ہماری رسومات رواج کو اپناتے، پھر وہ ہم سے بات کرتے۔ وہ اس بھید سے واقف تھے کہ جب تک ہم جیسے نہیں بنیں گے ان کی بات ہم تک نہیں پہنچے گی۔ جب مکمل طور پر ہم میں رچ بس جاتے تو وہ ہماری زبان میں ہماری عوامہ کہانیاں لکھتے۔ ان تصانیف میں وہ ہمارے لیے پیغامات رکھ دیتے تھے۔

ان کی تصانیف اتنی اپنائیت لیے ہوتیں کہ عوام انہیں حفظ کر لیتے۔ پھر تقریبات میں، محفلوں میں، داروں میں لوگ انہیں والہانہ پڑھتے اور سننے والے سر دھنتے۔

صوفیائے کرام نے کبھی اسلام کی تبلیغ نہیں کی تھی ۔انہوں نے کبھی بحث مباحثے نہیں کئے تھے انہوں نے کبھی تقریر نہیں کی تھیں ۔وہ اسلام کا ڈنکا نہیں بجاتے تھے ۔صرف اسلام کے لیے جیتے تھے ۔ان کے پاس دو ہتھیار تھے ۔اخلاق اور حسن کردار ۔ان دونوں ہتھیاروں میں مساوات کی دھار تھی جو لوہے کی دھار سے زیادہ کاٹ کرتی ہے ۔

داتا صاحب نے کبھی کسی سائل سے یہ نہیں پوچھا تھا کہ میاں تو ہندو ہے یا مسلمان ۔وہ صرف دینا جانتے تھے اور وہ واحد قادر مطلق، جو دینے پر قادر ہے، اپنے چاکر کی لاج رکھتا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ چند سالوں میں آدھا لاہور مسلمان ہو گیا۔ متعصب لوگ کہتے ہیں کہ اسلما تلوار کے زور پر پھیلا ہے ۔وہ سچ کہتے ہیں لیکن یہ تلوار فولاد کی نہیں، اسلامی کردار کی تھی، صاحبو جان لو کہ مساوات سے زیادہ خطرناک ہتھیار کوئی نہیں ہے

## ''اللہ ہا''

اس کے برعکس ہمارے علمائے کرام عوام میں گھلتے ملتے نہیں ۔وہ اپنی امتیازی شان برقرار رکھتے ہیں ۔اٹھنے میں، کھانے میں، پینے میں، رہنے سہنے میں، بات چیت میں ان کا انداز الگ ہوتا ہے، ہونٹ سنوار کر بات کرتے ہیں، گلے کے نچلے پردے سے آواز نکالتے ہیں تا کہ وقار پیدا ہو یہاں تک کہ وہ اللہ بھی مخصوص سر تال سے کہتے ہیں ''اللہ ہا'' ایسے لگتا ہے جیسے ان کا اللہ بھی ہمارے اللہ سے مختلف ہے جیسے ان کے اللہ نے بھی سر پر بڑا بھاری عمامہ لپیٹ رکھا ہو۔

## جان انجان

ہمارے علمائے کرام جس سے بھی مخاطب ہوتے ہیں ایسی امتیازی شان سے مخاطب ہوتے ہیں کہ سننے والے پر واضح ہو جائے کہ کوئی عام آدمی اس سے مخاطب نہیں ہے ۔ان کے انداز سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ جانتے ہیں ۔جس کے ذہن میں یہ

گمان ہو کہ ''میں جانتا ہوں'' وہ لازماً سننے والے کو ''انجان'' سمجھے گا۔یہ ایک قدرتی امر ہے۔اگر آپ دوسرے کو انجان سمجھیں گے تو آپ میں احساس برتری جاگے گا۔آپ کرسی پر بیٹھ جائیں گے،دوسرے کو اپنے سامنے کھڑا کر لیں گے۔

صاحبو! جان لو کہ اگر بات کرنے والا کرسی پر بیٹھا ہو اور سننے والا کھڑا ہو تو بات نہیں ہو سکتی۔

کہنے والا بات کہہ دے گا لیکن بات سننے والے تک نہیں پہنچے گی۔کان بے شک سن لیں لیکن بات دل پر اثر نہیں کرے گی۔

سیانے کہتے ہیں کہ بات کہہ دینا ہی کافی نہیں۔جب تک بات پہنچے گی نہیں بات نہیں بنے گی۔

صاحبو! آج کل لوگ باتیں کئے جا رہے ہیں،کئے جا رہے ہیں،کوئی سٹیج پر کھڑا کئے جا رہا ہے،کوئی عہدے کے زور پر بات کرتا ہے،کوئی لیڈری کے زور پر،کوئی عمر رسیدگی کے زور پر،کوئی دین کے زور پر،سب بولے چلے جا رہے ہیں،اپنی اپنی ڈفلی بجائے جا رہے ہیں۔کسی نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ بات پہنچ بھی رہی ہے کہ نہیں۔سب بچوں کی طرح بولے جا رہے ہیں،بولے جا رہے ہیں بڑے بچے،بوڑھے بچے۔

ہاں تو ہمارے علمائے کرام عوام سے بات نہیں کر سکتے۔بے شک تقریر جھاڑ سکتے ہیں نصیحتیں کر سکتے ہیں ''منعہ کروم سا حزر بکنید'' قسم کی نصیحتیں۔خود گڑ کھاتے ہیں دوسروں کو گڑ کھانے سے منع کرتے ہیں۔وہ حکم چلا سکتے ہیں،دھونس سے سکتے ہیں ،لیکن بات نہیں کر سکتے۔

## مساوات

بات صرف وہ شخص کر سکتا ہے جو مساوات کا قائل ہو۔صاحبو! ہمارے معاشرے میں بہت کم لوگ ایسے ہیں جو دوسروں کو مساوات کا درجہ دینے کا حوصلہ رکھتے ہیں ۔باپ بیٹے کو مساوات نہیں دیتا نہیں دے سکتا۔جب بیٹا جوان ہوا جاتا ہے،عنفوان

شباب میں قدم دھرتا ہے تو باپ کا اس کے متعلق رویہ دوغلا ہوتا ہے، دوسروں کے سامنے وہ بیٹے پر مان کرتا ہے۔ اکیلے میں وہ سمجھتا ہے کہ ''چھوٹا ہے ناسمجھ ہے احمق ہے''میرے جسم سے نکلی ہوئی ایک ناپاک ''چھینٹ'' سے بنا ہے۔ باپ کی بات کو چھوڑیئے! کوئی بڑا چھوٹے کو اہمیت دینے کے لیے تیار نہیں ہے۔

بڑے بوڑھے صدیوں سے چھوٹوں پر راج کرتے آئے ہیں۔

# باب نمبر ۳

## نئی نسل

ہم نے کبھی نہیں سوچا کہ ہم نئی نسل میں کیڑے ڈال رہے ہیں بلکہ اپنے مستقبل میں کیڑے ڈال رہے ہیں۔ہم نے اس حقیقت کو کبھی تسلیم نہیں کیا کہ نئی نسل ہمارا مستقبل ہے۔ہم نے کبھی اسے اہمیت نہیں دی، ہمیشہ اسے ''کنڈم'' کیا، ہمیشہ اسے روکیا۔ہم نے کبھی نئی نسل کو حالات حاضرہ نہیں سمجھا۔ہم نے کبھی اس حقیقت کو تسلیم نہیں کیا کہ بچے کا جوان بننا ،نوجوان سے نوجوان بننا اور پھر بڑا بننا ایک Process ہے۔۔۔۔ایک ارتقائی پروسس جس میں فرد پر لازم ہے کہ وہ ہر اپنے دور کو جئے ،ہر اپنے دور کو دل کھول کر اپنائے۔

اگر وہ اپنے دور کو اپنا کر بڑا نہیں ہوگا تو اس کی تکمیل نہیں ہوگی۔ ہر باپ کی یہ خواہش رہی ہے کہ میرا بچہ بڑا ہو کر میرے جیسا بنے۔ ہر باپ سمجھتا ہے کہ میرا دور جس میں، میں نے زندگی گزاری ہے، بہتر تھا اور ہر آنے والا دور بدتر ہے۔

کسی باپ نے یہ نہیں سوچا کہ میں اپنے بیٹے کو ایسا بنا دوں کہ اس میں اپنے یعنی آنے والے دور کے مطابق جینے کی صلاحیت پیدا ہو۔معاف کیجئے آپ سمجھ رہے ہوں گے کہ مفتی تقریر جھاڑ رہا ہے، کتابی باتیں کر رہا ہے، یقین جانئے میں کتابی باتیں نہیں کر رہا، آپ بیتی باتیں کر رہا ہیں جسے پنجابی میں ''ہڈ بیتی'' کہتے ہیں۔

## ہڈ بیتی

یہ عظیم حقیقت مجھے میرے بیٹے نے سکھائی تھی۔ جب وہ ۲۰ سال کا ہوا تو ایک روز وہ میرے پاس آیا۔ کہنے لگا بابا میں تجھ سے ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے کہا پوچھتا کیوں ہے۔شوق سے بات کر، جو بھی کہنا چاہتا ہے کہہ، تجھ پر کوئی بندش نہیں

ہے۔ کہنے لگا بابا بیس سال تک میں نے اپنی زندگی آپ کے خیالات کے مطابق گزاری ہے۔ اب مجھے اجازت دیجیے کہ باقی زندگی میں اپنے خیالات کے مطابق گزار لوں۔ اس کی یہ بات سن کر دھماکہ ہوا، مجھے یوں لگا جیسے صور پھونک گیا ہو۔ میرے پرخچے اڑ گئے، لیکن آپ اس بات کو نہیں سمجھیں گے جب تک میں آپ کو ''باپ بیٹے'' کی کہانی نہ سنا دوں۔ جب عکسی چار سال کا ہوا تو اس کی والدہ فوت ہو گئی اور ہم باپ بیٹا اکیلے رہ گئے۔ ان دنوں میں سکول ماسٹر تھا۔ سکول جاتا تو عکسی کو انگلی لگا کر ساتھ لے جاتا۔ جب تک میں پڑھاتا رہتا وہ عکسی دیوار سے لگ کر کھڑا رہتا۔ بازار جاتا تو اسے ساتھ لے جاتا۔ ہم دونوں اکیلے رہنے پر مجبور تھے۔ کوئی ہمارا ساتھ دینے کے لیے تیار نہ تھا۔ عکسی کو علم نہ تھا کہ یہ باپ کے مکافات عمل کا نتیجہ ہے۔ باپ نے جوانی میں کانٹے بوئے تھے۔ بیٹا لہولہان ہو رہا تھا، ہمارا کوئی والی وارث نہ تھا، رشتے دار نہ عزیز، ہم اکھٹے رہتے تھے۔ اکھٹے سوتے تھے، اکھٹے باتھ روم جاتے تھے۔ ہم باپ بیٹا نہ تھے، دو ساتھی تھے۔

پھر عکسی بڑا ہو گیا اور میرا تبادلہ کراچی ہو گیا۔ وہاں میرا ایک دوست تھا قیصر۔ قیصر میرا بھانجہ بھی تھا اور دوست بھی۔ بھانجہ کم دوست زیادہ۔ قیصر لنڈ وار تھا۔ دو سال اس نے ہمیں لنڈورا بنائے رکھا۔ سارا دن ہم کراچی میں آوارہ گردی کرتے۔ بازاروں میں چلتے پھتے، گنڈیریاں چوستے، سٹالوں پر کھڑے ہو کر کباب کھاتے، کافی ہاؤس میں پیالے پر پیالہ انڈیلتے اور پھر شام پڑتی تو کسی سینما ہاؤس میں فلم دیکھتے روز بلا ناغہ۔ یہ ساری عیاشی قیصر کی وجہ سے تھی، میں تو قلاش تھا، وہ امریکی دفتر میں افسر تھا۔

کوئی ہمیں دیکھ کر یہ جان نہ سکتا تھا کہ تینوں میں ایک باپ بیٹا اور ماموں ہے۔ ایک بھانجہ ہے، ایک بیٹا ہے، میں خود پر بڑا خوش تھا، میں خود کو شاباش دیتا تھا۔ میں سمجھتا تھا کہ میں وہ باپ ہوں جس نے اپنے اور اپنے بیٹے پر حکم نہیں چلایا، اسے نصیحت نہیں کی۔ ''من نہ کروم شما حذر بکنید'' قسم کی نصیحت۔ مین وہ باپ ہو جس نے

بیٹے کو دوست بنائے رکھا، ساتھی بنائے رکھا۔ میں دل ہی دل میں کہتا تھا لوگو! میرے گلے میں ہار ڈالو، مجھے ایوارڈ دو، میں وکٹوریا کر اس قسم کے ایوارڈ کا مستحق ہوں۔ ان خیالات کے مطابق بسر کرلوں تو ایک دھماکہ ہوا، اٹامک دھماکہ، میرے پر خچے اڑ گئے میری بوٹی بوٹی فضا میں بکھر گئی۔ میں نے کہا جاؤ بیٹا جاؤ، اپنی عمر جیو، اپنا دور جیو۔ اس نے کہا بابا میں اپنے دوست بناؤں گا۔ میں اپنے ہم عمروں میں رہوں گا۔ میں اپنا دور جیوں گا۔ تین ماہ بعد وہ واپس آ گیا۔ میں کہا عکسی تم واپس کیوں آ گئے۔ بولے بے کار ہے بابا۔ تمہارے ساتھ رہ رہ کر میں بوڑھا ہو گیا ہوں۔ تم نے مجھے بوڑھا کر دیا ہے۔ میرے ہم عمروں نے مجھے Rject کر دیا ہے وہ کہتے ہیں تم ہم میں سے نہیں ہو۔ یو ڈونٹ بیلانگ تو اس، تم ہمارے دور کے نہیں ہو، بڑھے طوطے گٹ آؤٹ۔ بابا جو جو حرکتیں وہ کرتے ہیں۔ میں ان کا ساتھ نہیں دے سکتا تھا۔ ان میں شمولیت نہیں کر سکتا تھا۔ مجھے ان کی باتیں ''چچ''، لگتی تھیں، احمقانہ، شہدی۔ اس روز میں نے شدت سے محسوس کیا کہ ہر نوجوان کے لیے اپنا دور جینا کتنا ضروری ہوتا ہے۔ اپنا دور جینے کے بغیر کسی فرد کی تکمیل نہیں ہوتی۔ صاحبو! یہ صرف میری رائے ہی نہیں آپ، میں، ہم سب اس حقیقت کو دیکھتے ہیں، جانتے ہیں، لیکن دیکھ کر آنکھ چرا لیتے ہیں، ہم میں اتنا حوصلہ نہیں کہ ایک ایسی حقیقت کو دیکھیں۔ ہم ہر Unpleasant حقیقت کو دیکھ کر اسے نظر انداز کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہم اس کبوتر کے مصداق ہیں جو بلی کو دیکھ کر آنکھیں بند کر لیتا ہے اور کہتا ہے خطرہ کی کوئی بات نہیں۔ سب اچھا، سب اچھا۔

## بلقیس کا طوطا

اسلام آباد میں ایک بہت بڑی شاعرہ رہتی ہے بلقیس محمود۔ نظم کی شاعرہ ہے۔ میں بلقیس کا مداح ہوں، وہ ہمیشہ منفرد موضوعات پر لکھتی ہے۔ اس کی زیادہ تر نظمیں بارھویں کھلاڑی پر ہیں۔ اس کا بیٹا تاشی امریکہ چلا گیا تو بلقیس نے ایک نظم ان دنوں سے متعلق لکھی جب اس کا بیٹا تاشی اسلام آباد میں اپنی امی ابا کے ساتھ رہتا

تھا۔ یہ ایک طویل نظم ہے اس کے چند اقتباسات پیش کرتا ہوں۔ صاحبو! یہ بھی جان لو کہ بلقیس کا گھر حترام اور رسم بھرا (Traditional) گھر نہیں ہے۔ گھر کی فضا آزاد ہے، پیار بھری ہے، اس کے باوجود وہ اپنے بیٹے تاشی کے جذبات یوں رقم کرتی ہے:

----مجھے لگتا ہے امی
میں
بڑھاپے سے بھری بستی میں آ کر
پھنس گیا ہوں
یہاں ہر شخص بوڑھا ہے
یہ چودہ سال کی بہنا
یہ سولہ سال کا بھائی
یہ دونوں آپ----
یہ گہرے سلیٹی رنگ کی
بے رنگ سی دنیا
خدایا میں کہا آ گیا ہوں
یہاں ہنسنا ہنسانا جرم لگتا ہے
یہاں پر زندگی کے گیت گانا
BAN ہے شاید
مرا کیا جرم ہے امی
مجھے لگتا ہے امی آپ سب صیاد ہیں میرے
مرے پر کاٹ کر
پنجرے میں رکھ لینے کی اک خواہش
بس اک خوش رنگ سا طوطا

میاں مٹھو

کہ جب چاہا

میاں مٹھو میاں مٹھو کہا

بہلایا

خوش کر لیا

اپنے بڑھاپے کو

تعجب ہے مجھے امی

کہ اپنے دوستوں میں آپ ہنستی ہیں

مجھے سچ سچ بتائیں آپ کو ہنسنا بھی آتا ہے؟؟

کوئی حس لطافت آپ میں بھی ہے؟؟

کوئی Sense of Humour

آپ میں بھی ہے؟

مجھے تو آپ سارے

دکھ کے مارے

بوڑھے بوڑھے لوگ لگتے ہیں

کہ جن کی ساری کوشش ہے

مجھے بھی توڑ کر رکھ دیں

دکھی

سنجیدہ

گہرے رنگ

میرے منہ پہ بھی مل دیں

------------------

میری امی مرے ابو

مجھے انگریزی گانوں کارٹونوں سے تو نہ روکیں

مجھے وہ ''ویلسر ی بابا''

وہ چھوٹی چھوٹی زندہ زندہ لڑکیاں

''می شیل''۔۔۔وہ ''ڈی جے''

مکمل زندگی والا وہ ''فل ہاؤس''

یہ سب تو دیکھ لینے دیں

وہ سارے خواب

ساری خواہشیں

جو میرے اندر ہیں

انہیں باہر تو آنے دیں

## اہل مغرب

صاحبو! مین ایک عام سا نثر نگار ہوں، میں آج کے دور کے نوجوانوں کے جذبات کے عکاسی ایسے نہیں کرسکتا جیسے شاعرہ کرسکتی ہے۔ جہاں تک میں جانتا ہوں آج تک کسی شاعرہ نے اپنی کسی تخلیق میں یہ ظاہر نہیں کیا کہ آج کے دور میں نوجوانوں کے ہم بڑوں کے متعلق کیا جذبات ہیں ن۔وہ ہمارے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔جنہیں ہم بڑے بوڑھے کلاقی پابندیاں سمجھتے ہیں ان کے بارے مین وہ کیا رائے رکھتے ہیں۔ہم بڑے سمجھتے ہیں کہ یہ جو دورجدید ہے یہ ہمارے نوجوانوں کا پیدا کردہ فتنہ ہے۔یہ ہماری غلط فہمی ہے۔یہ فتنہ صرف ہمارے ہاں ہی نہیں آیا۔یہ آندھی تو ساری دنیا پر چل رہی ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ یہ آندھی مغربی تہذیبوں کی پیداوار ہے۔شاید کسی حد تک یہ بات درست ہو لیکن ہمیں اس بات کا شعور نہیں کہ مغربی ممالک خود اس آندھی کی زد میں

آئے ہوئے ہیں۔وہ ہم سے زیادہ زچ ہو رہے ہیں۔

## ہپی کلچر

اہل مغرب خود حیران ہیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔کیوں ہو رہا ہے۔کس اصول کے تحت ہو رہا ہے۔انہیں خود بات سمجھ میں نہیں آتی۔

آج سے چند سال پہلے مغرب میں ایک عجیب الحق کلچر پیدا ہو گیا تھا۔جسے ہپی کلچر کہتے تھے۔مغربی زندگی کے جو بنیادی ستون تھے۔جو مغربی زندگی کے محور تھے۔جن کے گرد زندگی گھومتی تھی۔ہپی کلچر ان بنیادی ستون تھے۔جو مغرب زندگی کے محور تھے۔جن کے گرد زندگی گھومتی تھی۔ہپی کلچر ان بنادی روایتوں کے کلاف بغاوت تھی۔انہوں نے دولت کی عظمت کو ٹھکرا دیا۔مغربی ممالک میں دوسری اہمیت سٹیٹس کو حاصل تھی۔انہوں نے سٹیٹس کو بھی رد کر دیا۔اور ٹپر واسیوں یعنی خانہ بدوشوں کی زندگی بسر کرنی شروع کر دی۔ساری دنیا میں گھومتے پھرتے روانوں کے خلاف وارننگ۔اس تحریک نے چار چیزیں پیدا کیں۔

## لاحول ولا

ہمارے دینی رہنماء اس آندھی کو دیکھ کر لاحول پڑھ پڑھ کر تھک گئے ہیں۔ہمارے دینی رہنماؤں کی عادت ہے کہ وہ دور جدید کی ناگوار باتوں پر غور نہیں فرماتے،وہ انہیں مسائل نہیں سمجھتے۔وہ انہیں ''لاحول ولا'' سے زیادہ اہمیت دینے پر تیار نہیں۔وہ سمجھتے ہیں کہ دور جدید اہل مغرب کی ایک شرارت ہے،اسلام کے خلاف ایک سازش ہے۔ان کے ذہن میں اس مسئلے کا صرف ایک حل ہے،وہ یہ کہ اس شیطانی عمل کو در کو۔انہیں یہ شعور نہیں کہ دور جدید ایک دھارا ہے اور دھارے کو کبھی روکا نہیں جس سکتا البتہ اس کا رخ بدلا جا سکتا ہے۔لیکن انہوں نے کبھی اس دھارے کا رخ بدلنے کی کوشش نہیں کی۔

ہمارے علمائے دین نے مغرب کو ہمیشہ شر سمجھا ہے حالانکہ اس حقیقت سے انکار

نہیں کیا جا سکتا کہ اہل مغرب میں ہماری نسبت خیر کا جذبہ زیادہ ہے۔صاحبو! میں حکومتوں کی بات نہیں کر رہا، لوگوں کی بات کر رہا ہوں۔اہل مغرب نے بڑی نیک نیتی سے آزادی، اظہار کی آزادی، جنس کی آزادی لیکن بدقسمتی سے ان کے اس تجربے کو کامیابی حاصل نہ ہوئی، الٹا اس نے اک آگ لگا دی۔ایسی آگ جس کی جھلسن دنیا کے کونے کونے میں پہنچ چکی ہے۔ہم سمجھتے ہیں کہ یہ آگ صرف ہمیں جھلس رہی ہے یہ ہماری بھول ہے۔یہ آگ سب سے زیادہ خود اہل مغرب کو جلا رہی ہے۔اہل مغرب اس بات کا شعور رکھتے ہیں کہ ان کا گھر آگ کی وجہ سے جل رہا ہے۔وہ اس پرابلم سے نپٹنے کے لیے آپس میں صلاح مشورہ کر رہے ہیں۔سوچ رہے ہیں، مائل بہ عمل ہیں۔

ہمارے علمائے دین سمجھتے ہیں لاحول پڑھنے سے یہ مصیبت ٹل جائے گی، اس لیے وہ تقریر کر رہے ہیں۔کہتے ہیں لوگو مغرب پر لاحول پڑھو۔نئی نسل پر لاحول پڑھو، دور حاضرہ پر لاحول پڑھو، وہ سمجھتے ہیں کہ:

ہر دور کی دوا ہے لاحول ولاقوت

کاش انہیں علم ہوتا کہ لاحول کا مطلب کیا ہے۔گمان غالب ہے کہ بڑے بوڑھے بھی لاحول کی متعلق غلط فہمی کا شکار ہیں۔اک زمانے تک میں بھی اس بارے میں غلط فہمی کا شکار رہا ہوں۔جب بھی میرے دل میں کوئی شر ابھرا خیال آتا خصوصاً جنس کے متعلق تو میں فٹ سے لاحول پڑھ دیتا۔اے شیطان تو کیوں مجھے تنگ کرتا ہے۔مجھے چھوڑ یار۔

اس احتجاج میں غصے کی نسبت اپنائیت کا رنگ زیادہ ہوتا تھا جیسے ہمارے ٹرک ڈرائیور اپنے ٹرک کے پیچھے ایک بورڈ لگا دیتے ہیں جس پر لکھا ہوتا ہے: ''پپو یار تنگ نہ کر۔'' پھر ایک دن اچانک نیٹھے بٹھائے مجھ پر لاحول کے معانی کا انکشاف ہو گیا کہ:

اللہ کی ذات کے سوا کوئی قوت وجود نہیں رکھتی لہذا کسی سے ڈرنے کا سوال پیدا

ہی نہیں ہوتا۔

میں تو حیرت زدہ رہ گیا۔اس رات جب وہ خانہ کعبہ کی تصویر سے اتر کر صوفے پر آ بیٹھا تو میں غصے میں بھرا ہوا تھا۔میں نے کہا اگر تو ہی سب کچھ ہے، اگر تیرے حکم بغیر پتا بھی نہیں ہل سکتا تو یہ کیا ناٹک رچا رکھا ہے تو نے۔کیوں اپنی مخلوق کو ''حریان'' کر رکھا ہے۔میری بات سن کر وہ مسکرا دیا۔۔۔۔ایک دلنواز بے نیاز مسکراہٹ۔

اس روز سے جب بھی میرے دل میں شر ابھرا خیال اٹھتا ہے تو میں لاحول نہیں پڑھتا بلکہ سچے دل سے جان لیتا ہوں، مان لیتا ہوں کہ مجھ شر کا عنصر موجود ہے۔خوف زدہ ہونے کی کوئی ضرورت ہیں۔یہ ایک نیچرل بات ہے۔اسے زیادہ اہمیت نہ دو۔

## جان لینا مان لینا

سیانے کہتے ہیں کہ اگر تم اپنی کمزوریوں۔کجیوں،کمیوں کو جان لو، سچے سل سے مال لو تو ان کی شدت کم ہو جاتی ہے،وہ مدھم پڑھ جاتی ہیں، اگر نہ مانو تو جھگڑا شروع ہو جاتا ہے۔ان کی شدت بڑھ جاتی ہے۔وہ رادن بن جاتی ہیں، انہیں اہمیت نہ دو''اگنور'' کردو''ڈیوائن ڈسڈین۔''

بڑے جب نئی نسل لاحول پڑھتے ہیں تو انہیں لاحول کے مفہوم کا احساس نہیں ہوتا۔لاشعوری طور پر وہ سمجھتے ہیں کہ شیطان نئی نسل کو ورغلا رہا ہے۔

اگر وہ لاحول کے مفہوم پر غور کریں تو انہیں احساس ہو کہ یہ سب مشیت ایزدی ہے۔

یہ جو نئی نسل میں شدت پیدا ہو رہی ہے، یہ شیطان کا کارنامہ نہیں۔شیطان بہکا سکتا ہے، وہ مخلوق کا رنگ بدلنے پر قادر نہیں۔

کسی صاحب نے نئی نسل کی شدت کے بارے میں کیا خوب بات لکھی تھی۔

کہنے لگے :''ہمارے دور میں اللہ نے اپنا پاؤں بریک پر رکھا ہوا تھا۔اب ایکسلریٹر پر رکھ لیا ہے۔''

ہماری نئی نسل مردود نہیں، مظلوم ہے۔

ایک پاؤں بھر کے پیانے میں سیر ابھر انرجی ٹھونس دی گئی ہے۔

صرف ہم ہی نہیں نئی نسل کے رویئے پر ساری دنیا نالاں ہے۔ان میں شدت ہے، بلا کی شدت ۔۔۔۔جیسے پاؤ بھر کی بوتل میں سیر بھر انرجی ٹھونس دی گئی ہو۔ان میں بلا کی بے چینی ہے۔قیام سے محرومی ،حرکت، مسلسل حرکت،جلدی اور جلدی ،جلدی چلیں ،جلدی پہنچیں ،جلدی لوٹیں ،جلدی جئیں ،جلدی مریں ،انکی کوئی منزل نہیں ۔۔۔۔صرف جلدی، ان کا کوئی رخ نہیں ،صرف حرکت۔

یہ شدت ان پر عائد کی گئی ہے۔

لگتا ہے جیسے پہلے اللہ تعالیٰ کا پاؤں بریک پر تھا۔اب ایکسیلریٹر پر رکھ دیا گیا ہے۔

یہ کوئی نئی بات نہیں۔

تاریخ کائنات شاہد ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسے تجربات اکثر کرتا ہے۔

آپ نے اکثر دیکھا ہوگا کہ برسات میں چینٹیوں کو پر لگ جاتے ہین ۔پھر وہ پروانے بن جاتے ہیں۔مسلسل حرکت، دیوانی وار حرکت

نئی نسل کو دیکھ کر مجھے ایسے لگتا ہے جیسے چیونٹیوں کر پر لگا دیئے گئے ہوں ۔اخباروں میں اکثر خبریں آتی ہیں کہ نوجوان جرم کی طرف مائل ہوتے جارہے ہیں ۔موٹر سائیکل ۱۲۰ میل کی رفتار پر چلاتے ہیں ۔تفریحاً پلانڈ (Planned) چوریاں کرتے ہیں۔ڈکیتیاں کرتے ہیں ۔مقصد لوٹ مار نہیں ہوتا، چوری نہیں ہوتی، صرف ایڈونچر۔اس بات پر مجھے ایک کہانی یاد آ گئی جو میں نے چھٹی جماعت میں پڑھی تھی۔

## بے قدری، بے کاری کا عذاب

ایک پہاڑی کی چوٹی پر تین دیو رہتے تھے ۔ہوا پانی اور بجلی ۔پہاڑی کے نیچے ایک گاؤں تھا۔ان دیوؤں نے گاؤں والوں کی زندگی اجیرن کر رکھی تھی ۔کبھی پانی

برساتا اور پانی کا ریلا گاؤں کو بہا کر لے جاتا، کبھی ہوا اس قدر زور سے چلتی کہ کھیت برباد ہو جاتے۔ کبھی بجلی کڑک کڑک کر گرتی اور گاؤں والوں کے مویشی مر جاتے۔

گاؤں والے ان دیوؤں سے بہت تنگ تھے۔

گاؤں کا ایک سیانا بڈھا کہنے لگا کہنے لگا کہ بھائیو! یوں تو جینا محال رہے گا۔کیوں نہ ہم ایک وفد پہاڑ کی چوٹی پر بھیجیں اور ان تینوں دیوؤں سے بات کریں۔ممکن ہے وہ ہم سے سمجھوتا کرنے پر رضامند ہو جائیں، چنانچہ وفد بھیجا گیا۔

دیوؤں نے کہا ''بھائیو! ہم تمہارے دشمن نہیں ہیں بلکہ ہم تو تمہاری خدمت کرنا چاہتے ہیں۔دراصل مشکل یہ ہے کہ کچھ کرنے کے بغیر نہیں رہ سکتے۔تم ہمیں جو کام دو گے ہم کریں گے لیکن اگر تم نے ہمیں کرنے کے لیے کام نہ دیا تو ہم تمہاری بستی کو تباہ کردیں گے۔''

مجھے ایسا لگتا ہے جیسے ہماری نئی نسل ان تینوں دیوؤں جیسی ہے۔وہ کچھ کیے بغیر نہیں رہ سکتی ہن انہیں بے قدری اور بے کاری کے عذاب میں مبتلا کر رکھا ہے۔اس لیے وہ ایڈونچر کی تلاش میں تخریب کی جانب چل نکلے ہیں۔تمام تر قصور ہمارا ہے۔

## مظلوم نسل

بھائیو! میں نے ۸۸ سال کے دوران کئی نئی نسلیں جوان ہوتے دیکھی ہیں، لیکن آج کی نئی نسل سے زیادہ مظلوم نسل کبھی نہیں دیکھی۔صلاحیتوں سے بھرپور، لیکن مظلوم۔ہمارے معاشرے نے انہیں رد کر دیا ہے، انہیں مغرب کے ایجنٹ قرار دے دیا ہے۔اسلام دشمن۔

میرے ایک دوست ہیں، تعلیم یافتہ، باکردار ہیں، سچے مسلمان ہیں اور تبلیغ کے حامی ہیں۔ایک روز میرے ہاں تشریف لائے۔بے حد خوش تھے۔ان کے ساتھ ۲۰ سال کا ایک نوجوان تھا۔اس کی جانب اشارہ کر کے بولے ''الحمدللہ'' کہ ہمارے تبلیغی کام احسن طریق سے چل رہا ہے۔''

"انہیں دیکھئے!" انہوں نے نوجوان کی طرف اشارہ کر کے کہا۔ "آج سے ایک ماہ پہلے یہ جینز پہنتے تھے۔ پرنٹڈ شرٹ میں ملبوس تھے اور اب دیکھئے الحمدللہ کہ ہم انہیں صراط مستقیم پر لانے میں کامیاب ہو گئے۔"

میں نے نوجوان کی طرف دیکھا۔ اس کے چہرے پر چینی داڑھی تھی جسم میں گویا جان نہ تھی۔ آنکھیں بجھی ہوئی تھیں، بند بند پر مردنی چھائی ہوئی تھی۔ مجھے بلقیس محمود کی نظم کا بندیاد آ گیا۔

مجھے لگتا ہے امی آپ سب صیاد ہیں میرے
مرے پر کاٹ کر
پنجرے میں رکھ لینے کی اک خواہش
بس اک خوش رنگ سا طوطا
میاں مٹھو
کہ جب چاہا میاں مٹھو میاں مٹھو کہا
بہلا لیا۔۔۔خوش کر لیا۔۔۔اپنے بڑھاپے کو (اپنی انا کو)

اس میاں مٹھو کو دیکھ کر میری جی چاہا کہ چیخیں مار مار کر روؤں۔ اتنا روؤں کہ میری بصارت پانی بن کر بہہ جائے۔ پھر جب میرے دوست پوچھیں "مفتی تم تو اندھے ہو گئے ہو"۔۔۔تو میں کہوں نہیں میں اندھا نہیں ہوا۔ میں نے اتنا کچھ دیکھا ہے۔ اتنا کچھ دیکھا ہے کہ اب مزید دیکھنے کی ہمت نہیں رہی، حوصلہ نہیں رہا، اس لیے میں آنکھیں موند لی ہیں۔

نئی نسل پر جو ظلم بڑے اور علمائے دین کر رہے ہیں اس میں، میں بھی شامل ہوں، اس لیے کہ میں بھی تو بڑا ہوں۔

وقت یہ ہے کہ میں دو رخہ ہوں۔ قدرت نے مجھے تماشا بنا رکھا ہے۔ میں بہ یک وقت بڑا ہی ہوں، چھوٹا ہی ہوں، صاحبو لوگ سمجھتے ہیں کہ عمر ایک ہوتی ہے، جسمی عمر۔

یہ غلط ہے عمریں تین ہوتی ہیں ''جسمی عمر''۔۔۔۔''ذہنی عمر''اور''جذباتی عمر''۔میری جسمی عمر ۸۸ سال ہے ۔ذہنی عمر ۳۰۔۳۵ ہوگی اور میری جذباتی عمر ۱۷ سال سے آگے نہیں بڑھ سکی،کوششوں کے باوجود آگے نہیں بڑھ سکی۔

## چوں چوں کا مربہ
## میرے گھر کو لیجئے

چوں چوں کا مربہ اس وقت میرے گھر میں چار یونٹ بس رہے ہیں ۔میں اور میری بیوی دو بوڑھے ہیں ہم پنجابی بولتے ہیں، پنجابی رہتے سہتے ہیں، پنجابی جیتے ہیں،میرے تین بیٹیاں ہیں جو تیں پینتیس کے پیٹے میں ہیں،وہ اردو بولتی ہیں اردو رہتی سہتی ہیں،اردو جیتی ہیں ۔میرا ایک بیٹا ہے جو پچاس کے لگ بھگ ہوگا۔اس کی شخصیت میں انگریز اور اللہ گڈمڈ ہو رہے ہیں۔وہ خیالات میں ماڈرن ہے لیکن اس کی اندر اللہ بولتا ہے ۔جب وہ سائنس کی بات کرتا ہے تو لگتا ہے جیسے سائنس وہ واحد راستہ ہے جو ہمیں منزل تک پہنچا سکتا ہے ۔جب وہ عقل کی بات کرتا ہے تو ماڈرن ازم ،سائنس اور عقل بلبلوں کی طرح پھٹ جاتے ہیں اور معرفت کا ایک ریلا سب کچھ بہا کر لے جاتا ہے۔

آج کل وہ انگریزی میں ایک کتاب لکھ رہا ہے ۔نام ہے The Scientific Law of Allah

میرے دو پوتے ہیں جو انگریزی بولتے ہیں ۔انگریزی سوچتے ہیں انگریزی جیتے ہیں،آخر میں میری بیٹیوں کے بچے ہیں،جو کوکو کولا تہذیب کی پیداوار ہیں ۔کوک پیتے ہیں،چاکلیٹ کھاتے ہیں،کارٹون دیکھتے ہیں،موم ڈیڈ ہلاتے ہیں اور ہائی یاہ، بولتے ہیں۔

اس لحاظ سے میرا گھر چوں چوں کا مربہ ہے۔

میرا گھر ایک لوئر مڈل کلاس شہری کا گھر ہے۔

میری دانست میں تمام تو لوئر مڈل کلاس شہری گھر چوں چوں کا مربہ ہیں۔فرق صرف یہ ہے کہ ٹریڈیشنل گھروں میں، نوجوان گھر میں چوں چوں نہیں کرتے۔کالج جا کر چراؤں کرتے ہیں۔گھر میں منقار زیر لب رکھتے ہیں۔یوں نوجوانوں کی زندگیاں دور ہو جاتی ہیں۔میرے گھر میں کوئی ہیڈ آف دی فیملی نہیں۔ساس نہیں، بہو نہیں، جائنٹ فیملی کی کوئی روایت نہیں۔

میرے پوتے اولیول (O-LEVEL)اور (A-LEVEL)کے طالب علم ہیں۔وہ مجھ سے زیادہ دیکھتے ہیں، زیادہ سنتے ہیں۔ان کی ذہانت مجھ سے کم از کم چار گنا تیز ہے۔ان کی معلومات مجھ سے دس گنا وسیع ہیں۔سڑک سے موٹر گزرے تو سڑک سے گذری ہے فلاں ''میک'' کی تھی۔لیکن اس گاڑی کا فلاں پرزہ ڈھیلا ہے۔ٹھیک سے کام نہیں کر رہا اگر گاڑی والے نے توجہ نہ دی تو کسی روز بھٹاہ ہو جائے گا۔میرے پوتے جین پہنتے ہیں جس پر یہاں وہاں Patches لگے ہوئے ہیں۔دکھاوے کے نہیں اصلی۔بڑی محنت سے شگاف بناتے ہیں تاکہ اصلہ Patch لگ سکے۔

## Visual Music

میرے پوتے پر مخذ شرٹس پہنتے ہیں۔وہ موسیقی کے دلدادہ ہیں۔ڈسک انٹینا سنتے ہیں۔''آڈیو'' میں دلچسپی نہیں Visual موسیقی سنتے ہیں۔تال پر ٹانگیں جھلاتے ہیں، الیکٹرک گٹار بجاتے ہیں۔سر کے قابل نہیں۔تال ہو۔ایسی ہو کہ وجدان کی بجائے ہسٹریا پیدا کرے۔ٹی وی پر وہ موسیقی پسند ہے جس میں چہرے خواہش کی شدت سے بھاینک ہو جائیں۔نقش ونگار، خدوخال مٹ جائیں۔اک دیوانگی بھری Ecstacy چھا جائے۔مناظر میں شدت ہو، تیزی ہو، تلخی ہو، ٹینشن ہو، لے میں طوفان آ جائے میں اپنے گھر کی نئی نسل کا مداح ہوں لیکن جب موسیقی کا مرحلہ آیا تو میں اسے برداشت نہ کر سکا۔میرے اندر کا بڑا میاں باہر نکلا جیسے لوٹے سے جن باہر نکلتا

ہے۔صاحبو میں اس درد کا فرد ہوں جن موسیقی زخم پر مرہم کا کام کرتی تھی۔کراہتوں کو تھپک تھپک کر سلا دیتی تھی۔جب موسیقی دیکھنے کی نہیں، سننے کی چیز تھی، جب سر مہارانی تھی، تال باندی تھی۔

سُر سیدھی دل پر اثر کرتی ہے جو دکھ، درد، برہا روجدان کے جذبات اجارتی ہے۔اس کے برعکس تال صرف ٹانگیں جھلاتی ہے۔یہ سُر مستی پیدا کرتی ہے۔ایک ایسی دیوانگی جو ملاپ پر منتج ہوتی ہے۔یہ ملاپ جذباتی نہیں ہوتا۔روحانی نہیں ہوتا۔صرف جسمانی، جنسی۔

## برہنگی

یہ ٹانگیں جھلانے کی رسم بنی نوع انسان کی بڑی مہنگی پڑے گی۔بالکل ایسے جیسے یورپی عورتوں کی برہنگی مہنگی پڑ رہی ہے۔سوچئے یورپی مرد۔کیا ہوتا جا رہا ہے۔

میرے ایک دوست کو چند ماہ کے لیے امریکہ جانا پڑا۔جب وہ واپس آیا تو مجھ سے کہنے لگا: ''یار مفتی! میں تو مارا گیا۔''

میں نے پوچھا کیا ہوا۔

بولا میرے ''ہتھ پلے'' کچھ نہیں رہا۔

کہنے لگا نیا نیا وہاں گیا تو بیچ (BRACH) پر برہنہ عورتوں کو دیکھ کر میری تو آنکھیں پھٹ گئیں۔پاگل ہو گیا۔روز بیچ پر جاتا ٹہلتا رہتا۔آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھتا رہتا۔

اب یہ حال ہے کہ تحریک نہیں ہوتی۔میں اب کیا کروں۔

صاحبو ہمارے عالم دین خوامخواہ فحاشی اور برہنگی کو دینی مسئلہ بنائے بیٹھے ہیں۔یہ تو خالص فزی آلوجیکل مسئلہ ہے، جس چیز کو آپ بار بار دیکھیں گے وہ اپنی کشش کھو دے گی۔اتنی عام نظر آنے لگے گی کہ تحریک پیدا نہیں کر سکے گی۔

پہلے دن جب میں اسلام آباد آیا تو اس شہر کا حسن دیکھ کر حیرت زدہ ہو گیا۔اتنا

حسن مجھ سے سہا نہیں جا رہا تھا۔ میں نے سوچا! یا اللہ میں اس شہر میں کیسے رہ سکوں گا۔آج یہ صورت ہے کہ مجھے اسلام آباد کا حسن نظر نہیں آتا ۔اس لے Uglyspots کو دیکھ کر تکلیف ہوتی ہے۔

میرے زمانے میں Segregation کا دور تھا۔مرد الگ عورت الگ۔مرد عورت کے ایک دوسرے سے ملنے کے امکانات بہت کم تھے۔ان دنوں چہرے کا نقاب سرک جاتا۔چہرے کا تھوڑے سا حصہ، ایک آنکھ اور آدھا رخسار نظر آتا تو شدت کی تحریک پیدا ہوتی جو کبھی کبھار عشق پر منتج ہو جاتی۔

اس دور میں ہمیں Segregation پر اعتراض تھا۔یورپ ہماری اس رسم کا مذاق اڑاتا تھا۔ان کا کہنا تھا کہ یہ علیحدگی نقصان دہ نتائج کی حامل ہوتی ہے۔یورپ نے اس غیر فطری رویے کے خلاف آزادی کی تحریک چلائی ۔یہاں تک کہ یورپی خاتون آج برہنگی کی حد تک جا پہنچی ہے۔

نتیجہ یہ ہے کہ مغرب میں عورت مرد میں کشش پیدا نہیں کر سکتی۔اس لیے مرد لذت کے حصول کے لیے الٹے سیدھے غیر فطری راستے تلاش کر رہا ہے۔یورپی سوسائٹی میں مختلف قسم کے Abbarations عام ہوتے جا رہے ہیں ۔ان غیر فطری رویوں کو قانونی جواز حاصل ہو چکا ہے۔

## مدھ اور حد

حیرت کی بات ہے کہ عورتوں نے ابھی تک نہیں سمجھا کہ بے پردگی اور جنسی آزادی ان کے لیے خودکشی کے مترادف ہے،سیانے کہتے ہیں اسلام واحد مذہب ہے جو حدیں توڑنے کے خلاف ہے اور جس میں بشریت کا درجہ سب درجوں سے بلند تر ہے۔

حضور اعلیٰ واحد ریفارمر تھے جنہوں نے فرمایا تھا کہ لوگو بین بین رہو۔مدھ میں جیو،حدیں نہ توڑو،نہ دنیا میں اس قدر ڈوب جاؤ کہ اللہ کے احکامات سے بے نیاز ہو

جاؤ۔نہ عبادت میں اس قدر ڈوب جاؤ کہ دنیا سے بے تعلقی پیدا ہو جائے۔سیانے کہتے ہیں اسلام اعتدال کا نام ہے۔توازن کا نام ہے ہم آہنگی کا نام ہے، ہارمنی کا نام ہے۔

پتہ نہیں ہمارے راہبر اس بات کو کیوں نہیں سمجھتے انہوں نے مدھ کو نہیں بلکہ حد کو اپنا رکھا ہے۔ہمارے علماء میں شدت ہے، انا ہے وہ گروہوں میں بٹے ہوئے ہیں۔ہر گروہ یا سلسلہ سمجھتا ہے کہ جو راستہ ہم نے اپنا رکھا ہے، وہی صراط مستقیم ہے۔

وہ سب ہماری نوجوان نسل کو راستے سے بھٹکی ہوئی نسل سمجھتے ہیں۔وہ سمجھتے ہیں اہل یورپ اسلام کے دشمن ہیں اور مغرب تہذیب دراصل اسلام کے خلاف ایک سازش ہے۔

چند سال ہوئے میں نے ایک کہانی لکھی تھی۔عنوان تھا: ''گرداس ، داس گرو۔'' اس کہانی میں میں نے یہ کہنے کی کوشش کی تھی کہ پرانے زمانوں میں ۔۔۔۔گرو کے پیچھے پیچھے چلنے کے خواہش مند تھے، اس لئے گرو کا کام تھا کہ آگے آگے چلے، راستہ دکھائے۔

ہماری نئی نسل کسی کے پیچھے چلنے کے لیے تیار نہیں۔وہ ''میں خود'' کی قائل ہے، اس لیے اب گرد کا فرض ہے کہ خدمیں داس کی سپرٹ کرے۔لوگوں کے پیچھے چلے اور پیچھے چل کر ان کا رخ موڑے۔

آگے چل کر رخ موڑنا تو آسان بات ہے، پیچھے چل کر رخ موڑنا بری بات ہے۔

ہمارے رہبر تو صرف آگے چلنا جانتے ہیں۔حکم چلانے کے عادی ہیں۔

---------------------------

# کہانیاں

میری کہانی بے اثر رہی ۔میں ایک خام لکھنے والا ہوں ۔پھر یہ بھی ہے کہ آج کی دنیا میں کہانیوں کی کیا حیثیت ہے ۔لوگ کہانیاں تفریح کے لیے پڑھتے ہیں ۔ان کے اثر پذیر نہیں ہوتے ۔

بڑے کہانی کاروں نے کہانیوں کے پردے میں بڑی بڑی حقیقتیں پیش کی ہیں ۔

ایک بہت بڑا کہانی کار (AESOP) تھا ۔

ایسکوپ نے ایک کہانی اس دور کی لکھی ہے جسے ''سولری'' یا شجاعت کا دور کہتے ہیں ۔وہ ماسورماؤں کا دور تھا ۔شوکت نفس کا دور تھا ۔چھوٹی سی بات پر عزت نفس مجروح ہو جاتی تھی ہتلواریں نیام سے نکل آتیں اور تیغ زنی یعنی ''ڈوول (DUEL) ''شروع ہو جاتی ۔تلواریں چلتیں رہیں جب تک ایک گھائل نہ ہو جاتا ۔ڈوول قانونی طور پر ممنوع نہ تھا ۔

ایسکوپ لکھتا ہے کہ سڑک چل رہی تھی ۔اسلحہ سے لیس گھڑسوار سورما آ جا رہے تھے

سڑک پر ایک دوطرفہ بورڈ آویزاں تھا ۔

دفعتاً ایک سورما اس بورڈ کو دیکھ کر رک گیا ۔بولا :''واہ کیسا خوبصورت نیلے رنگ کا بورڈ لگا ہوا ہے'' سڑک کی دوسری جانب سے اے سورما آ گیا بولا :''واقعی بہت خوبصورت بورڈ ہے، مگر اس کا رنگ تو سرخ ہے'' ۔

پہلا سورما بولا :''ہم کہتے ہیں کہ اس کا رنگ نیلا ہے ۔''

دوسرے نے کہا :''ہم کہتے ہیں کہ اس کا رنگ سرخ ہے ۔''

پہلے نے کہا :''تم ہماری توہین کر رہے ہو نکالو تلوار''

دونوں سورماؤں نے تلواریں نکال لیں اور ڈوول کے لیے تیار ہو گئے ۔

اتنے میں ایک سیانا بوڑھا موقع پر آ پہنچا ۔بولا ''بھائیو! کس بات پر ڈوول لڑنے

لگے ہو۔"

پہلے سورما نے کہا: "اس شخص نے ہماری توہین کی ہے۔"

"کیسے؟" بوڑھے نے پوچھا

"ہم کہتے ہیں یہ بورڈ جو سڑک پر آویزاں ہے نیلے رنگ کا ہے۔"

دوسرا سورما بولا: "ہم کہتے ہیں کہ یہ بورڈ سرخ رنگ ہے۔"

بوڑھا بولا آؤ، "دیکھیں کہ بورڈ کا کیا رنگ ہے؟"

انہوں نے دیکھا کہ بورڈ پر ایک جانب نیلا رنگ کیا ہوا تھا دوسری جانب سرخ

آج بھی دنیا میں بیشتر جھگڑے اسی بات پر ہوتے ہیں۔

ایک کہتا ہے: "بورڈ نیلا ہے"

دوسرا کہتا: "نہیں سرخ ہے"

کبھی کسی نے بورڈ کی دوسری جانب دیکھنے کی کوشش نہیں کی۔ کہتے ہیں اسلام میں ۷۲ فرقے ہیں۔ اس بورڈ پر ۷۲ رنگ ہیں کبھی کسی راہبر نے بورڈ کی دوسری جانب نہیں دیکھا کسی راہبر نے یہ نہیں کہا کہ یہ اختلاف فروعات پر مبنی ہیں۔ روح ایک ہے منزل ایک ہے۔

# باب نمبر۴

## بڑی سرکار

میرے ایک دوست ہیں، امتیاز بخاری۔ان کا چہرا بارہ دری ہے، اتنا چوڑا اور اس میں محرابیں ہی محرابیں۔شخصیتوں میں دروازے عام ہوتے ہیں لیکن پٹ دار ہوتے ہیں، کوئی بند، کوئی ادھ کھلا، کوئی کھلا۔

کچھ شخصیتیں ازلی طور پر چہروں پر دھری ہوتی ہیں۔ایسی شخصیت کو پنجابی میں ''کھلی ڈلی'' کہتے ہیں۔امتیاز بخاری ''کھلا ڈلا'' ہے۔

## ہاتھ کی تسبیح

ایک بار وہ مجھ سے ملا تو اس کے ہاتھ میں ایک منی تسبیح تھی ۔''ارے یہ کیا ہے؟''میں نے حیرت سے پوچھا۔کہنے لگا:''کیوں اسے کیا ہے؟''

میں نے کہا:''یہ ایسے ہے جیسے راگ میں نے برجت سر لگی ہو۔''

کہنے لگا:''بے برجت سر کیا ہوتی ہے۔''

میں نے کہا:''کچھ سریں ہوتی ہیں جو راگ کے تاثر کو ابھارتی ہیں، جو بار بار لگائی جاتی ہیں۔کچھ ایسی ہوتی ہیں جو راگ کے منافی ہوتی ہیں، اس لیے ممنوع ہوتی ہیں۔یہ تیری شخصیت سے ہم آہنگ نہیں بلکہ اسے جھٹلاتی ہے۔''

اس سے پہلے بھی عماد الدین ایک بزرگ کو میرے گھر لائے تھے۔ان کے ہاتھ میں بھی تسبیح تھی۔وہ ہم سے باتیں کرتے جاتے تھے ساتھ ساتھ تسبیح کے دانے گراتے جاتے لیکن ان کے ہاتھ میں تسبیح سجتی تھی۔رسمی بزرگ تھے معزز تھے، ڈاڑھی تھی، گیسو تھے، جس پر چغہ تھا، کندھے پر صاف لٹک رہا تھا۔

اگلے روز عماد بھی ایک منی تسبیح اٹھائے آ گیا۔

میں قہقہہ مار کر ہنسا۔

عکسی کہنے لگا: ''بابا آپ تو خوامخواہ اعتراض کرتے ہیں۔ اب کی باری میں فرانس گیا تھا تو میں نے دیکھا کہ یورپ میں تسبیح اٹھائے رکھنا فیشن ہوگیا۔ ہماری محترمہ (بی بی) بھی اٹھائے پھرتی ہیں۔''

امتیاز بخاری سے میں نے پوچھا: ''یہ بتا کہ یہ منی تسبیح فیشن ہے یا روحانیت۔''

بخاری بولا: ''یہ حکم ہے۔''

میں نے کہا: ''یا تو تو بشرے سے آزاد دکھتا ہے پابند کیسے ہوگیا۔''

بولا: ''میرے ایک بزرگ دوست ہیں۔ ان کے حکم سے یہ تسبیح ہاتھ میں رکھتا ہوں۔''

میں نے کہا: ''کیا ان بزرگ دوست میں سینس آف ہارمنی کا فقدان ہے؟''

کہنے لگا: ''اس کے برعکس ان کا تو عقیدہ ہی ہارمنی ہے تو ازن ہے، ہم آہنگی ہے''

میں نے کہا: ''لیکن یہ تسبیح تو تجھ سے ہم آہنگ نہیں۔ یہ نمائش ہے، دکھاوا ہے، Pretention ہے، دعویٰ ہے۔''

''وہ ان باتوں کو روا نہیں رکھتے۔'' بخاری نے جواب دیا۔ اس پر میں سپٹا کر رہ گیا۔ میں نے کہا: ''یہ کیسا بزرگ ہے جو نمائش تسبیح بھی چلاتا ہے۔ ساتھ ہی ہارمنی، ہم آہنگی تو ازن کا دعویٰ کرتا ہے، ہمیں بھی زیارت کرادے ان کی۔''

## پروفیسر ہر کارقبلہ

یوں ہم رفیق احمد سے جا ملے۔

گوجر خان پہنچے تو پتہ چلا کہ شہر کے سبھی لوگ انہیں جانتے ہیں اور انہوں نے انہیں پروفیسر کا لقب دے رکھا ہے۔

اس بات پر حیرت ہوئی کہ یہ کیسا بزرگ ہے جو سرکار قبلہ کی جگہ خود کو پروفیسر

کہلواتا ہے۔

مکان میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ ایک ادھیڑ مگر Youngish آدمی پلنگ پر بیٹھا ہے۔سر ننگا، کلین شیو کرتا شلوار جیسے کوئی عام سا آدمی ہو۔چہرے پر تحکم کی جگہ ذہانت ہے جس کی دھار زیادہ ہی تیز ہے۔گلے کے نچلے پردوں سے بات نہیں کرتا۔بات میں روانی ہے۔معززیت کی ''رک رک''نہیں۔

میں نے کہا: ''آپ پروفیسر ہیں۔''

بولے: ''پروفیسر تھا۔پھر استعفیٰ دے دیا، اب اللہ کا نوکر ہوں۔''

میں نے کہا: ''پہلے سرکار کے نوکر تھے اب بڑی سرکار کے ہو گئے''

ہنسے، بولے: ''ہاں''

میں نے کہا: ''یہ سودا اچھا نہیں کیا آپ نے!''

بولے ''وہ کیسے''

میں نے کہا: ''بڑی سرکار تنخواہ دینے میں بڑی خسیس ہے۔''

ہنسے یوں عام آدمی ہنستے ہیں۔

میں نے سوچا: ''یہ تو واقعی پروفیسر ہیں۔بزرگی وزرگی کوئی نہیں۔''

## عقل کی پکی سڑک

پھر میں نے انہیں چھیڑا۔میں نے پوچھا: ''آپ کو یہ مقام کیسے ملا جس پر آپ فائز ہیں۔''

بولے: ''عقل سے ملا۔''

''ارے''میں چونکا۔بڑا غیر متوقع جواب تھا لیکن جواب میں بلا کی خوداعتمادی تھی۔

میں نے کہا: ''حضور! ہم تو عقل کو راستے کی رکاوٹ سمجھتے ہیں۔''

''آپ غلط سمجھتے ہیں۔''وہ بولے۔

پھر انہوں نے قرآن پڑھنا شروع کر دیا۔

وہ حلق کے نچلے پردوں سے قرآن نہیں پڑھ رہے تھے جیسے قرآن نہیں بلکہ کسی عرب شاعر کا کلام پڑھ رہے ہوں، بلکہ یوں جیسے اللہ تعالیٰ خود باتیں کر رہے ہوں ۔ساتھ ساتھ ترجمہ کرت جاتے تھے۔

تقریباً دو گھنٹے پروفیسر ہمیں قرآن سے اقتباسات سناتے رہے۔لب لباب کچھ ایسا تھا کہ:

''لوگو دیکھو، بار بار دیکھو۔سوچو، بار بار سوچو، غور کرو، فکر کرو، آنکھیں بند کر کے ایمان نہ لاؤ۔اللہ نے تمہیں عقل دی ہے، اپنی عقل سے کام لو۔''

''پہلے بات کو تو لو، آزماؤ'' اگر تمہارے دلوں میں شکوک پیدا ہوتے ہیں تو کوئی حرج نہیں ۔جو جو شکوک ذہن میں آتے ہیں ان پر غور کرو۔جو جو Alternations ذہن میں آتے ہیں، انہیں باری باری آزماؤ۔۔۔۔۔پھر تم جان لوگے کہ جو ہم کہتے ہیں وہی سچ ہے۔

یہ باتیں سن کر حیرت ہوئی۔یہ کیسا اللہ ہے کہ ایک طرف تو اس کے حکم کے بغیر پتہ نہیں ہل سکتا۔دوسری طرف حکم دیتا ہے کہ اگر کوئی یمان نہیں لاتا تو نہ سہی اسے مجبور نہ کرو۔

بہر حال پروفیسر نے ہمیں عقل کی پکی سڑک پر ڈال دیا۔

چار ایک دن تو میں پروفیسر کی باتوں پر غٹ رہا، پھر شکوک نے سر اٹھایا۔

کیا دل کی کوئی اہمیت نہیں ۔وجدان کی کوئی حیثیت نہیں ۔کیا اللہ کے اتنے بڑے عاشق جو گزرے ہیں محمدؐ کے پروانے ،صوفی ،فقیر ،قلندر۔کیا ان کا کوئی مقام نہیں ۔میں پھر ڈب جھلکے کھانے لگا۔میں نے مسعود قریشی سے بات کی اس نے ایک قہقہہ لگایا، تمسخر بھرا قہقہہ۔

مسعود ایک عجیب وغریب کی شخصیت ہے۔بارہ مسالے قسم کی چیز ہے۔اس میں

مختلف اور متضاد قسم کی خصوصیات ہیں ،مثلاً اس میں عقل بھی ہے ۔جذبہ بھی ہے ۔ایمان بھی ہے ۔کفر بھی ہے ۔ بےفکری بھی ہے ۔وہ مثبت بھی ہے ۔منفی بھی ہے ۔

حیرت کی بات یہ ہے کہ ان تضادات کے باوجود اس کی شخصیت میں ایک ہم آہنگی ہے ۔ہارمنی ہے ۔

مسعود قہقہہ مار کر ہنسا، بولا: ''مفتی تو بڑا کنفیوزڈ آدمی ہے تو سمجھتا ہے کہ اللہ براہ راست لائن ہے نہیں بھائی اللہ تو بہت بڑا جنکشن ہے، کئی ایک راستے وہاں پہنچتے ہیں ۔کئی ایک لائنیں آتی ہیں ۔عقل کی لائن بھی پہنچتی ہے، وجدان کی بھی اور پتہ نہیں کون کون سی لائنیں پہنچتی ہیں ۔''

## قرآن

پھر طفیل صاحب آ گئے، طفیل پڑھا لکھا ہے 'دنیا گھوما ہے ۔دنیا گھوما ہے ۔انڈسٹریلسٹ ہے ۔امیر کبیر ہے ۔غریب مزاج ہے ۔اس پر صرف ایک دھن سوار ہے قرآن پڑھو، قرآن سمجھو، طفیل کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ کسی خاص مسلک کا حامی نہیں کسی خصوصی طریق کار کا مبلغ بھی نہیں ۔کسی رویے کو رد نہیں کرتا ۔کوئی پابندی نہیں لگاتا ۔صرف قرآن کی جانب توجہ مبذول کرتا ہے ۔

کہنے لگا: ''مفتی صاحب کیوں ادھر ادھر مارے مارے پھرتے ہیں ۔تمہارے پاس قرآن جو ہے ۔بس قرآن پڑھو، پھر پڑھو، پھر پڑھو، پھر پڑھو پڑھتے ہی رہو ۔یہ تہہ در تہہ کتاب ہے ۔آہستہ آہستہ بھید کھولتی ہے ۔سہج پکے سو میٹھا ہونے والی بات ہے ۔ایک بار پڑھنے کی چیز نہیں 'بار بار پڑھو ۔آہستہ آہستہ سب بھید کھلتے جائیں گے ۔''

مسعود نے کہا: ''مفتی قرآن کا صرف ترجمہ پڑھنا 'تفسیر نہ پڑھنا ۔تفسیر میں مفسر کے ذاتی رویے کی جھلکیاں آ جاتی ہیں''

عمر نے کہا: ''مودودی صاحب کا ترجمہ پڑھو ۔''

ابدال بیلا کہنے لگا 'مولانا اشرف علی تھانوی کا ترجمہ بہتر رہے گا ۔''

پھر ساجد صاحب تشریف لے آئے ۔ساجد متشرع مسلمان ہیں وضع قطع میں علمائے دین کا رنگ ہے ۔باکردار ہیں' دنیاوی علوم سے خاطر خواہ واقفیت ہونے کی وجہ سے خیالات میں ماڈرن ہیں ۔اسلام کی خدمت کا جذبہ شدت ہے ۔

ساجد صاحب ایک قرآن خرید کر لے آئے اور مجھے تحفہ پیش کر دیا ۔کہنے لگے :''ترجمے کے لحاظ سے یہ قرآن بہترین ہے ۔دوسرے اغلاط سے بھرے ہوئے ہیں ۔'' قرآن کریم کے اختتام پر اعلان تھا کہ دوسرے تراجم یا تو غلط ہیں یا ناقص اور یا نامکمل اور سرسری ہیں ۔یہ اعلان سخت الفاظ میں تھا ۔

اختلافات کو ہوا دینا اور دوسروں پر کڑی نکتہ چینی کرنا اسلامی سپرٹ کے منافی ہے ۔میں پھر تذبذب کا شکار ہو گیا ۔

طفیل نے کہا :''اختلافات کی طرف دھیان نہ دیجئے ۔ہماری قوم کو اختلافات جنریٹ کرنے کی عادت ہے ۔کوئی سا قرآن پڑھیں چاہے کسی کا ترجمہ ہو ۔قرآن آپ کی توجہ اپنی طرف مرکوز کر لے گا ۔یہ بڑی طاقتور کتاب ہے ۔''

قرآن پڑھ کر میں حیران رہ گیا ۔

## دانش کدہ

میرا خیال تھا کہ قرآن حکیم ایک مذہبی کتاب ہے جس میں اللہ کی عظمت کا بیان ہے اور صراط مستقیم کے متعلق ہدایات ہیں ۔

میں نے دیکھا کہ قرآن میں تو اک جہان آباد ہے ۔وہ مذہب پر محدود نہیں ۔وہ تو اک دانش کدہ ہے جس میں ہر موضوع پر بات کی گئی ہے ۔لکھی ہوئی تاریخ سے بہت پہلے کی کہانیاں ہیں ۔اختلافات کے متعلق ہدایات ہیں ۔تخلیق کائنات کے متعلق اشارے ہیں ۔نباتات' حیوانات' جمادات سے متعلق علوم کی باتیں' حکمت کی باتیں' صحت کی باتیں' سورج' چاند' ستارے' زمین' خلا ہر موضوع پر دانش کی باتیں' مختصر یہ کہ جسے میں دریا سمجھتا تھا وہ سمندر نکلا ۔ایک نومسلم انگریز نے قرآن کی عظمت بیان

کرتے ہوئے ایک واقعہ لکھا ہے' لکھتا ہے:

دو دو تھے' ایک تاجر اور دوسرا ملاح۔ تاجر نے ملاح کو قرآن کریم کا انگریزی ترجمہ دکھایا' بولا" اسے پڑھو"

ملاح نے اسی وقت ورق گردانی کی۔ اتفاق سے ایسا صفحہ کھل گیا جس میں سمندری طوفان کا ذکر تھا۔

ملاح اسے پڑھنے لگا۔ پڑھتا رہا۔ پھر بولا" یار یہ جو محمد تھا' کیا وہ ذات کا ملاح تھا؟"

تاجر نے کہا" نہیں ملاح نہیں تھا وہ لقا دق صحرا کا رہنے والا تھا۔"

"تو ضرور اس نے سمندری سفر کیا ہوگا۔"

تاجر بولا" نہیں اس نے کبھی سمندری سفر نہیں کیا تھا۔"

نہیں' میں مانتا۔" ملاح چلایا۔" اس نے اس کتاب میں سمندری طوفان کی ایسی تفصیل لکھی ہے جو صرف وہ شخص لکھ سکتا ہے۔ جس نے سمندری طوفان دیکھا ہو۔ بیتا ہو' کوئی دوسرا نہیں لکھ سکتا ہو۔

تاجر بولا۔ نہیں اس نے کبھی سمندری سفر نہیں کیا تھا۔

"نہیں، میں نہیں مانتا۔" ملاح چلایا۔" اس نے ان کتاب میں سمندری طوفان کی ایسی تفصیل لکھی ہے جو صرف وہ شخص لکھ سکتا ہے جس نے سمندری طوفان دیکھا ہو۔ بیتا ہو، کوئی دوسرا نہیں لکھ سکتا ہو۔"

تاجر نے کہا:

"نہیں اس نے سمندری طوفان کبھی نہیں بیتا تھا۔"

"اگر ایسا ہے۔" ملاح چلایا۔" تو یہ کتاب محمدؐ نے نہیں لکھی۔ یہ یقیناً یہ کتاب الہامی ہے۔" صرف سمندری طوفان کی بات نہیں قرآن میں ہزاروں برس پرانی کہانیاں ایسی تفصیل سے لکھی ہیں جیسے کوئی آنکھوں دیکھی پر کمنٹری کر رہا

ہو۔بادشاہوں کے نام،شہروں کے نام قوموں اوران کے کردار،ان کا کلچر،ان کے مذاہب ہربات تفصیل سے رقم کی ہے۔

جب قرآن اخلاق پر بات کرتا ہے تو ایسے لگتا ہے جیسے یہ کتاب اخلاقیات کی کتاب ہو۔وہ انسانی رشتوں کے جملہ پہلوؤں پر بات کرتا ہے۔ماں باپ سے کیسا سلوک کرنا چاہیئے۔مہمان سے کیسا،دشمن سے کیسا،بادشاہ سے کیسا،بادشاہ کو رعایا سے کیسا لوکررو ارکھنا چاہیئے اور رعایا کو بادشاہ سے کیسا۔ایسا لگتا ہے،جیسے قرآن مسلمانوں سے نہیں بلکہ بنی نوع انسان سے مخاطب ہو۔

ہاں تو قرآن پڑھ کر میں حیران رہ گیا۔

## حیرت انگیز

پھر مجھے یہ شوق چرایا کہ دیکھو دانشوروں کا قرآن کے متعلق کیا خیال ہے،ایسے دانشوروں کا جو اس کے خلاف تعصب نہ رکھتے ہو،جن کا نقطہ نظر جذباتی نہ ہو بلکہ حقیقت پسند ہو۔

میں نے دیکھا کہ آج کے دانش ور اور سائنس دان جنہیں قرآن کا مطالعہ کرنے کا موقع ملا ہے۔حیران ہیں کہ یہ کیسی کتاب ہے۔ایسی کتاب تو کبھی دیکھنے میں نہیں آئی۔

ویسے تو چودہ سال پرانی ہے لیکن اس میں کوئی بات ایسی نہیں جو پرانی محسوس ہو۔کوئی بات ایسی جس کے بارے میں کہا جاسکے کہ یہ بات پرانے زمانوں میں صحیح مانی جاتی تھی۔

اس کتاب کا انداز اور رخ تازہ اور شگفتہ ہے اور وہ آج کی سائنسی معلومات سے ہم آہنگ ہے۔

قرآن کی دوسری حیران کن بات یہ ہے کہ اس کا انداز تحکمانہ نہیں عام طور پر مذہبی کتابیں حکم چلاتی ہیں کہ لوگو یہ کرو،خبردار نہ کرنا،یوں کرو،ووں نہ کرو۔

جو ہم کہہ رہے ہیں اس پر سچے دل سے ایمان لے آؤ۔

خبردار ہم کہہ رہے ہیں اس پر سچے دل سے ایمان لے آؤ۔

خبردار دل میں شک وسبہات نہ لانا، حجت نہ کرنا، ہم جو کہتے ہیں کہ یہ سچ ہے تو پھر سک وسبے کا کیا مطلب، پس تم پر فرض ہے کہ اسے سچ مانو۔

محقق اور سائنس دان اس بات پر متفق ہیں کہ قرآن کا انداز Authoritarian نہیں۔ وہ سوچ بچار، عقل یا فکر سے منع نہیں کرتا۔ قرآن کا بات کرنے کا انداز دوسری مذہبی کتابوں سے سراسر مختلف ہے، مثلاً قرآن کہتا ہے: ''اچھا تو تم اسے سچ مانتے۔ تو پھر تم ہی سوچو کہ سچ کیا ہے۔ اگر تم نہیں جانتے تو ان لوگوں سے مشورہ کرو جو جانتے ہیں۔''

''اگر تم اس کتاب کو سچ نہیں مانتے تو ضرور اس میں غلطیاں ہوں گی، تضادات ہوں گے، یعنی ایسی باتیں جو ایک دوسری کو جھٹلائیں۔ تم اس کتاب میں غلطیاں تلاش کرو۔۔۔۔۔ لیکن تم ایک ایک غلطی بھی تلاش نہیں کرسکو گے۔''

آج کے سائنس دان قرآن کے اس رویے پر حیران ہیں کہ کیونکہ یہ وہ رویہ ہے جو سائنس دانوں نے اپنا رکھا ہے۔

## فالسی فیکیشن ٹسٹ

سائنس دان گیلری ملر کا کہنا ہے کہ قرآن کا رویہ تحقیقی رویہ ہے۔ اسے آج کے سائنس دان Falsification ٹسٹ کہتے ہیں۔

آج اگر کوئی سائنس دان نئی تھیوری پیش کرتا ہے تو دوسرے سائنس دان کہتے ہیں۔ میاں ہمارا وقت ضائع نہ کرو۔ ہاں اگر تمہارے پاس اس تھیوری کا Falsification کا مطلب ہے نئی تھیوری کو غلط ثابت کرنے کا طریقہ۔ قرآن فالسفیکیشن ٹسٹ پیش کرتا ہے۔ قرآن کہتا ہے اس کتاب کو جھوٹا ثابت کرنا چاہتے ہو تو کوئی غلطی ڈھونڈ نکالو یا کوئی دو ایسی باتیں ڈھونڈ نکلو جو ایک دوسری کو جھٹلاتی ہوں۔

چلو قرآن جیسی چار ایک آیتیں ہی لکھ دوا

صاحبو! ہم سمجھتے ہیں کہ حضورؐ کا زمانہ جہالت کا زمانہ تھا۔ان دنوں کے مکے میں بدو رہتے تھے جو غیر مہذب تھے' جاہل تھے' یہ بات غلط ہے۔اس کے برعکس تاریخ شاہد ہے کہ مکے میں قبیلوں کے سردر رہتے تھے۔ان کی حیثیت بالکل ایسی تھی جیسے ہمارے قبائلی علاقوں کے سرداروں کی ہے۔وہ بڑے خوددار تھے' ہوش مند تھے۔بڑے زبان دان تھے' شاعر تھے' شعروسخن کے لدادہ تھے' اس کے باوجود قرآن جیسی آیات لکھ کر قرآن کو جھٹلا نہ سکے۔

قرآن کی زبان اتنی حسین ہے' اس میں اتنا ردھم ہے' اتنی ایلیٹر یشن ہے' ایسا ساؤنڈ افیکٹ ہے ناواقف لوگ بھی سن کر سر دھنتے ہیں۔

## ابولہب اور یہودی

فالسی فیکیشن ٹسٹ کے سلسلے میں گری ملر نے دو بڑی دلچسپ باتیں لکھی ہیں لکھتا ہے

محمدؐ کا ایک چچا تھا۔اس کا نام ابولہب تھا۔

ابولہب کو حضورؐ کو جھٹلانا تھا وہ محمدؐ کا پیچھا کرتا تھا جہاں بھی آپ جاتے وہ پیچھے پیچھے جاتا۔آپ کی ہر بات کو جھٹلاتا۔اگر آپؐ کہتے کہ دن ہے تو وہ کہتا نہیں رات ہے۔قرآن میں ابولہب کا ذکر بھی آیا ہے کہ۔

وہ دوزخ کی آگ میں جلے گا۔دوزخ کی آگ میں جانا اس کا مقدر ہے۔ مطلب یہ کہ وہ کبھی اسلام قبول نہیں کرے گا' کافر ہی رہے گا۔

گیری ملر لکھتا ہے کہ اس آیت کے نازل ہونے کے بعد ابولہب دس سال زندہ رہا۔اس کے لیے قرآن کو جھٹلانا بہت آسان تھا۔وہ مسلمانوں سے کہتا دوستوں میں مسلمان ہونا چاہتا ہوں' مجھے مسلمان بنا لو...... جب وہ مسلمان بنا لیتے تو کہتا' لو بھی تمہارا قرآن جھوٹا ثابت ہو گیا۔اب بولو لیکن ابولہب نے ایسا نہیں کیا حالانکہ اس کی

زندگی کا مقصد ہی یہ تھ کہ وہ قرآن کو جھوٹا ثابت کرے۔حضورؐ کو جھٹلائے۔

گیری ملر ایسی ہی ایک اور مثال دیتا ہے لکھتا ہے:

قوموں کی حیثیت سے انسانی رشتوں کا ذکر کرتے ہوئے قرآن کہتا ہے کہ بحیثیت قوم یہودیوں کی نسبت عیسائی مسلمانوں سے بہتر سلوک روا رکھیں گے۔

لہٰذا یہودیوں کے لیے قرآن کو جھٹلانا بڑا آسان کام تھا۔

یہودی مسلمانوں سے میل جول بڑھاتے۔ان سے ہمدردی کا اظہار کرتے۔ انہیں اپناتے ...... پھر کہتے مسلمانو! تمہارا قرآن غلط ہے چونکہ ہم مسلمانوں سے عیسائیوں کی نسبت بہتر تعلقات کے حامل ہیں لیکن یہودیوں نے ایسا نہیں کیا' اور لگتا ہے کہ مستقبل میں بھی ایسا نہیں کریں گے۔گری ملر نے تو بڑی رواداری سے بات کی ہے' حقیقت یہ ہے کہ یہودیوں کا مسلمانوں سے جو رویہ ہے وہ قرآن کو جھٹلانے کی بجئے اس کے دعوے کو شدت سے تقویت دیتا ہے۔۔قرآن پڑھنیس ے پہلے میں حیران ہوا کرتا تھا کہ یہ کیسی کتاب ہے کہ ہر فرقہ وار اپنے نظریات کے جواز کے لیے قرآن کا حولہ دیتا ہے۔حالانکہ ان کے نظریات مختلف یا متضاد ہوتے ہیں۔

عقل وشعور کو ماننے والے بھی قرآن کا حوالہ دیتے ہویں۔جذبے اور وجدان کو ماننے والے بھی قرآن کا حوالہ دیتے ہیں۔تنگ خیال کٹر مسلمان بھی اپنے مسلک کا جواز قرآن سے اخذ کرتے ہیں۔وسعت قلب کو ماننے والے بھی قرآن کو کوٹ (Quote) کرتے ہیں

پرانی بات ہے' ان دونوں یں سرکاری میڈیا کے ایک محکمے مینکام کرتا تھا۔اوپر سے حکم آتا کہ قرآن سے فلاں بات کے جواز کے لیے آیت تلاش کرو اور حکومت کے فلاں اقدام کے حق میں سکرپٹ لکھ کر اسے نشر کرو۔حکم موصول ہونے پر ہم مولوی صاحب کو بلا بھیجتے جو میڈیا کے سٹاف پر تھے۔مولوی صاحب بغیر کسی تردد کے آیت ڈھونڈ کر مجھے اس کا ترجمہ لکھ دیتے اور میں سکرپٹ لکھ دیتا۔ان دونوں مجھے بھی

احساس نہ ہوا تھا کہ ہم قرآن کو استعمال کر رہے ہیں۔ اور لاجک کے اصولوں کے خلاف ورزی کر رہے ہین Premisis سے نتیجہ نہیں نکالتے بلکہ نتیجہ کے لیے Premsis تلاش کرتے ہیں۔ اسے لاجک میں ''کاوٹ بی فوری دی ہارس'' (Carbefore the hore) کہتے ہیں یعنی الٹی گنگا۔۔۔

پاکستان بننے سے پہلے کی بات ہے۔

پاکستان بننے کے بعد تو اسلام کو استعمال کرنے کا ایک طوفات اٹد آیا۔ امر نے اپنی آمریت کو مستحکم کرنے کے لیے اسلام کے نعرے لگائے۔ سیاستیوں نے اپنے ذاتی مفادات حاصل کرنے کے لیے اسلام کو برتا۔ مذہبی لیڈروں نے اپنی اہمیت قائم کرنے کے لیے اسلامی روپ دھارا۔ مولوی اور علمائے دین تو خیر ہمیشہ سے اپنی اہمیت جتانے کے لیے' اپنی اٹھارٹی چلانے کے لیے اسلام کو استعمال کرتے رہے۔ اورگمان غالب ہے کہ کرتے رہیں گے۔ میں نے اپنے دوست احمد بشیر سے پوچھا: '' یار تو اتنا بڑا اور سینئر صحافی ہے یہ بتا کیا تو نے کبھی اسلام کی خدمت بھی کی ہے۔

اس سلسلے میں تیری کیا Contribution ہے؟''

بولا: میں نے اسلام کی بڑی خدمت کی ہے۔ مسلسل کی ہے اور کر رہا ہوں!''

وہ کیسے؟'' میں نے پوچھا۔

بولا: ''اسلام پر میرا بہت بڑا احسان ہے کہ میں نے کبھی اسلام کو استعمال نہیں کیا۔ اپنے ذاتی مفاد کے لیے نہ اپنی تحریر کو تقویت دینے کے لیے۔ اس سے بڑی خدمت کیا ہو سکتی ہیم''۔ ''بے شک!'' میں نے جواب دیا۔ ''یہ بہت بڑی خدمت ہے''

صاحبو اب تو اسلام کو استعمال کرنے کی رسم اس قدر عام ہو چکی ہے کہ ہمیں احساس ہی نہیں رہا کہیہ ایک قبیح فعل ہے۔ بالکل ایسے جیسے رشوت لینا عام ہو چکا ہے اور ہم نے اسے Legalise کرلیا ہے۔ سیاسی پارٹیاں کھلم کھلا اسلام کے نام ک استعمال کر رہی ہیں۔ گزشتہ 46 سال میں کسی اسلامی پارٹی نے کسی الیکشن میں قابل

ذکر کامیابی حاصل نہیں کی۔ الٹا ان کے رویے نے پڑھے لکھے لوگوں کے دلوں پر نفاذ اسلام کی دہشت طاری کر رکھی ہے۔ کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ جب ٹی وی کا کیمرا ارکان اسمبلی کو pan کرتا ہے تو چلتے چلتے دفعتہً ایک کونے میں کیغیر از معمول منظر سامنے آ جاتا ہے۔ کچھ ایسے لوگ نظر آتے ہیں جن کے لباس' انداز' طور طریقے بالکل مختلف ہوتے ہیں...... ناظر کو ایک دھچکا سا لگتا ہے۔ اسمبلی میں یہ aliens کہاں سے آ گئے۔ مجھے حیرت ہے کہ وہ لوگ اسمبلی میں کس امید پر بیٹھے ہیں' پھر یہ بھی ہے کہ جس جمہوریت کی یہ خدمت کر رہے ہیں اس کا رنگ غیر اسلامی ہے۔

## ذاتی معاملہ

آجکل اخباروں میں مدیر کے نام خطوط کے کام میں ایسے خطوط شائع ہو رہے ہیں جن کا عنوان کچھ اس قسم کا ہوتا ہے "میں نے اسلامی پارٹیوں کو ووٹ کیوں نہ دیا' کیوں نہ دوں گا؟"۔ مثال کے طور پر ایک انگریزی روزنامے میں ایسی ہی نوعیت کا خط ۲۷ دسمبر کو شائع ہوا تھا جس کا لب لباب میں اپنے لفظوں میں شائع کرتا ہوں۔

"از راہ کرم اپنے اخبار میں اشاعت کر کے قارئین کرام کو بتا دیجئے کہ میں نے مذہبی پارٹوں کو ووٹ دینے سے کیوں انکار کیا۔ انکار اس لیے کیا کہ انہوں نے اسلام کو الیکشن "ایشو" بنا رکھا ہے۔ اس طرح انہوں نے اسلام کو ایک بحث طلب مسئلہ بنا دیا ہے۔

"مسئلہ اسے تسلیم نہیں کرتا۔ اسلام نہ تو الیکشن "ایشو" ہے اور نہ بحث طلب مسئلہ۔ میرے نزدیک اسلام ایک ضابطہ حیات ہے۔" ہمارے ہاں بہت سے مذہبی فرقے ہیں...... سنی' شیعہ' دیوبندی' بریلوی' ہر پارٹی کا اسلام کے متعلق مختلف نظریہ ہے۔ میرے نزدیک اسلام میں اختلاف نہیں۔ اسلام ایک ہے۔ فرد اور اللہ کے درمیان تعلق۔

"ہر مسلمان کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنے نظریے کے مطابق اسلام جئے۔ بشرطیکہ

وہ اپنا نظریہ دوسروں پر نہ ٹھونسے۔ اسے حق حاصل ہے کہ اپنے خیالات ے مطابق فرائض ادا کرنے اور اپنی مرضی کے مطابق کوئی سافقہ مان لے۔ کسی مولوی یا دینی عالم کو یہ حق حاصل نہیں ہ اس میں دخل دے...... انہوں نے مجھے بتایا کہ اگر کوئی مسلمان ہاتھ یا پاؤں کو کاٹنے یا سنگسار کرنے کے اصول کو مان لے تو وہ بہتر مسلمان بن جاتا ہے۔ میں اس سے کہتا ہوں کہ میں اسے لیے مسلمان ہوں کہ میرے دل میں حضورؐ اعلیٰ اور اللہ کی محبت گامزن ہے۔ اس لیے نہیں کہ میں دوزخ کے عذاب سے خوف زدہ ہوں۔ میرے اسلام کی بنیاد محبت ہے خوف نہیں۔ اگر مولوی لوگ اپنے اسلام کی بنیاد خوف پر رکھنا چاہتے ہیں بے شک رکھیں۔...... (غلام کبریا۔ کراچی)

یہ خوش فہمی کہ مذہب ذاتی معاملہ ہے مذہب سے فرار کے لیے پیدا کی گئی ہے۔ میں بھی ایک زمانے میں یہی سمجھا کرتا تھا کہ مذہب ذاتی معاملہ ہے۔ مجھے یہ خیال کبھی نہیں آیا تھا کہ کہ اسلام اگر ذاتی معاملہ ہے تو پھر اسلام ایک کیسے ہو سکتا ہے؟ پھر تو ہر فرد کا اپنا اسلام ہو۔۔ دراصل ایسے چمکیلے خیالات مغرب سے اتے ہیں اور ہمارے نوجوانوں کی آنکھوں کو خرہ کر دیتے ہیں۔

## شک کرو

سب سے پہلے مغربی خیال جس نے میری آنکھوں کو خیرہ کیا رسل کا Soepticism تھا کہ ہر بات میں شک رو۔ اس خیال نے میری ساری جوانی کو دھندلائے رکھا۔

حالانکہ حقیقت سامنے دھری تھی لیکن یہ بات مجھے نظر نہ آئی کہ یہ تو ایک منفی اصول ہے اور منفی اصول زندگی میں روانی پیدا نہیں کر سکتے۔ شاید تحقیق کرنے والوں کے لیے شک کرنے کا اصول کارآمد ہو۔ عام آدمی کے لیے تو ایک دوسرے کی بات مان لینا بھروسہ کرنا اہم ہے کیونکہ انسان مجلسی مخلوق ہے۔ ہر فرد کی زندگی میں بیشتر باتیں ایسی ہوتی ہیں جنہیں جانے مانے بغیر بات نہیں بنتی۔

عرصہ دراز تک میں رسل کے اس چمکیلے خیال کو سینے سے لگائے بیٹھا رہا۔پھر مجھے پتہ چلا کہ زندگی بسر کرنے کے لیے شک نہیں بلکہ ایمان کی ضرورت ہے۔اپنی انگلی جلائے بغیر ماننا پڑتا ہے کہ آگ جلاتی ہے۔آئن سٹائن کی تھوری کو پرکھے بغیر ماننا پڑتا ہے کہ ہر ذرے میں ایک سولر سسٹم موجود ہے۔ہم سب تحقیق کے بغیر مانتے ہیں کہ فلاں شخص ہمارا باپ ہے۔صاحبو! مان لینے میں بڑا سکھ ہے۔

## ڈاکٹر ابدال بیلا

ڈاکٹر ابدال بیلا سے ایک روز میں نے پوچھا ''ڈاکٹر یہ بتلا، کیا تم نے پورے طور پر جان لیا ہے کہ انسانی جسم کس طرح کام کرتا ہے''

ڈاکٹر ابدال بیلا میرا دوست ہے۔وہ ایم بی ایس ڈاکٹر ہے، ساتھ ہی افسانہ نویس بھی ہے۔ڈاکٹر کے حوالے سے وہ سختی سے حقیقت پسند ہے۔رائٹر کے حوالے سے وہ خوب دیکھتا ہے۔دیکھنے میں خالص جسمی ہے-----اونچا لمبا، پٹھے ہی پٹھے، مونچھ مونچھ، باہر جسم ہی جسم ہے، اندر سوچیں ہی سوچیں، اندر باہر کو جھٹلاتا ہے، باہر اندر کو۔خیال میں ماڈرن ہی ماڈرن، جذبات میں ٹریڈیشن ہی ٹریڈیشن۔

ایک طرفہ تماشا۔

میں نے پوچھا: ''بتاؤ ڈاکٹر! کیا تم ورکنگ آف دی ہیومن باڈی کو پورے طور پر سمجھتے ہو''

اس نے سرنفی میں ہلا دیا۔بولا: ''بالکل نہیں''

میں نے کہا: ''کیا تم ڈاکٹر جانتے ہیں کہ وہ نہیں جانتے۔''

وہ قہقہہ مار کر ہنسا۔

میں نے کہا: ''بیلا سیانے کہتے ہیں کہ جاننے کے حوالے سے دنیا میں چار قسم کے لوگ ہیں۔

وہ جانتے ہیں اور جانتے ہیں کہ وہ جانتے ہیں۔

دوسرے وہ جو جانتے ہیں اور نہیں جانتے کہ وہ جانتے ہیں۔

تیسرے وہ جو نہیں جانتے اور جانتے ہیں کہ نہیں جانتے۔

چوتھے وہ جو نہیں جانتے اور نہیں جانتے کہ وہ نہیں جانتے۔''

''مجھے نہیں معلوم!'' وہ بولا۔ ''میں تو صرف ایک بات جانتا ہوں کہ اگر میں صاحب اختیار ہوتا تو حکم دیتا کہ میڈیکل کتابوں کے ہر لحاظ کے اوپر جلی حروف میں لکھ دو کہ ابھی ہم ہیومن باڈی کے اسرار و موز کو پورے طور پر نہیں سمجھتے اور ہر ڈاکٹر پر عائد کر دیتا کہ وہ اپنے کمرے میں یہ جملہ جلی حروف میں لکھ کر دیوار پر ٹانگ دے، تا کہ یہ حقیقت ہر وقت اس کے ذہن میں رہے۔''

میں نے کہا: ''اچھا یہ بتاؤ کہ اگر تم جس کے اسرار و موز سے واقف نہیں ہو تو علاج معالجہ کیسے کرتے ہو؟''

کہنے لگا: ''اندازے لگاتے ہیں۔ پرانے حکیم بھی اندازے لگایا کرتے تھے۔''

میں نے کہا: ''تمہارے اور ان کے اندازوں میں بڑا فرق ہے۔''

بولا: '' کیسے؟''

## انٹیوشن

میں نے کہا: ''ان کے اندازے Intution کے زور پر ہوتے تھے، تمہارا اندازے مشینی ٹسٹوں کے زور پر ہوتے ہیں۔''

صاحبو! ہم نے اس حقیقت کو آج تک نہیں مانا کہ جتنا علم، جتنی دانش، آج ہمارے پاس ہے، سب Intution سے آئے ہیں۔ انٹیوشن کیا ہے؟ علم و دانش کا قطرہ قطرہ جو اللہ میاں انسانی ذہن میں ٹپکاتا رہتا ہے۔ سیانے کہتے ہیں تمام ڈسکوری (Discovery) تمام انونشن (Invention) کی پشت پر انٹیوشن کارفرما ہے۔ سب سے پہلے انکشافات شاعروں کے ذریعے اتارے جاتے ہیں، پھر محققوں کو عطا کیے جاتے ہیں۔ انٹیوشن درحقیقت وحی ہے۔ قطرہ قطرہ ہو تو انٹیوشن

۔۔۔۔۔دھارا ہوا تو وحی ۔ترسیل ان ڈائرکٹ (Indirect) ہو تو انٹیوشن

۔۔۔۔۔ڈائرکٹ ہو تو وحی ۔۔۔۔۔سمدر ہو تو قرآن حکیم ۔۔۔۔۔

کہتے ہیں پرانے زمانے میں ایک قبلہ سمندر سے بہت فاصلے پر آباد تھا۔انہوں نے کبھی سمندر نہیں دیکھا تھا۔یہ لوگ پانی کو ''آٹاؤ'' کہتے تھے۔اس قبیلے کا ایک شخص سفر پر گیا رواتفاقاً سمندر دیکھ آیا۔واپس آکر اس نے اپنے قبیلے والوں کو سمندر سمجھانے کی کوشش کی۔بولا: ''آٹاؤ۔آؤ آؤ آؤ آؤ آؤ۔۔۔۔۔یعنی پانی ہی پانی پانی ہی پانی،پانی ہی پانی ۔ایسے ہی قرآن،علم و دانش کا ایک سمندر ہے۔قرآن حکیم منفی اصولوں کا پرچار نہیں کرتا۔یہ نہیں کہتا کہ شک کرو بلکہ کہتا ہے کہ دیکھو،غور سے دیکھو ،سمجھنے کی کوشش کرو،پھر کوشش کرو،پھر کوشش کرو،پھر کوشش کرو۔بات سمجھ میں نہ آئے تو ان لوگوں سے پوچھو جو جانتے ہیں۔پھر بھی سمجھ میں نہ آئے تو کوئی رائے قائم نہ کرو،نہ مانو،نہ رد کرو یعنی Openion Suspen کردو۔

آج سے چودہ سو سال پہلے قرآن نے کہہ دیا تھا کہ ''زندگی'' کی ابتدا پانی سے ہوئی۔اس پر دانشوروں نے کہا: ''یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ اندگی پانی سے بنی ہ؟'' انہوں نے اس بات کو مذاق میں اڑا دیا۔''

پھر بارسو سال کے بعد کسی محقق نے خوردبین ایجاد کردی۔خردبین کی ایجاد کے بعد پانی میں جھانکنا ممکن ہوگیا۔پھر جو پانی میں جھانکا تو سائنس دان یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ پانی کے جرثوموں سے بھرا پڑا ہے۔

## آوارہ علم

دراصل سارا جھگڑا سائنس کے بارے میں ہماری خوش فہمی نے پھیلا رکھا ہے ۔ہم سمجھنے لگے ہیں کہ سائنس ایک مکمل علم ۔۔۔۔۔دراصل آج کی سائنس اللہ کی حکمتوں کے سمجھنے کی ایک نارمل آوارہ کوشش ہے،جس کی کوئی منزل نہیں ۔سائنسی تحقیق کی ابتدا مسلمانوں نے کی۔یہ اس زمانے کی بات ہے جب یورپ زمانہ جہالت کے

دور سے گزر رہا تھا۔ مسلمانوں نے کی۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب یورپ زمانہ جہالت کے دور سے گزر رہا تھا۔ مسلمانوں کی سائنسی تحقیق کی پشت پر کائنات کا خالق تھا۔ کائنات ایک کنفیوزڈ (Confused) پھیلاؤ نہیں تھا۔ کائنات کا ایک مقصد تھا، ایک نظم تھا، ایک منصوبہ بندی تھی۔ ایک منزل تھی۔ مسلمان سائنس دانوں کی تحریروں میں قرآن کریم کے حوالے ملتے ہیں۔ پھر بدقسمتی سے مسلمانوں کی توجہ کائنات فکر سے ہٹ کر دینی مشاغل تک محدود ہوگئی۔

یوں سائنسی تحقیق یورپین محققوں کے ہاتھوں میں چلی گئی۔ یورپی محققوں میں خلوص ہے، صلاحیت ہے، Devotion ہے، سبھی کچھ ہے، صرف ایک کمی ہے، وہ کائنات کو تخلیق کار کے حوالے سے نہیں دیکھتے، صرف تخلیق کے حوالے سے دیکھتے ہیں۔ خالق کے حوالے سے نہ دیکھو تو کائنات ایک جنگل بن جاتی ہے۔ اس میں مقصد رہتا ہے نہ منزل، منصوبہ بندی نہ نظام، اس لیے تحقیق آوارہ ہو جاتی ہے۔

## نیوٹن اور سیب

نیوٹن نے سیب کو گرتے ہوئے دیکھا اور کشش ثقل کا بھید پالیا۔ اس نے سیب کے گرنے کے عمل کو دیکھا، سیب کو نہ دیکھا، سیب کو دیکھا، تو دیکھا کہ اتنے چھوٹے سے بیج میں کیا کیا رکھ دیا گیا ہے؟ ایک درخت، تنا، شاخیں، پتے، پھل۔

سیب کو دیکھتا۔۔۔۔۔تو دیکھتا کہ درخت پر پھل جب تک کچا ہوتا ہے، سبز رنگ کا ہوتا ہے، سبز پتوں میں چھپا رہتا ہے۔ جب پک جاتا ہے (کھانے کے قابل ہو جاتا ہے) تو رنگ بدل جاتا ہے۔ لال ہو جاتا ہے، تاکہ نظر آئے۔ پھر وہ ہر راہ گیر کی توجہ اپنی جانب مبذول کراتا ہے۔ آؤ مجھے توڑو، کھاؤ۔ میری غایت کھائے جانا ہے۔ میں انسان کی خوراک بننے کے لیے پیدا کیا گیا ہوں۔

قرآن کہتا ہے کہ لوگو ہم نے یہ تمام قوتیں۔۔۔۔۔نعمتیں تمہارے لیے بکھیر رکھی ہیں تاکہ تم انہیں مسخر کرو اور اپنے استعمال میں لاؤ۔ یہ کائنات تمہارے لیے ہے۔ تم

اشرف المخلوقات ہو۔ سبحان اللہ! اللہ نے انسان کو کیا مقام دے رکھا ہے۔

کبھی کسی راہبر نے ہمیں آواز دے کر نہیں کہا کہ لوگو ہوش کرو، کیا کر رہے ہو؟ اس شرف کا خیال کرو جو اللہ نے تمہیں دے رکھا ہے۔ صاحبو! مجھ سے تو جو راہبر ملتا ہے یہی ہے کہ تم غلیظ ہو، گنہگار ہو، ناپاک ہو۔

سال میں ایک مرتبہ محلے کی مسجد سے چند بزرگ صورت اصحاب تشریف لاتے ہیں۔ وہ میرے گھر کا دروازہ بجاتے ہیں۔ میں باہر آتا ہوں تو کہتے ہیں: ''بھائی صاحب! آپ نماز پڑھا کریں۔''

''بہت بہتر جناب۔'' میں جواب دیتا ہو۔ ''آپ بجا فرماتے ہیں لیکن میں بھی آپ کی خدمت میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں۔''

وہ پوچھتے ہیں: ''جی فرمائیے!''

میں کہتا ہوں: ''عالی جاہ نماز کی فرضیت بسرو چشم لیکن کبھی آکر یہ بھی کہیے کہ پڑوسی سے اچھے تعلقات قائم کیجئے، محلے والوں کی خدمت کیجئے، کبھی کہیے کہ بانٹ کر کھائیے۔ بانٹ کے کھانے سے چیز حلال ہو جاتی ہیں۔ عالی جاہ! کبھی کسی ڈاڑھی والے کا دروازہ کھٹکھٹا کر پوچھیے جناب آپ نے جو داڑھی رکھی ہے، کیا آپ اس کی لاج پال رہے ہیں؟ آپ نے دکان کو مال سے بھر لیا ہے یا خالی دکان پر بورڈ لگا رکھا ہے؟''

## علمائے دین

صاحبو! میں علمائے دین کی عزت کرتا ہوں۔ میں انہیں عالی مرتبت سمجھتا ہوں۔ چونکہ وہ ہمارے راہبر ہیں اس لیے ان پر بھاری ذمے داری عاید ہوتی ہے۔ مجھے ان سے شکایت ہے۔ شکایت انہی سے کی جاتی ہے جو بڑے ہوں، صاحب اقتدار ہوں، جن سے ہم نے امیدیں استوار کر رکھی ہوں۔

مجھے ان سے شکایت ہے کہ انہوں نے آج تک سنجیدگی سے نہیں سوچا کہ ان کی

تبلیغ کا کیا رخ ہونا چاہیے؟ انہوں نے آج تک سنجیدگی سے نہیں سوچا کہ ان کی تبلیغ کا کیا رخ ہونا چاہیے؟ انہوں نے دورِ ماضی کو سنجیدگی سے سمجھنے کی کوشش نہیں کی۔ وہ سمجھتے ہیں کہ دورِ حاضرہ راستے سے بھٹکا ہوا دور ہے، ملحد ہے، راندۂ درگاہ، اس لیے لائق توجہ نہیں حالانکہ یہی وہ مقام ہے جہاں تبلیغ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کبھی سوچا کہ کس انداز سے بات کی جائے کہ دورِ حاضرہ پر اثر رکھے۔ انہوں نے کبھی نہیں جانا کہ ان کا مقابلہ میڈیا سے ہے، ڈش انٹینا سے ہے۔ آوارہ بے مقصد، بے منزل سائنس سے ہے۔

میرے دوست اشفاق احمد کا کہنا ہے:

''مولوی قابل احترام ہیں اس لیے کہ انہوں نے اسلام کی بڑی خدمت کی ہے۔ سالہا سال سے وہ مسجدوں کو آباد کیے ہوئے ہیں۔ سالہا سال سے وہ بروقت اذان دے کر مسلمانوں کو یاد دلاتے رہتے ہیں کہ آؤ اللہ کے حضور سربسجود ہونے کا وقت ہے۔''

اشفاق احمد کا کہنا ہے کہ مولویوں نے اسلام کو زندہ رکھا ہے۔

اشفاق احمد کی بات ایک حد تک درست ہے۔

اسلام کے دو پہلو ہیں۔ ایک فارم' دوسرے سپرٹ۔ بے شک مولویوں نے اسلام کی فارم کی خدمت کی ہے' وہ بھی صرف نماز کی حد تک۔ انہوں نے اسلام کو نماز تک محدود کر دیا ہے۔ آج اسلام کا مبلغ صرف نماز کی تلقین کرتا ہے۔ اس نے اسلامی کردار کو بالکل پس پشت ڈال دیا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ آج اسلام صرف فارم تک محدود ہو کر رہ گیا۔ نماز پڑھو' پاجامہ ٹخنوں تک نہ پہنچے۔ آج سنت صرف جسمانی حد تک محدود ہو کر رہ گئی ہے یا کہتے ہیں کمرے میں داخل ہوتے وقت خیال رکھو کہ دایاں پاؤں اندر دھرنا ہے۔ دائیں ہاتھ سے پانی پیو۔ بلبلیں کاٹو۔ کوئی نہیں کہتا کہ سچ بولو' سنت ہے۔ بانٹ کر کھاؤ' سنت ہے۔ لوگوں کے حقوق ادا کرو' سنت ہے۔

مولوی نے خدمت کے نقطہ نظر سے مسجد کو آباد نہیں رکھا بلکہ اپنی امامت قائم کرنے کے لیے آباد رکھا ہے۔مولوی نے نماز کا پرچار اس لیے کیا کہ نماز کے پرچار سے مولوی کی ذاتی اہمیت وابستہ ہے۔مولوی آج بھی دیہات پر حکومت کر رہے ہیں۔

مولوی نے اسلام کو زندہ نہیں رکھا بلکہ اس سمندر کو چو بچہ بنا دیا ہے۔اسلام کو زندہ صوفیوں نے رکھا' اولیائے کرام نے رکھا' خود اس نے رکھا جس نے قرآن کی حفاظت کا ذمہ اٹھایا۔

حکم، مصلحت

مبلغ کہتے ہیں' نماز قائم کر لو تو کردار خود بخود قائم ہو جاتا ہے۔ممکن ہے کچھ نمازیوں میں ہو جاتا ہو۔بیشتر نمازی محروم رہتے ہیں۔ہمارے مبلغ کہتے ہیں کہ نماز کا اس لیے حکم دیا گیا ہے۔کہ وہ ہمیں برائیوں بچاتی ہے' حفظان صحت ہے۔میری دانست میں اللہ کے حکم کو Rationalise کرنا' اس میں مصلحتیں تلاش کرنا' حکم کے لفظ کی توہین کے مترادف ہے۔نماز قائم کرو' اس لیے کہ اللہ کا حکم ہے۔بس' اس کے بعد بات کرنے کی گنجائش بھی ہو۔

قدرت اللہ شہاب کی بیگم ڈاکٹر عفت لندن کے ایک ہوٹل میں بیٹھی تھیں۔اسی ٹیبل پر ایک فوجی افسر وردی پہنے بیٹھا تھا۔فوجی افسر نے ڈاکٹر عفت سے پوچھا: '' لیڈی! آپ مسلمان ہیں''

''الحمدللہ!'' ڈاکٹر عفت نے کہا۔

فوجی بولا: کیا میں آپ سے ایک بات پوچھ سکتا ہوں؟''

''پوچھئے!'' ڈاکٹر عفت نے کہا۔''

فوجی بولا: ''آپ سور کا گوشت کیوں نہیں کھاتے؟''

عفت نے کہا: میرے اللہ کا حکم ہے کہ مت کھاؤ اس لیے نہیں کھاتی۔''

فوجی بولا: ''اس حکم کے پیچھے کیا دلیل ہے؟''

عفت نے کہا: ''آپ فوجی ہو کر حکم کے مفہوم کو نہیں جانتے' حکم کی عظمت کو نہیں جانتے۔ حکم' دلیل اور مصلحت سے بے نیاز ہوتا ہے۔

# باب ۵

## آٹے میں پانی دودھ میں سفیدی

### نفاذ اسلام

اس روز میرے ایک پڑھے لکھے بزرگ' جو ملازمت سے ریٹائر ہونے کے بعد گاؤں میں رہائش پذیر تھے' مجھ سے ملنے کے لیے آئے ہوئے تھے۔ برسبیل تذکرہ اسلام کی بات چل پڑی۔ میں نے کہا: ''چچا جان ایک بات میری سمجھ میں نہیں آئی''

بولے: ''کیا؟''

میں نے کہا: ''ہم نے پاکستان اس لی بنایا تھا کہ ہم یہاں اسلام نافذ کریں گے اور اسلامی روایات کے مطابق زندگی بسر کریں گے۔ ہے نا؟''

''بالکل۔'' وہ بولے۔

''یہاں ہر شخص اس بات کا خواہش مند ہے اور ہر سیاسی پارٹی چاہتی ہے کہ اسلام نافذ ہو۔ آج پاکستان کو بنے چھیالیس سال ہو چکے ہیں۔ لیکن ابھی تک ہم اسلام نافذ کرنے میں کامیاب نہیں ہوئے۔ کتنی حیرت کی بات ہے۔ آخر کیوں؟ بات سمجھ میں نہیں آتی۔''

چچا بولے: ''بھئی جس علاقے میں' میں رہتا ہوں وہاں تو اسلام نافذ ہے۔''

''کیا کہا؟'' میں نے حیرت سے چلا کر پوچھا۔

بولے: ''بالکل ٹھیک کہہ رہا ہوں۔''

''آپ مذاق تو نہیں کر رہے؟'' میں نے کہا۔

''بالکل نہیں۔'' وہ بولے۔

''لیکن کیسے؟''

بولے: ''مثلاً ہمارے گاؤں میں چار عورتیں بیٹھی کام کر رہی ہیں۔ پاس ایک بچہ کھیل رہا ہے بچے ٹھوکر لگتی ہے' وہ گرنے لگتا ہے۔ تو چاروں عورتوں کے منہ سے ان جانے میں نکلتا ہے' بسم اللہ! حالانکہ بچے کے گرنے کو اللہ کے نام سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

''مثلاً چار آدمی بیٹھے ہیں۔ کوئی شخص ایک خوبصورت چیز لا کر انہیں دکھاتا ہے تو ان جانے میں سب چلا کر کہتے ہیں' سبحان اللہ!

''کوئی شخص چیز کی تعریف نہیں کرتا' چیز بننے والے کی تعریف نہیں کرتا' سب اللہ کی تعریف کرتے ہیں۔ کوئی پوچھے کہ بھئی اللہ کہاں سے آ گیا؟ اللہ کا کیا مطلب ہے؟ لیکن اللہ آ جاتا ہے۔ لوگوں کے دلوں کے اندر والے خانے سے ''پڑپ'' کر کے باہر نکل آتا ہے۔'' بچے کو چپ کرانا ہو تو ''اللہ ہو'' کا ورد کرتے ہیں۔ بچے کو رونے سے چپ کرانے کے لیے اللہ کو بلانے کا کیا مطلب؟ لیکن آ جاتا ہے۔ ماشاء اللہ! انشاء اللہ! لا حول ولا! اللہ کرے! خدانخواستہ!'' چچا ہنسے۔ ''لوگوں کے دلوں میں اللہ اس طرح سمایا ہوا ہے جیسے کندھے آٹے میں پانی۔''

''اور جانتے ہو؟'' وہ بولے۔ ''یہ سب کس نے کیا ہے؟ صوفیون نے انہوں نے ہمارے Unconscious...... کیا کہتے ہو تم اسے؟ چچا نے پوچھا۔

''لاشعور۔'' میں نے جواب دیا۔

جانے' ان جانے

''صوفیوں نے ہمارے لاشعور کے پنجر میں اللہ میاں مٹھو بند کر دیا ہے۔ ہم ان جانے میں اللہ کی تعریفیں کرتے رہت ہیں' ان جانے میں اللہ کے حضور دعائیں مانگتے رہتے ہیں' ان جانے میں اپنی امیدیں اس پر استوار کیے بیٹھے ہیں۔''

چچا رک گئے کچھ دیر تک خاموش بیٹھے رہے پھر بولے: ''صرف لاشعوری ہی نہیں۔ شعوری طور پر بھی اللہ ہمارے ذہن سے نکلتا۔ کسان صبح اٹھ کر جب آسمان کی

طرف دیکھتا ہے تو وہ آسمان کو نہیں دیکھتا اسے احساس ہوتا ہے کہ آسمان کے پیچھے اللہ بیٹھا ہوا ہے۔ وہ بادلوں کی طرف نہیں دیکھتا' اسے احساس ہے کہ اللہ بادل لاتا ہے' اللہ مینہ برستا ہے' الہل ہوا چلاتا ہے۔ ہا اللہ کے حوالے کے بغیر کچھ نہیں دیکھتا۔ موسم بذات خود اس کے لیے کوئی مفہوم نہیں رکھتا۔ بدبختی' خوش بختی' خوشی' غمی' رزق سب کے پیچھے اللہ موجود ہوتا ہے۔''

کچھ دیر کے لیے وہ رک گئے' پھر بولے:

''اب تم ہی بتاؤ کہ اس کے علاوہ اسلام کا نفاذ کیا ہو گا؟''

میں نے کبھی اس زاویہ نظر سے نہیں سوچا تھا۔ میں نے چچا سے پوچھا تو وہ بولے:

''تم سمجھتے ہو اسلام قانون سے آتا ہے۔ لاشعور سے آتا ہے۔''

''لیکن یہ جو سیاسی ہیرا پھیریاں ہیں' مفاد پرستیاں ہیں' شر ہے' اور......'' چھلک کر اس کے اوپر مکھن آ گیا ہے۔ طمع اور حرص کی وجہ سے یہ مکھن زہریلا ہو گیا ہے۔ اس زہریلے مکھن کو اتار پھینکو گے تو نیچے خیر کا خالص دودھ ہی دودھ ہے۔''

جہاں بیٹھ گئے بیٹھ گئے

چچا کی بات پر سوچتا ہوں تو مجھے حیرت ہوتی ہے کہ اس زاویےم سے میں نے کیوں نہ سوچا؟ بات تو سامنے دھری تھی۔ پھر میری توجہ ادھر منعطف کیوں نہ ہوئی ہم ہمارے تمام رسم ورواج' طرو طریقوں' رہن سہن میں اللہ گھسا بیٹھا ہے۔

بچہ پیدا ہوتا ہے تو بسم اللہ کہہ کر اسے ''گڑھتی'' چٹاتے ہیں'' پھر اس کے کان میں اذان دیتے ہیں۔ صاحبو! یہ اذان' جو ظاہری طور پر ایک معصوم سا بلاوا ہے کہ'' آؤ اللہ کے حضور سربسجود ہو جائیں۔ بڑی پر اثر چیز ہے۔ کانوں سے دل میں جا بیٹھتی ہے ۔ ہمارے اندر کو انڈے کی طرح پھینٹ کر رکھ دیتی ہے جبھی تو غیر مسلموں کی نظر میں بڑی خطرناک چیز ہے۔ سکھوں کو حکم ہے کہ اذان سے کیوں خائف ہیں۔؟ بولے:'' پتہ نہیں کیوں؟ لیکن اذان کی آواز سنائی نہ دے۔

یہاں اسلام آباد میں کچھ سفارت خانے ایسے ہیں جہاں اذان سننے کی ممانعت ہے۔ایک سفیر صاحب سے پوچھا گیا کہ آپ اذان سے کیوں خائف ہیں۔؟بولے:

''پتہ نہیں کیوں لیکن اذان کی آوزسن کر مجھ پر وحشت سی طاری ہو جاتی ہے۔''

تاریخ شاہد ہے کہ کئی ایک غیر مسلم بادشاہوں نے اذان پر پابندی لگا رکھی تھی۔یہ تو خیر جملہ معترضہ تھا۔بہرصورت یہ ایک حقیقت ہے کہ ہمارے تمام رسم و رواج میں اللہ یوں رچا بسا ہے۔جیسے دودھ میں سفیدی۔اور صاحبو!ایک بات کہہ دوں آپ سے'اسے پلے باندھ لیجئے کہ اللہ کی ایک خصلت یہ بھی ہے کہ جہاں بیٹھ گئے بیٹھ گئے۔پھر آپ ہزار کوشش کر دیکھیں وہاں سے نکلیں گے نہیں۔

## باپ یا ماں

دراصل سارا قصور ہمارے راہبروں کا ہے۔انہوں نے اللہ کے متعلق یہ غلط فہمی پھیلا رکھی ہے کہ اللہ ایک Father head ہے اس خیال کو پھیلانے میں عیسائیون کا بھی حصہ ہے۔ممکن ہے اس خیال کی ابتدا ہی عیسائیت نے کی ہو۔

بہرصورت یہ ایک غلط فہمی ہے۔حقیقت یہ ہے کہ اللہ ہماری ماں ہے۔اسے اپنی تخلیق سے اتنی ہی محبت ہے جتنی ماں کو اپنے بچوں سے ہوتی ہے۔

قرآن حکیم میں جگہ جگہ لوگوں کو ڈرایا گیا ہے۔بار بار کہا گیا ہے ہم تے لوگوں کو ڈرانے لوالے بھیجے۔

مائیں بھی تو اپنے بچوں کو ڈرایا کرتی ہیں۔اکثر سرزنش بھی کرتی ہیں۔لیکن ماں کی سرزنش میں تشدد نہیں ہوتا' بے رحمی نہیں ہوتی' انتقام نہیں ہوتا' بلکہ بسا اوقات غصہ بھی دکھاوے کا ہوتا ہے' اصلی نہیں ہوتا۔

ہمارے علمائے دین نے قرآن حکیم کی اس ڈرانے والی تفصیل اور سرزنش کی دھمکی کی اس قدر اہمیت دے رکھی ہے کہ لگتا ہے جیسے اللہ تعالٰی قصائی ہو۔ایک شاعر نے اللہ تعالٰی کے اپنی مخلوض حصوصاً انسان کے متعلق جذبات کے بارے میں

کیا خوبصورت شعر کہا ہے۔ کہتے ہیں۔

نگین تر از حناست بہار و خزاں ما

بر دست خویش بوسہ زند باغبان ما

کہتے ہیں' انسان کی بہار اور خزاں اتنی رنگین ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی اس مخلوق کو دیکھ کر خوشی سے پھولے نہیں تماتا کہ یہ میں نے کیا چیز بنادی ہے۔

## سی اور لک

صرف انسان ہی پر محدود نہیں' یہ بات تمام مخلوقات پر عائد ہوتی ہے۔ اس دنیا کی ہر چی اس قدر خوبصورت ہے۔ گل' بوٹے' پتے' کانٹے' ایک ایک زرہ حکمت اور حسن سے بھرا ہوا ہے۔ پتہ نہیں وہ کون عالم تھا جس نے کہا تھا کہ اگر میں خدا ہوتا تو بالکل ایسی ہی دنیا بناتا' اس لیے کہ اس سے بہتر دنیا بن ہی نہیں سکتی۔

ایک عالمی شہرت کے آرٹسٹ نے کہا تھا: ''لوگو شکر کرو کہ مانوسیت کے پردے کی وجہ سے ہمیں اس دنیا کا حسن نظر نہیں آتا۔ اگر ہمیں نظر آ جائے کہ پتے پتے میں' ذرے ذرے میں' کتنی حکمت ہے' کتنا حسن ہے' تو ہم پر ایسا عالم حیرت طاری ہو جائے گا کہ کھڑے کے کھڑے رہ جائیں اور کسی کام جوگے نہ رہیں۔

قرآن حکیم میں بھی تو باری تعالیٰ بار بار فرماتے ہیں کہ لوگو دیکھو۔ غور سے دیکھو۔ تم دیکھتے کیوں نہیں م دیکھو تو سہی کہ ہم نے کیا کیا بنایا ہے۔ جب قرآن کہتا ہے کہ دیکھو تو مطلب سرسری دیکھنا نہیں ہوتا۔ دیکھو سے مراد SEE نہیں بلکہ Look ہوتا ہے' یعنی خالی دیکھنے کے لیے نہیں بلکہ سمجھنے کے لیے دیکھو۔ یہ سائنسی رویہ ہے۔ سائنس نے یہ رویہ قرآن سے لیا ہے۔

ایک معروف سائنس دان نتھینیل شیلر (Nathenial shaler) نے دیکھنے کی اہمیت کو اپنے ایک مضمون میں واضح کیا ہے۔ مضمون کا عنوان ہے: ''اوگاسز نے مجھے دیکھنا کیسے سکھایا۔'' اوگاسز اس کا استاد تھا۔ شیلر لکھتا ہے:

''جب میں اپنے استاد اوگاسز کی لیب میں داخل ہا تو انہوں نے ایک ٹین کی تھالی میں ایک مچھلی رکھ دی اور مجھ سے کہا' اسے دیکھو غور سے دیکھو۔ اس کے بارے میں کسی سے بات کرنا نہ ہی کوئی حوالے کی کتاب پڑھنا۔ جب میں پوچھوں کہ تم نے کیا دیکھ؟ اس وقت مجھے بتانا۔ اس سے پہلے نہیں۔

ایک گھنٹہ بھر میں مچھلی کو دیکھتا رہا۔ میں سمجھا' میں نے مچھلی کو پورے طور پر دیکھ لیا ہے۔ اب میں امید لگا کر بیٹھ گیا کہ اوگاسز مجھ سے پوچھے۔

''اوگاسز میرے قریب ہی تھا' لیکن اس نے مجھ سے نہ پوچھا۔ ایک دن گزر گیا' دو دن گزر گئے' پورا ہفتہ گزر گیا' لیکن اوگاسز نے میری طرف توجہ نہ دی اویسے رسمی طور پر علیک سلیک کرتا رہا۔ اور یوں پورے کرتا رہا۔ کبھی کبھی کافی آنکھ سے مجھے دیکھ بھی لیتا۔ میں مجبوری میں مچھلی کو بار بار دیکھتا رہا اور یوں پورے طور پر اس سے واقف ہو گیا۔

''آخر اوگاسز میرے پاس آیا اور پوچھا: ''بتا تو نے مچھلی میں کیا کیا دیکھا؟''

''میں نے ایک ایک کر کے ساری باتیں بتا دیں۔''

وہ غور سے سنتا رہا۔ جب میں بتا چکا تو وہ بولا: ''اونہوں! ابھی مشاہدہ کچا ہے۔ پھر دیکھو۔'' یہ کہہ کر وہ چلا گیا۔

میں نے پھر سے مچھلی کو دیکھنا شروع کیا۔ اب کی بار مجھے نئی نئی باتیں نظر آنے لگیں ایسی باتیں کہ میں خود حیران رہ گیا۔

''ایک ہفتے کے بعد جب میں نے اوگاسز کو سب کچھ بتا دیا تو اس نے مجھے شاباش نہ دی بلکہ ہا: ''ہاں اگر کوشش کرتے رہے تو دیکھنا سیکھ جاؤ گے۔''

ڈرولوگو' ڈرور

پتہ نہیں ہمارے علمائے دین کو یہ حسن کیوں نظر نہیں آتا؟ اللہ تعالیٰ کا اپنی مخلوقات سے محبت بھرا لگاؤ کیوں نظر نہیں آتا؟ وہ ہر وقت ہمیں اللہ کے غیظ و غضب سے ڈراتے رہتے ہیں' سرزنش سے ڈراتے رہتے ہیں۔ وہ ہمارے دلوں میں اللہ سے محبت یا

اپنائیت کا جذبہ پیدا نہیں کرتے ۔صرف ڈر اور خوف ۔ اللہ سے ڈرو‘ ۔جان کنی کے عذاب سے ڈرو‘قبر کے عذاب سے ڈرو‘قیامت کے عذاب سے ڈرو ۔

ہمارے علمائے دین نے لوگوں کے دلوں میں اسلام کی دہشت پھیلا رکھی ہے ۔

دہشت کے اس جذبے کی وجہ سے آج تک کسی الیکشن میں کسی اسلامی پارٹی کو کبھی کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔

عورتیں ڈرتی ہیں کہ اگر اسلام نافذ ہو گیا تو انہیں لپ اسٹک لگانے کی اجازت نہ رہے گی ۔ ننگے چہرے گھومنے پھرنے کی اجازت نہ ہوگی ۔ورکنگ وومن خوف زدہ ہیں کہ اگر اسلام نافذ ہو گیا تو ان کی نوکری چھوٹ جائے ی ۔نوجوان ڈرتے ہیں کہ اسلم نافذ ہو گیا تو جینز اور پرنٹڈ شرٹ پہننا ممنوع ہو جائے گا۔جدید موسیقی کے دلدادہ نوجوان ڈرتے ہیں کہ ناچنا گانا منع ہو جائے گا۔دکاندار ڈرتے ہیں کہ زیادہ منافع کمانا ممکن نہ رہے گا۔

## کروسیڈی پراپےگنڈا

کروسیڈز (صلیبی جنگیں ) کے زمانے میں جب مسلمانوں نے حیرت انگیز فتوحات حاصل کی تھیں تو عیسائی پادریوں نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف زبردست پراپیگنڈا مہم چلائی کہ ایک مسلمان مجاہد دس عیسائی سپاہیوں پر بھاری ہوتا ہے اس لیے کہ یہ لوگ انسان نہیں درندے ہیں‘ظالم ہیں‘ بے رحم ہیں‘سفاک ہیں ۔

مسلمانوں نے سپین پر سالہا سال حکومت کی تھی ۔مورخ مسلمانوں کی حکومت کو آئیڈیل دور قرار دیتے ہیں۔لیکن عیسائی پادریوں نے مسلمان حکمرانوں کے اس پہلو کو ہمیشہ بلیک آوٹ رکھا اور مجاہدوں کی بے رحمی اور تشدد کو بڑھا چڑھا کر بیان کیا۔

عیسائی پادری اور راہب اسلام کے سخت مخالف تھے‘اس لیے کہ عیسائیت نے راہبوں اور پادریوں کو ایک متحرک مقام بخش رکھا تھا ۔ یہ مقام اس قدر اہمیت کا حامل تھا کہ وہ بار ہا عیسائی بادشاہ سے ٹکر لینے سے بھی نہیں گھبراتے تھے ۔اس کے برعکس

اسلام رہبانیت کے حق میں نہیں تھا۔ اسلام نے رہبانیت کو ممنوع قرار دیا تھا اور دینی علماء اور مولویون کو کوئی اعازی مقام نہیں دیا تھا۔ ان کی حیثیت عام مسلمانوں جیسی تھی۔

عیسائی راہب او پادریوں نے ہمیشہ مسلمانوں کے بارے میں یہ مشہور کیا کہ وہ تنگ دل ہیں' وسعت قلب سے محروم ہیں۔ عیسائی پادریوں نے تو اسلام کے خلاف پراپیگینڈہ کر رکھا تھا۔ لیکن ہمارے مولی اور ملا اپنے رویے سے غیروں کے پراپے گنڈے کو تقویت دے رہے ہیں۔ بات یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ اب امریکہ اور مغربی ممالک ہمیں فنڈ امیخلٹ کے طعنے دے رہے ہیں۔ حالانکہ حقائق اس کے بالکل برعکس ہیں۔ تاریخ شاہد ہے کہ جتنی رواداری اسلام میں ہے' کسی اور مذہب میں نہیں۔ حکم ہے کہ غیر مسلموں کو اتنی ہی آزادی دی جائے۔ جتنی مسلمانوں کو حاصل ہے۔ ان کے مذہب کا احترام کیا جائے' ان کی عبادت گاہوں کا احترام کیا جائے۔

کہتے ہیں جب حضرت عمر فاتح کی حیثیت سے یروشلم میں داخل ہوئے اور نماز کا وقت آیا تو سوال پیدا ہوا کہ نماز کہاں ادا کی جائے۔ مسلمانوں نے عیسائیون سے بات کی۔ عیسائیوں نے کہا: ''بے شک آپ ہمارے گرجے میں نماز ادا کرلیں۔

حضرت عمرؓ نے گرجے میں نماز پڑھنے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے کہا:

''اگر میں نے ایسا کیا تو لوگ کہیں گے کہ مسلمانوں نے زبردستی عیسائیوں کی عبادت گاہ پر قبضہ کرلیا۔ اسلام اس بات کی اجازت نہیں دیتا۔ ہم پر لازم ہے کہ ہم غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کا احترام کریں۔''

سپین میں الحمرا کی دیواروں پر جگہ جگہ یہ عبارت لکھی ہوئی ہے:

''اللہ کے سوا کوئی غالب فاتح نہیں ہے۔''

مسلمانوں نے سپین پر حکومت کی تو یہی ان کا ماٹو رہا۔ قصہ یوں ہے کہ جب مسلمانوں نے ہسپانیہ کو فتح کرلیا اور غرناطہ کا مسلمان حکمران شہر میں داخل ہوا تو

چاروں طرف سے لوگوں نے اسکا خیر مقدم کیا اور اسے ''الغالب'' کے خطاب سے نوازا۔ اس پر حکمران نے جواب دیا کہ میں فاتح یا غالب نہیں ہوں۔ صرف اللہ کی ذات فاتح اور غالب ہے۔

اسلام تاریخ ایسے واقعات سے بھری پڑی ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ آج کیوں کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں میں رواداری نہیں؟ Intolerant ہیں۔

مجھے یاد ہے پرانے زمانے میں بڑے بوڑھے کہا کرتے تھے کہ اسلام تو ایک آسان سا' سادا سا طریقہ ہے۔ جیو اور جینے دو۔ سکھی رکھو اور سکھی رہو۔

پہلی بات یہ ہے کہ سچے دل سے مانو کہ اللہ واحد ہے' اس کا کوئی شریک نہیں۔ وہ قادر مطلق ہے اور محمدؐ اللہ کے آخری پیغامبر ہیں۔

بڑے بوڑھے کہا کرتے تھے کہ یہ تو ایوان اسلام میں داخل ہونے کا دروازہ ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ لوگوں کے حقوق پورے کرو۔ لوگوں کی خدمت کرو۔ بانٹ کے کھاؤ۔ اپنی آمدنی میں ایک حصہ غریبوں کے لیے وقف کردو۔

ماہ رمضان کے روزے رکھو۔ دن میں پانچ مرتبہ اللہ کے حضور سر بسجود ہوا کرو اور اگر توفیق ہو تو مکہ معظمہ اور ایک مدینہ منورہ میں حاضری دو اور حج ادا کرو۔

میں نے ایک بزرگ سے پوچھا: ''جناب والا! اگر اسلام کے ی پانچ رکن ہیں' پھر تو یہ واقعی بڑا سادہ اور آسان مذہب ہے۔''

''بالکل!'' وہ بولے۔ ''سب سے باہم رکن کون سا ہے؟'' میں نے پوچھا۔

بولے: ''ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ اسلام خدمت خلق سے شروع ہوتا ہے اور خدمت خلق پر ختم ہو جاتا ہے۔''

# باب ٦

## یہ خدا، وہ خد

## لفظ اور مفہو

سیانے کہتے ہیں لفظ خالی برتن ہوتے ہیں۔ان میں مفہوم ہم ڈالتے ہیں۔لفظ ایک ہوتا ہے ہر شخص کا مفہوم مختلف ہوتا ہے' اپنے علم اور تجربے کے مطابق ہوتا ہے۔شاعر کے ذہن میں دل کا مفہوم اور ہے۔ایم بی ایس ڈاکٹر کے ذہن میں اور ہے۔ماں کے لئے بچے کا مفہوم اور ہے باپ کے لئے اور۔سیاست دان کے لئے عوام کا مفہوم اور ہے' اخبار نویس کے لئے اور۔اس سلسلے میں تاریخ میں ایک دلچسپ واقعہ مرقوم ہے:

پرانے زمانے کی بات ہے جب ایشیا میں بدھ ازم کے باقیات موجود تھے۔برما کی سرحد پر بودھوں کا ایک گاؤں آباد تھا۔انگریزوں نے سوچا کیوں نا اس گاؤں پر قبضہ کرلیا جاے ء۔چنانچہ انگریزوں نے گاؤں کا محاصرہ کرلیا۔گاؤں والے بڑے حیران ہوئے کہ یہ لوگ گاؤں سے باہر کیوں رک گئے ہیں' اندر کیوں نہیں آجاتے؟

گاؤں کے بڑے بوڑھوں نے دو آدمی باہر بھیجے کہ ان سے بات کریں۔وہ کمانڈر سے ملے۔کہنے لگے' حضور! ہم آپ کی کیا خدمت کر سکتے ہیں؟ آپ کیا چاہتے ہیں؟

کمانڈر نے کہا:

''ہم گاؤں پر قبضہ کرنے کے لیے آئے ہیں۔''

''قبضے کا کیا مطلب ہے؟''بودھوں نے پوچھا۔

کمانڈر بولا:''ہم یہ گاؤں لے لینا چاہتے ہیں۔''

بودھوں نے کہا: ''اچھا یہ بات ہے ۔تو ہمیں اجازت دیں کہ ہم اپنے بڑے بوڑھوں سے بات کرلیں ۔پھر آپ کو اطلاع دیں گے ۔''

کچھ دیر کے بعد وہ واپس آئے' کہنے لگے ''عالی جاہ !اب تو دیر ہو چکی ہے کل صبح آپ بے شک گاؤں پر قبضہ کر لیجئے گا۔''

اگلے روز فوجیوں نے دیکھا کہ گاؤں کے لوگ سر پر گٹھڑیاں اٹھائے گاؤں سے باہر نکل رہے تھے ۔

جب گاؤں کے سب لوگ اپنا اپنا سامان اٹھائے گاؤں سے باہر نکل آئے تو آخری نے کمانڈر سے کہا۔ ''جناب عالی اب آپ بے شک گاؤں پر قبضہ کر لیں ۔''

دراصل بودھوں کے دلوں میں قبضے اور لڑائی بھڑائی کا تصور نہ تھا۔ان کے ذہنوں میں یہ الفاظ مفہوم سے خالی تھے ۔علم نباتات کو جاننے والے کے ذہن میں بوٹے کا مطلب ایک سرسبز خوشنما جھاڑی ہی نہیں ہوتا' ساتھ ہی ایک حیران کن تخلیقی نظام بھی ہوتا ہے ۔

## یہ خدا، وہ خدا

میں نے بچپن میں محلے کے بڑے بوڑھوں کی باتوں سے اللہ کا جو مفہوم اخذ کیا تھا اس کی تصویر کچھ اس طرح بنتی تھی کہ ایک عفیل 'زود رنج' دیو قامت بہت بڑا الاؤ جلائے بیٹھا ہے ۔ہاتھ میں لاٹھی ہے 'ماتھے پر تیوری ہے ۔انتظار کر رہا ہے کہ کب کوئی بندہ فوت ہو کر آئے تو اسے گردن سے دبوچ کر آگ میں جھونک دے ۔

میری کوئی خاص بات نہ تھی ۔عام مسلمانوں کے گھرانوں میں جو بچے پرورش پاتے ہیں اللہ کے متعلق ان کے ذہنوں میں ایسی ہی تصویر ہوتی ہے جو نفس لاشعور میں بیٹھ جاتی ہے اور دیر تک جوں کی توں قائم رہتی ہے ۔

میرے ذہن میں بھی اللہ کا یہ تخیل دیر تک قائم رہا۔

پھر اتفاق سے سرجیمس جینز کی مشہور عالم کتاب The Mysterious

Universe میرے ہاتھ لگ گئی۔ اسے پڑھ کر میرے ذہن کا فیوز اڑ گیا۔ ارے اتنی وسیع، اتنی منظم، اتنی عظیم کائنات ............ اسے تخلیق کرنے والا کیا ہوگا۔ میرے نفس غیر شاعر میں الاؤ جلائے بیٹھا ہوا پہلوان نما اللہ شرم سے پانی پانی ہو کر بہہ گیا۔ ایک عظیم خالق ابھرا۔ میں حیرت سے بت بنا اسے دیکھتا رہا، دیکھتا رہا۔

پھر میں نے جانا کہ جو شخص کائنات کی حیران کن وسعتوں کو نہیں جانتا، وہ اللہ کی عظمت اور ہیبت کو نہیں سمجھ سکتا۔ دینی مدرسے کا پڑھا ہوا مسجد کا موذن جو دن میں بار بار اللہ اکبر کی آواز لگاتا ہے، وہ اللہ اکبر کے مفہوم سے واقف نہیں ہے۔

کائنات کی حیران کن منصوبہ بندی اور کائنات کے خالق کی عظمت اور حکمت کو سمجھنے کے لئے فزیکل علوم کا جاننا لازم ہے۔

## کنویں کے مینڈک

ایک کنویں میں ایک مینڈک رہا کرتا تھا۔ وہ کنواں اس کی کائنات تھا جس پر وہ حکمران تھا اور ہمہ وقت خوشی سے ٹراتا رہتا تھا۔ کرنا خدا کا ایسا ہوا کہ سیلاب آیا اور سمندر کا ایک مینڈک کنویں میں آ گرا۔ کنویں کا مینڈک اسے دیکھ کر حیران ہوا۔

بولا: ''ابے تو کہاں سے آیا ہے؟''

سمندر کے مینڈک نے کہا: ''میں سمندر سے آیا ہوں۔''

''سمندر بہت بڑا ہوتا ہے۔'' سمندری مینڈک نے جواب دیا۔

کنویں کے مینڈک نے اپنے آپ میں پھونک بھری۔ بولا: ''کیا سمندر اتنا بڑا ہوتا ہے؟''

''اس سے بہت بڑا۔'' سمندری مینڈک بولا۔

کنویں کے مینڈک نے خود کو اور پھلایا۔ ''کیا اتنا بڑا؟''

خود میں پھونک بھرتے بھرتے دفعتاً ایک دھماکہ ہوا اور کنویں کے مینڈک چیتھڑے اڑ گئے۔ صاحبو ہم سب جو کائنات اور اس سے متعلقہ فزیکل علوم سے

واقف نہیں، کنویں کے مینڈک ہیں۔دراصل ساری کنفیوژن لفظ علم کی پیدا کردہ ہے۔

ہمارے عالم دین سمجھتے ہیں کہ علم سے مراد علم دین ہے۔

جب حضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ علم حاصل کرنے کے لئے اگر چین بھی جانا پڑے تو ضرور جاؤ۔ان کا مطلب کائنات سے متعلقہ فزیکل علوم تھا' دینی علم نہیں۔چونکہ دینی علوم کا مرکز تو مدینہ تھا۔دینی علوم حاصل کرنے کے لئے باہر جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔

قرآن میں بھی جگہ جگہ علم اور عالم کی فضیلت کا ذکر آیا ہے۔وہاں بھی علم کا مفہوم کائناتی اور فزیکل علوم ہیں۔

جب تک آپ اللہ کی تخلیقات کا علم حاصل نہیں کرتے تب آپ اللہ کی عظمت' اللہ کی کائنات کی وسعت' اس کے نظم اور منصوبہ بندی کی عظمت کو نہیں سمجھ سکتے۔تب تک آپ قرآن کے مفہوم کو نہیں سمجھ سکتے۔قرآن کی عظمت کو نہیں سمجھ سکتے۔

دیناوی علوم حاصل کئے بغیر دینی علم یوں ہے جیسے بن پہیوں کے گاڑی ہو۔

صاحبو ہمارے دینی مدرسے جو ہیں وہ صرف کنویں کے مینڈک پیدا کر سکتے ہیں اور دھڑا دھڑ کر رہے ہیں۔

افسوناک بات یہ ہے کہ ہر قصبے میں' ہر شہر میں' جگہ جگہ دینی مدارس قائم کئے جارہے ہیں اور افس خوش فہمی میں کہ ہم اسلام کی خدمت کر رہے ہیں۔ہم ان دینی مدارس کے قیام کے لئے دھڑا دھڑ چندے دیتے ہیں۔

## فنڈا منٹلسٹ

ان کنوؤں کے مینڈکوں کی وجہ سے اسلام کا نام بدنام ہورہا ہے۔اہل مغرب ہمیں FUNDAMENTALIS ہونے کے طعنے دے رہے ہیں۔

صاحبو! اہل مغرب کتنے بے خبر ہیں۔فنڈامنٹلسٹ تو میں ہوں' ہم ہیں جو اسلام کے بنیادی اصولوں کو اہمیت دیتے ہیں وہ نہیں جو فروعات سے چمٹے ہوئے ہیں۔

اہل مغرب مسلمانوں کو دیکھ کر اناپ شناپ قسم کے اندازے لگاتے ہیں۔انہوں نے کبھی اسلام کو جاننے کی کوشش نہیں کی۔

ایک روز محمد عمر بھڑ کی طرح بھوں بھوں کرتا آ گیا۔

بولا: ''مفتی یہ تم کیا بکواس لکھ رہے ہو؟ بند کرو اسے۔''

محمد عمر میرا دوست ہے۔صرف دوست ہی نہیں' وہ ہمارا لیڈر بھی ہے۔ہماری تنظیم ''چھڈ یار'' کا لیڈر ہے۔محمد عمر لیڈر کی شخصیت کی جاذبیت کو جاننا چاہتے ہیں آپ تو اشفاق احمد کی تصنیف سفر در سفر پڑھیے جو ''چھڈ یار'' تنظیم کے ایک سفر کا احوال ہے۔بھڑ کی طرح بھوں بھوں کرنا محمد عمر کی شناخت ہے۔اس بھڑ میں خالی بھوں بھوں ہے' ڈنگ نہیں۔اس کا غصہ ٹی وی کی شہرت کی طرح بھڑ بھڑ جلتا ہے اور پھر راکھ کا ڈھیر بن جاتا ہے۔جب محمد عمر کا غصہ ٹھنڈا پڑ جاتا ہے تو ہم سب اس کا مذاق اڑاتے ہیں' اس سے چھیلس کرتے ہیں اور وہ مسراتا رہتا ہے۔محمد عمر برائے نام لیڈر ہے۔خود کو لیڈر کہلوانے کا شوق ہے ویسے عملی طور پر وہ ہر وقت اپنے ساتھیوں کی خدمت میں لگا رہتا ہے۔

اسے ابھی تک سمجھ میں نہیں آیا کہ لیڈر کا کام خدمت کرنا نہیں بلکہ حکومت کرنا ہے۔

ہاں تو اس روز وہ بھوں بھوں کرتا ہوا آیا' بولا: ''بند کرو اپنی بکواس کو۔''

''کس بکواس کو؟'' میں نے پوچھا۔

بولا: ''تم جو کہتے ہو کہ امریکہ میں ایک ولیوں کا شہر ہے۔''

''ہاں ہے۔'' میں نے کہا۔''وہ دن رات' صبح شام تحقیق میں لگے رہتے ہیں' نہ کھانے کا ہوش' نہ پہننے کا' تحقیق کے کام میں خود کو بھلائے بیٹھے ہیں۔''

وہ غصے میں چلایا۔''یہ سائنس دان جو ہیں سب ملحد ہیں' نہ خدا کو مانتے ہیں نہ مذہب کو۔''

"نہیں۔" میں نے کہا: "یہ نہیں ہوسکتا' میں نہیں مانتا۔"

"کیا نہیں ہوسکتا۔" وہ چلایا۔

"جس نے اللہ کی کائنات کی ایک جھلک دیکھ لی وہ ملحد نہیں ہوسکتا، جس کے دل میں کائنات کی عظمت کا نقش بیٹھ جائے وہ اللہ کی عظمت' اس کا لاشریک اور قادر مطلق ہونا میر نسبت بہتر طور پر سمجھتا ہے۔"

## سر جیمس جینز

اگر سر جیمس جینز کی تصنیف ایک عام قاری پر اس قدر اثر رکھتی ہے تو سر جیمس جینز کے مشاہدات نے خود ان پر کتنا اثر کیا ہوگا؟

سر جیمس جینز اور خوف خدا کے متعلق ایک واقعہ مشہور ہے۔ یہ واقعہ عنایت اللہ خاں مشرقی نے بیان کیا ہے جسے میں نے عزیز احمد خان کی قابل قدر تصنیف اللہ کی عظمت سے اخذ کیا ہے۔

1909ء کا ذکر ہے۔ اتوار کا دن تھا۔ ہلکی ہلکی بارش ہورہی تھی۔ علامہ مشرقی کسی کام کے لئے باہر نکلے تو دیکھا کہ مشہور ماہر فلکیات سر جیمس جینز چرچ کی طرف جا رہے ہیں۔

علامہ مشرقی یہ دیکھ کر حیران ہوئے کیونکہ عام طور پر بڑے سائنس دان مذہبی رسومات کے قائل نہیں ہوتے۔

علامہ مشرقی نے بڑھ کر سر جیمس جینز کو مئودبانہ سلام کیا۔ سر جیمس جینز نے ان کے سلام کا نوٹس نہ لیا اور چلتے رہے۔ مشرقی نے ان کا پیچھا کیا اور دوبارہ سلام کیا۔ سر جیمس جینز رک گئے۔ حیرت سے پوچھا۔ "بولو کیا چاہتے ہو؟"

اہل مغرب بے مقصد ادب واحترام بھرے سلام سے واقف نہیں ہوتے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ سلام کرنے والے کا کوئی مقصد ہوتا ہے' اس لئے سر جیمس نے کہا: "بولو کیا چاہتے ہو؟"

مشرقی نے کہا۔"دو باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں۔"

سر جیمس بولے۔"ہاں ہاں کہئے"

مشرقی نے کہا"پہلی بات یہ ہے کہ بوندا باندی ہو رہی ہے لیکن آپ نے چھاتا بغل میں رکھا ہے اُسے کھولا نہیں۔"

سر جیمس اپنی بدحواسی پر مسکرائے اور چھاتا کھول لیا۔

مشرقی نے کہا:"دوسری بات یہ ہے کہ آپ چرچ کی طرف عبادت کے لئے جا رہے ہیں۔"

مشرقی کے اس سوال پر جیمس لمحہ بھر کے لئے خاموش رہے' پھر بولے:"آپ آج شام کو چائے میرے ساتھ پئیں۔بیٹھ کر چائے پر بات کریں گے۔"

مشرقی شام کو سر جیمس کے گھر پہنچے۔سر جیمس انتظار کر رہے تھے' تپائی پر چائے لگی ہوئی تھی۔

سر جیمس نے اجرام فلکی کے حیرت انگیز نظام کی بات شروع کی۔ان کے لامتناہی فاصلے' پنہائیاں' پیچیدہ مدار کی تفصیلات بیان کرنے لگے۔ان کی باتیں سن کر مشرقی کا دل اللہ کی کبریائی اور جبروت پر دہلنے لگا۔خود سر جیمس کی یہ کیفیت تھی کہ ان کے بال کھڑے تھے۔آنکھیں حیرت سے پھٹی ہوئی تھیں۔ہاتھ کانپ رہے تھے۔آواز لرز رہی تھی۔بولے:"عنایت اللہ خان جب میں خدا کے تخلیقی کارناموں پر نظر ڈالتا ہوں تو میرا رواں رواں اللہ کے جلال سے لرزنے لگتا ہے۔جب گرجے میں جا کر کہتا ہوں اللہ تو عظیم ہے تو میرے جسم کا رواں رواں اس کی شہادت دیتا ہے۔مجھے عبادت میں دوسروں کی نسبت ہزار گنا زیادہ کیف حاصل ہوتا ہے۔"

علامہ مشرقی نے کہا"عالی جاہ! اس بات پر مجھے قرآن حکیم کی ایک آیت یاد آ گئی ہے۔اجازت ہو تو اس کا مطلب بیان کروں؟"

"ضرور ضرور۔"سر جیمس بولے۔

مشرقی نے عربی میں آیت پڑھی' کہنے لگے اس کا مطلب یہ ہے کہ ''اللہ نے صرف سے صرف اہل علم ڈرتے ہیں۔''

''کیا واقعی؟'' سر جیمس حیرت سے چلائے۔''یہ وہ حقیقت ہے جسے میں نے سالہا سال کے مطالعے اور مشاہدے کے بعد جکانا ہے۔محمد ﷺ کو اس عظیم حقیقت کا علم کیسے ہوا؟ اگر یہ آیت قرآن میں موجود ہے تو بے شک قرآن الہامی کتاب ہے۔''

## دو ایمان

قرآن پر میرا ایمان دل کا ایمان ہے کیونکہ میں قرآن کی ایک ایک بات کو بن جانے مانتا ہوں۔اس میں ذہنی ایمان شامل نہیں ہے۔وہ لوگ جو کائنات سے متعلقہ علوم سے واقف ہیں ان کا ایمان دو آتشہ ہوتا ہے جسے حق الیقین کہتے ہیں کیونکہ اس میں ذہن بھی شامل ہوتا ہے۔

اگرچہ قرآن کے ایک ایک لفظ پر یقین رکھتا ہوں لیکن یہ یقین خام ہے چونکہ میں قرآن کی بہت سی باتوں کو سمجھ نہیں سکتا۔یہ میرے علم کی خامی ہے۔مثلاً قرآن میں جو بہشت اور دوزخ کی تصاویر کھینچی گئی ہیں انہیں میں سمجھ نہیں پاتا۔میں پانچ حواس کا قیدی ہوں اس لئے میری سمجھ محدود ہے۔

مثال کے طور پر میں یہ بات نہیں سمجھ سکتا کہ جہاں دکھ نہیں وہاں سکھ کیسے ہو سکتا ہے' جہاں اندھیرا نہیں وہاں روشنی کیسے ہو سکتی ہے؟ جہاں درد نہیں وہاں سکون کیسے ہو سکتا ہے؟ میری دانست میں دکھ اور سکھ دو نہیں ایک چیز ہیں۔میں کسی ایسے مقام کا تصور نہیں کر سکتا جہاں سکھ ہی سکھ ہو۔کسی ایسی زندگی کا تصور نہیں کر سکتا جو ابدی ہو۔

## اپنی اپنی آگ

دوزخ کے متعلق تذکرہ غوثیہ کی ایک کہانی مجھے اپیل کرتی ہے۔

پہاڑ کی کھوہ میں ایک فقیر رہتا تھا جو دن رات عبادت میں مصروف رہتا تھا۔اس کے ساتھ ایک بالکا بھی تھا۔فقیر حقہ پینے کا شوقین تھا اس لئے اس نے اپنے بالکے کو حکم

دے رکھا تھا کہ ہروقت آگ کا انتظام رکھے۔

ایک روز آدھی رات کے وقت فقیر نے بالکے کو حکم دیا کہ چلم بھر دے۔بالکے نے دیکھا کہ بارش کی وجہ سے آگ بجھ چکی تھی۔اتفاق سے ماچس بھی ختم ہو چکی تھی۔

بالکا گھبرا گیا کہ اب کیا کرے۔اس نے فقیر سے کہا:''عالی جاہ آگ تو بجھ چکی ہے ماچس ہے نہیں کہ سلگالوں۔فرمایئے اب کیا کروں؟''

فقیر جلال میں بولا:''ہم تو چلم پئیں گے۔چاہے آگ جہنم سے لاؤ۔''

بالکا چل پڑا۔چلتے چلتے جہنم جا پہنچا۔دیکھا کہ جہنم کی صدر دروازے پر ایک چوکیدار بیٹھا اونگھ رہا ہے۔

بالکے نے اسے جھنجھوڑا۔پوچھا:''کیا یہ جہنم کا دروازہ ہے؟''

چوکیدار بولا:''ہاں یہ جہنم کا دروازہ ہے۔''

بالکے نے کہا:''لیکن یہاں آگ تو دکھائی نہیں دیتی۔''

چوکیدار نے کہا:''ہر جہنمی اپنی آگ اپنے ساتھ لاتا ہے۔''

جہنم کی یہ Conception تو سمجھ میں آتی ہے۔

## یہ دنیا وہ دنیا

میری بات چھوڑیئے میں تو ایک ادھ پڑھ شخص ہوں۔پڑھے لکھے دانشور اور سائنس دان جنہوں نے قرآن کا مطالعہ کیا ہے وہ بھی قرآن کے کئی ایک نکات کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔ابھی ہمارا علم،ہماری تخلیق خام ہے اس لئے ہم قرآن کے گہرے اشارات کو نہیں سمجھ سکتے۔

آج کے سائنسدان اور محقق قرآن کی ایک اور خصوصیت کو حیرت سے دیکھتے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ:

عام طور پر مذہبی کتابیں اس دنیا اور زندگی کو اہمیت نہیں دیتیں۔کہتی ہیں اس دنیا سے منہ موڑ لو۔یہ دنیا ایک بصری دھوکہ ہے۔Illusion ہے۔دیکھنا چاہتے ہو تو

آنکھیں موندلو۔ یہ زندگی فانی ہے اسے حقیقت نہ سمجھو۔اس کے برعکس قرآن اس دنیا اور زندگی کو اہمیت دیتا ہے۔

قرآن بار بار ہماری توجہ کائنات کی طرف مبذول کرتا ہے۔بار بار کہتا ہے۔

''تم دیکھوتو ہم نے زمین کو کیسے بنایا ہے۔آسمان کو کیسے سجایا ہے۔دیکھوتو ہم نے زمین سے بوٹے کیسے اگائے ہیں۔تم دیکھوتو سہی پھران چیزوں پر غور کرو۔''

ایک جگہ قرآن کہتا ہے کہ:

یقیناً خدا کے نزدیک بدترین قسم کے جانوروہ بہرے گونگے لوگ ہیں جو عقل سے کام نہیں لیتے۔

ان کے پاس دل ہیں مگروہ سوچتے نہیں۔

ان کے پاس کان ہیں مگروہ سنتے نہیں۔

وہ حیوانوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی گئے گزرے۔

دوسرے مذاہب کی طرح قرآن یہ نہیں کہتا کہ اس دنیا سے دل نہ لگاؤ۔اس دنیا کو تیاگ کر پہاڑ کی کسی کھوہ پر بیٹھ کر خدا کے نام کا جاپ کرو۔

قرآن دنیا سے علیحدگی کا سبق نہیں دیتا۔الٹا اس دنیا اور زندگی کی اہمیت کا احساس دلاتا ہے کہ یہی وہ بوٹا ہے جس پر آخرت میں بہشت یا دوزخ کا پھل لگے گا۔

دانشوراور سائنس دان کہتے ہیں کہ قرآن ہمیں تعلیم دیتا ہے کہ دین اور دنیا میں ہم آہنگی پیدا کرو۔توازن پیدا کرو...... Adjustment پیدا کرو۔لوگوں سے اچھے تعلقات پیدا کرو۔اللہ سے بھی اچھے تعلقات قائم رکھو۔سکھی رہو سکھی رکھو۔

دوسروں کو اذیت دو نہ خود کو اذیت دو۔اسلام دین اور دنیا میں توازن پیدا کرتا ہے۔

# دادی اماں

پرانے زمانے کی بات ہے جب میں بچہ تھا۔ان دنوں دادی اماں نوے بیا نوے کی ہوں گی۔وہ بیشتر وقت اپنے کمرے میں ایک تخت پر بیٹھی رہتی تھیں۔یہ تخت ایک کھڑکی کے پاس تھا جس پر جائے نماز بچھی ہوتی تھی۔اس تخت کے دائیں ہاتھ کھڑکی تھی،بائیں ہاتھ ایک بہت بڑا لکڑی کا صندوق تھا جس پر ڈھکنا نہیں تھا۔اس صندوق میں الم غلم چیزیں پڑی رہتی تھیں۔

دادی اماں بیٹھ کر نماز پڑھا کرتی تھیں۔

جب وہ نماز پڑھ رہی ہوتیں تو میں اکثر اپنے کمرے میں داخل ہو کر چلاتا۔''دادی اماں میرا گیند کہاں ہے؟''میں نے کبھی نہیں سوچا کہ دادی اماں نماز پڑھ رہی ہیں۔

جب وہ نماز سے فارغ ہو جائیں تو گیند کی بات کروں۔

''دادی اماں میرا گیند۔دادی اماں میرا گیند۔''

سجدے میں جانے سے پہلے دادی اماں کانی آنکھ سے صندوق کی طرف دیکھتیں جہاں گیند رکھا ہوتا پھر وہ جب سجدے میں جاتیں تو بایاں ہاتھ صندوق میں ڈال کر گیند اٹھا لیتیں اور پھر سجدے سے اٹھ کر وہ گیند میری طرف پھینک دیتیں۔

صرف میرے گیند کی بات نہ تھی۔

جب دادی اماں نماز پڑھ رہی ہوتیں تو باہر صحن سے کوئی خاتون چولہے کے سامنے بیٹھے ہوئے چلاتی۔''اب میں چاولوں کو دم دے دوں۔''دادی اماں نماز پڑھتے ہوئے زور سے کہتیں''اوں ہوں''اور نماز جاری رکھتیں۔

محلے کی بڑی بوڑھیاں دادی اماں کی اس عادت پر ہنسا کرتی تھیں۔دادی اماں سے مخاطب ہو کر کہتیں''نواب بی بی تو یہ کیا کرتی ہے۔نماز پڑھتے ہوئے یکسوئی کا خیال نہیں رکھتی۔''اس پر دادی اماں ہاتھ چلا کر کہتیں''اے ہے صرف اس کی نماز ہی تو

ضروری نہیں اور کام بھی ضروری ہوتے ہیں۔ یہ لڑکا گیند کے لئے روتا رہے اور میں نماز پڑھتی رہوں۔ ایسی نماز کس کام کی۔ اسے نہیں پتہ کہ دنیاوی کام بھی ضروری ہوتے ہیں۔ میں تو کہتی ہوں دین اور دنیا ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ خالی نماز کا چھنکنا چھنکاتے رہو۔''

ان دنوں محلے والیاں سب دادی اماں کی باتوں پر ہنسا کرتی تھیں۔ کہتی تھیں ''نواب بی بی سٹھیا گئی ہے۔'' اب جو میں سوچتا ہوں تو محسوس کرتا ہوں کہ دادی اماں نے دین اور دنیا میں کتنا سادہ' قابل عمل اور خوشگوار توازن قائم کر رکھا تھا۔

## فقیر چند

پرانے زمانے کی بات ہے جب میں سنٹرل ٹریننگ کالج لاہور میں پڑھتا تھا۔ وہاں میرا ایک یار تھا فقیر چند۔ سبحان اللہ! کیا باغ و بہار آدمی تھا۔ آج ۶۲ سال ہو چکے ہیں لیکن فقیر چند کی شخصیت کی خوشبو آج بھی میرے ذہن میں محفوظ ہے۔

میں کہتا: فقیر چند You are a loveable man جواب میں وہ چلاتا: ''یار مفتی! مجھ ہی سے کہتا رہتا ہے' تو کبھی اسے بھی جا کر بتا کہ میں ''لووے بل'' ہوں۔ خاک ''لووے بل'' ہوں۔ دھرم سے دو گھنٹے دم ہلاتا رہتا ہوں' پھر کہیں وہ ایک میٹھی نظر ڈالتی ہے اور تو کہتا ہے ''لووے بل'' ہوں۔''

اس زمانے میں سنٹرل ٹریننگ کالج میں نئی نئی کوایجوکیشن (مخلوط تعلیم) شروع ہوئی تھی۔ ہمارے ساتھ چھ خواتین ٹریننگ حاصل کر رہی تھیں۔ ان میں سے ایک خاتون کو فقیر چند نے اپنا رکھا تھا۔

وہ روز اپنے رومان کی انوکھی خبر لایا کرتا تھا' مثلاً وہ کہتا: ''یار مفتی! سارا دن محنت مزدوری کی۔ تعریفیں کیں۔ حسن و عشق کے جتنے شعر مجھے آتے تھے' سنا دیئے۔ دیوی کو منانے کے لئے آرتی چڑھائی' سیس نوایا' ماتھا ٹیکا اور پتہ ہے کہ دن بھر کی محنت مزدوری کا کیا انعام ملا! سالی نے اپنا ہاتھ میری طرف بڑھا دیا' بولی: You may

kiss it ہے بھگوان! تیری اس دنیا میں اتنا انیائے۔یار ہمارے بھگوان سے تو تمہارا اللہ ہی بہتر ہے جو کہتا ہے کہ پسینہ خشک ہونے سے پہلے مزدور کی مزدوری ادا کر دی جائے۔''

میں کہتا: ''یار فقیر چند! یہ تو نے کیسی محبوبہ بنائی ہے۔منہ نہ متھا۔''

وہ جواب دیتا: ''ہائے مفتی! تو نے اسے نہیں دیکھا۔بھگوان کی قسم دودھ کی نہریں چل رہی ہیں وہاں۔''

## پارٹی سپرٹ

ایک دن وہ میرے پاس آیا۔بڑا سنجیدہ تھا۔بولا: ''مفتی! وہ جو میں نے تمہارا دھرم اپنا لینے کا فیصلہ کیا تھا' آج وہ توڑ دیا میں نے۔''

''کیوں' کیا ہوا؟'' میں نے پوچھا۔

کہنے لگا: ''تمہارے دھرم کا بھید کھل گیا۔''

میں نے کہا: ''کیسے''

بولا: ''مولوی صاحب کا وعظ سن کر آیا ہوں۔''

''کیا کہا اس نے؟''

''سب گڑبڑ ہے۔تمہارا اللہ جو ہے' وہ تم سے تو کہتا ہے کہ مسلمان بنو لیکن خود ساری دنیا کا رب بنا بیٹھا ہے۔یہ کوئی طریقہ ہے بھگوان بننے کا؟''

''کیوں' اس میں کیا ہے؟'' میں نے پوچھا۔

''ابے تو بھی احمق نکلا۔اتنی سی بات سمجھ میں نہیں آ رہی تجھے۔تیرے اللہ میں پارٹی سپرٹ نہیں ہے۔بھئی اگر تو نے ایک پارٹی بنائی ہے مسلمانوں کی تو مسلمانوں کے بھگوان بنو۔مسلمان کی طرف داری کرو۔ان کی مدد کرو۔دوسروں کی ایسی کی تیسی پھیرو اور جو تو نے سارے عالم کی رکشا کرنی ہے تو پھر پارٹی کیوں بناتے ہو؟''

ان دنوں فقیر چند کی یہ بات میرے دل لگتی تھی۔صاحبو! ایمان داری کی بات

ہے اگر سچے دل سے دیکھو تو فقیر چند کی بات آپ کے دل کو بھی لگے گی۔

## مثبت تعصب

میں سوچا کرتا تھا کہ تعصب منفی بھی ہوتے ہیں' مثبت بھی ہوتے ہیں۔ چلو منفی تعصب برے سہی' مانے لیتا ہوں لیکن مثبت تعصب کے بغیر تو گزارہ ہی ممکن نہیں۔ اپنے دین کے حق میں تعصب ہوتا ہے۔ اپنے ملک کے حق میں تعصب ہوتا ہے چاہے وہ ملک ہمارے ملک جیسا ڈانواڈول ہی کیوں نہ ہو۔ پھر اپنی قوم کے حق میں تعصب ہوتا ہے۔ برادری کے حق میں ہوتا ہے۔ اپنے خاندان کے حق میں ہوتا ہے۔ ماں باپ کے حق میں ہوتا ہے۔ یہ تو تقاضا بشریت ہے۔

میں سوچا کرتا تھا کہ اللہ کو بھی یقیناً احساس ہوگا کہ اپنوں کی طرف داری کرنا ضروری ہوتا ہے۔ پھر وہ اتنی بے نیازی کیوں روا رکھتا ہے۔ کہتا ہے مجھ پر ایمان لاؤ۔ لوگوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو۔ اگر تم نے میرے احکامات پر عمل نہ کیا تو سزا ملے گی۔ خبردار اس خوش فہمی میں نہ رہنا کہ چونکہ تم مسلمان ہو اس لئے میں تمہاری طرف داری کروں گا۔ لو کر لو بات! خود تو سارے عالم کا رب ہے اور ہم سے کہتا ہے کہ مسلمان بنو اس میں تمہارا اپنا فائدہ ہے...... خاک فائدہ ہے جو تو نے ہماری طرف داری نہ کی' اپنوں کی اپنا نہ جانا۔

صاحبو! ساری جوانی میں نے اللہ کو جج کرنے میں گزار دی۔ اسے کٹہرے میں کھڑا کر لیتا تھا۔ خود کرسی عدالت پر بیٹھ جاتا اور پھر جرح کرتا رہتا' کرتا رہتا' کرتا رہتا...... اور وہ مسکراتا رہتا تھا۔

دوستو! مجھ پر الزام نہ دھرو صرف میں ہی نہیں' ہمارے نوجوان اسی شغل میں مبتلا رہتے ہیں۔ اسے کٹہرے میں کھڑا کر لیتے ہیں۔ خود کرسی عدالت پر بیٹھ جاتے ہیں اور جرح کرتے رہتے ہیں' کرتے رہتے ہیں۔

صاحبو! لوگ مجھ سے ملنے آتے ہیں۔

# شکایات ہی شکایات

جو بھی آتا ہے' اللہ کی شکایت کرتا ہے۔ چھوٹے چھوٹے گلے شکوے۔ کوئی کھل کر شکایت کا اظہار کرتا ہے۔ کوئی دبے دبے الفاظ میں۔ کوئی صاف صاف کہہ دیتا ہے۔ کوئی کہے بغیر جتا دیتا ہے۔ کر شکایت کا اظہار کرتا ہے۔ کوئی دبے دبے الفاظ میں۔ کوئی صاف صاف کہہ دیتا ہے۔ کوئی کہہ بغیر جتا دیتا ہے۔ کوئی ''شکر ہے'' کے پردے میں اپنی شکایت کو چھپا دیتا ہے۔ جیسے کہ شاعر نے کہا ہے۔

جب کھینچ کے آہ سرو
کہتا ہے کوئی بندہ
جس حال میں بھی رکھے
صد شکر ہے اللہ کا
میں سوچنے لگتا ہوں
یہ شکر کیا اس نے
یا طعنہ دیا اس نے
رزاق دو عالم کو

سبھی اس پر گلے کرتے ہیں' شکایات کرتے ہیں' اعتراضات کرتے ہیں،۔ وہ سب کی سنتا ہے اور مسکراتا رہتا ہے۔ ہماری ناشکر گزاریوں پر اسے کبھی غصہ نہیں آتا۔ اس کا دل ہمارے جانب سے کبھی میلا نہیں ہوا۔

ہماری گلی میں ایک فقیر آتا ہے۔ وہ صدا دیتا ہے۔ ہر چند منٹ کے بعد اس کی صدا ساری گلی میں گونجتی ہے:

مری بار کیوں دیر اتنی کری

اس کی دصا سن کر مجھے غصہ آتا ہے۔ میرے اندر کی بھٹیارن چڑ چڑوانے بھونتی ہے۔

ایک روز میرے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا۔ میں نے دوڑ کر فقیر کو پکڑ لیا۔

''یہ تو کیا کر رہا ہے بابے؟'' میں نے غصے میں پوچھا۔

''صدا دے رہا ہوں بابو جی!'' وہ بولا۔

''کیا مطلب ہے تیرا اس صدا سے؟'' میں نے اسے ڈانٹا۔

''میں منگتا ہوں' مانگ رہا ہوں۔'' وہ بولا

''کیا ایسے مانگا کرتے ہیں۔ احمق! پہلے مانگنا سیکھ۔ جو مانگنا ہے منت کر کے مانگ' ترلے کر' سیس نوا' دینے والے کا ادب کر' احترام کر' تو تو اس کے خلاف شکایت کر رہا ہے۔ اسے طعنے دے رہا ہے۔ ''مری بار کیوں دیر اتنی کر دی'' بے وقوف! دینے والے کی مرضی ہے' چاہے جلدی دے چاہے دیر سے دے۔ چاہے کم دے' چاہے زیادہ دے۔ چاہے دے چاہے نہ دے۔''

فقیر بولا: ''جا بابو جا۔ اپنا کام کر۔ ہمارے معاملے میں دخل نہ دے۔ مانگنے والا جانے اور دینے والا جانے تو ما ماگتا۔ میں نے ساری زندگی یہی صدا دی ہے۔ اس نے کبھی نہیں ٹوکا مجھے' کبھی غصہ نہیں کیا۔ الٹا وہ مجھے دیتا رہا ہے' دیتا رہا ہے۔''

## تلخی ہی تلخی

پھر وہ لڑکی ہے جو بلا ناغہ ہفتہ وار میرے پاس آتی ہے بڑی دور سے آتی ہے وہ ۔ڈھائی گھنٹوں کے بعد میرے پاس پہنچتی ہے۔ آ کر چپ چاپ بیٹھ رہتی ہے۔ نہ بات اور نہ چیت ۔وہ بڑی خوبصورت ہے۔ میں اسے کھری کہہ کر بلاتا ہوں۔ عجیب لڑکی ہے وہ۔ اوپر حسن ہی حسن۔ اندر تلخی ہی تلخی۔ اتنی تلخی ہے کہ جب وہ بات کرتی ہے تو اسکا Supresed anger ہونٹوں سے بھری ہوئی ہے۔ میں اس سے پوچھتا ہوں بی بی تجھ میں اتنی تلخی کیوں ہے؟ وہ غیظ ہے۔ میرے اندر آگ لگی ہوئی ہے ۔''بھانبھڑ!'' اور پتہ ہے کیوں۔ یہ بھانبھڑ مجھے ورثے میں ملا ہے۔ ابا نے مجھے یہ تحفہ دیا ہے۔ میرا غصہ ابا کے غصے کے مقابلے میں کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔ میرے ابا جب

بولتے ہیں تو گھر میں زلزلہ آ جاتا ہے۔ سارا گھر سہم جاتا ہے۔ کچن کے برتن بجنے لگتے ہیں۔ اتنا غصہ ہے میرے ابا میں اور انہوں نے اپنا غصہ مجھے دے دیا ہے ورثے میں۔

''اس میں اللہ کا کیا قصور؟'' میں پوچھتا ہوں۔

''اور کس کا ہے؟'' وہ چلاتی ہے۔ ''اس کے حکم کے بغیر پتا نہیں ہل سکتا۔ اس نے میرے ساتھ ایسا کیوں کیا؟ میری اور بہنیں بھی تو ہیں۔ سب ٹھنڈی میٹھی ہیں۔ ایک میں ہوں کہ بھڑ بھڑ جلتی رہتی ہوں۔''

## حسن کا فتور

''دیکھ! تجھے اللہ نے حسن دیا ہے۔'' میں کہتا ہوں۔

غصے سے اس کا چہرا لال ہو جاتا ہے۔ ''مفتی جب! سارا قصور اسی حسن کا ہے۔ یہی میری بدقسمتی ہے۔ میرا میاں روز مجھے طعنے دیا کرتا تھا۔ کہتا تھا تجھے اپنے حسن پر گھمنڈ ہے۔ میں تیرا یہ گھمنڈ توڑ دوں گا۔ تیرے منہ پر تیزاب چھڑک دوں گا۔ اسی وجہ سے اس نے مجھے قید کر رکھا تھا۔ کھڑکی میں کھڑے ہونے نہیں دیتا تھا۔ گھر سے باہر نکلنے نہیں دیتا تھا۔ اس نے میری اتنی ناقدری کی' اتنی بے عزتی کی کہ میں بھاگ کر اپنے گھر میں آ گئی۔ گھر والوں نے مجھے پناہ دینے سے انکار کر دیا۔ امی بیچاری تو مدت سے ایک لاش بنی ہوئی ہے' اب گرے جب برسے۔ میاں نے لکھ کر طلاق بھیج دی۔ میرا سہاگ صرف دو مہینے رہا۔ وہ سہاگ نہیں تھا' عذاب تھا۔ اللہ نے میرا نصیب ایسے کیوں بنایا ہے؟ میں نے اس کا کیا قصور کیا تھا؟ اور اب تم مجھے دھتکار رہے ہو۔ کہتے ہو تم میرے پاس کیوں آتی ہو؟ میں آ کر بیٹھ ہی رہتی ہوں نا۔ تمہارا کیا بگاڑتی ہوں۔ پتہ نہیں کیوں' یہاں آ کر مجھے سکون سا مل جاتا ہے۔

# دے دے دینا سیکھ

پھر وہ نوجوان لڑکا ہے۔ کروڑ پتی کا بیٹا ہے' اکلوتا بیٹا۔ وہ آ کر اپنا رونا روتا رہتا ہے۔ کہتا ہے: ''اللہ نے ایک سبز پوش بوڑھا میرے پیچھے لگا رکھا ہے۔ میری زندگی عذاب بنی ہوئی ہے۔ دو پاٹوں میں پس رہا ہوں۔ میرا گھر امارت سے بھرا ہوں ہے لیکن گھر میں سبھی لینے کی بات کرتے ہیں۔ یہ بھی لے لو' وہ بھی لے لو' کوئی دینے کی بات نہیں کرتا۔ میرے گھر میں دینے کی بات کرنا گناہ ہے' لیکن جب بھی میں سونے کے لئے آنکھ بند کرتا ہوں' تو وہ سبز پوش بڈھا آ جاتا ہے۔ کہتا ہے پتر دے' دینا سیکھ۔ دینا بہت بڑا پن ہے۔ اللہ کو دینا بہت پسند ہے۔ تیرے پاس دو روپے ہوں تو ایک کسی کو دے دے۔ دو کپڑے ہیں تو ایک کسی کو پہنا دے۔ پتر دولت بری نہیں۔ کما جتنی جی چاہے کما لیکن اس لئے کما کہ اسے دو جوں میں بانٹ سکے۔ بانٹتا جا' بانٹتا جا۔''

جو بھی آتا ہے' اللہ کے خلاف شکایت سے بھرا ہوتا ہے۔ میں کہتا ہوں یا اللہ ایسا کیوں ہے؟ کوئی تیرا شکر گزار نہیں۔ جسے کم دیا ہے وہ بھی شاکی ہے۔ جسے اتنا کچھ دے رکھا ہے' وہ بھی شاکی ہے۔

جواب میں وہ مسکرا دیتا ہے' مسکرائے جاتا ہے۔ میں پوچھتا ہوں یا اللہ یہ کیا بھید ہے کہ قدرت کے تمام مناظر دریا' پہاڑ' سمندر' صحرا' وادیاں...... تیری عظمت اور ہیبت سے لرز رہے ہیں۔ تمام چرند پرند تیرے احکامات کے تابع ہیں۔ کسی میں ہمت نہیں کہ تیرے سامنے دم مار سکے لیکن تیری یہ مخلوق جسے انسان کہتے ہیں' تیری شکایت کرتی ہے۔ گستاخیاں کرتی ہے۔ حکم عدولیاں کرتی ہے اور تجھے غصہ نہیں آتا' تیرا دل میلا نہیں ہوتا۔ تو مسکراتا رہتا ہے۔ اے قادر مطلق! مجھے بتا یہ کیا بھید ہے؟ کیوں تو نے اسے چڑھا رکھا ہے؟

دوسروں کی باتیں چھوڑ' خود مجھے تجھ سے شکایت ہے۔ سوچتا ہوں کہ یا اللہ! تو مجھ پر اتنا مہربان کیوں ہے؟ زندگی بھر تو مجھ پر کرم نوازیاں کرتا رہا ہے' کر رہا ہے

......کیوں؟ تو مجھ پر کیوں اتنا مہربان ہے؟ حالانکہ مجھ میں کوئی وصف نہیں۔ میں جو ایک بے عمل شخص ہوں۔ خالص منہ زبانی! تیرے احکامات نہیں بجالاتا۔ تو نے کیوں مجھے سر چڑھا رکھا ہے۔ بول یہ کیا بھید ہے؟

## انوکھا لاڈلا

اس قوت آدھی رات کا وقت تھا۔ چاروں طرف خاموشی چھائی ہوئی تھی ہم دونوں اکٹھے بیٹھے تھے۔ میں پوچھ رہا تھا' وہ مسکرائے جا رہا تھا۔

دفعتاً فضا میں ایک آواز بلند ہوئی:

نوکھا لاڈلا' کھیلن کو مانگے چاند رے......انوکھا لاڈلا

مجھے ایسے لگا جیسے میرے سوال کا جواب مل گیا ہو۔ میں نے اس کی جانب دیکھا' وہ مسکرا رہا تھا۔ اس کی مسکراہٹ میں اثبات کی چمک تھی۔

پھر ڈاکٹر غلام مرتضٰی میرے سامنے آبیٹھا۔ حیران کیوں ہوتے ہو یہ کوئی بھید تو نہیں۔ اس کا تو وہ خود اعلان کر چکا ہے۔ وہ اپنے لاڈلے کو لاڈ لڈا رہا ہے۔

''اس لاڈلے کو اللہ نے بڑی عزت دی ہے۔ اللہ نے اس لاڈلے میں اپنی روح پھونک رکھی ہے۔ اللہ نے کائنات کو اسلاڈلے کے لئے مسخر کر دیا ہے۔ فرماتے ہیں......ہم نے اسے کائنات کا اختیار بخش رکھا ہے۔''

میں حیرت سے غلام مرتضٰی کی طرف دیکھ رہا تھا۔

اتنا اونچا مقام اتنی بڑی بخشش!

آپ غلام مرتضٰی کو تو جانتے ہوں گے۔ وہی جو ٹی وی پر آتے ہیں۔ چینی داڑھی' لمبا چہرا' سر پر ٹوپی' ٹھیٹھ مولوی۔ جب میں نے پہلی بار انہیں ٹی وی پر دیکھا تو مجھے بڑا غصہ آیا' تو یہ ٹی وی والے ایک اور مولوی کو ڈھونڈ لائے ہیں۔ ان پڑھ' پرائمری پاس چہرے پر ذرا ذہانت نہیں۔ لوگ پہلے ہی ہمیں فنڈامنٹلسٹ کا طعنہ دیتے ہیں۔

پھر جب وہ بولنے لگا تو میں حیران رہ گیا۔ ارے یہ ہونٹوں سے تو نہیں بول

رہا۔ یہ تو دل سے بول رہا ہے ۔اس کی بات میں ڈانٹ ڈپٹ نہیں ۔انداز میں مولویانہ کرختگی نہیں ۔اس کی آواز میں تو درد ہے ۔اللہ سے ڈراتا نہیں اس سے محبت کرنا سکھاتا ہے۔

پھر مجھے پتہ چلا کہ وہ تو عالم ہے ۔فلسفے میں ایم اے' اسلامیات میں پی ایچ ڈی ہے ۔CSP بھی رہا ہے ۔استاد ہے ۔شملہ یونیورسٹی میں پڑھاتا رہا ہے ۔میں تو حیران رہ گیا کہ اتنا کچھ ہو کر بھی وہ کچھ بھی نظر نہیں آتا ۔نہ مولویانہ طمطراق اور نہ عالمانہ تفاخر۔

پھر طفیل صاحب آ گئے ۔بولے: ''تم قرآن کیوں نہیں پڑھتے ؟ قرآن پڑھو تو تمہیں پتہ چلے کہ اللہ نے انسان کو کیا عطا کر رکھا ہے ۔اللہ نے اسے اپنا نائب بنایا ہے ۔اسے اتنی طاقتیں بخشی ہیں کہ وہ کائنات کے مخفی بھیدوں کو جان سکے اور چھپی ہوئی کائناتی قوتوں کو تسخیر کر کے اپنے استعمال میں لا سکے۔''

صاحبو! قرآن سے پہلے بڑے بڑے فلسفی انسان کے وجود کو مانتے ہی نہ تھے ۔وہ کہتے تھے یہ دنیا' یہ زندگی ایک سراب ہے ۔اس کا اپنا کوئی وجود نہیں ۔یہ تو ایک خواب ہے جو خدا دیکھ رہا ہے۔

## انسان کا شرف

جو کائنات کو مانتے تھے' وہ کہتے تھے اس کی پیدائش تو ایک حادثہ ہے ۔آپ ہی آپ وجود میں آ گئی ہے اس کا کوئی مقصد ہے نہ منزل ۔جو کائنات کے وجود کو ہی بے معنی سمجھتے ہوں ان کے نزدیک انسان کی حیثیت ہو سکتی ہے ۔

قرآن نے لوگوں کو بتایا کہ کائنات ایک واحد خدا کی تخلیق ہے ۔اس کا ایک مقصد ہے ۔' ایک منزل ہے ۔یہ زندگی خواب نہیں، حقیقت ہے ......بہت بڑی' بہت اہم حقیقت ۔یہ وہ بوٹا ہے جس پر دوزخ اور بہشت کا پھل لگے گا ۔انسان کو اللہ نے بڑا شرف عطا کر رکھا ہے ۔وہ فانی نہیں کیونکہ اللہ نے اس میں اپنی روح پھونک رکھی

ہے۔یہ لاڈلا چاند سے کھیلے گا۔ستاروں کو نوچے گا۔اللہ نے اس لاڈلے کو بڑی قوتوں سے نوازا ہے۔صاحبو!اب تو سائنس دان بھی مان گئے کہ انسان میں جتنی قوتیں پنہاں ہیں ہم صرف اس کا دسواں حصہ استعمال میں لا رہے ہیں'نو حصے خوابیدہ پڑے ہوئے ہیں جو منتظر ہیں کہ انہیں تصرف میں لایا جائے۔

سیانے کہتے ہیں دور کے ڈھول سہانے۔سائنس دانوں نے سب سے پہلے دور کے ڈھولوں کی طرف توجہ کی......چاند'ستارے'سورج'کہکشاں'انہوں نے اس بھید کو نہ سمجھا کہ سب سے بڑا اسرار تو خود انسان ہے"اس لئے چراغ تلے اندھیرا ہی رہا۔پھر شاعروں نے شور مچایا:"تیری بکل دے وچ چور'لیکن بکل کی جانب کسی نے توجہ نہ کی۔

اب سائنسی تحقیق کے سامنے ایک دیوار آ کھڑی ہے۔آگے جانے کا کوئی راستہ نہیں۔رخ بدلنا لازم ہے۔اب وہ انسان کی جانب توجہ کر رہے ہیں۔انہیں احساس ہو گیا ہے کہ ساری کائنات میں انسان ہی سب سے بڑا معمہ ہے جس میں اللہ نے اپنی روح پھونک رکھی ہے'جسے اللہ نے اپنا نائب بنایا ہے'جس کی ساری کائنات خادم ہے ۔اللہ کا انوکھا لاڈلا۔

## اسلام پسند

سمجھ میں نہیں آتا کہ ہمارے علمائے دین نے انسان کو کبھی اشرف المخلوقات نہیں سمجھا۔کیوں؟غیر مسلموں کو تو وہ بھٹکے ہوئے راندہ درگاہ سمجھتے ہیں اور عام مسلمانوں کو بے عمل قرار دے کر تحقیر کی نظر سے دیکھتے ہیں۔انہوں نے اپنے نفس لاشعور میں مسلمانوں کی درجہ بندی کر رکھی ہے۔اس درجہ بندی کی نوعیت انگریزی کی ایک کہاوت کے مترادف ہے۔کہاوت یوں ہے:

All are queer sace thee&me.

And even thee,my dear A little hit queer.

اس حقیقت کا احساس سب سے پہلے ۶۵۔۱۹۶۴ء میں ہوا۔ان دنوں میں وزارت اطلاعات میں کام کر رہا تھا۔میرے کمرے میں ایک الماری کتابوں سے بھیر ہوئی تھی۔ایک دن میں نے اتفاقاً اور ایک کتاب نکالی۔یہ کتاب ایک بہت بڑے عالم دین کی تصنیف تھی۔اپنے پروفیشن کے حوالے سے میں جانتا تھا کہ وہ بہت بڑے
عالم دین کی تصنیف تھی۔اپنے پروفیشن کے حوالے سے میں جانتا تھا کہ وہ بہت بڑے
عالم ہیں اور زندگی بھر کی مسلسل محنت و مشقت سے انہوں نے بین الاقوامی شہرت حاصل کی ہے اور اپنے علم کے زور پر خود کو منوایا ہے۔خصوصی بات یہ تھی کہ انہوں نے ذاتی کاوش کے زور پر یہ اعزازی مقام حاصل کیا۔اگرچہ میں دینی علوم سے ناواقف تھا لیکن میں انہیں بڑا مانتا تھا۔

تفریحاً کتاب کی ورق گردانی کرتے کرتے دفعتاً میں چونکا۔ارے یہ کیا؟انہوں نے علانیہ مسلمانوں کی درجہ بندی کر رکھی تھی۔وہ کلمہ گو کو مسلمان نہیں مانتے تھے۔خود کو اور اپنی قبیل کے لوگوں کو مسلمان سمجھتے تھے اور عام مسلمانوں کو اسلام پسند کہتے تھے۔عام مسلمانوں کے متعلق ان کے دل میں تحقیر کا جذبہ تھا جس کا بات بات پر اظہار ہوتا تھا۔مسلمانوں میں ربط پیدا کرنے کے بجائے وہ افراق و تفریق پیدا کر رہے تھے۔

میں نے ان کے کردار کو جاننے کے لئے کتاب کا بغور مطالعہ کیا۔علم کے زعم نے انہیں بت بنا رکھا تھا۔سیانے کہتے ہیں لوگو!دو تکبروں سے بچنا۔ایک علم کا تکبر،دوسرے نیکی کا تکبر۔ان میں دونوں تکبر موجود تھے۔

## شر کا پتلا

پتہ نہیں ہمارے دینی راہبر انسان کو شر کا پتلا کیوں سمجھتے ہیں......گناہ میں لتھڑا ہوا،راستے سے بھٹکا ہوا۔

صاحبو!اگر آپ مانتے ہیں کہ انسان کو اللہ نے اشرف المخلوقات بنایا ہے،انسان

میں اپنی روح پھونکی ہے اور کائنات کو تسخیر کرنا اس کا مقدر ہے تو انسان شر کا پتلا نہیں ہو سکتا۔میری دانست میں جس روز انسان میں خیر کی نسبت شر کا عنصر بڑھ گیا تو یہ زندگی یہ دنیا ختم ہو کر رہ جائے گی۔یہ دنیا بنی نوع انسان میں خیر کے جذبے کے زور پر چل رہی ہے۔

کہتے ہیں جب داتا صاحبؒ نئے نئے لاہور میں آئے تو کچھ روز قیام کے بعد شہر کا جائزہ لینے کے لئے باہر نکلے۔جب وہ گھوم پھر کر واپس آئے تو استغفار پڑھ رہے تھے۔کسی نے پوچھا آپ استغفار کیوں پڑھ رہے ہیں؟ کہنے لگے میں حیران ہوں کہ یہ شہر غرق کیوں نہیں ہو جاتا۔اتنی گندگی اور غلاظت ہے یہاں کہ اللہ معاف کرے۔

ایک ماہ کے بعد داتا صاحبؒ پھر گھومنے پھرنے کے لئے باہر نکلے۔واپس آئے تو ''سبحان اللہ سبحان اللہ'' ورد زبان تھا۔کسی نے پوچھا تو بولے اس شہر میں اتنی خیر ہے ۔اتنے برگزیدہ لوگ ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ کے لئے اس شہر کو آباد رکھے۔

صاحبو!اس دنیا اور زندگی کو اوپر سے دیکھیں تو شر ہی شر نظر آتا ہے۔یہ زندگی سمندر کے مترادف ہے۔اوپری سطح پر مدوجزر رہوتی ہے'طوفان چلتے ہیں'چھینٹے اڑتے ہیں'جھاگ پیدا ہوتی ہے لیکن نچلی سطح پر سکون ہی سکون'مسلسل گہرا سکون رہتا ہے ۔ایسے ہی ہیومن سوسائٹی میں صرف اوپری سطح پر شر کے چھینٹے اڑتے رہتے ہیں۔نیچے خیر کا سکون ہی سکون ہوتا ہے۔

صاحبو!گناہ کرنا کوئی آسان کام نہیں۔یہ بالکل ایسے ہی ہے جیسے جرم کرنا۔جرم کرنے کے لیے فرد کو اپنے نارمل سیلف سے باہر نکلنا پڑتا ہے۔اپنے اندر غصے کی بھٹی جلانی پڑتی ہے۔انتقام کی آگ کو ہوا دینی پڑتی ہے'نفرت کی دھار تیز کرنا پڑتی ہے 'یعنی خود پر ایک جنونی کیفیت پیدا کرنی پڑتی ہے۔

ایسے ہی گناہ ہے'مثلاً آپ کو جھوٹ بولنا ہے'یہ کوئی آسان کام نہیں۔''میں عادی مجرموں کی بات نہیں کر رہا۔عام افراد کی بات کر رہا ہوں''صرف زبان جھوٹ بولتی

ہے۔باقی سارے اعضاء زبان کا ساتھ نہیں دیتے۔الٹا وہ احتجاج کرتے ہیں کہ جھوٹ ہے‘ جھوٹ ہے۔ بسااوقات زبان بھی ہکلانے لگتی ہے۔

کسی سے بدسلوکی کرنا‘ دھوکہ دینا کوئی آسان کام نہیں۔اگر فرد دن میں پچاس کام کرتا ہے تو ہوسکتا ہے کہ ان میں دو کام شر کے تحت کیے جائیں۔باقی ۴۸ کاموں میں خیر ہی خیر ہوتی ہے۔

ہمارے علمائے دین عام مسلمانوں کو تحقیر کی نظر سے دیکھنے پر مجبور ہیں کیونکہ اس کے ساتھ ان کی ذاتی اہمیت وابستہ ہے۔وہ دل کی گہرائیوں میں عام مسلمانوں کو بھیڑیں سمجھتے ہیں اور خود کو رکھوالے۔ ذہنی طور پر ان میں ہم آہنگی نہیں رہی۔وہ ہٹ کر ایک سے دور ہو چکے ہیں۔باہر والا کچھ کہتا ہے‘ اندر والا کچھ اور۔

# باب ۷

## دودھ کا پیالہ

اللہ کی سول سروس میں طرح طرح کے لوگ شامل ہوتے ہیں۔کوئی موچی ہے، کوئی گڈریا ہے، کوئی افسر ہے، کوئی سادھو ہے، کوئی فوجی ہے، کوئی عالم ہے، کوئی بھڑوا ہے، کوئی شاعر ہے، کوئی گداگر ہے، کوئی سرمایہ دار ہے۔اس سروس میں فقیر کی گدڑی کی طرح ......طرح طرح کی 'ٹلیاں'' لگی ہوتی ہیں۔یہ کھدر ہے، یہ کمخواب ہے، یہ نائیلون ہے، یہ زربفت ہے......

اللہ تعالیٰ نے ایسا پاکھنڈ مچا رکھا ہے کہ خلق خدا پر حیرت کا عالم طاری ہے۔کئی ایک بزرگوں نے وجدان کی مستی کے عالم میں بھید کھولنے کی کوشش کی۔ایک بولا:''تیری بکل دے وچ چور۔''دوسرے نے کہا:''میں ہی تو ایک راز تھا سینہ کائنات میں۔''تیسرا چلایا:''اناالحق''پھر بھی بھید نہ کھلا۔

داتا نے کہا،میں بھید کھول دوں گا۔

اس نے فرمایا''کھول دو اگر کھول سکتے ہو تو۔

داتا نے ایک کتاب لکھ دی۔کشف المحجوب مطلب''بھید کھولو''کتاب۔

صاحبو!میں نے داتا کی کتاب بھید کھولو چار پانچ دفعہ پڑھی ہے لیکن بھید نہیں کھلا۔جو تھوڑی سی عقل ذہن میں تھی، وہ بھی گڑبڑا گئی۔

بہر صورت بزرگ کے متعلق تھوڑی سی بات سمجھ میں آئی۔بزرگوں کے متعلق داتا لکھتے ہیں (جو میں اپنے الفاظ میں بیان کرتا ہوں) کہ اللہ نے اولیاء کو کائنات کا گورنر بنایا ہے۔

۱۔ان میں سے ۴۰۰ ایسے ہوتے ہیں جو پردے میں رہتے ہیں۔ایک دوسرے کو

نہیں جانتے۔اپنے مقام کا خود شعور نہیں رکھتے اور ہر طور خود سے لوگوں سے مخفی رہتے ہیں۔

۲۔پھر ایسے بھی ہیں جنہیں بست وکشاد کی طاقتیں حاصل ہیں۔وہ اللہ کے دربار کے افسر ہیں۔وہ تعداد میں ۳۰۰ ہوتے ہیں جنہیں اخیار کہا جاتا ہے۔

۳۔ ۴۰ کو ابدال کہتے ہیں۔

۴۔ ۷ ایسے ہیں جنہیں ابرار کہتے ہیں۔

۵۔ ۴ کو اومار کہتے ہیں۔

۶۔ ۳ جنہیں نقابہ کہتے ہیں۔

۷۔ اور ایک جسے قطب یا غوث کہتے ہیں۔

داتا نے نام گنوا دیئے' تعداد بتا دی لیکن کام کی نوعیت پر روشنی نہیں ڈالی کہ یہ عہدے دار کرتے کیا ہیں اور یہ روحانی سروس کیوں قائم کی گئی ہے؟ نہ ہی داتا نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ بزرگ کی کیا پہچان ہے؟

## دودھ کا پیالہ

بزرگ کی پہچان کے متعلق میرا ایک ذاتی مفروضہ ہے۔وہ یہ کہ بزرگ کے ہاتھوں میں دودھ سے لبالب بھرا ہوا ایک پیالہ ہوتا ہے' لیکن ٹھہریئے ! یہ بات وضاحت طلب ہے

کہتے ہیں ایک گرو تھا۔اس کا ایک چیلا تھا جس کا نام داس تھا۔گرو نے کئی ایک سال داس کو تعلیم دی' پھر ایک روز اس نے داس سے کہا' دیکھو میاں! جتنی تعلیم میں تمہیں دے سکتا تھا' وہ دے دی ہے۔اب مزید تعلیم تمہیں مہاراج دیں گے۔تم فلاں ریاست میں چلے جاؤ۔یہ ریاست پچھم میں پہاڑوں کے دامن میں واقع ہے۔وہاں پہنچ کر تم ریاست کے مہاراج سے ملو۔انہیں ہمارا سلام دو اور کہو کہ ہم نے تمہیں تعلیم کے لئے بھیجا ہے' پھر جو حکم وہ دیں اس پر عمل کرو۔

داس نے پچھم کا رخ کیا اور پیدل چلتا رہا۔ چلتے چلتے وہ ایک مہینے میں ریاست میں پہنچ گیا لیکن مہاراج کے محل کے دروازے پر دربانوں نے اسے روک لیا۔ داس نے انہیں ساری بات بتائی کہ گرو نے اسے مہاراج کی خدمت میں حاضری دینے کے لیے بھیجا ہے لیکن دربانوں نے اسے اندر جانے نہ دیا۔

ایک مہینہ داس ''مہاراج کے محل کی دیوار تلے پڑا رہا۔ وہ مہاراج کی سواری کو آتے جاتے دیکھتا رہا۔ مہاراج گھوڑے پر سوار ہوتے' ساتھ زرق برق لباس میں ملبوس مصاحبوں کی قطار ہوتی۔ مہاراج کی شان وشوکت دیکھ کر داس سوچ میں پڑ جاتا۔

## شک وشبہات

گرو نے مجھے کہاں بھیج دیا ہے؟ یہ مہاراج تو اتنی بڑی ریاست کا حکمران ہے۔ دنیا کی ہر نعمت اسے حاصل ہے۔ شان وشوکت میں رہتا ہے۔ خدمت کرنے کے لئے نوکر چاکر ہیں۔ یہ تو بری طرح سے دنیا داری میں پھنسا ہوا ہے۔ یہ مجھے کیا تعلیم دے گا؟

ایک روز اتفاق سے مہاراج کی سواری محل کی دیوار کے اس حصے سے گزری جہاں داس پڑا ہوا تھا۔ مہاراج کی سواری دیکھ کر داس ہمت کر کے راستہ روک کر کھڑا ہو گیا۔

مصاحبوں نے اسے پکڑ لیا اور مہاراج کے حضور میں لے گئے۔ مہاراج نے غصے میں پوچھا' پاگل آدمی بول تو نے یہ حرکت کیوں کی؟

داس زیر لبی میں بولا' مہاراج! گرو دیو نے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے۔

مہاراج بات سمجھ گئے' پینترا بدل کر بولے' اسے محل میں لے جاؤ۔ وہاں ایک حجرے میں رکھو۔ خدمت گار لگا دو جو اس کے کھانے پینے کا خیال رکھیں اور اس پر نگاہ رکھیں تا کہ یہ بھاگ نہ جائے۔ اس کے مقدمے کا فیصلہ ہم خود کریں گے۔ ہم خود سزا

تجویز کریں گے۔

ایک مہینہ داس محل کے اندر مقیم رہا۔اس کی ہر ضرورت پوری کرنے کے لئے خدمت گار موجود تھے۔محل کا اندرونی منظر دیکھ کر اس کی آنکھیں چکاچوند ہو گئیں۔ دل میں شکوک اور ابھرے۔

ایک روز تہوار کی رات تھی۔محل جگ مگ جگ مگ کر رہا تھا۔سارے شہر میں چراغاں ہو رہا تھا۔آدھی رات کے وقت خدمت گار نے آکر داس سے کہا کہ مہاراج نے حاضری کا حکم دیا ہے۔

داس حاضر ہوا تو مہاراج بولے' دیکھو آج تہوار کی رات ہے۔سارا شہر جگ مگ ہو رہا ہے۔شہر میں جگہ جگہ کھیل تماشے ہو رہے ہیں۔ہم چاہتے ہیں کہ تم شہر کی سیر کرو۔خدمت گار تمہارے ساتھ جائے گا اور سارا شہر گھمالائے گا۔

## سر پر لٹکتی تلوار

جب داس جانے لگا تو مہاراج نے آواز دی۔بولے !میاں ہمارا ایک کام کرو۔یہ کہہ کر مہاراج نے ایک لبالب بھرا ہوا پیالہ داس کے ہاتھ میں تھما دیا۔بولے !دودھ کا یہ پیالہ اٹھائے رکھنا۔خبردار اس پیالے سے ایک قطرہ دودھ بھی نیچے نہ گرے

۔

پھر مہاراج نے جلاد کو بلایا۔بولے !تم ان کے ساتھ جاؤ۔اگر دودھ کا ایک قطرہ بھی پیالے سے گرے تو تم اس کا سر قلم کر دینا۔

اگلے روز مہاراج نے پھر داس کو بلا بھیجا۔

پوچھا'میاں بتاؤ کل رات شہر میں کیا کیا تماشے دیکھے؟ کیا کیا رونقیں دیکھیں؟

داس ہاتھ جوڑ کر بولا۔مہاراج رونقیں اور تماشے کیسے دیکھتا؟میری تو ساری توجہ دودھ کے پیالے پر مرکوز تھی اور سر پر جلاد کی تلوار تھی۔

مہاراج مسکرائے'بولے'داس ہمارا بھی یہی حال ہے۔ہمارے گرو نے بھی

ہمارے ہاتھوں میں پیالہ تھما دیا تھا اور حکم دیا تھا کہ جاؤ ریاست کا راج پاٹ سنبھالو۔ دنیاوی شان وشوکت کے تماشے دیکھو' لیکن دھیان رہے کہ دودھ کا قطرہ زمین پر نہ گرے۔

ہاں! تو میں کہہ رہا تھا کہ بزرگ کی شناخت یہ ہے کہ اس کے ہاتھوں میں دودھ کا ایک پیالہ ہوتا ہے۔ چاہے وہ کرسی اقتدار پر بیٹھا ہو یا چکلے کی نالی میں لت پت پڑا ہو۔ اس کی تمام تر توجہ دودھ کے پیالے پر مرکوز رہتی ہے۔ لیکن ٹھہریئے......

صاحبو! میری حماقت ملاحظہ کرو۔ میں دودھ کے پیالے کی بات کر رہا ہوں جب کہ میرے ساتھی دانشور بزرگوں کے وجود ہی سے منکر ہیں۔

الکھ نگری کی اشاعت کے بعد کچھ دانشوروں نے اخبارات میں مجھ پر اعتراضات کئے تھے۔

## بابے

ایک جانے پہچانے ادیب نے' جو کہ پروفیسر ہیں' کہا مفتی ہمیں خواہ مخواہ بابوں کے چکر میں ڈال رہا ہے۔ یہ بابے ہماری سمجھ میں نہیں آتے۔ یہ بابے اچھے خاصے مزاحیہ کردار لگتے ہیں۔ مفتی کا کہنا ہے کہ مستری بابا آنے والا ہے' جس نے پاکستان کو رنگ و روغن کرنا ہے۔

مفتی نے پروفیسر صاحب کی خدمت میں عرض کیا' عالی جاہ! میری کیا حیثیت ہے کہ بابوں کی بات کروں۔ میں ایک ادھ پڑھ آدمی ہوں۔ مذہب کے متعلق سراسر منہ زبانی ہوں۔ باباؤں کی بات تو آپ کے داتا نے کی ہے جو لاہور شہر کے بادشاہ ہیں۔ جنہیں سلام کرنے کے لئے آپ مہینے میں ایک مرتبہ دربار عالیہ پر ضرور حاضری دیتے ہیں۔

جنہیں آپ عالم مانتے ہیں۔

داتا اپنی تصنیف کشف المحجوب میں باباؤں کے متعلق لکھتے ہیں:

۱۔ اللہ نے اولیاء کو کائنات کا گورنر بنایا ہے۔

۲ اولیاء نے اپنی تمام تر زندگی اللہ تعالیٰ کیلئے وقف کر رکھی ہے۔

۳ اولیاء نے اپنی ذات کو نفی کر رکھا ہے۔

۴ ان کی برکتوں کی وجہ سے آسمان سے مینہ برستا ہے۔

۵ ان کی زندگی کی پاکیزگی کی وجہ سے زمین سے بوٹے اگتے ہیں۔

۶ ان کی روحانیت کی وجہ سے مسلمان' کافروں سے لڑائیاں جیت جاتے ہیں۔

## جھگڑا

صاحبو! دیکھ لو دانشور کتنے منافق ہیں۔ مفتی باباؤں کی بات کرے تو اسے ڈانٹتے ہیں۔ لیکن جنہوں نے باباؤں سے متعارف کرایا ہے' ان سے اظہار عقیدت کرتے ہیں' انہیں سلام کرتے ہیں' فاتحہ پڑھتے ہیں' ان سے برکات کی استدعا کرتے ہیں' لیکن دوستو یہ کوئی نئی بات نہیں۔ یہ تو پرانا جھگڑا ہے جو اللہ میاں اور دانشوروں کے درمیان چلا آرہا ہے۔

دانشور کہتے ہیں' اے اللہ! اس دنیا کے نظام کو ایسے چلا جیسے ہم چاہتے ہیں یا کم از کم ایسے جو ہماری سمجھ میں آجائے۔

ادھر اللہ میاں ضد کئے بیٹھے ہیں۔ کہتے ہیں' میاں ہم قادر مطلق ہیں' جو چاہیں گے کریں گے۔ تم ہمیں پابند نہیں کر سکتے۔

اس پر دانشور بھی ضد میں آجاتے ہیں۔ کہتے ہیں' اگر تو ہماری بات نہیں مانتا تو ہم بھی تجھے قادر مطلق نہیں مانیں گے۔ جو بات دل کو لگے گی وہ مانیں گے' جو نہیں لگے گی وہ نہیں مانیں گے۔

نتیجہ یہ ہے کہ دانشور اللہ تعالیٰ کی باتوں پر نکتہ چینی کرتے رہے ہیں اور کر رہے ہیں یہ کیسے ہوا؟ وہ کیوں ہوا؟ نہیں ایسا نہیں ہو سکتا۔ یہ قانون کے خلاف ہے۔

دانشور بھی سچے ہیں۔ کہتے ہیں' جب اللہ نے کائنات کو چلانے کے لئے اصول اور قانون بنا دیئے ہیں' پھر اسے کیا حق حاصل ہے کہ اپنے بنائے ہوئے اصولوں کی خلاف خلاف ورزی کرے؟ خود معجزے دکھائے اور اپنے بابوں کو کرامات دکھانے کی اجازت دے۔ ایک بات یہ بھی ہے کہ ہمارے دانشور اللہ کو اپنی لاجک Logic کے تابع کرنے کے شوقین ہیں۔ وہ جج بن کر بیٹھ جاتے ہیں اور اللہ کے کاموں پر فیصلے سناتے رہتے ہیں۔ فلاں کام اللہ نے ٹھیک نہیں کیا۔ فلاں کام بالکل گڈمڈ کر دیا۔ کیا خدائی یوں کی جاتی ہے؟ ہمارے دانشوروں کو سب سے زیادہ اعتراضات معجزوں اور کرامتوں پر ہے۔

## معجزے

اللہ ان کی باتوں پر ہنستا ہے۔ کہتا ہے' اندھو! غور سے دیکھو۔ میرا تو ہر کام معجزہ ہے۔ اس مشین کو دیکھو جسے تم گائے کہتے ہو۔ یہ گھاس کھاتی ہے اور ہم نے ایسا نظام بنا دیا ہے کہ ایک طرف گھاس سے خون بنتا ہے' دوسری طرف سے فضلا باہر نکلتا ہے اور تیسری طرف سے تمہارے لئے میٹھا اور پاکیزہ دودھ۔ کیا یہ معجزہ نہیں ہے؟

تم دیکھو تو۔ ایک ہی ٹکڑا زمین میں' ایک جانب ایک بوٹا زمین سے فرحت بخش کھٹاس اکٹھی کر کے ''نیبو'' بنا دیتا ہے۔ دوسری طرف ایک بوٹا زمین سے لذت بھری مٹھاس چوس کر آم بنا دیتا ہے۔ کیا یہ معجزہ نہیں؟

تم دیکھو تو لق دق صحرا میں' جہاں میلوں پانی کا نشان نہیں' ایک سوکھی پتلی سی بیل شیریں پانی سے بھرا ہوا ایک تنا بڑا تربوزا گا دیتی ہے۔ کیا یہ معجزہ نہیں؟

پھر ہم نے ایک چھوٹے سے پتنگے کی دم میں شعلہ لگا دیا' ٹھنڈی آگ کا شعلہ۔ تم ہمارے کس کس معجزے کو جھٹلاؤ گے؟

پھر تم اپنی طرف دیکھو۔ ہمارے بابے نے' جسے تم اپنی کم فہمی کی بنا پر علامہ کہتے ہو' ایسے ہی تم نہیں کہہ دیا۔

میں ہی تو ایک راز تھا سینہ کائنات میں۔

## کردار کی عظمت

معافی چاہتا ہوں۔بات تو دودھ کے پیالے کی ہو رہی تھی۔میں نے خواہ مخواہ دانش وروں کے چھتے میں انگلی ڈال دی۔ہاں تو میں کہہ کہ دودھ کا پیالہ بزرگ کا پہچان ہے۔

داتا صاحبؒ دودھ کا پیالہ اٹھائے لاہور میں آبیٹھے۔انہوں نے اسلام کی تبلیغ نہیں کی‘صرف ان کے دودھ کے پیالے کے زور پر کچھ عرصے میں آدھا لاہور مسلمان ہوگیا۔

دودھ کا پیالہ اٹھا کر ایک بابا ہندوؤں کے گڑھ اجمیر شریف میں جا بیٹھا۔پچھلے سال عرس پر میں نے اجمیر شریف میں حاضری دی اور میں یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ لاکھوں زائرین میں غیر مسلموں کی تعداد مسلمانوں کی نسبت بہت زیادہ تھی۔

ایک بابا دودھ کا پیالہ اٹھائے جادوگروں کی نگری میں جا بیٹھا اور آج وہ نگری پاک پتن کے نام سے مشہور ہے۔

سب سے بڑا دودھ کا پیالہ عظیم کردار حضورﷺ کا تھا۔

آج چودہ سو سال کے بعد بھی بڑے بڑے دانشور‘Humanist سائنس دان‘مورخ‘علماء خصوصاً غیر مسلم‘حضورﷺ کے کردار کی عظمت کے قائل ہیں۔یہاں تک کہ محققوں نے دنیا کے سو بڑے لوگوں کی ایک فہرست مرتب کی ہے جس میں حضورﷺ کا نام سب سے اول شمار کیا گیا ہے۔حضورﷺ کے کردار کی عظمت کو عیسائیوں کے بڑے پادریوں اور راہبوں نے بھی تسلیم کیا ہے۔

## قبیلہ تہذیب

عام طور پر سمجھا جاتا ہے کہ اسلام کی آمد سے پہلے مکے اور اس کے گردونواح کے علاقوں میں جہالت کا دور دورہ تھا۔یہ ایک غلط فہمی ہے‘ کیونکہ ان علاقوں میں رہنے

بدو قبیلوں میں بٹے ہوئے تھے ۔قبیلہ تہذیب ایک مخصوص رنگ میں رنگی ہوتی ہے ۔ڈاکٹر افضل اقبال نے اپنی تصنیف ''دی کلچر آف اسلام'' میں قبیلہ نفسیت کو وضاحت سے بیان کیا ہے ۔ڈاکٹر افضل اقبال کی تحریر convinicing Powerful ہے اوران کی تحقیق کا رخ حقیقت پسندانہ ہے ۔انہوں نے قبیلہ نفسیت اوراسلام کردار کا بہت خوبی سے موازنہ کیا ہے ۔

قبیلہ تہذیب میں رسم ورواج بہت اہم ہوتے ۔یہی ہر قبیلے کا Trihal La ہوتا ہے جس پر چون وچرا کئے بغیر عمل کرنا لازم ہوتا ہے ۔قبیلہ تہذیب میں فرد کی ذاتی اہمیت نہیں ہوتی ۔اپنی تمام تر اہمیت وہ قبیلے سے اخذ کرتا ہے ۔کردار کی ان خوبیوں کو سراہا جاتا ہے جو قبیلے کی تقویت کا باعث ہوں ۔

قبیلہ تہذیب کے افراد شیخی خورے ہوتے ہیں ۔اونچی ناک والے 'لڑاکا' غصیل' انتقام کے رسیا' شجاعت کے زعم سے بھرے ہوئے' کھانے پینے کے رسیا' کھانے پلانے کے شوقین ۔اسلامی کردار کی خصوصیات قبیلہ تہذیب سے مختلف اورمتضاد ہیں ۔

## مکے کی اہمیت

ان دنوں مکے میں مختلف قبیلوں کے سردار رہتے تھے ۔مکہ ایک بت خانہ تھا جہاں ہر قبیلے کے دیوتاؤں کے بت رکھے ہوئے تھے ۔مکے کی حیثیت ایک متبرک مذہبی مرکز کی تھی ۔سرداروں کی اہمیت بھی دیوتاؤں کے بتوں کے حوالے سے تھی ۔

لوگ دور دور سے مکے آتے تھے ۔اپنے دیوتاؤں کی پرستش کرتے' رسومات بجا لاتے' مکے میں قیام کرتے اور خرید وفروخت کرتے ۔یوں مکہ خرید وفروخت کے مرکز کی حیثیت اختیار کر گیا تھا ۔پھر ایک اور بات تھی' عرب کے دوسرے علاقوں میں جانے کے لئے صرف ایک ہی راستہ تھا ۔یہ درہ مکے کے قریب واقع تھا' اس لئے تجارتی قافلے روانہ ہونے سے پہلے مکے میں جمع ہوتے' وہاں پڑاؤ کرتے ۔اس وجہ

سے مکے کی تجارتی حیثیت میں اضافہ ہوتا تھا۔

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا کردار

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کم گو تھے۔ میل میلاپ کے شوقین نہ تھے‘ تنہائی پسند تھے۔ دولت مند نہ تھے۔ چرواہے کا کام کیا کرتے تھے۔ آپؐ کے اخلاق اور کردار کی وجہ سے مکے والے آپؐ کی عزت کرتے تھے۔ انہوں نے آپؐ کو امین مخاطب دے رکھا تھا۔ سبھی مانتے تھے کہ آپؐ نے کبھی دروغ بیانی نہیں کی‘ کبھی منافقت نہیں کی۔ پھر آپؐ نے تجارت کا کام شروع کرلیا۔ مکے میں آپؐ کے کاروباری لین دین اور دیانت داری کی دھوم پڑ گئی۔ گمان غالب ہے کہ مکے میں آپؐ فرد واحد تھے جنہوں نے اپنے کردار کے زور پر اپنی سچائی اور دیانت داری کے زور پر عزت کروائی۔ ان حالات میں یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ جب حضورؐ نے پیغمبر ہونے کا اعلان کیا تو مکے والوں نے دل ہی دل میں آپؐ کی سچائی پر یقین کرلیا ہوگا۔ پھر وہ آپؐ کے دشمن کیوں بن گئے؟ اس لئے کہ اگر وہ بتوں کو توڑ دیتے تو ان کی سرداری ختم ہو جاتی ہے اور مکے کی اقتصادی اہمیت ٹھپ ہو جاتی لٰہذا اپنی اور شہر کی اہمیت کو برقرار رکھنے کے لئے وہ حضورؐ کے خلاف ہو گئے

## جزو اور کل

صاحبو! جب بھی میں حضورؐ کے بارے میں سوچتا ہوں تو میرے ذہن میں ایک عظیم انسان کی تصویر ابھرتی ہے۔ عہدے دار کی نہیں‘ انسان کی۔ ایک دن میں نے قدرت اللہ سے پوچھا‘ یہ بتائیے کہ سب سے افضل عبادت کون سی ہے؟

انہوں نے کہا‘ سب سے افضل عبادت Identification with Mohammad ہے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جیو۔ لیکن کیسے؟

بولے‘ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح سرہانے تلے رکھو۔ روز ایک واقعہ پڑھو۔ پھر سوچو کہ اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے احساسات اور جذبات کیا ہوں گے؟ پھر آپ ان کے

جذبات سے واقفیت حاصل کرنے کے بعد جب بھی کسی سچوایشن سے دوچار ہوں تو سوچئے کہ ان حالات میں حضورﷺ کا ردعمل کیا ہوتا؟

محمدﷺ جیو کے عظیم اصول کو ہم نے یوں اپنایا کہ کل کو چھوڑ کر جزو پر توجہ مرکوز کر لی۔ دودھ کو نظر انداز کر کے پیالے کو اپنا لیا کہ پیالہ کس چیز کا بنا ہے؟ اس کی شکل کیسی ہے؟ اس پر کس طرح کے نقش ونگار بنے ہیں؟ ہم سوچنے لگے کہ حضورﷺ کتنی لمبی داڑھی رکھتے تھے؟ کمرے میں داخل ہوتے تو کون سا پاؤں پہلے اندر دھرتے؟ پانی پیتے تو کٹورہ کس ہاتھ میں پکڑتے؟ کس قسم کا لباس پہنتے؟

ہم نے دودھ کو نظر انداز کر دیا' پیالے کو اہم سمجھ لیا۔ ہم نے کردار کو نظر انداز کر دیا' جسمانی ہیت کو اہم سمجھ لیا اور ہم نے اس جزو پرستی کو سنت کا نام دے دیا۔

## معذرت

صاحبو! میں معذرت خواہ ہوں یہ تحریریں جو میں ''تلاش'' کے عنوان سے آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں' ان کی کوئی عالمانہ حیثیت نہیں ہے۔ الحمدللہ! کہ میں عالم نہیں ہوں۔ بے شک قرآن میں بار بار علم حاصل کرنے کی تاکید کی گئی ہے لیکن اس کے ساتھ ایک شرط ملفوف ہے کہ علم حاصل کرو لیکن دھیان رہے کہ عجز کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹے۔

صاحبو! علم تفاخر پیدا کرتا ہے' انا میں پھونک بھر دیتا ہے۔ سیانے کہتے ہیں:

Masters are monsters عالم فرعون بن جاتے ہیں

ہمارے علمائے دین کو دیکھئے۔ درسگاہوں کے اساتذہ کرام کو دیکھئے۔ ان کے رویے کو دیکھ کر مجھے ٹی وی کی وہ اشتہاری بچی یاد آجاتی ہے جو بچوں کو دانت صاف کرنے کے طریقے بتانے کے بعد کہتی ہے: ''سمجھے؟ شاباش۔''

میری یہ تحریریں دانشورانہ حیثیت بھی نہیں رکھتیں۔ الحمدللہ! کہ میں دانشور نہیں ہوں۔ میں تو خود تلاش میں ٹھوکریں کھاتا پھر رہا ہوں۔ منزل کا پتہ ہے۔ نہ راستے کا۔

# نصیحت

میری یہ نصیحتوں کی حیثیت بھی نہیں رکھتیں ۔میں کیا نصیحت کروں گا؟ میں نے خود گڑ کھایا ہے' کس منہ سے کہوں "من نہ کردم شما حذر بکنید" میرے گرو نے مجھے واحد نصیحت کی تھی ۔کہنے لگے' مفتی میری ایک نصیحت پلے باندھ لو۔وہ یہ کہ کبھی کسی کو نصیحت نہ کرنا۔نصیحت منہ سے کہنے کی چیز نہیں' کر دکھانے کی چیز ہے ۔منہ سے کہو تو الٹی چرغی چل جاتی ہے۔ری ایکشن پیدا ہوتا ہے۔

نصیحت کی بات پر مجھے ایک کہانی یاد آ گئی ۔میں اس کہانی کو دنیا کی عظیم کہانیوں میں شمار کرتا ہوں۔حکیم صاحب کی دکان تھای۔شام کا وقت تھا۔حکیم صاحب شہد کے مرتبان پر ٹھیک طور پر ڈھکنا لگا کر نہیں گئے تھے ۔ایک مکھی مرتبان پر جا بیٹھی ۔ڈھکنے کے دراڑ سے اندر گھسی اور شہد چاٹنے لگی۔چاٹتی رہی۔

جب سیر ہوگئی تو چاہا کہ اڑ جاؤں لیکن اڑ نہ سکی کیونکہ اس کی ٹانگیں شہد کے شیرے میں پھنسی ہوئی تھیں' پھر وہ دیر تک اپنی ٹانگوں کو چھڑانے کی کوشش کرتی رہی ۔آخر کار کامیاب ہوگئی لیکن تھک کر بیٹھ گئی۔

اس دوران دکان میں ایک پتنگا آ گیا۔وہ مکھی کو دیکھتا رہا...... کچھ دیر کے بعد مکھی پھر شہد کی طرف بڑھی ۔پتنگا بولا:"بی بی !ابھی تو اتنی مشکل کے بعد شہد سے باہر نکلی ہو ۔اب پھر شہد کی طرف بڑھنے لگی۔عقل کر بی بی ! کیوں خود کو پھر سے مصیبت میں ڈالتی ہو۔پتنگے کی بات سن کر مکھی شرمندہ ہوگئی۔

اتنے میں حکیم صاحب کا نوکر دیا جلا کر لے آیا اور دکان میں رکھ گیا۔دیئے کو دیکھ کر پتنگے نے دیوانہ وار شعلے کا طواف کرنا شروع کر دیا۔کچھ دیر کے بعد وہ شعلے کی زد میں آ گیا ور جل کر نیچے گر پڑا۔مکھی یہ دیکھ کر مسکرائی۔بولی' لو ابھی ابھی مجھے نصیحتیں کر رہا تھا۔عقل سکھا رہا تھا۔

صاحبو! دراصل ان تحریروں کے پردے میں 'میں آپ سے باتیں کر رہا

ہوں۔ حسنِ یار کی باتیں۔ اپنی خوش فہمیاں، کج رویاں، الٹی سلٹی سوچیں، سنی سنائی بیتی آپ بیتیاں۔

جب گوروں نے برصغیر میں براڈ کاسٹنگ کا آغاز کیا تھا تو انہوں نے نشریات میں ایک نیا موضوع شامل کیا تھا جس کا نام انہوں نے ''ٹاک'' رکھا تھا۔

ہماری نشریات میں ''ٹاک'' کامیاب نہ ہو سکا کیونکہ براڈ کاسٹر یا تو اسے تقریر کی شکل دے دیتے یا مولویانہ وعظ کی، یا سنجیدہ مقالے کی۔ میری یہ تحریریں دراصل ٹاک کی حیثیت رکھتی ہیں۔ ۱۹۷۵ء میں میں نے آپ کی خدمت میں حج کی روداد پیش کی تھی۔ عنوان تھا ''لبیک''۔

لبیک کی اشاعت پر قارئین نے مجھے تقریباً دو ہزار خط لکھے۔ حیرت کی بات یہ تھی کہ بیشتر خطوں کا نفس مضمون ایک ہی تھا...... لکھا تھا کہ ان موضوعات پر ہمارے خیالات اور جذبات بالکل ایسے ہی ہیں جیسے آپ نے لبیک میں رقم کیے ہیں۔ ایسے لگتا ہے جیسے آپ نے ہمارے خیالات اور جذبات کو لفظوں میں ڈھال کر لبیک میں پیش کر دیا ہے۔ تلاش لکھتے ہوئے کبھی کبھی مجھے ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے میں آپ ہی کے خیالات اور جذبات کو لفظوں میں ڈھال رہا ہوں۔

# باب ۸

## جہاں گڑ ہوگا وہاں چیونٹے تو آئیں گے

روزنامہ نوائے وقت میں آج کل الطاف گوہر کو ہر ایک کالم لکھ رہے ہیں۔انہوں نے اپنے کالم مس ی لکھا کہ کراچی کے ایک پوش محلے کی مسجد میں' جہاں صاحب حیثیت اور پڑھے لکھے لوگ رہتے ہیں' انہیں مولوی صاحب کا خطبہ سننے کا اتفاق ہوا۔

مولوی صاحب کے خطبے کا موضوع تھا کہ مسلمان نمازی پر لازم ہے کہ وہ اپنی شلوار ٹخنوں سے اوپر رکھے ورنہ اس کی نماز فقسق ہو جائے گی۔الطاف گوہر مولوی صاحب کی جسارت پر حیرت زدہ تھے کہ پڑھے لکھے لوگوں کے سامنے ایسے فروعی موضوع پر خطبہ دیے رہے تھے اور اتنے جوش اور جذبے سے بات کر رہے تھے جیسے سامعین پر ایک نئے انوکھے اور اہم ترین موضوع کا انکشاف کر رہے ہوں' اور اسلام کے ایک اہم بلکہ بنیادی مسئلے پر روشنی ڈال رہے ہوں۔

## خطبہ

مجھے بھی مولوی صاحب کا ایسا ہی خطبہ سننے کا اتفاق ہوا تھا۔

سردیوں کا موسم تھا' اسلام آباد میں آب پارہ کی لال مسجد کا ملحقہ میدان کھچا کھچ نمازیوں سے بھرا ہوا تھا۔اجتماع میں زیادہ تر سرکاری افسر تھے۔ڈپٹی سیکرٹری، سیکشن افسر، سیکرٹریٹ کا پرسنل سٹاف اور دو ایک سیکرٹری بھی موجود تھے۔مولوی صاحب طبہ دینے کے لئے اٹھے تو اتفاق سے ان کی نگاہ ایک صاحب پر پڑی جس نے جرابیں پہن رکھی تھیں۔مولوی صاحب کو خطبے کے لئے ایک موضوع مل گیا۔انہوں نے مجمع کو ڈانٹنا شروع کر دیا کہ پڑھے لکھے ہو کر آپ ایسی حرکتیں کرتے ہیں اور نماز میں بھی سنت کو ملحوظ خاطر نہیں رکھتے۔آپ کو علم ہونا چاہیے کہ نماز میں جراب پہننا ممنوع ہے

۔جو شخص جراب پہن کر نماز پڑھتا ہے' اس کی نماز فسق ہو جاتی ہے۔

مجمع میں سے کوئی چلا کر بولا :؟؟ مولانا اسکیمولینڈ کے مسلمان کیا کرتے ہوں گے؟''

مولانا غصے میں چلائے :''ہم اسکیمولینڈ کی بات نہیں کر رہے ۔ہم پاکستان کی بات کر رہے ہیں اور صاحبو جان لو کہ خطبے کے دوران حجت کرنا شیطانی فعل ہے۔''

مجمع پر سکوت چھا گیا۔

مجھے مولوی صاحب کی جسارت پر حیرت نہیں ہو رہی تھی کہ وہ پڑھے لکھے اور اسلام کے باخبر لوگوں کے سامنے ایسی باتیں کر رہے تھے' اس جذبے' جوش اور Conviction سے بات کر رہے تھے جیسے وہ جانتے ہوں اور ان جانوں کو سمجھانے کا مقدس فریضہ ادا کر رہے ہوں۔ مجھے تو اس بات پر حیرت ہو رہی تھی کہ پڑھے لکھے باخبر لوگ مولوی صاحب کی فروعی باتوں کو بیٹھے خاموشی سے سن رہے تھے۔کسی کے دل میں احتجاج پیدا نہیں ہو رہا تھا۔Thy were suffering it

میرے دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ اٹھ کر مولوی صاحب سے کہوں'' جناب والا خطبے میں کسی اسلامی مسئلے پر روشنی ڈالئے'' میں اٹھ بیٹھا' وہ ایک بار کوشش کی لیکن بات کرنے کی ہمت نہ ہوئی۔ میں نے سوچا چلو احتجاجاً واک آؤٹ ہی کر لو۔ مجھے مجمع سے باہر نکلتے دیکھ کر مولوی صاحب نے ایک پینترا بدلا' کہنے لگے :''خطبہ سننا لازم ہے چونکہ یہ نماز کا ایک لازمی حصہ ہے۔ خطبہ نہ سنو تو نماز فسق ہو جاتی ہے۔''

اس روز میرا موڈ بہت آف رہا۔

شام کو میرے گھر ''چھڈ یار'' کی میٹنگ تھی۔

''چھڈ یار'' ہماری ایک تنظیم ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ چھوڑو۔سیاسی صورت حال کو چھوڑو۔ دفتر کی پالیٹکس کو چھوڑو' گھریلو چخ چخ کو چھوڑو' اپنے اندر کا بچہ باہر نکالو' اسے اپنے کندھے پر بٹھاؤ اور پھر باہر نکل جاؤ۔ آٹھ دس دن کسی کھوہ میں' جنگل

میں، وادی میں، پہاڑی پر جا کر تیاگی بن جاؤ۔

چھڈ یار کے چھ رکن ہیں جو ''میں میں'' سے یوں بھرے ہوئے ہیں جیسے بھڑ ''بھوں بھوں'' سے بھرے ہوتے ہیں۔

## جھولا اور نمرود

سب سے پہلے عماد آیا۔ عماد ذات کا انجینئر ہے، جو عبادات میں یوں بھیگا ہوا ہے جیسے جلیبی شیرے میں بھیگی ہوتی ہے۔ کہنے لگا: ''آج تو موآف نظر آتا ہے کیا ہوا؟'' میں نے مولوی صاحب کے خطبے کی بات سنائی۔ اس پر عماد ہنسا، کہنے لگا: ''مفتی جب خطبے ایسے ہی ہوتے ہیں۔ یہ جراب والی بات تو بڑی معصوم ہے۔ ہم نے وہ وہ خطبہ سنا ہے کہ الامان۔ مثلاً ہمارا گاؤں بڑے پر فضا مقام پر واقع تھا۔ جب برسات کا موسم آتا تو سبزے کا مخملی فرش بچھ جاتا، درختوں کی شاخیں ڈھنا دھن جھولتیں۔ طرح طرح کے پرندے اپنی اپنی بولیاں بولتے۔ ایک سماں بندھ جاتا۔ بچے ضد کرتے تو بڑے رسوں کے جھولے بنا دیتے جن پر بیٹھ کر بچے جھولتے۔

اس پر ہمارے گاؤں کی مسجد کے مولوی صاحب نے جمعے کی نماز کے دوران خطبے میں ہم سب کو خبردار کیا کہ جھولا جھولنا ایک غیر اسلامی بلکہ شیطانی فعل ہے۔

مولوی صاحب کی یہ بات سن کر ہم سب بہت حیران ہوئے۔

اعظمی نے کہا: ''آپ مولوی صاحب سے پوچھتے تو کہ شیطانی فعل کیسے ہے؟''

عماد مسکرایا، کہنے لگا: ''آپ گاؤں کے مولوی صاحب کو نہیں جانتے۔ دیہات میں وہ اسلام پر اتھارٹی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان سے بحث نہیں کی جا سکتی۔ مولوی صاحب نے خود ہی جھولے کے مسئلے پر روشنی ڈالی۔ کہنے لگے: ''نمرود نے ہی جھولا ایجاد کیا تھا۔ قصہ یوں ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالنے کے لئے ایک بہت بڑا بھانبڑ لگایا گیا تو وہ اس قدر بڑا ہو گیا کہ قریب جانا مشکل ہو گیا۔ کوئی شخص حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس الاؤ میں دھکیلنے کے لئے تیار نہ تھا۔ اس

وقت نمرود کو سوجھی۔اس نے رسے کا ایک جھولا درخت سے باندھا۔جھولے کا رخ آگ کے الاؤ کی طرف کر دیا۔نمرود نے کہا حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جھولے پر بیٹھا کر دھکا دو۔جب جھولا الاؤ کے اوپر جل جائے گا اور ابراہیم الاؤ میں گر پڑیں گے ۔"

مولوی صاحب نے کہا "جو جھولا لگاتے ہیں' وہ نمرود کے پیروکار ہیں۔لوگو خبردار اس بدعت میں نہ پڑو۔"

عمر ہنسنے لگا بولا: "یہ خطبہ تو پرانا ہے۔آج بسنت کے خلاف خطبے دیئے جارہے ہیں کہ بسنت منانا کفر کے مترادف ہے۔یہ موسمی تہوار نہیں بلکہ ہندوانہ تہوار ہے ۔اسلام میں صرف مذہبی تہوار ہوتے ہیں۔"

## سکہ وہ جو رائج الوقت ہے

"ان خطبوں میں اسلام کے متعلق کتنی ڈس انفارمیشن پھیلائی جاتی ہے۔"اعظمی نے کہا۔"اسلام کو مسخ کر کے پیش کیا جاتا ہے۔"

اس دوران مسعود قریشی بھی آ گیا۔مسعود نے آتے ہی شور مچا دیا' کہنے لگا: "یار تم سب کتنے احمق ہو۔جسے تم مسخ شدہ کہتے ہو یہی اسلام ہے۔جسے تم ڈس انفارمیشن کہتے ہو یہی اسلام ہے۔"

"تیرا دماغ تو نہیں چل گیا؟"عمر غصے میں غرایا۔

"میرا نہیں"مسعود نے جواب دیا"تمہارا دماغ چل گیا ہے۔تم سمجھتے ہو کہ اسلام وہ ہے جو کتاب میں درج ہے یا وہ ہے جو پڑھے لکھے عقل مند باخبر لوگوں کے ذہنوں میں محفوظ ہے۔نہیں میرے پیارو! اسلام وہ ہے جو رائج الوقت ہے۔اسلام وہ ہے جو مسجدوں میں خطبوں کے ذریعے پھیلایا گیا ہے۔پھیلایا جارہا ہے۔"

اس پر سب احتجاجاً چیخنے لگے۔

مسعود نے کہا"اچھا یہ بتاؤ پاکستان میں کل کتنی مسجدیں ہوں گی۔ہر اڈے پر

ہے۔ ہر شاہراہ پر ہے۔ شہروں میں ہر محلے میں ہے۔ مل ملا کر دس لاکھ تو ہوں گی۔

''ہاں شاید'' عماد نے کہا۔

''تو جان لو دوستو'' مسعود بولا: ''کہ ہر جمعے کو ہر تہوار کے دن دس لاکھ مسجدوں میں ایسے خطبے دیئے جاتے ہیں۔ دیہات کے اسی فی صد لوگ تو ان خطبوں کو حرف آخر سمجھتے ہیں۔ شہر کے عام لوگ ان خطبوں کو ڈھل مل یقین سے سنتے ہیں۔ پڑھے لکھے باخبر لوگ وان خطبوں کو سنتے ہیں اور Suffer کرتے ہیں' بولتے نہیں۔ پھر ریڈیو' ٹی وی پر' اخباروں میں ایسے خطبے تقاریر اور مضامین کی صورت میں نشر ہوتے رہتے ہیں۔''

اس روز مسعود کی بات نے میری آنکھیں کھول دیں۔ میں سمجھتا تھا کہ اسلام وہ ہے جو کتاب میں ہے۔ جو صاحبان غور وفکر کے ذہن میں ہے یا جس کا پرچار بزرگان' اولیائے کرام یا صوفیائے کرام نے کیا ہے۔ میں نے زندگی میں پہلی بار اس حقیقت کو جانا کہ اسلام وہ ہے رائج الوقت ہے۔ جسے ملا نے رائج کیا ہے اور یہ ملا پاکستان میں دس لاکھ نشر گاہوں پر قابض ہیں۔ وہ اسلام کے صرف ان پہلوؤں کو Boost کرتے ہیں جن سے ان کی ذات کو اہمیت ملے' ان کے خطبات کو اہمیت ملے' ان کے توہمات کا پرچار ہو۔

## اجارہ دار

صاحبو! یہ کوئی نئی بات نہیں۔ یہ سلسلہ تو روز اول سے چل رہا ہے۔ جب بھی کوئی نیا مذہب آیا تو ساتھ ہی اس کے اجارہ دار پیدا ہو گئے۔

ہندو ازم آیا تو براہمن پیدا ہو گئے۔

عیسائیت آئی تو راہبانیت کا سلسلہ چل پڑا اور پادری اس قدر طاقت ور ہو گئے کہ بادشاہوں سے ٹکر لینے سے بھی گریز نہ کیا۔

بدھ ازم واحد مذہب تھا جس نے خدا کے بارے میں اقرار کیا تھا نہ انکار' جس

نے کوئی فلاسفی نہیں دی تھی۔صرف نروان کی بات کی تھی ۔ Peace without Pleace within اجارہ داروں نے بدھا ازم میں بھی رہبانیت کی رسم چلا دی اور خود اتھارٹی بن بیٹھے۔بدھ کے بھکشو براہمن بن گئے۔

اسلام میں رہبانیت کا کوئی مقام نہیں ہے۔اسلام نے مکمل طور پر مساوات دی ہے لیکن اسلام میں اجارہ دار آپہنچے ۔سیانے کہتے ہیں جہاں گڑ ہو گا وہاں چیونٹے آپہنچیں گے ۔اسلام جیسے سادہ اور صاف مذہب کو اجارہ داروں نے اپنے مفاد کے لئے' اپنی برتری قائم کرنے کے لئے Ritual میں بدل دیا۔

## بالشتے نوگزے

اسلام کی سادگی کی بات پر مجھے محمد فاضل یاد آ گیا۔محمد فاضل جہلم کے کسی گاؤں کا رہنے والا ایک ان پڑھ مسلمان تھا۔قسمت آزمائی کے لئے وہ کسی نا کسی طور یورپ میں جا پہنچا۔پیرس میں کئی سال رہتا رہا۔سارا دن ہوٹل میں برتن دھوتا۔باورچی خانے میں جھاڑو دیتا۔رات کو کسی فٹ پاتھ پر جا کر پڑا رہتا۔

آٹھ دس سال کے بعد پتہ چلا کہ محمد فاضل پیرس کے سب سے پوش ہوٹل کا چیف شیف بن گیا ہے ۔شیف باورچی کو کہتے ہیں ۔ہوٹل میں تمام کھانے پکانے کی ذمہ داری شیف پر ہوتی ہے ۔شیف کی تنخواہ ہوٹل کے چیف مینجر کے برابر ہوتی ہے ۔

میں فاضل کو جانتا تھا' یہ خبر سن کر کہ وہ پیرس کے ایک پوش ہوٹل کا شیف بن گیا ہے' مجھے یقین نہ آیا۔یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک جہلمی ان پڑھ جوان چند سالوں میں اتنے اونچے مقام پر پہنچ جائے۔

میں نے اپنے فارن آفس کے دوست سے پوچھا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ ایک ان پڑھ شخص بڑے ہوٹل کا شیف بن جائے۔

میرا دوست ہنسا' کہنے لگا "مفتی !پاکستان عجیب قوم ہے ۔یہاں ست الوجود ہوتے ہیں' جذباتی ہوتے ہیں' منافقت اور کرپشن میں لت پت ہوتے ہیں۔مغربی

ممالک میں جا کر پتہ نہیں انہیں کیا ہو جاتا ہے۔جن بن جاتے ہیں ۔ہمارے ایک رشتہ دار گئے تھے ۔چار سال وہاں رل رل کر جئے اور اب دو ہوٹلوں کے مالک ہیں ۔سندھ کی ایک مُٹیار کسی صاحب حیثیت کی میڈ کی حیثیت سے گئی تھی ۔اب وہ ایک کروڑ پتی لارڈ کی بیگم ہے ۔اس کے لئے تازہ پان کراچی سے جاتے ہیں۔کتھ ہندوستان سے جاتا ہے' آم پاکستان سے جاتے ہیں' پاپڑ اور روڑیاں بھارت سے جاتی ہیں' محل میں رہتی ہے' چار نوکر ہیں ۔سفر کے لئے اپنا ہیلی کاپٹر ہے۔''

وہ ہنسنے لگا' بولا: ''یہ پاکستانی قوم عجب مخلوق ہے ۔بیک وقت بالشتئے بھی ہیں نو گزے بھی۔''

## ہانڈی

کچھ دنوں کے بعد پتہ چلا کہ فاضل چھٹی پر گاؤں آیا ہوا ہے۔میں اس سے ملنے کے لئے گاؤں چلا گیا ۔بڑے تپاک سے ملا۔باتوں کے دوران میں نے پوچھا: ''فاضل کیا واقعی تو ہوٹل کا شیف ہے؟''

وہ ہنسا اور بولا: ''ہاں شیف تھا۔چار سال شیف کا کام کیا۔اب میں نے ہوٹل خرید لیا ہے۔''

میں نے پوچھا: ''یہ بتا کہ تو کون کون سے کھانے پکانا جانتا ہے؟''

بولا: ''سب ......انگریزی' فرانسیسی' جرمن' اطالوی' چینی' روسی' عربی ......سب کھانے۔ ہر ملک کی ڈش پکانا جانتا ہوں۔''

میں نے کہا: ''یہ بتا کہ سب سے عمدہ ڈش کون سی ہے؟''

ایک منٹ کے لئے اس نے توقف کیا۔سوچنے لگا۔پھر بولا: ''سچی بات پوچھتے ہو تو دنیا کی کوئی ڈش ہماری ہانڈی روٹی کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔''

''ہانڈی روٹی کا کیا مطلب ہے؟'' میں نے پوچھا۔

بولا: ''یہی ہانڈی روٹی جو ہم پکاتے ہیں۔''

حیرت سے میرا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا۔

کہنے لگا ''مفتی جی ذرا سوچو وہ کتنا بڑا آدمی تھا جس نے ہانڈی رائج کی۔ آج صدیوں کے بعد یورپ والوں کو احساس ہوا ہے کہ ہمیں بیلینڈ فوڈ کھانی چاہیے۔ ہانڈی کے موجد نے صدیاں پہلے اس بات کو جان کر ہانڈی ایجاد کی تھی جو بیلینسڈ فود کی بہترین شکل ہے۔ ہانڈی میں شوربہ ہوتا ہے' گوشت ہوتا ہے' سبزی ہوتی ہے' جرے ٹانکس ہوتی ہے' ہمیں آج پتہ چلا ہے کہ لہسن دل کے لئے کتنی بڑی ٹانک ہے۔ ہانڈی کے موجد کو یہ راز صدیاں پہلے معلوم ہو گیا تھا۔ پھر مصالحے میں بڑی الا ئچی' چھوٹی الا ئچی' دارچینی' کالی مرچ۔ ابھی تک ہمیں علم نہیں کہ ان چیزوں کے کیا خواص ہیں' وہ ہمارے جسم کے لیے کس قدر مفید ہیں؟'' وہ رک گیا۔

پھر بولا: ''بھائی جی ہانڈی صرف بیلینسڈ فوڈ ہی نہیں اس میں جو ذائقہ ہے' چٹخارہ ہے' اس کا جواب نہیں۔ مغرب والے تو پھیکی بے سواد ڈشیں کھاتے ہیں' انہیں کھانے کی تمیز نہیں۔''

## مٹی اور لذت

''پھر ایک اور بات ہے جس میں ہانڈی کا جواب نہیں'' یہ کہہ کر وہ ہنسنے لگا۔ بولا: ''جب میں شیف تھا تو ایک روز میں نے ہوٹل کے مالک سے کہا۔ ''صاحب جی باورچی خانے میں پکیرے کے لئے برتن چاہئیں۔'' وہ حیران ہوا' بولا۔ ''باورچی خانے میں پکیرے کے لئے برتن تو سب نئے ہیں ہر برتن کے چار چار سیٹ ہیں۔ کسی برتن کی کمی نہیں ہے۔''

''ہاں کسی برتن کی کمی نہیں ہے۔'' میں نے کہا۔

''پھر تم کون سا برتن مانگتے ہو؟'' اس نے پوچھا۔

میں نے کہا' صاحب جی' میں ایسے برتن مانگتا ہوں جن میں پکائے ہوئے کھانوں میں چار گنا لذت بڑھ جائے گی۔'' اس نے میری بات سمجھی نہیں لیکن مان

لی۔ چونکہ یہ مغرب والے ہیں‘ یہ کھانے میں پیوریٹی کو مانتے ہیں‘ نفاست کو مانتے ہیں۔ انہیں لذت کا شعور ہی نہیں ہے۔ خیر جب میں نے اسے بتایا کہ صاحب جی مجھے ایسے برتن چاہئیں جو مٹی کے بنے ہوئے ہوں تو اس کا ذہن فیوز ہو گیا۔‘‘

میں فاضل کی بات سن کر خود حیران ہوا۔ میں نے پوچھا ’’تو کیا تم نے وہاں مٹی کے برتن بنوائے؟‘‘

فاضل بولا: ’’بھائی جو لذت مٹی کے برتن کے پکیرے میں ہوتی ہے‘ وہ کسی اور برتن میں نہیں ہوتی۔ مٹی کی ہانڈی میں کھروڑے ڈال دو‘ نیچے ہلکی آنچ جلا دو۔ ساری رات پکنے دو۔ صبح اس میں جو لذت پیدا ہو جاتی ہے اس کا جواب نہیں۔ پتہ نہیں مٹی کنٹرولڈ ہیٹ پیدا کرتی ہے یا کیا۔ بس لذت ہی لذت ہو جاتی ہے صرف گوشت ہی نہیں ثابت ماش پکا لو‘ حلیم پکا لو‘ چنے پکا لو‘ اوجھری پکا لو۔‘‘

’’مٹی کے برتنوں کی وجہ سے کیا فرق پڑا؟‘‘ میں نے پوچھا۔

بولا: ’’میں نے لوگوں کو لذت کی لت ڈال دی۔ وہ وہ ہانڈیاں پکائیں کہ گوروں کے منہ میں رال چل پڑی۔ بس جی میں نے وہاں ایک بات سیکھی ہے کہ کھانوں میں ہانڈی اور مذہبوں میں اسلام دونوں کا جواب نہیں۔‘‘

’’ارے‘‘ میں حیرت سے چلایا۔ ’’ہانڈی اور اسلام کا کیا جوڑ ہے؟‘‘

وہ بولا: ’’بھائی صاحب ہانڈی بیلینسڈ فوڈ ہے اسلام بیلینسڈ مذہب ہے۔ اسلام میں ہانڈی کی سب خوبیاں موجود ہیں۔ دنیا بھی ہے‘ اللہ بھی ہے اس کی مخلوق بھی ہے۔ خدمت بھی ہے‘ مخدومی بھی ہے‘ محبت بھی ہے‘ جہاد بھی ہے‘ انتقام بھی ہے‘ رحم بھی ہے‘ معافی بھی ہے‘ سزا بھی ہے۔ کیا بیلینسڈ مذہب ہے بھائی جی! دنیا سے بھی تعلق قائم رہے‘ اللہ سے بھی تعلق قائم رہے۔ کماؤ‘ کماؤ دولت کے ڈھیر لگا دو مگر پھر بانٹ کر کھاؤ۔ اپنے لئے بنگلہ بناؤ تو کسی غریب کے لئے ایک جھونپڑا بنا دو۔ اپنے لئے ریشمی سوٹ بناؤ تو کسی حاجت مند کے لئے کھدر کا جوڑا بنوا دو۔ اپنے بیٹے کی فیس دو تو کسی

غریب طالب علم کی فیس بھی ادا کردو۔

فاضل جذباتی ہو گیا۔ کہنے لگا: ''اسلام بھی کیا مذہب ہے! بے شک دولت کی ریل پیل ہو لیکن دولت ایک جگہ ڈھیر نہ ہو چلتی پھرتی رہے۔ بانٹنا سیکھ لو تو سرمایہ دارانہ نظام قائم نہیں ہوتا۔''

فاضل سے مل کر میں واپس آ رہا تھا تو میرے ذہن میں کھتر نیھر ہو رہی تھی۔ فاضل کے ذہن میں اسلام کی تصویر کتنی سادہ تھی، لیکن ہمارے راہبروں نے خواہ مخواہ پیچیدگیاں پیدا کر رکھی ہیں۔

گھر پہنچا تو ڈاکٹر بیلا میرا انتظار کر رہا تھا۔ وہ مجھے دیکھتے ہی چلایا: ''کیوں کیا ہوا؟''

''کچھ بھی نہیں۔'' میں نے جواب دیا۔

''جھوٹ'' وہ بولا: ''تمہارے اندر تو کھچڑی پک رہی ہے غدر مچا ہوا ہے اور تم کہتے ہو کچھ بھی نہیں۔''

میں نے کہا ''پیرس کے ایک باورچی کی باتیں سن کر آیا ہوں۔ کہتا ہے دنیا میں دو چیزیں لاجواب ہیں۔ کھانوں میں ہانڈی اور مذہبوں میں اسلام۔''

''ارے!'' وہ ہنسا: ''ہانڈی کا کیا مطلب؟''

میں نے کہا: ''ہماری ہانڈی مٹی کی جس میں ہم آلو گوشت پکاتے ہیں، کدو گوشت پکاتے ہیں۔ وہ ہانڈی۔''

''بات سمجھ میں نہیں آئی'' بیلا نے کہا۔

میں نے تفصیل سے اسے بات بتائی۔

کہنے لگا: ''یار جب ہم میڈیکل کالجوں میں تھے تو وہاں ایک پروفیسر تھا ڈاکٹر جدون! وہ بھی ہانڈی کا بڑا قائل تھا، اس کے گھر میں کھانا مٹی کی ہانڈی میں پکتا تھا اور وہ کچے گھڑے سے پانی پیتا تھا۔ کہتا تھا مٹی کا گھڑا پانی کی سب

Impurtities کو چوس لیتا ہے ۔عجب خیالات تھے اس کے ۔بڑا پڑھا لکھا تھا۔یورپ اور امریکہ میں پندرہ سال گزار کر آیا تھا۔ہم اسے جدون کے بجائے پروفیسر جنون کہا کرتے تھے۔وہ عجیب باتیں بتایا کرتا تھا۔"

ڈاکٹر بیلا ہنسنے لگا۔بولا:"ان دنوں ہم بھی اسے جنونی سمجھتے تھے۔"

"کہتا کیا تھا"میں نے پوچھا۔

بولا:"کہتا تھا اگر ایک اللہ پر سچے دل سے ایمان لے آؤ تو تم پچاس فی صد بیماریوں سے Immune ہو جاتے ہو۔مطلب ہے کہ پچاس فی صد بیماریوں سے محفوظ ہو جاتے ہو۔اور کہتا تھا اگر اللہ سے تعلق پیدا کر لو تو پھر تم میں اتنی Resistance پیدا ہو جاتی ہے کہ بیماری حملہ کرے تو بھی تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔"

"حیران کن بات ہے"میں نے کہا۔

"جب حیران کن تھی'اب نہیں' بیلا نے کہا:"پروفیشن میں آنے کے بعد بڑے راز کھل جاتے ہیں۔"وہ ہنسنے لگا'پھر بولا:"پروفیسر جنون کبھی موڈ میں آتا تو کھل کر دل کی بات کیا کرتا تھا۔کہتا تھا:"بوائز!ہم بڑے احمق ہیں جو ابھی تک یہ سمجھتے ہیں کہ جسم بیماری جنریٹ کرتا ہے۔یہ غلط ہے'جسم نہیں ذہن بیماری جنریٹ کرتا ہے۔ہم صرف ظاہری اعضاء کو اہمیت دیتے ہیں......دل،جگر،پھیپھڑے،گردے وہ اعضاء جو ذہنی خیالات اور جذبات سے Actiate ہوتے ہیں وہ ڈھکے چھپے ہیں مثلاً غدود ہیں، جھلیاں ہیں،نسیں ہیں۔ان سے عجیب وغریب قسم کی رطوبتیں نکلتی ہیں جو ہماری صحت پر اثر رکھتی ہیں۔"

پروفیسر کہا کرتا تھا:"جدید سائنس کے مطابق اب یہ بات طے شدہ ہے کہ انسانی جذبات میں سب سے زیادہ اثر کرنے والا بنیادی جذبہ خوف ہے ۔پھر خوف کے بچونگڑے ہیں جس طرح شیطان کے شتونگڑے ہوتے ہیں مثلاً کشمکش ہے

انگزائٹی‘ وہم‘ فکر‘ تذبذب ہیں ۔یہ سب جذبات انسان کے معدے پر اثر رکھتے ہیں ۔تیزابیت پیدا کرتے ہیں ۔السر بناتے ہیں ۔اگر ایک اللہ پر یقین کامل ہو، اگر دل میں یہ یقین ہو کہ نہیں کوئی خوف اور نہیں کوئی قوت ماسوائے اللہ کے‘ تو انسان ان Irrational fears سے نجات پا جاتا ہے ۔‘‘

پروفیسر جدون کہا کرتا تھا کہ ’’اللہ ایک سرہانہ ہے جس پر سر رکھ دو تو تم ان پریشانیوں اور ڈب جھلکوں سے آزاد ہو جاتے ہو اور اسلام کیا ہے؟ اسلام انسان کو منفی خیالات سے محفوظ رکھتا ہے‘ شر سے بچاتا ہے‘ نفرت غصہ و دشمنی حسد جیسے منفی جذبات سے محفوظ رکھتا ہے ۔منفی جذبات ہمارے جسم کے غدوددوں سے زہریلی رطوبات خارج کرتے ہیں ۔اس کے برعکس محبت‘ خدمت‘ ہمدردی ایسے مثبت جذبات صحت مند رطوبات پیدا کرتے ہیں ۔‘‘

بیلا کی باتیں سن کر میں مزید سوچوں میں پڑ گیا ۔پتہ نہیں ہمارے رہبر ہم میں خوف کا جذبہ کیوں پیدا کرتے ہیں ۔کیوں منفی باتوں پر زور دیتے رہتے ہیں ۔انہوں نے کبھی اس بے پایاں حسن کی بات نہیں کی جو دنیا میں ہمارے گرد چاروں طرف پھیلا ہوا ہے ۔اس خیر کے جذبے کی بات نہیں کرتے جو انسان کے دل میں جاگزیں ہے ۔اس رحمت کرم اور نعمتوں کی بات نہیں کرتے جو اللہ نے ہمیں عطا کر رکھی ہیں ۔اس شرف کی بات نہیں کرتے جو باری تعالیٰ نے انسان کو عطا کر رکھا ہے ۔

صاحبو! قرآن کے متعلق صاحب نظر بزرگ کہتے ہیں کہ وہ گلاب کے پھول کے مصداق ہے‘ اوپر کی پتی اٹھاؤ تو نیچے سے ایک اور پتی نکل آتی ہے ۔نچلی پتی کو اٹھاؤ تو اس کے نیچے سے ایک اور پتی نکل آتی ہے ۔پتی کے نیچے پتی‘ پتی کے نیچے پتی‘ پتی کے نیچے پتی ۔ایسے ہی قرآن پاک میں مفہوم در مفہوم ہیں ۔جتنا غور کو اتنا گہرا مفہوم......لیکن ہمارے راہبر صرف اوپر کے مفہوم کو آخری مفہوم سمجھتے ہیں اور اس کا ڈنکا بجاتے رہتے ہیں ۔

قرآن میں اللہ تعالیٰ باربار فرماتے ہیں کہ ہماری کائنات کو دیکھو‘سرسری طور پر نہیں غور سے دیکھو‘خالی دیکھو نہیں فکر کرو سمجھو۔پھر دیکھو اور سوچو‘پھر دیکھو اور سوچو۔قرآن کو پڑھو‘سرسری طور پر نہیں‘غوروفکر سے پڑھو اور سمجھو۔پھر پڑھو اور سمجھو۔ پھر وہ لمحہ آئے گا کہ تم قرآن کے اشارات کے حوالے سے کائنات کے راز پالو گے۔

ہمارے راہبروں میں کائنات پر غوروفکر کرنے اور کائنات کے راز پانے کی خواہش نہیں ہے۔انہیں قرآن کو سمجھنے کی خواہش نہیں ہے وہ تو صرف قرآن کی تلاوت کرنے کے خواہش مند ہیں صرف اس لئے کہ ثواب کمائیں۔بہشت کے حق دار ہو جائیں۔دودھ کی نہریں بہہ رہی ہوں۔پھلدار درختوں کی ٹہنیاں اشارے پر نیچے ہو جاویں اور پھر خوف صورت حوریں......

صاحبو!قرآن ایک حیرت انگیز کتاب ہے۔ایسی کتاب جس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔آج دنیا بھر کی لائبریریاں کتابوں سے بھری ہوئی ہیں۔علم کے ہر شعبہ پر ہزاروں کتابیں موجود ہیں۔مذہبی کتابیں‘ سائنس کی کتابیں‘فنی کتابیں۔ان لاکھوں بلکہ کروڑوں کتابوں میں ایک کتاب بھی قرآن جیسی نہیں ہے۔قرآن کا رویہ انوکھا ہے۔اس کے موضوعات انوکھے ہیں۔اس کے اشارے انوکھے ہیں۔

ہم عام مسلمان سمجھتے ہیں کہ قرآن اسلامی کتاب ہے۔قرآن میں باری تعالیٰ مسلمانوں سے مخاطل ہے؟نہیں ایسا نہیں۔یہ کتاب تو بنی نوع انسان سے مخاطب ہے۔ایسے ہی محمد ﷺ کا کردار ہے۔حضور ﷺ کا کردار صرف مسلمانوں کے لئے ہی مثالی کردار نہیں بلکہ بنی نوع انسان کے لئے مثالی کردار ہے۔

ہم عام مسلمان سمجھتے ہیں کہ قرآن مذہبی کتاب ہے۔یہ ہماری کوتاہ فہمی ہے۔قرآن تو کائناتی کتاب ہے۔اس میں کائنات کے رموز واسرار پر اشارے ہیں۔سائنسی تحقیق پر اشارے ہیں جو بیک وقت ظاہر بھی ہیں۔مخفی بھی ہیں۔قرآن کے اشارات کائناتی بھیدوں کا راستہ تلاش کرنے پر ہمیں اکساتے ہیں‘راستہ دکھاتے

ہیں۔قرآن تاریخی کتاب ہے۔اس میں وہ واقعات درج ہیں جو تاریخ ریکارڈ کرنے کے زمانے سے پہلے وقوع پذیر ہوئے تھے۔

قرآن اخلاقیات کی کتاب ہے جس میں انسانی برتاؤ ہیں' اخلاق کے اصول درج ہیں۔قرآن صحت عامہ کی کتاب ہے' جس میں حفظان صحت کے اصول درج ہیں اور ادویات کا تذکرہ ہے ایسی ادویات جو ہمیشہ کے لئے شفا بخش ثابت ہوتی ہیں۔

برسبیل تذکرہ صاحبو! آج کے اخبار میں ایک حیران کن خبر درج ہے۔پی آئی ایم ایس ہسپتال میں ایک جھلسی ہوئی مریضہ آئی۔چولہا پھٹنے کی وجہ سے اس کا چہرہ جھلس کر مسخ ہو چکا تھا۔جسم جھلس گیا تھا۔ڈاکٹروں کی کوششیں بے کار ثابت ہوئیں۔انہوں نے اسے لاعلاج قرار دے دیا۔شہر سے ایک خاتون آئی جو قرآنی ادویات کی قائل تھی۔اس نے ڈاکٹروں سے کہا:''اس نے ڈاکٹروں سے کہا:''آپ مریضہ کی زندگی سے مایوس ہو چکے ہیں۔اب مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس کا علاج کروں۔''

ڈاکٹروں نے اجازت دے دی۔خاتون نے مریضہ کے چہرے اور جسم پر شہد کا لیپ کر دیا۔تین دن وہ لیپ کرتی رہی۔مریضہ میں حیرت انگیز تبدیلی واقع ہوئی' وہ بچ گئی اور اب اس کا جسم اور چہرہ رو بہ صحت ہے۔صاحبو قرآن کا جواب نہیں۔جواب کیسے ہو' یہ اللہ کا کلام ہے' لاشریک اللہ کا' قادر مطلق اللہ کا۔

اللہ کا بھی جواب نہیں۔اللہ بیک وقت محبوب بھی ہے...... بہت بڑا محبوب۔کہتا ہے میری طرف دیکھو' میری بات کرو' میرا نام جپو' مجھ سے یارانہ لاؤ' میرے عشق میں سرشار رہو۔

اللہ بیک وقت محبوب بھی ہے اور عاشق بھی ہے۔وہ اپنی مخلوق سے پیار کرتا ہے۔ہر ذی روح کا خیال رکھتا ہے۔لاڈ لڈاتا ہے' کھلاتا ہے' پلاتا ہے' کسی کو تکلیف نہ ہو' رزق ملتا رہے' نعمتوں کی بارش ہوتی رہے۔یہ عاشق اپنی مخلوق پر بکا ہوا ہے در پردہ۔

صاحبو! میں نئی نسل کا ایک نوجوان ہوں۔ مغربی لٹریچر پر پلا ہوں' مغرب زدہ ہوں۔ مغربی فیشن کا دلدادہ ہوں پہناوے میں بھی' خیالات میں بھی۔ مزاج کا سیکولر ہوں۔ مجھے سیکولرازم کے مفہوم کا پورے طور پر شعور نہیں ہے' صرف چالو معنے سمجھتا ہوں' وہ یہ کہ مذہب برائے نام چیز ہے' اہم نہیں۔ اس کے بغیر بھی گزارا ہو سکتا ہے۔ اللہ کو مانتا ہوں' منہ زبانی' ہے' ہو گا' کیا فرق پڑتا ہے۔

محترم علمائے دین! اللہ کے واسطے مجھے رد نہ کیجئے۔ مجھ پر لاحول نہ پڑھئے۔ مجھے ملحد یا کافر نہ سمجھئے' مجھ سے نفرت نہ کیجئے۔ ذرا ٹھنڈے دل سے سوچئے میں آپ کی ہمدردی کا مستحق ہوں۔ آپ کی توجہ کا محتاج ہوں۔

## کھچڑا کلچر کا جھکڑ

عالی جاہ! یقین کیجئے آج کے نوجوان جو اس جھکڑ کی زد میں آئے ہوئے ہیں خود مظلوم ہیں۔ بالکل ایسے جیسے برسات میں چیونٹیوں کو پر لگ جاتے ہیں اور وہ شمع کے گرد چکر لگانے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ ممکن ہے یہ جھکڑ خود قدرت نے چلایا ہو اور اس کا کچھ مقصد ہو۔ صاحبو قدرت بڑی چالاک ہے۔ سیدھی انگلی سے گھی نہ نکلے تو ٹیڑھی انگلی استعمال کرتی ہے۔ ایکشن سے کام نہ چلے تو ری ایکشن سے چلاتی ہے۔ ہمارے ایک مزاحیہ شاعر تھے نذیر شیخ' ذات کے سائنس دان تھے لیکن کیا خوب مزاح لکھتے تھے کیونکہ تھے صاحب نظر۔ انہوں نے اس جھکڑ پر ایک نظم لکھی ہے۔

علامتی نظم ہے آندھی کے عنوان سے۔ لکھتے ہیں۔

کھڑکی کھڑکے سرکی سرکے پھڑکے روشندان
ناکہ بندی کرتے کرتے گھر سب ریگستان
ٹوٹے پھوٹے چھپر آئیں گھٹتے سانس
پیروں سے چمگادڑ چمٹے سر پر کھڑکیں بانس
جھاڑو جھاڑن موج منائیں ان کا اپنا راج

پپیا بیٹھا ڈھول بجائے کتھک ناچے چھاج
درہم برہم سب تصویریں طرفہ تر احوال
مرزا غالب الٹے لٹکیں سجدے میں اقبال
چھت پر ہم جو بستر ڈھونڈیں عقل ہماری دنگ
کھاٹ بچاری اڑن کھٹولا بستر دور پتنگ
لڑکا لڑکی قسما قسمی جیون جیون ساتھ
جھکڑ ایسا تھپڑ مارے دونوں چھوڑیں ہاتھ
دائیں موڑو بائیں جائے موڑ کھائے جھول
آندھی سیدھی راہ بتائے دنیا ڈانواں ڈول
منزل غائب رستہ اندھا کیسے مانے بات
تانگے والا چابک مارے گھوڑا مارے لات
بکھری بکھری داڑھی دیکھی اڑتی اڑتی مونچھ
ساڑھی کھنچے چولی جھپٹے دھوبی باندھے پوٹ
پنکھ لگا کر اڑتے جائیں لہنگا پیٹی کوٹ
اڑی پھرتی جھاڑی پکڑے لوگوں کی شلوار
جب تک وہ شلوار چھڑائیں رخصت ہو دستار
دنیا ساری بھوت بنی ہے گورا کالا ایک
بنئے نے جب دھنیا تولا مرچ مسالا ایک

## میرے راہبر بچانا نہیں جانتے

یقین جانئے ہم مغرب زدہ نوجوان اس جھکڑ کی زد میں آئے ہوئے ہیں۔علمائے دین کا فرض ہے کہ ہمیں بچائیں۔دقت یہ ہے کہ علمائے دین رد کرنا جانتے ہیں۔مورد الزام ٹھہرانا جانتے ہیں تنقید کرنا جانتے ہیں۔بچانا نہیں جانتے۔ان میں مشنری

سپرٹ نہیں ہے۔مشنری سپرٹ وعظ کرنے'تقریریں جھاڑنے'سرزنش کرنے میں نہیں ہوتی بلکہ جذبہ ہمدردی سے خدمت کرنے میں ہوتی ہے۔مجھے اس جھگڑے سے بچانے کے لیے وہ کہیں گے دیکھو یہ کافرانہ پہناوا چھوڑ دو۔داڑھی رکھ لو اور باقاعدہ پانچ وقت نماز پڑھا کرو۔

ہمارے راہبر کتنے معصوم ہیں'وہ سمجھتے ہیں کہ نماز پڑھنے سے سب ٹھیک ہو جائے گا۔

ہم نماز کی عظمت کو مانتے ہیں لیکن ہمارے راہبروں نے اسلام کو صرف نماز تک محدود کر رکھا ہے۔حضور اعلیٰ کی زندگی کا مطالعہ کریں جو اسلام جیتے تھے تو پتہ چلتا ہے کہ اسلام میں نماز کے علاوہ بھی بہت کچھ ہے۔بہت کچھ۔

علمائے نفسیات کا کہنا ہے کہ راہبر اس لیے نماز کی طرف توجہ دلاتے ہیں کہ نماز مسجد کی طرف متوجہ کرتی ہے اور مسجد پر مولوی صاحب حکمران ہیں۔مقصد انا کی تقویت ہے'اجارہ داری کا حصول ہے۔علمائے نفسیات کی یہ بات وزن رکھتی ہے۔

آج کے نوجوان کو اگر اس جھگڑے سے نکالنا مقصود ہے تو پہلے دل میں اس کے لیے ہمدردیاں پیدا کرو۔

## مان کرنا

اس کے دل میں اسلام کی عظمت کا شعور پیدا کرو۔اسلام پر مان کرنا سکھاؤ ۔اسے بتاؤ کہ اسلام نے کتنی صدیاں آدھی دنیا پر حکومت کی۔مغرب اقوام کو پڑھنا لکھنا سکھایا'انہیں سائنسی تحقیق کا راستہ دکھایا۔علم کی عظمت کا سبق پڑھایا۔حکومت کرنے کا انداز سکھایا۔عدل وانصاف کا شعور پیدا کیا۔

آج کا نوجوان بے خبر ہے۔وہ تو دیکھ رہا ہے کہ مسلمان ان پڑھ ہیں'علوم سے عاری'زبوں حال'چاروں طرف سے پٹ رہے ہیں'افراق تفریق کے شکار ہیں'مذہبی جنون میں لت پت'منافق'کرپٹ'اس لیے وہ اسلام سے مایوس ہے'شرمندہ ہے

۔مسلمان ہونے پر معذرت خواہ ہے۔

کیوں نہ معذرت خواہ ہو! اس لیے کہ وہ راندہ درگاہ ہے۔ جن کا فرض تھا کہ اسے راستہ دکھائیں‘ اسے اپنائیں‘ عزت دیں‘ وہ خود برہمن بنے ہوئے ہیں اور عام مسلمانوں کو ہریجن سمجھتے ہیں۔ وہ خود کو مومن سمجھتے ہیں اور کلمہ گو مسلمان کو اسلام پسند۔ مسلمان نہیں‘ اسلام پسند۔ ہمارے راہبر Vanity of Learning اور Vanity of Piety کے دو آتشہ تفاخر میں خدا بنے بیٹھے ہیں۔

صاحبو! آج کے نوجوان کے اندر کے مسلمان کو جگاؤ۔ اسے بتاؤ کہ اسلام صرف ایک مذہب ہی نہیں‘ Ritual ہی نہیں اور روشہ ہی نہیں ہے۔ اسلام تو ایک عظیم انقلاب کا نام ہے۔ ذہنی انقلاب‘ جذباتی انقلاب‘ کرداری انقلاب۔ اسلام ایک عظیم تہذیب کا نام ہے جس نے انسان کو ایسا شرف بخشا جو پہلے کسی مذہب نے نہ بخشا تھا۔ جس نے عوام کو وہ وہ حقوق عطا کیے جو آج تک کسی مذہب نے عطا نہیں کیے۔

اسلام کے تحت ایسے عظیم کردار پیدا ہوئے جن کی مثال نہیں ملتی۔

## اسلامی مساوات

میرے پیارے نوجوان دوستو! مجھے اجازت دو کہ میں تاریخ عالم سے ایک دو مثالیں پیش کروں۔

ایک مسلمان بادشاہ جو آدھی دنیا پر حکومت کرتا تھا‘ اپنے ایک غلام کے ساتھ سفر پر جاتا ہے۔ سواری صرف ایک ہے۔ بادشاہ اور غلام باری باری اونٹ پر بیٹھتے ہیں۔ بادشاہ اونٹ پر بیٹھتا ہے تو غلام اونٹ کی نکیل پکڑ کر پیدل چلتا ہے‘ پھر غلام کی باری آتی ہے تو غلام اونٹ پر بیٹھتا ہے اور بادشاہ اونٹ کی نکیل پکڑ کر پیدل چلتا ہے۔

بولو میرے پیارے نوجوانو! کیا تاریخ عالم میں ایسی مساوات کی کوئی مثال ملتی ہے۔ یہ مساوات اسلام کا عطیہ تھی۔

تاریخ ایک اور مسلمان بادشاہ کا قصہ سناتی ہے۔

یہ بادشاہ ذاتی اخراجات کے لیے سرکاری خزانے سے پیسہ لینا گناہ سمجھتا تھا۔وہ انتظامی امور سے فارغ ہونے کے بعد قرآن حکیم کی آیات کی کتابت کرتا تھا اور پھر اسے کسی ناشر کے ہاتھ بیچ کر جو رقم حاصل ہوتی اس سے اپنے اور متعلقین کے لیے روٹی خرید کر کھاتا تھا۔

بولو میرے پیارو! کیا کسی ملک میں کسی تہذیب نے دیانت کی ایسی مثال پیش کی ہے۔کیا ہمارے لیے یہ فخر کی بات نہیں کہ ہم اس مذہب کے پیروکار ہیں جس نے ایسے عظیم کردار تخلیق کیے۔

## گجری

اس بات پر مجھے گجری یاد آ گئی۔

یہ قیام پاکستان سے پہلے کی بات ہے۔

ان دنوں ہم پر انگریز کا راج تھا۔

گجری ہماری بھنگن تھی' لیکن مجھے علم نہ تھا کہ گجری عیسائی ہے۔ایک روز میں نے گجری سے پوچھا گجری تیری ذات کیا ہے؟ یہ سن کر گجری نے ٹوکری نیچے رکھ دی۔جھاڑو پرے پھینک دیا۔پھر وہ تن کر کھڑی ہوگئی' گردن کو ایک باوقار خم دیا اور بولی میری جات وہ ہے جو بادشاہ کی ہے۔صاحبو! میرا ابھی جی چاہتا ہے کہ میں اپنی ٹوکری نیچے رکھ دوں' جھاڑو دور پھینک دوں' پھر تن کر کھڑا ہو جاؤں اور فخر سے کہوں لوگو! میری جات وہ ہے جو دو جہانوں کے بادشاہ کی ہے۔یہ تو خیر جملہ معترضہ تھا۔

اسلام نے ایسے ایسے عظیم کردار پیدا کیے ہیں جن کی تاریخ عالم میں مثال نہیں ملتی۔

مثلاً آج کے مغرب زدہ نوجوان کو اس مسلمان بادشاہ کا قصہ سناؤ جس نے اپنے محل میں زنجیر عدل لگا رکھی تھی۔بادشاہ نے اعلان کر رکھا تھا کہ میری رعایا کے کسی فرد پر ظلم ہو تو وہ آ کر زنجیر عدل کھینچے۔فریادی زنجیر کھینچتا تو گھنٹیاں بجنے لگتیں اور بادشاہ بہ

نفس نفیس آ کر جھروکے میں ایستادہ ہو جاتا اور پوچھتا بول فریادی تم پر کس نے ظلم کیا ہے۔

## میں مجرم ہوں

پھر اسے وہ تاریخی قصہ سناؤ جسے سن کر مسلمانوں کی عظمت کا احساس دلوں کو وہلا دیتا ہے۔

مسلمان سپاہ نے افریقہ کے ایک شہر کا محاصرہ کر لیا۔شہر کے مقتدر لوگوں نے دیکھا کہ اتنی بڑی سپاہ کا مقابلہ کرنا ان کے بس کی بات نہیں لہٰذا ہار مان لی اور صلح کی درخواست کردی۔مسلمان کماندار نے اپنی فوج کو حکم دیا کہ شہر میں داخل ہو جائیں۔شہر کے کسی فرد پر زیادتی نہ کی جائے۔املاک کو نقصان نہ پہنچایا جائے۔کماندار نے کہا سپاہیو اب تم شہر کے فاتح ہو اور فاتحہ کا کام لوٹ مار کرنا نہیں بلکہ مفتوح کی حفاظت کرنا ہے۔

اگلے روز شہر کے مقتدر لوگ کماندار کی خدمت میں حاضر ہوئے۔کہنے لگے آپ نے ہماری حفاظت کا ذمہ لیا تھا لیکن حفاظت کے بدلے ہماری تذلیل کی گئی ہے۔شہر کے بڑے چوک میں ہمارے ایک محبوب لیڈر کا مجسمہ نصب ہے۔رات کے اندھیرے میں کسی تخریب کار نے مجسمے کی ناک کاٹ دی ہے۔یہ کام کوئی شہری تو کر نہیں سکتا لہٰذا آپ کے کسی سپاہی نے کیا ہے۔مجرم کو کڑی سزا دی جائے۔مسلم کماندار نے اپنی سپاہ کو حکم دیا کہ شہر کے بڑے چوک میں جمع ہو جائیں۔کماندار نے ایک تقریر کی۔کہنے لاگ ہم نے شہر کی حفاظت کا ذمہ لیا تھا۔اہالیان شہر ہم سے عدل وانصاف مانگ رہے ہیں۔اسلام کی عزت کا سوال ہے لہٰذا میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ جس نے بھی یہ کام کیا ہے وہ اٹھ کر کھڑا ہو جائے اور اقبال جرم کر لے۔

کماندار نے تین بار اس اعلان کو دہرایا لیکن کسی سپاہی نے اٹھ کر اقبال جرم نہ کیا۔

اس پر کماندار نے معززین شہر سے کہا کہ ان حالات میں آپ ہم سے ہرجانہ وصول کرلیں۔ جو مطالبہ آپ کریں گے ہم اسے پورا کریں گے لیکن شہر کے بڑے اس بات پر مصر تھے کہ سر کے بدلے سر' آنکھ کے بدلے آنکھ اور نا ک کے بدلے نمک۔

کماندار نے انہیں بہت سمجھایا لیکن وہ نہ مانے۔

بالآخر کماندار نے کہا چونکہ آپ کی حفاظت کی ذمہ داری مجھ پر عائد ہوتی ہے لہذا میں اپنی ناک پیش کرتا ہوں۔

کماندار کا فیصلہ سن کر مسلمان سپاہیوں میں احتجاجی شور مچ گیا' پھر ایک سپاہی اٹھ کھڑا ہوا۔ بولا عالی جاہ مجھے پہلے ہی اقبال جرم کر لینا چاہیے تھا لیکن ڈر کے مارے چپ رہا۔ اب میں اقبال جرم کرتا ہوں لہذا میری ناک کاٹ لی جائے۔

ابھی وہ کچھ اور کہنا چاہتا تھا کہ دوسرا سپاہی اٹھ کھڑا ہوا بولا جناب یہ جھوٹ بول رہا ہے۔ دراصل مجرم میں ہوں میں نے مجسمے کی ناک توڑی ہے۔ تیسرا سپاہی اٹھ کر کھڑا ہو گیا کہنے لگا عالی جاہ یہ دونوں جھوٹ بول رہے ہیں۔ اہالیان شہر نے مسلمان سپاہیوں کا جذبہ ایثار دیکھا تو وہ اس قدر متاثر ہوئے کہ انہوں نے اپنا مطالبہ چھوڑ دیا۔ یہ تھی عظمت ہمارے اسلاف کی۔ صرف امن میں ہی نہیں جنگ میں بھی غیر مسلموں کے لیے ان میں اتنی رواداری تھی۔ یہ تھی ایثار' رواداری اور انصاف کی تلوار جس کے زور پر اسلام پھیلا۔

## فتح مکہ

پھر مغرب زدہ نوجوانوں کو جو اہل مغرب کے اس الزام کو درست سمجھتے ہیں کہ مسلمان ایک متعصب اور تشدد پسند مذہب ہے' فتح مکہ کا قصہ سناؤ کہ

جنگ کے بغیر ہی مسلمانوں نے مکے کو فتح کر لیا۔ اہل مکہ نے ہتھیار ڈال دیے۔

مکہ وہ شہر تھا جہاں کے کفار نے محمدؐ کے ساتھ بدسلوکی کی انتہا کر دی تھی۔ حضور کا

گھر سے باہر نکلنا محال کر دیا تھا۔ باہر نکلتے تو ان پر آوازے کسے جاتے' نامناسب نعرے لگائے جاتے' ان پر پتھروں کی بوچھاڑ کی جاتی' ان کے قتل کے منصوبے بنائے جاتے۔ کفار مکہ کا برتاؤ اس قدر متشدد ہو گیا کہ حضورؐ اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ ہجرت پر مجبور ہو گئے۔ کفار مکہ نے ان کا پیچھا کیا۔

آج وہی محمدؐ مکے کے فاتح کی حیثیت سے شہر میں داخل ہوئے تھے۔ کفار مکہ کو یقین تھا کہ انہیں قتل کر دیا جائے گا یہی جنگ کا دستور تھا۔

حضورؐ کے کردار کی عظمت ملاحظہ ہو کہ آپ نے اعلان کر دیا کہ:

۱۔ کسی عورت یا بچے پر ہاتھ نہ اٹھایا جائے۔

۲۔ جو شخص زخمی ہو' معذور ہو یا بیمار ہو اسے گزند نہ پہنچایا جائے۔

۳۔ جو بھاگ رہا ہو اس کا پیچھا نہ کیا جائے۔

۴۔ جو اپنے گھر میں خود کو بند کر لے اسے قتل نہ کیا جائے۔

۵۔ کسی قیدی کو قتل نہ کیا جائے۔

۶۔ جو شخص ہتھیار پھینک دے اسے امان دی جائے۔

۷۔ جو شخص خانہ کعبہ میں داخل ہو جائے اس پر ہاتھ نہ اٹھایا جائے۔

۸۔ جو شخص ابوسفیان یا حکیم ابن حزام کے گھر میں پناہ لے لے اسے امان دی جائے۔ یہ دونوں شخص اسلام کے بدترین دشمن تھے۔

تبلیغ اسلام کا موثر ترین طریقہ یہ ہے کہ ہمارے نوجوانوں کو حضورؐ کے کردار کا درس دیجئے۔ انہیں بتائیے کہ غیر مسلم حتیٰ کہ اسلام کے دشمن بھی حضورؐ کے کردار کی عظمت کے معترف ہیں۔

نوجوانوں کو حضورؐ کے کردار پر مان کرنا سکھائیے۔ جان لیجئے صاحب کہ جس کے دل میں حضورؐ کے کردار پر مان پیدا ہو گیا' وہ اسلام کے راستے پر گامزن ہو گیا۔ ہمارے نوجوانوں کو بتائیے کہ قرآن مذہبی کتاب نہیں۔ قرآن صرف مسلمانوں سے

مخاطب نہیں وہ تو بنی نوع انسان سے مخاطب ہے۔

## انقلابی کتاب

صاحبو! قرآن ایک انقلابی کتاب ہے۔

جب بھی انقلابی تھی جب چودہ سو سال پہلے نازل ہوئی تھی' چودہ سو سال گزر جانے کے بعد آج بھی انقلابی ہے۔ قرآن نے انقلاب کا ایک طوفان برپا کر دیا تخریبی نہیں 'تعمیری طوفان۔ ذہنوں میں سوچوں کا طوفان' دلوں میں جذبات کا طوفان۔

جب قرآن نازل ہوا تو اہل یورپ ابھی رہنا سہنا سیکھ رہے تھے۔ انہوں نے ابھی سوچ سمجھ کر دنیا میں قدم نہیں رکھا تھا۔ یورپی ممالک میں صرف ایک ملک تھا یونان جہاں غور وفکر کے چشمے پھوٹے تھے۔ وہاں بڑے بڑے صاحب فکر پیدا ہوئے تھے۔ ارسطو تھا، افلاطون تھا، بطلیموس تھا، لیکن یونان کے مفکر سب فلسفی تھے۔ سوچوں کے شیدائی تھے۔ خواب دیکھنے کے متوالے۔ اپنے اپنے خوابوں میں مگن' اپنے اپنے نظریات کے دیوانے۔ ان کے نظریات کے اثرات دور دور تک پھیلے ہوئے تھے۔

قرآن نے آ کر کہا۔ بس میاں بس۔ بہت خواب دیکھ لیے۔ نظریات کے جھن جھنے بہت جھنجھنا لیے۔ سوچوں کی آوارگی چھوڑو۔ اب خواب مت دیکھو' آنکھیں کھولو' حقائق کو دیکھو۔ ہم نے تمہارے اردگرد چاروں طرف حقائق کی بھیڑ لگا رکھی ہے کہ تم دیکھو' سوچو' سمجھو لیکن ایک بات کا خیال رکھنا' بھولنا نہیں کہ ہر چیز پر ہماری مہر لگی ہوئی ہے۔ ہر سبز پتے کے پیچھے ہم چھپے بیٹھے ہیں۔ ہر ذرے میں ہمارا پرتو ہے۔ ہر قطرے میں ہماری حکمت ہے۔ ہمارے حوالے کے بغیر نہ دیکھنا۔ ہمارے حوالے سے دیکھو گے تو راستہ ملتا جائے گا۔ منزل پر پہنچو گے' ہمارے حوالے سے نہیں دیکھو گے تو بھٹک جاؤ گے راستہ نہیں ملے گا۔ کبھی پہنچو گے نہیں۔

قرآن نے بند آنکھیں کھولنے کی دعوت دی۔ دیکھنے کی دعوت دی۔ سوچوں کی آوارگی سے نکال کر ایک سمت بخشی' ایک مقصد عطا کیا۔ جمود سے نکالا' حرکت عطا کی۔

قرآن نے انسانی ذہن پر ایسا اثر کیا جیسے نمک کی چٹکی سوڈے کی بوتل پر کرتی ہے۔ بلبلے ہی بلبلے۔ حرکت ہی حرکت بامقصد حرکت۔ قرآن نے دو نئے نکور تخیل دے کر انسانی جذبات میں ایک تہلکہ مچا دیا۔ ایک وحدانیت' دوسرے مساوات۔

صاحبو! قرآن کی آمد انسانی ذہن کے لیے ایک دھماکہ تھا۔ ایسا ہی دھماکہ جیسا کائنات کی پیدائش پر ہوا تھا اور جس کے اثرات آج تک جاری و ساری ہیں۔ اس دھماکے کا حوال عظیم مفکروں نے بیان کیا ہے۔ یہ دھماکہ انسانی ذہن میں وقوع پذیر ہوا۔

قرآن نے یوں ابتدا کی کہ اے محمد پڑھ۔ ہمارے نام پر پڑھ۔ ہم جو کرم نواز ہیں' رحمت کرنے والے ہیں۔ ہم نے انسان کو قلم عطا کا اور کہا کہ اسے استعمال کرنا سیکھ اور ہم نے انسان کو علم عطا کیا۔ قرآن نے انسان کو فکر کرنے کی دعوت دی۔ سوچ' مظاہر فطرت پر غور کر۔ آسمان اور زمین کیسے تخلیق کیے گئے؟ موسم کیوں بدلتے ہیں؟ رات اور دن کا چکر کیا ہے؟

سوچ بادل کیا ہیں؟ ہوائیں کیسے چلتی ہیں؟ سورج' چاند اور ستارے کیوں حرکت میں ہیں؟

قرآن کہتا ہے سوچ' فکر کر کہ پیدائش کیا ہے؟ موت کیا ہے؟ بوٹے سرسبز ہو جاتے ہیں' سوکھ جاتے ہیں کیوں؟ سوچ کہ بھور سمے کیا ہے؟ سورج غروب کیوں ہوتا ہے؟ پہاڑ کیوں کھڑے ہیں؟ ندیاں کیوں چلتی ہیں؟ سمندروں پر کشتیاں کیسے چلتی ہیں؟ آسمان پر تارے کیوں ٹمٹماتے ہیں؟ سوچ کہ روح کی لطافتیں جسم کی لذتوں سے کیوں افضل ہیں؟

قرآن نے کہا علم تین قسم کا ہے۔ ایک وہ جس کا مشاہدہ کیا ہو جو دوسروں پر بیتا ہو

۔دوسرا وہ جو خود پر بیتا ہو اور تیسرا وہ جو تجربے سے سمجھا ہو۔

قرآن کی انقلابی تعلیم کے متعلق Dutsch کہتا ہے قرآن وہ انقلابی کتاب ہے جس کے زور پر مسلمانوں نے یورپ میں آ کر علم کے دیئے سے اس علاقے کو منور کر دیا۔انہوں نے اہل مغرب کو سائنسی رویے اور سائنسی تحقیق سے آشنا کیا اور یوں جدید علوم کی بنیاد رکھ دی۔

عقل اور علم کے بارے میں حضور اعلیٰ نے فرمایا کہ پہلی چیز جو تخلیق کی گئی عقل تھی اور باری تعالٰی نے عقل سے بہتر کوئی چیز تخلیق نہیں کی۔

آپؐ نے فرمایا جو شخص علم کی تلاش میں گھر سے نکلتا ہے در حقیقت وہ اللہ کے راستے پر گامزن ہے۔

آپؐ نے فرمایا علم حاصل کرو پھر تمہیں صحیح اور غلط کی تمیز ہو جائے گی۔علم بہشت کے راستے کی روشنی ہے۔علم خوشی اور سکھ کا راستہ بتاتا ہے اور مشکل میں صبر کی توفیق عطا کرتا ہے۔علم صحرا میں ہمارا مونس و غمخوار بن جاتا ہے۔علم دوستی میں ایک زیور ہے اور دشمنی میں حفاظتی زرہ بکتر۔علم تنہائی میں ساتھی ہے۔

حضورؐ نے فرمایا وہ شخص جو علم کا ذکر کرتا ہے در اصل اللہ کی حمد و ثنا کرتا ہے۔جو علم حاصل کرنے کی کوشش میں لگا رہتا ہے وہ اللہ سے محبت کرتا ہے۔جو اس کی تبلیغ کرتا ہے وہ گویا خیرات کرتا ہے اور وہ جو دوسروں کو علم سکھاتا ہے اللہ کی عبادت کرتا ہے ۔حضورؐ نے فرمایا عالموں کی باتیں سننا اور ان کی صحبت میں وقت گزارنا عبادت سے بہتر ہے۔

حضورؐ نے فرمایا جو عالموں کی قدر کرتا ہے در اصل میری عزت کرتا ہے۔

عالم کی دوات کی روشنائی مجاہد کے خون سے زیادہ متبرک ہے۔قرآن نے عقل ،علم اور تحقیق کو اہمیت دے کر ایک عظیم ذہنی انقلاب برپا کر دیا ہے۔

میرے پیارے محترم علمائے دین! اس خوش فہمی میں نہ رہیے کہ قرآن کا علم سے

مطلب علم دین ہے۔نہیں میرے محترم یہ بات نہیں۔دین علم نہیں ہوتا بلکہ عمل ہوتا ہے ۔علم سے قرآن کا مطلب فزیکل علوم ہیں۔

اس سے پہلے کسی مذہب نے عقل وخرد زندگی اور کائنات کو اہمیت نہ دی تھی۔تمام مذاہب کی بنیاد توہمات اور مفروضوں پر قائم تھی۔یہ خیال عام تھا کہ مذہب اور عقل دو متضاد رویے ہیں۔تمام مذاہب اس زندگی اور کائنات کو سراب سمجھتے تھے اور آنے والی زندگی کو حقیقی۔

## فادر آف ماڈرن سائنس

قرآن نے جو ذہنی انقلاب برپا کیا اس کے نتیجے میں عقل وخرد اور علم اور تحقیق کو بڑا فروغ حاصل ہوا۔بیسیوں عرب مفکر پیدا ہو گئے اور کائناتی علوم پر تحقیق کا سلسلہ چل پڑا۔نتیجہ یہ ہوا کہ سینکڑوں مسلمان سائنس دان میدان عمل میں آ گئے۔انہوں نے سائنسی تحقیق کا بنیادی رویہ قائم کیا۔تمام علوم کے بنیادی حقائق پر تحقیق کر کے اصول قائم کئے۔

آج کے سائنس دان محقق اور مورخ اس حقیقت کا اعتراف کرتے ہیں کہ عرب محققین نے ماڈرن سائنسی علوم کی بنیاد ڈالی ،مثلاً فلپ کے ہٹی لکھتا ہے کہ عربوں نے علم ریاضی میں صفر کو ترقی دے کر اس مقام پر پہنچایا کہ آج کے ریاضی دان اس سے مستفید ہو رہے ہیں۔علم طب کو سائنسی بنیادوں پر قائم کیا اور علم طب کے حصول کے لیے درس گاہیں قائم کیں۔بغداد میں ۸۶۰ سند یافتہ ڈاکٹر کام کر رہے تھے۔

ڈریپر لکھتا ہے:

عربوں نے وہ سب کچھ ایجاد کیا جس کو ہم اب اپنی ایجاد سمجھتے ہیں مثلاً رصد گاہیں بنائیں ،اصطرلاب بنایا ‘ستاروں کے نقشے بنائے ‘جبر ومقابلہ اور جیومیٹری کے اصول بنائے ۔علم کیمیا کے اصول بنائے ۔پلی اور لیور بنائے ۔سورج گرہن اور چاند گرہن کے اوقات متعین کئے ۔

پنڈت نہرو اپنی کتاب Glimpses of world History میں لکھتے ہیں کہ عربوں سے پہلے ہندوستان' چین' مصر کسی جگہ کوئی سائینٹیفک علم نہیں تھا۔عربوں نے سائینٹفیک علم کی بنیاد ڈالی اور وہ فادر آف ماڈرن سائنس کہلانے کے مستحق ہیں۔

## کرش سولائیزیشن

صاحبو! کیا آپ کو پتہ ہے کہ اس قوت ہم کریش CRASH تہذیب کے طیارے میں سوار ہیں۔اس طیارے میں صرف ایکسلیریٹر ہے'بریک نہیں'لینڈنگ کے پہیئے جام ہو چکے ہیں۔

کتا..........باہر کا اندر کا

سبھی جانتے ہیں کہ حادثہ ہونے والا ہے۔ابھی ابھی ہونے والا ہے لیکن کوئی مانتا نہیں۔کیسے مانے ؟مغربی تہذیب کے زیر اثر شدت کا جنون بڑھتا جا رہا ہے۔حرکت کے رقص کی لے چڑھتی جا رہی ہے۔آزادی' کے جنون نے سبھی کچھ دھندلا دیا ہے۔مغرب میں آج آزادی کا دور دورہ ہے۔سیاسی آزادی'مذہبی آزادی' جنسی آزادی' آزادی کا ایک طوفان چل رہا ہے۔آزادی کا یہ جنون اتین دھول اڑا رہا ہے کہ لوگوں کے دلوں میں پھر سے بندشوں کی قدر پیدا ہو گئی ہے۔

ویسے تو مفکروں نے بہت پہلے بندشوں کی اہمیت کی بات کی تھی۔ایک نے کہا تھا:

''جانتے ہو آزادی کیا ہے؟تمہارے پڑوسی کے کتنے کے گلے کی زنجیر تمہاری آزادی ہے۔''

لیکن بات ایسے انداز سے کہی گئی تھی کہ ہمارے دلوں میں نہ بیٹھ سکی۔ہم سمجھے کہ آزادی کے راستے کی رکاوٹ 'پڑوسی کا کتا ہے۔آزادی کا دشمن باہر ہے۔ہم نے اپنے اندر کے کتے کی طرف توجہ نہ دی جسکے گلے کی زنجیر باہر کے کتے کے گلے کی زنجیر

سے زیادہ اہم ہے۔

ہمارے مفکروں نے یہ تو کہہ دیا کہ انسان مجلسی جانور ہے لیکن انہوں نے بات کی وضاحت نہیں کی۔ اگر انسان اپنی فطرت میں مجلسی ہے تو ظاہر ہے کہ وہ میل جول کا محتاج ہے' تعلقات کا محتاج ہے' رشتوں کا محتاج ہے اور ''کسے را با کسے کارے نہ باشد کے بہشت'' کا مفروضہ غلط ہے کہ انسان کے لیے بندھن اتنے ہی ضروری ہیں جتنی آزادی۔

## فیملی

مغربی تہذیب میں' جو آج کریش تہذیب بنی ہوئی ہے' بنیادی طور پر بہت خوبیاں تھیں۔ طلب علم تھی' سائنسی تحقیق کا شوق تھا۔ یہ دونوں اوصاف انہوں نے مسلمانوں سے سیکھے تھے۔ اہل مغرب میں سادگی تھی خلوص تھا' سچائی تھی پھر پتہ نہیں کیا ہوا' وہ حرکت کی زد میں آ گئے۔ ایک بگولے نے انہیں چاروں طرف سے گھیر لیا۔ Who Cares کا ایک میری گوراؤنڈ چل پڑا۔ بے محابا آزادی کا جنون پیدا ہوا۔ انہوں نے رفتار اور شدت کو اپنا لیا۔ بندھنوں کی عظمت کو نظر انداز کر دیا اور کریشن کو اس تہذیب کا مقصد بنا دیا۔

اب سمجھدار لوگ کھڑے رہے ہیں کہ کب گئی؟ اب گئی کہ اب گئی۔ خوف زدہ ہیں' لیکن کوئی اسے کریش سے بچا نہیں سکتا۔ اس بے محابا آزادی نے ہیومن سوسائٹی کے بنیادی سیل Cell فیملی کو توڑ دیا۔

صاحبو! شادی صرف جنسی تعلق ہی نہیں' عام لوگ میاں بیوی کے تعلق کو Love Relationship سمجھتے ہیں۔ یہ ایک بہت بڑی خوش فہمی ہے۔ دراصل شادی ایک درسگاہ ہے جہاں افراد ایک دوسرے کے ساتھی بن کر جینا سیکھتے ہیں۔ ایک دوسرے کی کمزوریوں' پسندیدگیوں' ناپسندیدگیوں' ایک دوسرے کے وہموں یعنی Irrational attitudes کو برداشت کرنا سیکھتے ہیں۔ ایک دوسرے کی طبیعتوں

میں ڈھل جانا سیکھتے ہیں۔ اختلاف سیکھتے ہیں اور پھر جب بچے ہو جاتے ہیں تو ان کے لیے ایثار وقربانی پیدا کرنا سیکھتے ہیں۔ اپنی شخصیت کے نوکیلے چبھتے کونوں کو گول کرنا سیکھتے ہیں۔

## پروفیسر احمد رفیق اختر

اس بات پر مجھے پروفیسر احمد رفیق اختر یاد آ گئے جنکا مقصد حیات ہی ہارمنی پیدا کرنا ہے' نوکیلے کونے گول کرنا ہے۔ گذشتہ چند ایک برس میں مجھے چند ایک بزرگوں سے ملنے کا اتفاق ہوا ہے۔ پروفیسر احمد رفیق اختر سے میں بہت متاثر ہوا ہوں۔ وہ عام انسان کی طرح جیتے ہیں۔ نہ لباس میں خصوصیت' نہ شکل وشبہات میں نہ انداز میں نہ برتاؤ میں۔

نہ جبہ نہ دستار' نہ گیسو' نہ داڑھی۔ کلین شیو ہیں۔ چہرے پر مصنوعی وقار نہیں۔ صرف ذہانت اور انسانیت ہے۔ بات میں "اہم" نہیں۔ انداز میں اجلا پن نہیں۔ دوسرے کو میلا ہونے کا احساس نہیں۔ کشف نہیں چلاتے۔ فراست ہے لیکن جتاتے نہیں۔ اختلاف رائے کو کاٹتے نہیں' برداشت کرتے ہیں۔ طبیعت میں بڑا "سنس آف ہیومر" صاف لگتا ہے کہ Qura دیکھنے کی حس موجود ہے لیکن ظاہر ہونے نہیں دیتے۔ خودنمائی نہیں کرتے۔ دعوی نہیں کرتے۔ پیری مریدی نہیں کرتے۔ بیعت کی دعوت نہیں دیتے۔ مسئلہ مسائل نہیں چھانٹتے۔ قادریہ سلسلے کے مشاہیر کو استاد مانتے ہیں لیکن جو تصوف پروموٹ کرتے ہیں وہ انہوں نے خود قرآن سے اخذ کیا ہے۔ لوگوں کو پڑھنے کے لیے اسماء دیتے ہیں۔

مجھے بھی دیے۔ میں نے کہا "پروفیسر صاحب! یہ ظلم نہ کرو۔ میں تو اللہ کا ایک اونی منشی ہوں۔ عبادت میرا کام نہیں۔ سیانے کہتے ہیں جس کا کام اسی کو ساجے۔"

کہنے لگے "یہ ضروری ہے' تین ماہ کے لیے پڑھو۔"

میں نے کہا "تین ماہ کے بعد کیا ہو گا؟"

وہ مسکرا دیے۔

میں نے تین ماہ تسبیح چلائی۔ میرا خیال تھا تین ماہ بعد میرے دائیں ہاتھ سے آواز آئے گی۔ ''بول میرے آقا! میرے لیے کیا حکم ہے' میں تیرے لیے کیا کر سکتا ہوں۔'' نہ لاگ ہو نہ لگاؤ۔

حضورؐ نے فرمایا تھا: ''لوگو! حد میں رہو۔ حدیں نہ توڑو۔''

میں نے پوچھا ''پروفیسر آپ کا شغل کیا ہے؟''

بولے ''تحلیل نفسی کرتا رہتا ہوں۔ وہ کونے جو دوسروں کو چبھتے ہیں انہی گول کرتا رہتا ہوں۔''

میاں بیوی کا بھی یہی مسئلہ ہے چبھتے کونے گول کرتے رہو تو Domestic Happiness حاصل ہوتی ہے۔

صاحبو Domestic Happiness سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔

ایک دن میرے بابا نے مجھ سے پوچھا ''مفتی دنیا میں جنت حاصل کرنا چاہتے ہو۔''

میں نے کہا ''بالکل چاہتا ہوں۔ آگے ملے نہ ملے یہاں مل جائے۔''

بولے ''آسان بات ہے کہ بیوی کوئی بات کہے جواب میں کہو ہاں جی۔''

صاحبو اس روز سے میں جنت میں رہتا ہوں۔

بے شک فیملی ایک عظیم درسگاہ' لیکن اہل مغرب نے آزادی کے جنون میں فیملی کی اہمیت کو قائم نہ رکھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ یہ غلط فہمی عام ہو گئی کہ شادی محبت کا رشتہ ہے 'شادی محبت کا رشتہ ہے' شادی کے بعد چند روز تو محبت کی شوگر کوٹنگ قائم رہی' پھر ایک دوسرے کے کونے چبھنے لگے تو قانون نے طلاق آسان کر دی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ پہلے خاوند سے دو بچے ہوئے دوسرے سے ایک بیٹی اور تیسرے سے دو بیٹے۔ ان پانچ بچوں کو گھر نصیب نہ ہوا۔ ماں باپ نصیب نہ ہوئے۔ انہیں وہ محبت نصیب نہ ہوئی جو

بچے کی پرورش کے لیے ضروری ہے۔طبعاً وہ اکھڑے اکھڑے رہے'رشتوں کے مفہوم سے ناواقف...... Un Owned سلیف سنٹرڈ Self Centred پھر جنسی آزادی نے لٹیا ہی ڈبو دی۔اہل مغرب کو احساس نہ ہوا کہ جنسی آزادی خودکشی کے مترادف ہے۔وہ اسے Emanci pation سمجھتے ہیں۔

## حجاب' بے حجابی

صاحبو! بے حجابی اخلاقی یا مذہبی مسئلہ نہیں۔یہ تو بیالوجی کا مسئلہ ہے'میرے دور میں لڑکی ہمیشہ چوبارے کی کھڑکی میں نظر آیا کرتی تھی۔وہ بھی کھلے منہ نہیں چق کے پیچھے،دوحنائی انگلیاں چق کے کونے پر نظر آتیں اور چق کی تیلیوں کے پیچھے ایک چٹا سفید دھبا سا چہرا'مبہم سی مسکراہٹ'دو ڈولتی کالی کشتیاں'چق ہلتی تو دل ہلتے تھے تحریک پیدا ہوتی تھی۔

برقعے میں لپٹی ہوئی عورت،بازار میں نظر آتی تو ہوا کے جھونکے سے نقاب کا ایک پوا اڑتا۔نیچے گلابی رخسار نظر آتا تو تحریک پیدا ہوتی تھی۔

اگر تحریک پیدا نہ ہو تو ملاپ نہیں ہو سکتا۔انگریزی میں اسے Preparation سٹیج کہتے ہیں۔پریپریشن کی ذمہ داری مرد پر عائد ہوتی ہے۔ پرانے زمانے میں بڑے بوڑھے مل بیٹھے۔انہوں نے سوچا مرد پر جو یہ ذمہ داری آپڑی ہے اسے نبھانا پڑے گا۔مرد میں تحریک پیدا کرنے کا آسان اور یقینی طریقہ یہ ہے کہ عورت اور مرد کو الگ الگ کردو۔یہ فیصلہ مشرق اور مغرب دونوں کے بڑوں نے کیا تھا۔مشرق والوں نے نقاب عائد کردیا'مغرب والوں نے فاصلے پر اکتفا کیا۔

صاحبو! 1921ء میں جب فرسٹ ایئر میں داخلہ لینے کے لیے لاہور آیا تو دیکھا کہ انارکلی میں کوئی عورت نظر نہیں آتی تھی۔عورت کو دیکھنے کے لیے ڈبی بازار جانا پڑتا تھا۔سالم عورت وہاں بھی نظر نہیں آتی تھی۔کبھی رخسار،کبھی توجہ طلب کالی آنکھیں۔ان دنوں عشق اور محبتیں کھڑکیوں'جھروکوں اور چھتوں کی محتاج تھیں۔

اشفاق احمد اٹلی میں پروفیسری اور براڈ کاسٹنگ سے فارغ ہو کر لاہور آیا۔ یہ پاکستان کے قیام کے بعد کی بات ہے۔اس نے مجھے بتایا:

''میں چھٹی کے دن سیر سپاٹے کے لیے شہر سے باہر نکل جایا کرتا تھا۔ایک دفعہ شہر سے دس میل دور ایک گاؤں میں رکا تو گاؤں کی موٹی موٹی میموں نے مجھے گھیر لیا۔پوچھنے لگیں کیا تو شہر میں رہتا ہے؟ میں نے کہا ''بالکل'' کہنے لگیں ہم نے سنا ہے کہ شہر کی لڑکیوں نے پاجامے اوپر چڑھا لیے ہیں اور وہ ننگی ٹانگوں سے گھومتی پھری ہیں کیا یہ سچ ہے ۔میں نے کہا ہاں یہ سچ ہے وہ حیرت سے چلائیں انہیں شرم نہیں آتی ۔اتنی بے حیائی توبہ توبہ۔''

## برہنگی

یورپ امریکا کی یہ بے حجابی حال کی پیداوار ہے۔خواتین سمندر کے کنارے ننگی پڑی رہتی ہیں ۔بازاروں میں گھومتی پھرتی ہیں ۔وہ سمجھتی ہیں کہ اپنی نمائش کر رہی ہیں ۔انہیں علم نہیں کہ ننگی عورت ایک عام منظر بن چکا ہے'اس قدر عام منظر کہ وہ مرد میں تحریک پیدا نہیں کرتا ۔نتیجہ یہ ہے کہ مرد خواتین کے لیے ناکارہ ہوتا جا رہا ہے۔عورت کی بارآوری کم ہوتی جا رہی ہے۔

مرد جنسی شاہراہ کو چھوڑ کر پگ ڈنڈیوں میں جنسی تسکین تلاش کر رہا ہے۔گورے خوف زدہ ہیں کہ صورت حال ایسے ہی رہی تو دس پندرہ سال میں یورپ اور امریکہ میں کالے ہی کالے نظر آئیں گے۔

افسوس ناک بات یہ ہے کہ اسٹیٹ نے جنسی بے راہ روی کو قانونی تحفظ دے دیا ہے۔اب وہاں مرد مرد سے شادی کر رہا ہے اور عورت عورت سے۔

ہاں تو مغربی تہذیب ایک کریش تہذیب ہے ۔اس طیارے میں صرف ایکسلریٹر ہے'بریک نہیں اور لینڈنگ کے پہیئے جام ہو چکے ہیں۔

سبھی جانتے ہیں کہ حادثہ ہونے والا ہے ابھی ابھی ہو گا لیکن کوئی مانتا نہیں ۔کیسے

مانے؟ شدت کا جنون بڑھتا جا رہا ہے۔ حرکت کے رقص کی لے چڑھتی جا رہی ہے۔ چڑھتی لے کو صرف وجدان جذب کر سکتا ہے۔ اہل مغرب وجدان سے محروم ہیں' اس لیے چڑھتی لے ہسٹیریا پیدا کر رہی ہے۔ صاحبو! یہ مغربی تہذیب جس سے ہم اس قدر مرعوب ہیں' دنیا پر صرف دو ڈھائی سو سال تک حکمران رہی ہے۔ اس کے برعکس مسلمانوں کی تہذیب سات سو سال حکمران رہی۔ اسلامی تہذیب کریش تہذیب نہیں تھی۔ اس میں بے محابا آزادی نہیں تھی۔ آزادی تو تھی ساتھ بندھن بھی تھے۔ اس میں توازن تھا۔

## نزول قرآن

قرآن کا نزول ایک بہت اہم واقعہ تھا۔ قرآن سے پہلے کسی مذہبی کتاب نے عقل وخرد اور علم وتحقیق کو اتنا بلند مرتبہ نہ بخشا تھا بلکہ عام طور پر سمجھا جاتا تھا کہ مذہب اور عقل دو متضاد چیزیں ہیں۔ قرآن کا رویہ حیرت انگیز تھا۔ وہ علم وحکمت کا خزانہ ہی نہیں تھا بلکہ سائنسی علوم کا سرچشمہ بھی تھا۔

قرآن نے عقل وخرد اور علم وتحقیق کی ایک فضا پیدا کر دی۔ جگہ جگہ علمی درسگاہیں بن گئیں۔ یونیورسٹیاں وجود میں آ گئیں۔ نوجوانوں میں علم حاصل کرنے کا شوق پیدا ہوا۔ سائنسی تجربات کے لئے لیبارٹریاں بن گئیں۔ جگہ جگہ کتب خانے بن گئے۔ علمی ترقی کے ساتھ ساتھ لوگوں میں مطالعہ کا شوق پیدا ہوا۔ کتابیں اکٹھی کرنا فیشن بن گیا۔ ہر بڑے اور چھوٹے شہر میں کتب خانے بنا دیے گئے۔ صرف شہر بغداد میں چھ ہزار کتب خانے تھے۔ خلیفہ ہارون رشید کی بیوی زبیدہ کی لائبریری میں چھ لاکھ کتابیں تھیں۔ قرطبہ کے کتب خانے میں چار لاکھ نادر کتابیں موجود تھیں۔ جس کا کیٹلاگ 44 جلدوں میں مکمل ہوا تھا۔ کہتے ہیں بغداد کی ایک گلی میں کتابوں کی سو دکانیں تھیں۔

علم کے اس شوق کی وجہ سے دو سو سال میں عرب علماء نے کئی ایک کتابیں تصنیف

کر ڈالیں۔ان کتابوں نے چاروں طرف کلم کی روشنی پھیلا دی۔جب عربوں نے سپین فتح کرلیا تو علم کا ذوق وہاں بھی پھیل گیا۔عربوں کی تحقیقاتی کتابیں سپین فرانس' اٹلی اور انگلستان میں پہنچ گئیں۔ان کتابون کے مختلف زبانوں میں ترجمے ہوئے۔

بہت دیر بعد یورپ میں یونیورسٹیاں قائم ہوئیں تو یہی کتابیں پڑھائی جانے لگیں۔یوں مسلمانوں کی لکھی ہوئی سائنس اور فلکیات کی کتابیں یورپی درس گھوں میں چار سو سال تک پڑھائی جاتی رہیں اٹھارویں صدی عیسوی تک۔

چونکہ یہی تعلیم کا مستند ذریعہ تھا۔

## علم و تحقیق

قرآن کے پیغام اور حضور اعلیٰ کے کردار کے زیر اثر صحرا نشین عربوں کی زندگی ہی بدل گئی۔قرآن کی راہنمائی میں عرب ہر شعبہ میں آگے بڑھنے لگے اور نصف صدی کے اندر ہی اندر علم و عمل کے متوالوں نے آدھی سے زیادہ دنیا فتح کرلی۔

انہوں نے قیصر و کسریٰ جیسی پر ہیبت سلطنتوں کو زیرنگوں کر ڈالا اور ساری دنیا میں علم و فکر کا ماحول پیدا کر دیا۔اس علم و فکر کے ماحول کے زیر اثر سینکڑوں عرب مفکر پیدا ہو گئے۔انہوں نے مختلف علوم میں تحقیق کا کام شروع کر دیا۔نتیجہ یہ ہوا کہ بہت سی ایجادات عمل میں آئیں' مثلاً تھرمامیٹر' اصطرلاب' پنڈولم والی گھڑی' قطب نما۔

ظاہر ہے جس ایجادات ہوں گی وہاں پروڈکشن بھی ہوگی۔کارخانے وجود میں آئیں گے۔ان دنوں بغداد میں دھڑا دھڑ کارخانے بنے' یعنی قرآن نے علم حاصل کرنے کا ذوق پدا کیا۔تحقیق کی جانب مائل کیا۔سائنسی سپرٹ پیدا کی اور انڈسٹریل ریوولیوشن کی ابتدا کی۔

صاحبو! ایک بات کہوں' تلخ بات ہے' ناقابل قبول لیکن سچی ہے۔وہ یہ کہ آپ مین ہم سب میں سے کسی نے قرآن کی عظمت کو نہیں سمھا۔ہم سمجھتے ہیں کہ قرآن ایک مزہبی کتاب ہے' اس لیے لائق صد احترام ہے۔ہم قرآن پڑھتے میں تو صرف

ثواب کمانے کے لیے۔ علمائے دین قرآن پڑھتے ہیں تو وہ دینی موشگافیاں پیدا درن کے لیے' اپنے خیالات کو تقویت دینے کے لیے اور عوام کو اللہ کے غیظ و غضب سے ڈرانے کے لیے۔ جنہیں قرآن حفظ ہے' وہ صرف لفظ سے واقف ہیں۔ اہل قرأت کا خیال رکھتے ہیں۔

## قرآن اور سائنسی علوم

قرآن سے متعلق شماریات جمع کرنے والوں کا کہنا ہے:

ا۔ قرآن میں اللہ کے حقوق سے متعلق کل

193 آیات ہیں۔

۲۔ بندوں کے حقوق سے متعلق 673 آیات ہیں۔

۔ کائنات سے متعلق سائنسی علوم پر 750 آیات ہیں۔

ان آیات میں مندرجہ ذیل موضوعات پر روشنی ڈالی گئی ہے:۔

ا۔ آسمان اور دنیا کی پیدائش پر غور و فکر کا بیانے

۲۔ آفتاب کی پیدائش کی حکمتوں پر غور و فکر بیان۔

۳۔ آسمان اور دنیا کی پیدائش پر غور و فکر کا بیان۔

۲۔ آفتاب کی پیدائش کی حکمتوں پر غور و فکر کا بیان۔

۴۔ زمین کی پیدائش کی حکمتوں کا بیان

۵۔ سمندر کی پیدائش کی حکمتوں کا بیان۔

۶۔ پانی کی پیدائش کی حکمتوں کا بیان۔

۷۔ ہوا کی پیدائش کی حکمتوں کا بیان۔

۸۔ آگ کی پیدائش کی حکمتوں کا بیان۔

۸۔ آگ کی پیدائش کی حکمتوں کا بیان۔

۹۔ انسان کی پیدائش کی حکمتوں کا بیان۔

یہ تو کائناتی موضوعات ہیں جن پر قرآن ہمیں غور فکر کی دعوت دیتا ہے۔ پوری بات نہیں بتاتا' اشارات دیتا ہے' راستہ بجھاتا ہے۔ ہمیں تلاش پر مائل کرتا ہے۔ پنجابی شعر کے مصداق پلا مار کر دیا بجھاتا ہے اور آنکھ کے اشارے سے بات کرتا ہے۔ یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔ قرآن تو برملا کہتا ہے کہ لوگو ذرا دیکھو غور سے دیکھو۔ سوچو' سمجھو' دیکھو تو ہم نے کیا کیا تخلیق کیا ہے۔ جان لو کہ یہ کائنات ہم نے اس لیے تخلیق کی ہے کہ تم اسے تسخیر کرسکو۔

## معجزے

اسلام تو ان کا مذہب ہے جو مظاہرہ فطرت پر غور وخوض کے عادی ہیں۔ وہ تو غور وفکر سے بے بہرہ لوگ ہیں جنہیں بات منوانے کے لیے کا سہارا لینا پڑتا ہے۔

ٹالسٹائی روس کا ایک مفکر تھا۔ سفر کے دوران اسے ایک پادری ملا۔ پادری اس کے پاس بیٹھا اور حسب معمول عیسائیت کی عظمت پر باتیں کرنے لگا۔ ٹالسٹائی اس کی باتیں سنتا رہا۔ آخر میں پادری نے کہا: ''عیسائیت واحد مذہب ہے جو ذات باری تعالیٰ کے ثبوت میں ایک معجزہ پیش کرتا ہے۔

''کون سا معجزہ؟'' ٹالسٹائی نے پوچھا۔

پادری بولا: ''یہ معجزہ کہ حضرت مسیح بغیر باپ کے پیدا ہوئے۔''

ٹالسٹائی نے جواب دیا: ''محترم پادری صاحب! میں اس لیے خدا کے وجود کا قائل نہیں ہوا کہ مسیح بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے۔ میں تو پیدائش کے مسلسل معجزے پر حیرت زدہ ہوں کہ میاں بیوی کے ملاپ سے دو حقیر سے مادے آپس میں مل جاتے ہیں جو ایک بچے کی پیدائش کا باعث بن جاتے ہیں۔ کیا عام پیدائش ایک حیران کن معجزہ نہیں۔''

ان کائناتی موضوعات کے علاوہ بھی قرآن میں زمینی علوم پر آیات ہیں۔ مثلاً ان کے موضوع یوں ہیں:

۱۔ پرندوں کی پیدائش کی حکمتوں کا بیان ۔

۲۔ چو پایوں کی پیدائش کی حکمتوں کا بیان ۔

۳۔ شہد کی مکھیوں کی پیدائش کی حکمتوں کا بیان ۔

۴۔ مچھلی کی پیدائش کی حکمتوں کا بیان ۔

۵۔ نباتات کی پیدائش کی حکمتوں کا بیان ۔

## قرآن کا نواں حصہ سائنسی علوم کے بارے میں ہے۔

یہ ہماری بد قسمتی ہے کہ ہم نے قرآن کے ان حصوں کو کبھی اہمیت نہیں دی جو عقل ودانش اور سائنسی علوم کے متعلق ہے۔علمائے دین نے اپنے خطبوں میں کبھی ان امور کا ذکر نہیں کیا۔کہ دین کا علم کافی ہے۔سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا دین علم ہے۔سیانے کہتے ہیں کہ دین تو ایک ضابطہ حیات ہے جسے عمل سے تعلق ہے۔ایمان سے متعلق ہے۔علم سے نہیں۔

## دین، علم

چونکہ قرآن علم کو نفسیات کا مقام دیا ہے اس لیے مذہب کے اجارہ داروں نے مشہور کر رکھا ہے کہ علم سے قرآن کی مراد علم دین ہے۔علم دین ہی سچا علم ہے باقی علوم تو انسان کو کفر کا درس دیتے ہیں۔اپنی ذاتی اہمیت کو قائم کرنے کے لیے انسان کو کیا کیا حیلے کرنے پڑتے ہیں!

خلفائے راشدین کے دور میں جتنے بھی مسلمان سائنس دان پیدا ہوئے' وہ سب قرآن کے مرہون منت تھے۔ان کی تصنیفات میں جگہ جگہ قرآن کے حوالے ملتے ہیں

۔

## مغربی سائنس دان

مغربی سائنس دان قرآنی علم سے بے بہرے ہیں' اس لیے ان کی تحقیق آوارہ ہے۔ ویسے بھی قرآن کہتا ہے لوگو رموز فطرت پر غور کرو انہیں سمجھو لیکن خبردار ہمارے حوالے کے بغیر سمجھنے کی کوشش نہ کرنا' آوارہ ہے۔ ویسے بھی قرآن کہتا ہے لوگو رموز فطرت پر غور کرو انہیں سمجھو لیکن خبر دار ہمارے حوالے کے بغیر سمجھنے کی کوشش نہ کرنا' بھٹک جاؤ گے' راستہ نہیں ملے گا۔ کبھی پہنچ نہ پاؤ گے۔

مغربی سائنس دان محنت' خلوص اور ذوق کے باوجود آج تک کہیں پہنچ نہیں پائے اس لیے کہ انہوں نے خالق کے حوالے کے بغیر سچائی کی تلاش کی ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ کائنات ایک آٹو میٹریم ہے جو حادثہ کی وجہ سے وجود میں آئی ہے۔ جس کی ابتدا ہے نہ انتہا۔ پلاننگ ہے نہ مقصد اور نہ جنرل۔

صاحبو! ہم قرآن پڑھتے ہی نہیں۔ عقل و دانش کی بات آجائے تو اسے کانی آنکھ سے دیکھتے ہیں۔ ثواب اور عذاب کی بات آجائے تو اٹینشن ہو جاتے ہیں۔ بڑے انہماک سے پڑھتے ہیں۔ اس زندگی کی بات آجائے تو اسے جملہ معترضہ سمجھ کر چھوڑ دیتے ہیں۔ آنے والی زندگی کی بات آجائے تو توجہ مرکوز کر دیتے ہیں۔

## ثواب کماؤ

ہمارے راہبروں نے ہمیشہ کنڈیشن Condition کر دیا ہے کہ یہ زندگی فانی ہے' بے ہودہ ہے' بکواس ہے' سراب ہے۔ اصلی زندگی وہ ہے جو آنے والی ہے حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ آنے والی زندگی تو جزا و سزا ہے۔ وہ ایک پھول ہے جو موجود زندگی کے بوٹے پر لگے گا۔ تمام تر اہمیت تو موجودہ زندگی کی ہے۔ ہمارے رہبروں نے اسلام کو تجارت بنا رکھا ہے۔ یہاں ایک نماز پڑھو وہاں 70 نمازوں کا ثواب ملے گا۔ یہاں بھوکے کو ایک روٹی کھلاؤ وہاں اس کے عوض دس روٹیاں ملیں گی۔ مولوی صاحب اپنے خطبے میں اس مسئلے پر روشنی ڈال رہے تھے۔ انہوں نے اس

حوالے سے ایک قصہ سنایا۔

کہنے لگے: ''ایک روز مسجد میں ایک بزرگ مہمان آگئے۔ اس وقت دسترخوان میں صرف دو روٹیاں تھیں جو ہم نے پیش کر دیں۔ کھانے لگے تو دروازہ بجا۔ حجرہ کے باہر ایک بھوکے مسافر کھڑا تھا۔ بزرگ نے ایک روٹی اسے دے دی اور دسترخوان لپیٹ کر ایک طرف رکھ دیا۔ کچھ دیر کے بعد دروازہ بجا۔ ہم نے پوچھا کون ہے بھئی۔ آواز آئی: ''جناب ختم کی روٹیاں لایا ہوں''

بزرگ نے پوچا: ''کتنی ہیں؟''

آواز آئی کہ جناب پندرہ روٹیاں ہیں۔

بزرگ نے کہا: ''نہیں بھائی یہ روٹیاں ہماری نہیں لے جاؤ۔''

کچھ دیر کے بعد پھر دروازہ بجا اور آواز آئی: ''جناب چوہدری صاحب نے پانچ روٹیاں بھیجی ہیں۔''

بزرگ نے کہا: ''بزرگ نے کہا: ''نہیں میاں یہ ہماری نہیں کسی حاجت مند کو دے دو۔''

کچھ دیر کے بعد پھر دروازہ بجا اور آواز آئی کہ جناب شادی والے گھر نے روٹیاں بھیجی ہیں۔

بزرگ نے پوچھا کتنی ہیں؟

جواب آیا کہ جناب دس روٹیاں ہیں۔

بزرگ بولے: ''ٹھیک ہے لے آؤ' یہ ہماری ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ ایک روٹی خیرات کرو گے تو اس کے عوض دس ملیں گی۔''

## چالیس نمازیں

میں نے 1968ء میں حج کیا تھا۔فریضہ حج ادا کرنے کے بعد ہم مدینہ منورہ میں مقیم تھے۔مسافر خانے میں چند ایک پاکستانی ہمارے ساتھ رہتے تھے۔

ان کا روز آپس میں جھگڑا لگا رہتا تھا۔ایک کہتا تھا بھائیو مدینہ منورہ میں ہم نے 36 نمازیں پڑھی ہیں۔دوسرا کہتا تھا نہیں تمہاری گنتی ٹھیک نہیں' ہم نے صرف 34 نمازیں پڑھی ہیں۔چھ نمازیں پڑھنی باقی ہیں۔

پتہ نہیں کیوں لیکن یہ خیال عام ہے کہ مدینہ منورہ میں قیام کے دوران چالیس نمازیں پڑھنا ضروری ہے اس لیے زائرین نمازوں کا حساب رکھتے ہیں۔ابتدائی ایام میں تو مدینہ منورہ میں حاضری کا جذبہ انہیں مسحور رکھتا ہے۔گھر پہنچنے کی خواہش ابھرتی ہے۔جی چاہتا ہے اڑ کر گھر جا پہنچیں۔مدینہ منورہ میں حاضری کا احساس مدھم ہو جاتا ہے۔واپسی میں حائل وہ چالیس نمازیں ہوتی ہیں جنہیں پڑھے بغیر حج یا عمرہ کا ثواب ختم ہو جاتا ہے' اس لیے تمام تر توجہ نمازوں پر مرکوز ہو جاتی ہے۔زائرین بھول جاتے ہیں کہ وہ کہاں بیٹھے ہیں' کن کی خدمت میں حاضری دے رہے ہیں' کن کے قدموں میں بیٹھنے کا انہیں اعزاز حاصل ہے۔

وہ چاہتے ہیں کہ جلد فرائض سے فارغ ہوں۔گھر پہنچیں اور جا کر اپنے عزیزوں کو بتائیں کہ اس مقدس مقام سے واپس آنے کو جی نہیں چاہتا تھا۔جی چاہتا تھا کہ سبز جالی کو پکڑ کر بیٹھے رہیں۔

## رچوال

ہمارے راہبروں نے نماز کو بھی ایک رچوال Ritual بنا دیا ہے۔ہم نماز اس لیے نہیں پڑھتے کہ اللہ کا حکم بجا لا رہے ہیں۔اس لیے بھی نہیں کہ اللہ کے حضور حاضری دے رہے ہیں یا اللہ سے تعلق پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ہمارے راہبروں نے ہمیں کنڈیشن کر دیا ہے کہ ہماری سوچ ثواب اور گناہ تک محدود رہے۔ہم نماز

ثواب حاصل کرنے کے لیے پڑھتے ہیں۔

ہمارے راہبر ٹیلی ویژن پر آ کر ہمیں بتاتے ہیں کہ نماز بہشت کی کنجی ہے۔ان کا کہنا ہے کہ نماز قائم کرلو۔باقی سب باتیں ازخود ٹھیک ہو جائیں گی۔کردار سنور جائے گا۔اخلاق بہتر ہو جائے گا۔معاملات ٹھیک ہو جائیں گے۔لین دین درست ہو جائے گا۔مطلب یہ کہ مسجد کو مرکز مان لو تو سب ٹھیک ہو جائے گا کیونکہ اس میں وہ خود دیوتا سمان براجمان ہیں۔

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

## باب ۱۰

# گلاب کا پھول

صاحبو! بات کہنے کی نہیں لیکن کہے بغیر چارہ بھی نہی۔ بڑی تلخ بات ہے لیکن بڑی سچی، اتنی تلخ سچائی کہ ماننے کو جی چاہتا ہ‘ وہ یہ کہ ہم میں سے چند ایک افراد ہوں گے جو قرآن پڑھتے ہیں‘ انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں‘ اتنے چند! باقی‘ سب آگ میں‘ ہم قرآن پڑھتے نہیں اسے استعمال کرتے ہیں‘ زیادہ تر لوگ تو ثواب کمانے کے لیے تلاوت کرتے ہیں۔ کچھ اپنے مرحوم عزیز و اقربا کو ثواب پہنچانے کے لیے قرآن پڑھتے ہیں‘ کچھ لوگ آیات کو تعویذ کے طور پر استعمال کرتے ہیں‘ کچھ اپنی ذاتی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے ورد کرتے ہیں‘ صوفی اکٹھے مل کر ذکر کرتے ہیں تاکہ وجدان کی کیفیت پیدا ہو۔ وجدان بھی تو ایک قسم کی لذت ہے۔ ہمیں راہ دکھانے والے اپنے نظریات کی تقویت کے لیے‘ عوام کو مرعوب کرنے کے لیے‘ شوکت نفس کے لیے قرآن پڑھتے ہیں۔ بہر صورت کوئی شخص قرآن کو سمجھنے اور جاننے کے لیے قرآن نہیں پڑھتا۔

سیانے کہتے ہیں قرآن گلاب کے پھول کی مانند ہے...... پتی در پتی، پتی در پتی، اوپر کی پتی اٹھاؤ تو نیچے ایک اور پتی۔ اسے اٹھاؤ تو ایک اور پتی۔ مفہوم در مفہوم۔ اوپر کا مفہوم ہٹاؤ تو نیچے ایک اور مفہوم اوپر سطحی نیچے کائناتی۔ اکثر لوگ پہلی پتی یعنی اوپر کے مفہوم پر ہی اکتفا کر لیتے ہیں کہ پا لیا‘ ہم نے پا لیا۔

قرآن کی بات تو وہی تیتر کی بولی والی ہے۔ تیتر بولا تو مفکر نے کہا کہ کہہ رہا ہے سبحان تیری قدرت‘ بنیا بولا اے نہیں۔ کیوں خواہ مخواہ بات کو الجھا رہا ہے تیتر کہہ رہا ہے نون تیل ادرک۔

پہلوان بولا تم دونوں غلط سمجھے' تیتر کہہ رہا ہے کھا گی اور کر کسرت۔

قرآن کہتا ہے لوگو! مجھے پڑھو، سمجھو، غور وفکر کرو، پھر تمہیں ایسی ایسی عقل و دانش کی باتیں ملیں گی کہ تم حیران رہ جاؤ گے۔ پردے اٹھ جائیں گے' بڑے بڑے راز کھل گے جو تمہیں تسخیر کائنات میں مدد دیں گے۔

## بچہ اور بڑا

صاحبو! ہم سب کے اندر ایک بچہ ہے' معصوم بچہ جو ارد گرد کی چیزوں کو دیکھتا ہے' اور حیران ہوتا ہے کہ یہ کیا ہے' کیسے ہے' کیوں ہے؟ یہ دنیا دراصل ایک ونڈر لینڈ ہے اور ہمارے اندر کا بچہ ایلس ہے۔ دنیا میں جتنا علم بھی حاصل ہوا ہے۔ سب اس بچے کی وجہ سے ہوا ہے جو گردوپیش کو سرسری نظر سے نہیں بلکہ حیرت سے دیکھتا ہے۔

پھر ہمارے اندر ایک بڑا بھی ہے جو سمجھتا ہے کہ میں سب سمجھتا ہوں۔ اس میں حیرت کا جذبہ مفقود ہے۔ یہ بڑا اس بچے کو ڈانٹ ڈپٹ کرتا رہتا ہے: تو تو خواہ مخواہ حیران ہو رہا ہے۔ بھئی یہ تو پتا ہے اور یہ پھول ہے اور یہ مٹی کا ذرہ ہے' اس میں حیرت کی کیا بات ہے۔ بڑے کو احساس نہیں کہ ہم ونڈر لینڈ میں رہتے ہیں۔ یہاں کی ایک ایک چیز حسن اور حکمت سے بھری ہوئی ہے۔

قرآن کہتا ہے لوگو! گردوپیش کو اس بچے کی آنکھ سے دیکھو' پھر دیکھو تمہیں کیا کیا نظر آتا ہے۔ اگر اس بڑے کی نظر سے دیکھو گے تو سب کچھ سپاٹ نظر آئے گا۔ سچی بات ہے جس نے تخلیق کی رنگا رنگی کو نہ دیکھا وہ تخلیق کار کی عظمت کو کیسے سمجھے گا۔ اللہ کہتا ہے' لوگو! ہم نے یہ کائنات ایک ونڈر لینڈ بنایا ہے۔ شرط یہ ہے کہ تم میں دیکھنے کی صلاحیت ہو' تم اس بچے کی آنکھ سے دیکھو بڑے کی آنکھ سے نہیں جو صرف اپنے مطلب کی چیز دیکھتا ہے اور باقی کو نظر انداز کر دیتا ہے۔ قرآن کی سب سے بڑی خصوصیت اس کی سائنسی سپرٹ ہے۔ اس کا انداز تحکمانہ نہیں اس میں رواداری ہے ،عقل وفکر کی تلقین ہے۔

ہمارے رکھوالوں نے تبلیغ میں قرآن کا رویہ نہیں اپنایا بلکہ اس سے بالکل الٹ انداز اختیار کیا ہے۔انہوں نے اپنے اندر کے بچے کو ڈانٹ ڈپٹ کر ہمیشہ کے لیے چپ کرا دیا ہے۔وہ کہتے ہیں یہ بچہ خواہ مخواہ مین میخ نکالتا رہتا ہے۔سیدھی باتوں کو الجھاتا ہے' کفر پھیلاتا ہے۔

## جوڑے

ہمیں راستہ دکھانے والے خود کو بڑا سمجھتے ہیں۔وہ سمجھتے ہیں کہ ہم جانتے ہیں' سب کچھ جانتے ہیں۔ہمارا کام تو یہ ہے کہ لوگوں کو سیدھا راستہ دیکھائیں۔ادھر اللہ کی عادت ہے کہ وہ چلتے چلتے برسبیل تذکرہ اتنی بڑی بات کہہ دیتے ہیں کہ زندگی بھر سوچتے رہو اور بھید نہ پاؤ۔اللہ کی ہر بات ہفت پہلو ہوتی ہے۔باری تعالیٰ نے برسبیل تذکرہ قرآن میں کہہ دیا کہ ہم نے زمینی چیزوں کو جوڑوں میں بنایا ہے۔ہمارے بڑے' جو سمجھتے ہیں کہ ہم جانتے ہیں'بولے یہ تو سیدھی سیدھی بات ہے۔مطلب ہے کہ جاندار مخلوق کو جوڑوں میں بنایا ہے۔انسان میں مرد اور عورت' باقی جان داروں میں نر اور مادہ۔

بچہ چلایا نہیں اللہ کی باتیں سطحی نہیں ہوتیں ان میں گہرائی ہوتی ہے۔توجہ فرمایئے' سوچیۓ' غور کیجیۓ ضرور اس میں کوئی بھید ہوگا۔بڑے بولے ہشٹ بچے خواہ مخواہ کی گڑبڑ نہ کر ہمیں سوچوں میں نہ الجھا۔

کچھ لوگ' جو تحقیق کے رسیا تھے کہنے لگے اس کا مطلب یہ ہے کہ نباتات میں بھی جوڑے ہوتے ہیں۔یہ بات بالکل نئی تھی۔یہ انکشاف سب سے پہلے قرآن نے کیا تھا۔

## Polarity

پھر صدیوں بعد جب سائنس دانوں نے **Polarity** کا راز فاش کیا اور غیر مادی جوڑے سامنے آئے' جب انرجی کے جوڑوں کا پتہ چلا' کشش اور دور ہٹانے

والی طاقتوں کا راز فاش ہوا تو سائنس دان حیرانی سے چلائے کہ یہ بات تو قرآن نے 14 سو سال پہلے بتا دی تھی۔ یہ انکشاف تو قرآن نے واضح الفاظ میں کر دیا تھا' بلکہ یہاں تک کہہ دیا تھا کہ ایسے بھی جوڑے ہیں جنہیں تم نہیں جانتے۔

صاحبو! مقام شکر ہے کہ ہم اللہ کی کائنات کی بہت سی باتوں کو نہیں سمجھتے، اگر خدانخواستہ ہمیں سوجھ بوجھ ہوتی تو ہم حیرت زدہ ہوکر آسمان کی طرف بٹ بٹ تکتے اور اللہ کی عظمت کے احساس سے یوں بھیگ جاتے کہ کسی کام جوگے نہ رہتے۔

بڑی باتوں کو چھوڑیئے یہ سوچئے کہ ہم دو متضاد حرکتوں کی زد میں رہتے ہیں کشش ثقل اور گردشی حرکت۔ اگر ان دونوں کے توازن میں ذرا برابر فرق آجائے ہمارا پٹاخہ بل جائے۔ ذرا سوچئے میرے صاحب کہ ہماری زمین کشش ثقل اور دور ہٹانے والی قوتوں کے درمیان توازن رکھنے کی کوشش میں چار مختلف محوروں پر گھوم رہی ہے۔ چار مختلف سفروں پر رواں دواں ہے۔ آج جب محقق لوگوں کو احساس ہوتا ہے کہ قرآن چودہ سو سال پہلے جوڑوں کے بیان میں ہمیں کیا کچھ سمجھا گیا ہے تو حیرت ہوتی ہے۔

## اجارہ دار

لیکن ہماری بدقسمتی کہ ہم میں وہ بچہ نہیں رہا جو کیا کیوں کیسے سوچنے کا متوالا تھا، وہ بچہ سائنس دان تھا۔ قرآن کے نزول کے بعد مسلمانوں میں بہت سائنس دان پیدا ہوئے تھے۔ جس نے بھی قرآن کا سپرٹ کو سمجھا قرآن کے اشارات پر چلا وہ سائنس دان بن گیا۔

پھر پتہ نہیں کیا ہوا؟ اجارہ دار میدان میں آ گئے۔ اجارہ دار ہمیشہ میدان میں آجایا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگو! قرآن صراط مستقیم بتانے کے لیے آیا ہے۔ سائنسی پہلیاں بجھوانے نہیں آیا، اسلام مداری نہیں ہے۔ کائنات تو اک تماشہ ہے۔ تمہاری توجہ کو بھٹکانے کے لیے یہ تماشا لگایا گیا ہے۔ یہ دنیا فانی ہے اسے رد کر دو

۔صراط مستقیم پر چلو' اللہ اللہ کرو' اگلی دنیا میں اپنے لیے ایک برتھ ریزرو کرا لو اور جان لو بہشت کی کنجی ہمارے ہاتھ میں ہے چونکہ ہم تمہارے رہبر ہیں تمہیں راستہ بتانے آئے ہیں ۔ پتہ نہیں ایسے کیوں ہوتا ہے ۔مگر ایسے ہوتا ہے کہ ہمیشہ اجارہ دار جیت جاتے ہیں اور کامی ہار جاتے ہیں ۔اس کی ایک اور وجہ بھی تھی ۔

## لے پالک باندی

اسلام سے پہلے عیسائیت سائنس کے سخت خلاف تھی ۔اس نے رہبانیت کو اونچا مقام دے رکھا تھا ۔وہ طاقتور اجارہ ذدار تھے ۔

کوئی مفکر کہتا مجھے لگتا ہے کہ زمین گول ہے تو پادری اس کے خلاف فتویٰ دے دیتے کہ یہ شخص محدانہ باتیں کر رہا ہے ۔مذہب کے خلاف فضا پیدا کر رہا ہے ۔اسے پکڑ لو اور سنگسار کر دو ۔

یوں قرآن کے نزول سے پہلے یہ خیال عام تھا کہ سائنس اور مذہب دو متضاد چیزیں ہیں ۔سائنس مذہب کی بیری ہے ۔پادری ڈرتے تھے کہ اگر سائنس کی عظمت تسلیم کر لی گئی تو ہمارا راج پاٹ ختم ہو جائے گا ۔پھر قرآن نے آ کر کہا کہ لوگو! یہ جو سائنس ہے یہ کوئی غیر نہیں ہے ۔یہ تو ہماری لے پاک باندی ہے' یہ تو وہ سیمنٹ ہے جس سے ہم نے تخلیق کائنات کی اینٹیں جوڑی ہیں ۔یہ وہ اصول اور قاعدے ہیں جو ہم نے کائنات بنانے میں برتے ہیں ۔اسے غیر نہ جانو' اسے دشمن نہ جانو ۔الٹا اسے اپناؤ ۔تحقیق کر کے اس کے راز جانو تاکہ تم بھی تخلیق کار بن جاؤ ۔

جس طرح پادری سائنس سے خوف زدہ تھے ایسے ہی ہمارے راہبر بھی خوف زدہ تھے ۔انہوں نے جان بوجھ کر اپنی عظمت برقرار رکھنے کے لیے سائنس کے خلاف پراپیگنڈہ جاری رکھا اور اب وہ سائنس کو اہل مغرب کا فتنہ سمجھنے لگے ہیں ۔

# ایٹم

اس کے برعکس سائنس اشارات سے بھرا ہوا ہے۔ حیرت کی بات ہے کہ سائنس دان روز نیا سے نیا انکشاف کرتے ہیں' پھر جو دیکھتے ہیں تو وہ قرآن میں پہلے ہی سے موجود ہوتا ہے، حیران ہوتے ہیں کہ یہ کیسی کتاب ہے جو 14 سو سال پرانی ہے۔ لیکن ذرا بھی پرانی نہیں Out Dated نہیں۔ ہر نئی سے نئی بات، ہر نیا سے نیا انکشاف اس میں پہلے ہی سے موجود ہے مثلاً ایٹم کی بات لیجئے۔ 23 صدیاں پہلے یونان کے مفکروں نے کہا تھا کہ مادے کا چھوٹے سے چھوٹا ذرہ ایٹم ہوتا ہے جو ٹوٹ نہیں سکتا چونکہ سب سے چھوٹا ذرہ ہے۔ پھر صدیاں بعد سائنس دانوں نے دریافت کیا کہ ایٹم سب سے چھوٹا ذرہ نہیں۔ اسے توڑا بھی جا سکتا ہے' اس کے حصے کئے جا سکتے ہیں ۔ یہ بہت بڑی بات تھی۔ نئی بات' انوکھی بات' نیا انکشاف۔

پھر جو دیکھا تو حیرت کی حد ہو گئی کہ قرآن میں یہ بات پہلے سے موجود تھی اور واضح الفاظ میں موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ہمیں اس کائنات کے ایک ایک ذرے کا علم ہے شعور ہے بلکہ ذرے سے بھی چھوٹے ٹکڑوں کا علم ہے

سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر قرآن میں اتنے عظیم سائنسی حقائق موجود ہیں تو سائنس دان قرآنی خطوط پر تحقیق کیوں نہیں کرتے؟ اس لیے کہ عیسائی سائنس دان کو قرآن کے بارے میں کچھ علم نہیں۔

کروسیڈ کے زمانے میں پادریوں نے مسلمانوں کے خلاف اس قدر پراپیگنڈہ کیا کہ لوگ سمجھنے لگے مسلمان ایک شدت پسند وحشی قوم ہے جو غیر مسلموں سے ظالمانہ سلوک روا رکھتے ہیں اور اختلاف رائے کو قطعی برداشت نہیں کرتے۔ حیرت کی بات ہے کہ پادری ایسا پروپیگنڈا کرنے میں کامیاب کیسے ہوئے حالانکہ مسلمان سات صدیاں آدھی دنیا پر حکمران رہے اور تواریخ شاہد ہے کہ انہوں نے ایسے عدل وانصاف سے حکومت کی کہ دنیا حیران رہ گئی۔

# انسان یا جن

البتہ ایک بات ضرور ایسی تھی جو پادریوں کے پراپیگنڈے کو تقویت پہنچاتی تھی، وہ یہ کہ مذہبی جنگوں میں مسلمان شوق وشہادت سے سرشار ہو کر لڑتے تھے، نتیجہ یہ تھا کہ ایک مسلمان سپاہی دس دشمنوں پر حاوی رہتا تھا۔اس بات کو پادریوں نے جھنڈے پر چڑھا کر لہرایا کہ لوگو! یہ لوگ جو خود کو مسلمان کہتے ہیں انسان نہیں بلکہ جنات میں سے ہیں۔اگر انسان اس دنیا میں امن وامان سے جینے کا خواہش مند ہے تو ہمیں دنیا کو ان جنات کے وجود سے پاک کرنا پڑے گا۔اس کے علاوہ ایک اور بدقسمتی ہو گئی۔ اجارہ داراروں نے دیکھا کہ دنیاوی علوم کے سائنس دان چھا گئے ہیں۔ انہوں نے عبادات کو چھوڑ دیا ہے' یہ تنزل کا نشان ہے۔ان کے اس پراپگینڈے کی وجہ سے مسلمانوں نے علوم اور تحقیق کو چھوڑ دیا اور عبادات کو اپنا لیا۔

یوں عبادات کے مختلف طریقے رائج ہو گئے۔تصوف میدان میں آ گیا' پھر تصوف نے کئی روپ دھار لیے' کئی سلسلے بن گئے۔نقش بندیہ' قادریہ' سہروردیہ' چشتیہ یہ سب سلسلے بلاشبہ عظیم تھے لیکن نتیجہ خوشگوار نہ تھا چونکہ مسلمانوں گروہوں میں بٹ گئے ' مکہ معظمہ میں کئی ایک مصلے بچھ گئے،۔

صاحبو! میں صوفیا اور دوسرے بزرگوں کا احترام کرتا ہوں۔یہ سب بڑے لوگ تھے۔اللہ کے عاشق تھے۔لیکن اللہ سے عشق کرنا افراد کا کام ہے' قوم کا کام نہیں۔صاحبو! ذرا سوچو ایک خاتون کا عشق فرد کو پاگل کر دیتا ہے اور وہ کسی جوگا نہیں رہتا تو اللہ کا عشق کیا ہو گا۔شاعر کہتا ہے:

ہوش اڑا دیتا ہے اک خاک کے پتلے کا جمال
خود وہ کیا ہو گا اسے ہوش میں لانے والا

اگر میرے جیسے عام مسلمان بھی اللہ کے عشق میں گرفتار ہو جائیں تو سارا کھیل ہی ختم ہو جائے گا۔نہ دنیا رہے گی نہ دین رہے گا نہ اسلام رہے گا نہ جزا نہ سزا نہ کچھ۔

سیانے کہتے ہیں اللہ کی طرف ایک قدم بڑھاؤ تو وہ تمہاری جانب دس قدم بڑھائے گا۔ صاحبو! میرا مخلصانہ مشورہ ہے کہ اللہ کی جانب ایک سے زیادہ قدم نہ بڑھانا ورنہ اگر اس نے تمہیں پچھاڑ لیا تو کسی جوگے نہ رہو گے۔

## ساتھی، محبوب

بے شک اسے دوست بنالو ساتھی بنالو پر اس سے عشق نہ لگانا۔ وہ بہت ہی اچھا دوست ہے بڑا ہی پیارا ساتھی ہے۔ اس کے حکم کی تعمیل میں پانچ وقت اسے سلام کرو۔ حاضری دو' ضرور دو لیکن صرف حاضری کیونکہ پانچ وقت حاضری دینے سے وہ ساتھی نہیں بنتا۔ ساتھی بنانا ہو تو ہر وقت اسے ساتھ رکھو۔ انگلی لگا کر لئے پھرو' پھول کو دیکھو تو کہو کہ اس نے ایک چلتا پھرتا پاکیزہ دودھ کا چشمہ بنا دیا ہے، کوئی چیز اس کے حوالے کے بغیر نہ دیکھو۔

کھانا کھانے لگو تو اسے پاس بٹھا لو اور کہو بلے او بلے کیا کیا نعمتیں بنائی ہیں تو نے میرے لیے۔ ہر وقت اس کے وجود کا احساس رہے' اس کی کرم فرمائیوں کا احساس رہے۔ بے شک اس سے گلے شکوے بھی کرو لیکن ساتھی سمجھ کر' اپنا جان کر' بیگانہ جان کر نہیں' بے گانہ جانو گے تو وہ بے گانہ بن جائے گا۔ اپنا جانو گے تو وہ اپنا بن جائے گا۔ وہ تو پانی سمان ہے چاہے کٹورے میں ڈال لو یا گلاس میں یا رکابی میں۔ نہ نہ نہ اسے محبوب نہ بنانا۔ محبوب بناؤ گے تو وہ محبوبانہ شان دکھائے گا' آزمائے گا نخرے کرے گا، چھڑے گا، اس کی محبوبانہ شان کا متحمل ہو جانا بڑے بڑے صوفیوں بزرگوں کا کام ہے ہم عام لوگوں کا نہیں۔

## ڈر اور پیار

ایک روز میں نے اپنے گرد سے کہا ایک بات پوچھوں۔ بولے پوچھو۔ میں نے کہا اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتے ہیں مجھ سے ڈرو۔

بولے اچھا پھر۔

میں نے کہا پتہ نہیں کیوں مجھے اللہ سے ڈر نہیں لگتا حالانکہ میرا ایمان ہے اللہ کے سوا کوئی قوت نہیں ہے کوئی خوف نہیں لیکن مجھے ایسا لگتا ہے جیسے وہ بچوں کی طرح معصوم ہو۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر خوش ہو جاتا ہو۔ مجھے لگتا ہے جیسے وہ ہمارے لیے بے پناہ ہمدردی سے بھرا ہوا ہو۔ اتنا دیالو ہے کہ دینے کے لیے بہالے ڈھونڈتا پھرتا ہے۔

وہ ہنسے بولے مفتی تم زیادہ سوچا نہ کرو۔ یہ جو سوچیں ہیں یہ گھمن گھیریاں ہیں۔ ڈوبنے دیتی ہیں نہ تیرنے، بہت سے بھید ایسے ہیں جو سامنے دھرے ہیں مگر ہمیں دیکھنے نہیں چونکہ باری تعالیٰ نہیں چاہتے کہ وہ کھل جائیں۔

میں نے کہا عالی جاہ میں تو ڈرنے کی بات پوچھ رہا تھا کہ مجھے اس سے ڈر نہیں لگتا۔ اس پر پیار آتا ہے۔

بولے جنہیں ڈر لگتا ہے وہ بھی خوش قسمت ہیں۔ جنہیں پیار آتا ہے وہ بھی خوش نصیب ہیں۔

یہ کیا بات ہوئی میں نے چڑ کر کہا۔

مسکرا کر بولے ڈر بھی ایک تعلق ہے، محبت بھی ایک تعلق ہے۔ مطلب تو یہ ہے کہ اس کے ساتھ تعلق قائم رہے۔ سارا کھیل تعلق کا ہے اگر اللہ سے تعلق قائم ہے تو سب اچھا۔ ہماری سرکاری فوج ایکسرسائز کیا کرتی ہے نا آدھی فوج ایک طرف ہو جاتی ہے آدھی دوسری طرف۔ آدھی سرکاری آدھی باغی پھر وہ آپس میں باقاعدہ جنگ کرتے ہیں۔ زیادہ سوچوں میں نہ پڑو۔ اس رام لیلیٰ کو دیکھو، دیکھتے رہو۔ یہ جو رنگ ہیں سب سرکاری ہیں۔ ایک ہی پرزم سے نکلتے ہیں۔

شیرے کی انگلی۔

تذکرہ غوثیہ سے مروی ہے کہ ابلیس کے ایک دوست نے ابلیس سے کہا یار تو تو بڑا سیانا ہے بڑی سمجھ والا ہے تو یہ حماقت کیوں کی؟

کون سی والی؟ ابلیس نے پوچھا؟

بولیا انسان کو سجدہ نہ کیا بڑی سرکار کی حکم عدولی ابلیس ہنس کر کہنے لگا ”سبھی اس بھید کو جانتے ہیں مگر پھر بھی سبھی خوش فہمی میں مبتلا ہیں۔“

دوست نے پوچھا کس بھید کی بات کر رہے ہو ابلیس نے کہا سبھی جانتے ہیں کہ اس کائنات پر صرف بڑی سرکار کا حکم چلتا ہے۔ کسی میں دم مارنے کی سکت نہیں۔ کوئی حکم عدولی نہیں کر سکتا۔ جو کرتا ہے وہ بھی اللہ کی ایما پر کرتا ہے۔ میری کیا مجال تھا کہ میں حکم عدولی کرتا۔ صرف انسان واحد مخلوق ہے جسے حکم عدولی کی توفیق عطا کی گئی ہے۔ بڑی سرکار کا لاڈلا ہے نا، اس لیے ہم فرشتے تو حکم کے پابند ہیں۔

ابلیس نے اپنے دوست سے کہا آؤ میں تمہیں تماشا دکھاؤں۔ یہ سامنے چھوٹی سی بستی جو ہے اسے دیکھو، حکم ہے کہ آج یہ بستی ختم ہو جائے گی۔ دوست نے دیکھا کہ بستی کے بازار میں حلوائی نے ایک بڑے سے چولہے پر کڑائی رکھی ہوئی تھی جس میں چاشنی پک رہی تھی۔

ابلیس بولا تو لو تماشہ دیکھو۔ یہ کہہ کر اس نے چاشنی سے ایک انگلی بھر کر اسے دیوار پر لگا

دیا۔ چاشنی کی بو سونگھ کر مکھیاں آ گئیں۔ مکھیوں کو دیکھ کر چھپکلی نے تاک لگائی۔ کڑائی کے قریب بلی بیٹھی تھی۔ بلی چھپکلی پر جھپٹی۔ اتفاق سے ایک فوجی ادھر آ نکلا۔ اس کے ساتھ شکاری کتا تھا۔ کتے نے بلی کو جھپٹتے دیکھ کر اسے جا دبوچا۔ بلی اپنا توازن برقرار نہ رکھ سکی اور حلوائی کے کڑاہے میں جا گری۔ حلوائی کو غصہ آیا۔ اس نے کتے کو ایسا کفچہ مارا کہ وہ وہیں ڈھیر ہو گیا۔ سپاہی نے حلوائی کو پکڑ کر مار مار کے اس کا بھرکس نکال دیا۔ اس پر محلے والے باہر نکل آئے اور انہوں نے سپاہی پر حملہ کر دیا۔ سپاہی کی پٹائی کی خبر لشکر میں پہنچی تو وہ گولہ بارود لے کر آ گئے اور بستی کو تباہ کر دیا۔ یہ دیکھ کر ابلیس نے اپنے دوست سے کہا دیکھا تم نے میرا قصور تو صرف اتنا تھا کہ چاشنی کی انگلی دیوار

پر لگائی۔ باقی بکھیڑا کس نے کیا؟ لیکن کرنے والے کا نام کوئی نہیں لیتا۔ لوگوں نے بس مجھے ہی نشانہ بنا رکھا ہے۔

صاحبو! ایک بہت بڑا گھپلا ہو گیا۔ ایک بہت بڑا بھید کھل گیا۔ روز بروز کھلتا جا رہا ہے کہ یورپ اور امریکہ کے پڑھے لکھے سمجھدار لوگوں نے جان لیا ہے کہ مستقبل قریب میں اسلام کے سوا کوئی مذہب قابل قبول نہ ہوگا' جوں جوں یہ بات کھل کر سامنے آ رہی ہے کہ مذہبی توہمات کے اس بے پناہ جنگل میں صرف اسلام ہی ایک جائے پناہ ہے۔ یہ بات تو عرصہ دراز سے سامنے دھری تھی لیکن ہمیں نظر نہ آئی۔ پتہ نہیں ایسے کیوں ہوتا ہے کہ سامنے دھری نظر نہیں آتی۔

## سامنے دھری

میری اماں کہا کرتی تھی پتر بات کو چھپاؤ نہیں۔ چھپی ہوئی کو لوگ ڈھونڈ لیتے ہیں۔ سامنے دھری کی طرف کوئی دھیان نہیں دیتا۔ چھپانا مقصود ہو تو سامنے دھر دو۔ میں پوچھتا اماں تو نے یہ بات کیسے جانی۔ کہتی مجھے میری اماں نے سکھائی تھی۔

میری اماں نے مجھے یہ بات سنائی۔ کہنے لگی یہ بات سنی سنائی نہیں ہڈ بیتی ہے۔

پرانی بات ہے۔ ان دنوں ہم شہر کے ایک مضاف میں رہتے تھے۔ دیہاتی قسم کا گھر تھا۔ گھر میں تین جی تھے۔ بابا تھے' اماں تھی اور میں تھی۔ بابا اور اماں دونوں بوڑھے تھے۔ میں ابھی کم سن تھی۔ ہمارے ایک عزیز حج پر جانے لگے تو جاتے ہوئے زیورات کی ایک پوٹلی ہمیں دے گئے کہ اس کی حفاظت کرنا۔ اس زمانے میں نہ تو لوہے کے سیف ہوتے تھے۔ اور نہ بینکوں میں لاکر۔ جب رات پڑی تو اماں اور بابا سوچنے لگے کہ پوٹلی کہاں رکھیں۔ بابا نے کہا اسے لکڑی کے بڑے صندوق میں رکھ دو اور تالہ لگا دو۔ اماں کہنے لگی نہ نہ اگر خدانخواستہ چور آ گئے تو سب سے پہلے وہ لکڑی کا صندوق کھولیں گے۔

بابا کہنے لگے تو پھر کہاں رکھو گی اسے۔ اماں کہنے لگی کسی تالے والی جگہ نہ رکھوں

گی نہ صندوق میں نہ الماری میں۔ پھر اماں ساتھ والے کمرے میں گئی جہاں گائے بندھی رہتی تھی اور کونے میں اپلوں کا ڈھیر لگا ہوا تھا۔ اس نے پوٹلی اپلوں کے ڈھیر تلے رکھ دی۔

اماں کی بات سچ ثابت ہوئی۔ اتفاق ایسا ہوا کہ کچھ دنوں بعد ہمارے ہاں واقعی چور آ گئے۔ انہوں نے سارے صندوق کھولے۔ الماری پر تالہ لگا تھا اسے بھی توڑ دیا لیکن زیورات کی پوٹلی جوں کی توں اپلوں تلے پڑی رہی۔

## اللہ کی ریت

صاحبو! اللہ نے خود اس ریت کو اپنا رکھا ہے۔ ڈال ڈال سے پات پات سے ذرے ذرے سے جھانک رہے ہیں لیکن سامنے پڑے پر دھیان نہیں جاتا۔ کراچی کے بزرگ مولوی ایوب جو گلی گلی کپڑا بیچا کرتے تھے، بہت بڑے مفکر تھے۔ سچی بات بے دھڑک کہہ دیتے تھے۔

کہتے تھے ہمارے چاروں طرف وہ براجمان ہیں، جو دکھائی دینے لگیں تو سب کچھ سپاٹ ہو کر رہ جائے۔ رنگ رہے نہ روپ، دین رہے نہ دنیا بس اللہ ہی اللہ ہو جائے۔ صاحبو ایسا لگتا ہے کہ کچھ ہونے والا ہے کیونکہ سامنے دھری بات لوگوں کو نظر آنے لگی ہے۔

## مستقبل کا مذہب

خبریں آ رہی ہیں کہ یورپ میں لوگ دھڑا دھڑ مسلمان ہوتے جا رہے ہیں۔ یہ خبریں حیرت انگیز ہیں اس لیے کہ یورپ اور امریکہ میں عرصہ دراز سے اسلام کے خلاف بڑی متعصب رائے عامہ پائی جاتی ہے اور وہاں کی لائبریریوں میں مذہب کے متعلق وافر لٹریچر موجود ہے ماسوائے اسلام کے۔ اس کے باوجود لوگ دھڑا دھڑ مسلمان ہوتے جا رہے ہیں۔

9-9-94 کا نوائے وقت ہی لیجئے۔ اس میں انگریزی خبروں کے صفحے میں ایک

خبر درج ہے جسے نوائے وقت نے The News سے نقل کیا ہے اور وی نیوز نے لندن کے سنڈے ٹائمز سے لیا ہے۔خبر تو لمبی ہے لیکن اس کا پہلا پیرا گراف ملاحظہ ہو۔

LONDON= Thousands of British Women are becoming Muslims in a trend that has baffled feminists and caused concern to Christians. of an estimated 10,000 British converts to islam over the past decade, most are single, educated women Doctors, College lecturers and lawyers have converted to the religion that is traditionally seen as being oppressive to women says a report in the sunday times.

صاحبو!یہ جو میں نے کہا ہے کہ ایک بہت بڑا بھید کھل گیا ہے، روز بروز کھلتا جا رہا ہے کہ ساری دنیا کے پڑھے لکھے سمجھدار لوگوں نے جان لیا ہے کہ مستقبل قریب میں اسلام کے سوا کوئی مذہب قابل قبول نہ ہوگا۔یہ بات صرف میں ہی نہیں کہہ رہا۔میری کیا حیثیت ہے کہ اتنی بڑی بات کہہ دوں۔دنیا کے بڑے بڑے باحیثیت عالم نومسلم یہ بیانات دے رہے ہیں' مثلاً چند ایک بیانات سے مختصر اقتباسات پیش کرتا ہوں:

## جاپان کے مسٹر موری

ان کا اسلامی نام علی محمد موری ہے۔انہوں نے ۱۹۶۰ء میں اسلام قبول کیا تھا لکھتے ہیں: میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ دنیا کو اسلام کی جتنی ضرورت آج ہے شاید پہلے کبھی نہ تھی۔اگر دنیا اسلام کی نعمت کو قبول کر لے تو سرزمین ارضی امن و راحت کا لازوال نمونہ بن سکتی ہے اور دکھوں اور بلاؤں میں گھرا ہوا یہ کرہ باغ جنت میں تبدیل

ہوسکتا ہے۔

امریکہ کے نامور مفکر اور اہل قلم پروفیسر چینل

ان کا اسلامی نام عبداللہ چینل ہے لکھتے ہیں: سچ تو یہ ہے کہ موجودہ سائنسی دور میں اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہے جو ترقی یافتہ دنیا کا ساتھ دے سکتا ہے۔

## امریکہ کے مسٹر مفر

ان کا اسلامی نام سلیمان شاہد مفر ہے' ایک بڑے پر جوش پادری تھے۔ اسلام قبول کرنے کے بعد انہوں نے ایک بیان میں کہا: حقیقت یہ ہے کہ امریکہ کے ہر باشندے کو اسلام کی صحیح صورت دکھانے کی ضرورت یہ ہے۔ آج تک مغرب میں اسلام کو اس کی حقیقی شکل میں نہیں دکھایا گیا۔ یہاں لوگ عیسائیت اور یہودیت ایسے بے جان مذاہب سے اکتائے بیٹھے ہیں مگر انہیں کوئی راستہ دکھائی نہیں دے رہا۔ اب وقت آ گیا ہے کہ اسلام کی دعوت حکمت اور جرات سے دی جائے۔ تب یہ امر یقینی ہے کہ مغرب کا مستقبل اسلام سے وابستہ ہے۔

## جرمنی کے ڈرک والٹر موسگ

ان کا اسلامی نام سیف الدین ہے۔ کٹر رومن کیتھولک تھے۔ مذہب سے بے حد شغف تھا۔ پادری بن کر زندگی بسر کرنے کا فیصلہ کر چکے تھے۔ اپنے بیان میں لکھتے ہیں: قرآن کے بارے میں میری رائے ہرگز اچھی نہ تھی۔ کھولا تو دل و دماغ پر نفرت اور حقارت کے جذبات مسلط تھے۔ ارادہ یہ تھا کہ اس کے موضوعات کی خوفناک غلطیوں' مضحکہ خیز تضادات' بے بنیاد اوہام اور کفریات کی نشاندہی کروں گا لیکن جوں جوں میں قرآن پڑھتا گیا میرا دل اس کی سچائی سے مسحور ہوتا گیا اور بالآخر میں نے اسلام قبول کرلیا...... میں پورا یقین رکھتا ہوں کہ جو شخص بھی قرآن کو سمجھ کر پڑھے گا وہ اسلام قبول کرلے گا' انشاءاللہ۔ سلامت طبع رکھنے والا غیر متعصب شخص قرآن کو پڑھ کر بے دینی کے اندھیروں میں رہ سکتا ہی نہیں۔

## انگلستان کے ایچ ایف فیلوز

برطانیہ کے شاہی بیڑے میں ملازم تھے۔ اپنے بیان میں لکھتے ہیں: اسلام ایک مرتبہ پھر بیدار ہو رہا ہے۔ یہ چیز ثابت ہوتی جا رہی ہے کہ صرف اسلام ہی عہد حاضر کے تقاضوں کو ساتھ لے کر انسان کی رہنمائی کر سکتا ہے۔ باقی سارے مذاہب اور نظریے اپنی حیثیت کھو چکے ہیں۔

## انگلستان کے ڈاکٹر شیلڈرک

اسلامی نام خالد شیلڈرک ہے۔ ۷ سال کی عمر میں اسلام قبول کیا۔ انہوں نے دیکھا کہ عیسائی مصنفین بے وجہ اور بے ضرورت اسلام کی تذلیل کے درپے ہیں۔ اس پر انہیں خیال آیا کہ وہ اسلام سے اسقدر خائف کیوں ہیں؟ وجہ جاننے کے لیے انہوں نے اسلام کا مطالعہ کیا۔ اس مطالعے کا نتیجہ یہ نکلا کہ انہوں نے جان لیا کہ عیسائی اور یہودیوں نے مل کر اسلام کے خلاف سازش کر رکھی ہے چنانچہ انہوں نے اسلام قبول کر لیا اور کہا: آج کون انسان ایسا ہوگا جو بدھ مت کو بھکشو بن کر دربدر بھیک مانگتا پھرے یا یسوع کی طرح دشت نوردی میں زندگی بسر کر دے۔ آج اسلام جیسے مذہب کی ضرورت ہے جو انسان کو زندگی کی باوقار اور منفرد راہیں دکھائے۔ میں یقین سے کہتا ہوں کہ انشاء اللہ ایک دن تمام دنیا اسلام کا پرچم تھام لے گی۔

صاحبو! یہ چند بیانات ڈاکٹر عبدالغنی فاروقی کی کتاب ''ہم کیوں مسلمان ہوئے'' سے اخذ کیے گئے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے اس کتاب میں 85 نومسلموں کے بیانات شائع کیے ہیں

## عجیب وغریب قصے

پرانے مذہبوں نے تخلیق کائنات کے متعلق عجیب وغریب قصے رائج کر رکھے تھے۔ کوئی کہتا دیوتاؤں نے ایک انڈا بنایا تھا، پھر اس انڈے کو چھوڑ دیا۔ اوپر کا حصہ

آسمان بن گیا اور نچلا زمین۔ کوئی کہتا کہ اوپر زبردست آگ سلگ رہی ہے۔ ہمیں اس آگ سے بچانے کے لیے دیوتاؤں نے آسمان کی ڈھال بنا کر ہمارے اوپر پھیلا دی ہے تا کہ ہم محفوظ رہیں۔ اس ڈھال میں جگہ جگہ سوراخ ہیں۔ ان سوراخوں سے اوپر کی آگ کی جھلکیاں ہمیں دکھائی دیتی ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ تارے ٹمٹا رہے ہیں۔

زمین کے متعلق یہ خیال عام تھا کہ یہ تھالی کی طرح چپٹی ہے اور ایک بیل نے اسے سینگوں پر اٹھا رکھا ہے۔ جب کبھی بیل پاسا پلٹتا ہے تو زمین ہلتی ہے اور بھونچال آجاتا ہے۔ کوئی کہتا تھا کہ زمین ساکت ہے اور سورج اس کے گرد گھومتا ہے۔

یونانی کہتے تھے کہ سورج ایک بڑا روشن تھال ہے جسے اپالو دیوتا نے اپنی رتھ میں رکھا ہوا ہے۔ رتھ کے آگے گھوڑے جتے ہوئے ہیں۔ اپالو روز اپنی رتھ میں بیٹھ کر زمین کے گرد چکر لگاتا رہتا ہے۔ اس زمانے میں کوئی مفکر کائنات یا زمین کے متعلق کوئی اور خیال پیش کرتا تو مذہبی اجارہ دار اسے پکڑ لیتے کہ یہ شخص باغیانہ خیالات کا مالک ہے۔ لوگوں کے دلوں میں شکوک پیدا کر رہا ہے۔ ملحدانہ خیالات پھیلا رہا ہے۔ اس پر باقاعدہ مقدمہ چلایا جاتا۔ اسے مذہبی پروہتوں کے کورٹ میں پیش کیا جاتا۔ اسے یا تو سنگسار کر دیا جاتا یا قتل کر دیا یا زہر دے دیا جاتا۔

یونانی دور کے بعد بھی یہ رسم صدیوں جاری رہی۔ عیسائی راہبوں نے بھی اپنی اہمیت اور عظمت قائم رکھنے کے لیے مفکروں کو ایسی سزائیں دیں جنہیں سن کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں حالانکہ عیسائیت میں کائنات کے متعلق ایسے مفروضوں کا جواز موجود نہ تھا جو پریتوں نے رائج کر رکھے تھے۔

## انوکھا مذہب

قرآن کا نزول براہمنوں، پروہتوں، پادریوں پر بم کی طرح گرا۔ ارے یہ کیسا مذہب ہے جو صدیوں پرانے جانے پہچانے مانے ہوئے اعتقادات کو رد کر رہا ہے، جو لوگوں کو علم، عقل اور تحقیق کے راستے پر چلنے کی ہدایت کر رہا ہے۔ جانے بغیر ماننے کی

رسم کی دھجیاں اڑا رہا ہے۔ جو مذہبی اجارہ داری کو نہیں مانتا۔ جو اپنے دین کے عالموں کو کوئی مقام نہیں دیتا۔

دنیا بھر کے براہمنوں، پروہتوں اور پادریوں کو اپنی اجارہ داری خطرے میں پڑتی نظر آئی، خصوصاً پادریوں کو۔ ان دنوں پادریوں اور راہبوں کی حکومت تھی۔ وہ اتنے طاقت ور تھے کہ بڑے بڑے بادشاہوں سے ٹکر لینے سے نہیں گھبراتے تھے۔ لوگوں پر حکومت چلاتے تھے۔ پادری اسلام سے خوف زدہ ہو گئے اس لیے انہوں نے مسلمانوں کے خلاف شدت سے پراپیگنڈہ کرنا شروع کر دیا کہ یہ قوم جو خود کو مسلمان کہتی ہے وحشی قوم ہے۔ اپنے مذہب کو تلوار کے زور پر پھیلا رہی ہے

## سائنسی اشارات

قرآن تخلیق کائنات کے متعلق کھل کر بات نہیں کرتا۔ مختصر اشارات دیتا ہے اور کہتا ہے کہ ان اشارات کے مطابق تحقیق کرو اور حقیقت کو جان لو، مثلاً قرآن کائنات کے متعلق ایسے اشارات دیتا ہے کہ:

۱۔ آسمان اور زمین پہلے دھواں ہی دھواں تھے۔

۲۔ آسمان اور زمین آپس میں جڑے ہوئے تھے۔

۳۔ ہم نے ان کو ایک دوسرے سے جدا کیا۔

۴۔ ستارے آسمان میں بغیر کسی سہارے کے معلق ہیں، تیر رہے ہیں۔

۵۔ آسمانوں ستونوں کے بغیر قائم ہے۔

۶۔ آسمانوں اور زمینوں کو ایک دوسرے سے جدا کرنے کے لیے ہم نے ایک دھماکا کیا۔ ایسا زوردار دھماکہ جس کی طاقت ابھی تک ختم نہیں ہوئی۔ سائنس آج اسی نتیجے پر پہنچی ہے جس کی نشان دہی قرآن نے چودہ صدیاں پہلے کر دی تھی۔

سائنس اور قرآن میں صرف ایک فرق ہے۔ سائنس سمجھتی ہے کہ یہ کائنات خود بخود حادثے کے طور پر ظہور میں آئی ہے۔

## سائنس کی آوارگی

قرآن نے پہلے ہی ہمیں خبردار کر دیا تھا کہ دیکھو اللہ کے حوالے کے بغیر کائنات کو سمجھنے کی کوشش نہ کرنا ورنہ بھٹک جاؤ گے۔ سائنس دان اللہ کے حوالے کے بغیر کائنات کو سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اسی لیے بھٹکے ہوئے ہیں اور کبھی منزل پر نہیں پہنچ سکتے۔

یورپین سائنس دان مذہب سے غالباً اس لیے بے زار ہوئے بیٹھے ہیں کہ مذہب کے اجارہ داروں نے ہمیشہ انہیں لعن طعن کی اور سیدھی راہ سے بھٹکتے ہوئے گمراہ لوگ قرار دیا۔ آج کے سائنس دانوں کو اس بات کا علم ہی نہیں کہ اسلام ایک ایسا مذہب ہے جو عقل و تحقیق کا شدت سے قائل ہے اور قرآن ایک ایسی کتاب ہے جس کا نواں حصہ سائنسی اشارات پیش کرتا ہے اور قاری کو مائل کرتا ہے کہ ان اشارات کے مطابق تحقیق کرے۔

سائنس دانوں میں ایک وصف ہے کہ چاہے وہ کسی مذہب سے تعلق رکھتے ہیں یا مذہب سے بے نیاز ہوں چاہے وہ کسی ملک یا قوم سے تعلق رکھتے ہیں وہ علم سے متعلق مخلص ہوتے ہیں۔ جو بات سائنسی طریقہ کار کے مطابق حقیقت بن کر سامنے آ جائے اس سے انکار نہیں کرتے بلکہ سچے دل سے اسے تسلیم کر لیتے ہیں۔

## علمائے دین‘ بھڑوں کا چھتہ

ہماری پرابلم صرف یہ تھی کہ یورپی سائنس دانوں کو قرآن کے سائنسی اشارات مہیا کرتے۔ یہ علمائے دین کا فرض تھا کہ یورپ میں قرآن کی اشاعت کرتے لیکن ہمارے علمائے دین تو آپس کے اختلافات میں اس بری طرح سے پھنسے ہوئے ہیں کہ انہیں ایسے کام کی توفیق ہی نہیں۔

1968ء میں جب میں حج کرنے گیا تو اسی سال حکومت پاکستان نے چند علمائے دین کا ایک وفد سرکاری خرچ پر حج کرنے بھیجا تھا۔ سعودی عرب میں چار ایک

مقام پر ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے۔ جہاں بھی علماء کی گاڑی کو ٹیکس کے لیے روکا گیا' علماء نے جھگڑا کرنا شروع کر دیا کہ ہم سرکاری مہمان ہیں لہذا ہم ٹیکس ادا نہیں کریں گے۔ اس پر ٹول ٹیکس کے سٹاف نے چندہ کر کے ٹیکس خود ادا کیا کیونکہ وہاں کوئی ٹیکس سے مستثنے نہیں۔ پھر مدینہ منورہ میں مجھے علماء کے وفد سے ملنے کا اتفاق ہوا۔ مسجد نبوی عام طور پر رات کو مقفل کر دی جاتی ہے۔ کبھی کبھار خصوصی مہمانوں کی درخواست پر اسے چند گھنٹوں کے لیے کھول دیا جاتا ہے۔ حکومت پاکستان کی درخواست پر مسجد نبوی کو علمائے کرام کے لیے کھول دیا گیا۔

وہاں عجب صورتحال دیکھنے میں آئی۔ وہاں علماء کے ذاتی اختلافات کھل کر سامنے آ گئے۔ بھن بھن کرتا بھڑوں کا چھتہ چھڑ گیا۔ کوئی کسی کی امامت میں نماز پڑھنے کے لیے تیار نہ تھا۔ ایک روز حضور کی جالی تک ہماری رسائی ہو گی۔ ابھی میں پڑھ ہی تھا کہ قدرت اللہ شہاب بولے یہاں زیادہ دیر مت رکو دوسروں کی حق تلفی ہوتی ہے۔ اس روز اپنے راہبروں کو نفسا نفسی کے عالم میں دیکھ کر میں نے محسوس کیا کہ ہمارے مبلغوں کا یہ حال ہے تو ہمارا کیا بنے گا؟ بہر حال ان سے یہ توقع رکھنا کہ وہ تبلیغ اسلام کریں گے کار لا حاصل ہے۔

## تبلیغ اسلام

ہمارے ہاں تبلیغ اسلام کے لیے بہت سی جماعتیں کام کر رہی ہیں۔ مجھے آج تک سمجھ میں نہیں آیا کہ ان کے ذہن میں تبلیغ اسلام کا کیا مفہوم ہے۔ عام طور پر دیکھنے میں آیا ہے کہ تبلیغی لوگ کچے مسلمان بنانے کی کوشش میں مصروف رہتے ہیں۔ وہ نماز رائج کرنے کی تبلیغ کرتے ہیں۔ ہمارے محلے کی مسجد کے لوگ اتنی بڑی بڑی داڑھیاں لگائے عمامے پہنے سال میں ایک دو بار محلے میں گھر گھر جاتے ہیں دروازہ بجاتے ہیں اور صاحب خانہ کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ مسجد میں آ کر نماز پڑھا کریں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ نماز پڑھنے سے بندہ پکا مسلمان ہو جاتا ہے۔ میں مانتا ہوں کہ نماز شریعت کا ایک اہم

رکن ہے لیکن انہوں نے اسلام کو داڑھی رکھنے، تسبیح چلانے اور نماز پڑھنے تک محدود کر رکھا ہے۔ درپردہ انکا مقصد یہ ہے کہ مسجد مرکز بن جائے اور مولوی صاحب کی اہمیت اجاگر ہو۔

## سائنس دانوں سے مشورے

چاہیے تو یہ کہ قرآن میں جتنے بھی سائنسی اشارات ہیں سب کو ایک جگہ جمع کر کے بڑے بڑے سائنس دانوں کو بھیج دیے جائیں اور ان سے درخواست کی جائے کہ ان کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے یہ طرز عمل قرآن کے حکم کے عین مطابق ہے ۔قرآن کہتا ہے اگر بات تمہاری سمجھ میں نہ آئے تو ان سے پوچھ لو جو جانتے ہیں ۔

حال ہی میں سعودی عرب کے شہر ریاض میں دو بھائیوں نے Foetus کے متعلق قرآن میں جو جو کچھ لکھا ہوا تھا وہ اکٹھا کیا اور دور حاضر میں Foetus کے Specialist ایک غیر مسلم سائنس دان کو بھیج دیا۔اس سائنس دان کا نام تھا کیتھ مور کیتھ مور یونیورسٹی آف ٹورینٹو میں پروفیسر تھا۔اس نے Foetus پر بڑا کام کیا تھا اور بہت سی کتابیں لکھی تھیں جو ٹیکسٹ بکس کے طور پر پڑھائی جاتی تھیں۔دونوں بھائیوں نے کیتھ مور کی ہر طریقے سے مدد کی ۔عربی الفاظ کا مفہوم سمجھایا۔دراصل کیتھ کے لیے ایک مشکل آن پڑی۔

قرآن میں لکھا ہے کہ ابتدائی دور میں Foetus ایک چھوٹی سی جونک کی طرح ماں کے رحم کی دیوار سے چپکا ہوتا ہے ۔کیتھ نے کبھی جونک نہ دیکھی تھی اس لیے Zoology کے محکمے میں گیا ۔وہاں جا کر اس نے جونک دیکھی۔اس کی تصویریں کھینچیں۔

کیتھ کہتا ہے میں تو حیرت زدہ رہ گیا کیونکہ قرآن نے فیوٹس کی جو تصویر کھینچی تھی وہ صحیح تھی۔حقیقت کے عین قریب تھی۔اس کے بعد کیتھ نے اپنی تمام تصنیفات پر نظر ثانی کی اور Foetus کی نئی تصویر کتابوں میں شامل کی۔

جب کیتھ نے ٹورانٹو میں اس کے متعلق بیان دیا تو ایک ہلچل مچ گئی۔ پڑھے لکھے ریسرچ کے پروفیسر بے حد حیران ہوئے۔ اخباروں میں خبریں چھپیں جلی سرخیوں میں لیکن اخباری لوگ اخباری ہی ہوتے ہیں۔ انہوں نے جو سرخی چھاپی وہ ان کی ذہنیت کی مظہر تھی۔ انہوں نے لکھا:

Suprising thing found in ancient prayer book.

اخبار والے بھی سچے تھے۔ انہوں نے سمجھا کہ قرآن ایک مذہبی کتاب ہے اور مذہبی کتاب میں یا تو نمازیں ہوتی ہیں یا دعائیں۔

## قرآن مذہبی کتاب نہیں

کینیڈا کے اخبار نویسوں کا قصور نہیں۔ قصور ہمارا ہے کہ ہم آج تک اہل مغرب کو اتنی سی بات نہیں بتا سکے کہ قرآن کیسی کتاب ہے،، وہ مسلمانوں سے نہیں بنی نوع انسان سے مخاطب ہے۔ صاحبو میں شرمندگی محسوس کر رہا ہوں اس بات پر کہ ایک نو مسلم گورے نے مجھے قرآن سے متعارف کیا۔ ہمارے ہاں قرآن پر سینکڑوں کتابیں موجود ہیں لیکن یا تو وہ ایسے عالمانہ انداز میں لکھی گئی ہیں کہ ماڈرن ذہن کو اپیل نہیں کرتیں، یا ان کا بیان اس قدر جذباتی ہے کہ وہ ماڈرن ذہن پر الٹا اثر پیدا کرتی ہیں۔

## تبلیغ

سارا قصور ہماری تبلیغ کا ہے۔ ہم میں وہ مشنری سپرٹ نہیں جو عیسائی مبلغوں میں ہے۔ وہ اپنی ساری زندگی تبلیغ کے لیے وقف کر دیتے ہیں۔ دور دراز اجنبی ملکوں میں جا کر رہتے ہیں۔ عوام میں گھل مل جاتے ہیں۔ مذہب کی بات نہیں کرتے۔ تقریریں نہیں جھاڑتے۔ بحثیں نہیں کرتے۔ مناظرے نہیں کرتے۔ صرف لوگوں کی خدمت کرتے ہیں۔ بیماریوں کو دوا دیتے ہیں۔ مایوسوں کو امید دلاتے ہیں۔ دکھیوں کے دکھ بانٹتے ہیں۔ نیچ ذات والوں کو مساوات دیتے ہیں۔ پاس بٹھاتے ہیں۔ اپناتے ہیں۔ ان کے برتاؤ کا لوگوں پر اتنا خوشگوار اثر پڑتا ہے کہ لوگ خود بخود عیسائیت قبول کر

لیتے ہیں۔

دراصل یہ طریق کار صوفیوں کا تھا جو عیسائیوں نے اپنا لیا ہے۔ صاحبو میں بھی احمق ہوں جو تبلیغ کی بات کر رہا ہوں۔ جب اصل ہی راہزنوں کے ہاتھ لوٹ رہا ہے تو منافع کی بات کیا کرنا۔ ہمارے راہ بر خود اسلام کو مسخ کر رہے ہیں۔ اسے ریچوال بنائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اسلام کو جسم کی شکل دے رکھی ہے۔ روح کو نظر انداز کر رکھا ہے۔ ان کا تبلیغ کا انداز جارحانہ ہے۔ ان میں شدت ہے۔ وہ حکم چلاتے ہیں۔ حالانکہ قرآن کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ حکم نہیں چلاتا۔ Authoritarian نہیں۔ مذہب کے معاملے میں ہمارے مبلغ جذباتی ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ مذہب کے معاملے میں جذباتی ہونا ایک وصف ہے۔

## شدت

میں بھی عقیدت میں جذباتی ہونے کو ایک وصف سمجھا کرتا تھا۔ میں سمجھتا تھا کہ جذباتیت میں محبت ہے، لگن ہے، خلوص ہے۔ میرے بابا مجھے منع کرتے تھے۔ وہ کہتے تھے دیکھ مفتی! عقیدت نہ پال عقیدہ پال۔ جواب میں میں کہتا میرے اندر تو عقیدت ہی ہے، عقیدہ نہیں۔ وہ کہتے تو پھر حضور اعلیٰ سے عقیدت لگا۔ عقیدہ خود سنور جائے گا۔ ان دنوں میرے بابا کے ایک دوست تھے، بڑے بزرگ تھے۔ وہ مجھے بے حد پسند تھے۔ ان میں بڑا جذبہ تھا۔ رنگ تھا۔ حضورؐ سے والہانہ عشق تھا۔ کھل کر بات کر دیتے تھے۔ بزرگوں کی طرح پہیلیاں نہیں بجھواتے تھے۔ ایک روز میں نے اپنے بابا سے بات کی۔ میں نے کہا مجھے آپ کے بزرگ دوست بہت پسند ہیں اس لیے کہ ان میں بڑا جذبہ ہے، بڑا خلوص ہے۔

بابا نے کہا جذباتیت تو کوئی اچھی چیز نہیں۔

It is a disqualification

ارے! میں گھبرا گیا چونکا۔ وہ کیسے؟

کہنے لگے حضورؐ کو پسند نہیں تھی۔ فرماتے تھے حد میں رہو، حدیں پار نہ کرو۔ اسلام اعتدال پسندی کا نام ہے، توازن کا نام ہے۔ شدت مسلمانوں کا شیوہ نہیں ہونا چاہیے ۔ اسلام ٹھنڈے میٹھے لوگوں کو پسند کرتا ہے۔ اس کے برعکس آج اہل مغرب سمجھتے ہیں کہ مسلمان تشدد پسند قوم ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اسلام کے اجارہ داروں کا رویہ شدت بھرا ہے اور وہ شدت جنریٹ کرتے ہیں۔

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

## باب ۱۱

# پلاؤ کی دیگ

اگر یہ تسلیم کرلیا جائے کہ ہمارے ہاں جو اسلام مروج ہے وہ قرآنی اسلام نہیں بلکہ ان پڑھ اجارہ داروں کی خودساختہ روایات' خوش اعتقادیوں اورتوہمات کا ملغوبہ ہےتو بڑے بھیانک سوالات پیدا ہوتے ہیں:

۱۔ پہلا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم جو خود کو مسلمان سمجھتے ہیں کیا ہم واقعی مسلمان ہیں۔

۲۔ کیا صرف نمازیں پڑھنے اورروزے رکھنے سے فرد مسلمان بن جاتا ہے

۔

۳۔ کیا اسلام ایک ریچوال کا نام ہے جس پر عمل کرنے کے بعد ہمیں مکمل آزادی ہے کہ جھوٹ بولیں' دھوکا دیں ۔منافقت روا رکھیں جسے مہذب دنیا ڈپلومیسی کہتی ہے'ہیرا پھیریاں کریں جسے آج سیاست کا نام دیا جاتا ہے۔

۴۔ کیا ناپرست حاکموں اور خود ساختہ ان پڑھ مذہبی رکھوالوں کی من مانیوں کے خلاف کلمہ حق نہ کہنا اخلاقی جرم نہیں۔

## آلنا

صاحبو!یہ سوالات بڑے خوفناک ہیں۔ان پر ہم بھی سنجیدگی سے غور نہیں کرتے ۔کریں تو ہمارے پاؤں تلے سے زمین نکل جائے ۔چڑیا کے بوٹ (بچے) کی طرح ہم آلنے سے گر جائیں ۔ہر شخص نے اپنے متعلق خوش فہمیوں کا آلنا بنایا ہوتا ہے۔یہ آلنا ہمارے لیے باعث سکون ہوتا ہے۔باعث اطمینان ہوتا ہے۔باعث تحفظ ہوتا ہے۔یہ خوش فہمیاں ہمیں خود سے راضی رکھتی ہیں۔صاحبو جینے کے لیے خود سے راضی

رہنا بڑا ضروری ہے ۔ ہمیں حالات سے شکایت ہوتی ہے خود سے نہیں چاہے ہمارا کردار کتنا ہی ٹیڑھا کیوں نہ ہوں ۔ یقین کیجئے کہ ہمارے راہبر ہم سے رنجیدہ خاطر ہیں کہ ہم اسلامی اصولوں پر نہیں چلتے ۔ وہ خود پر بہت راضی ہیں ۔ انہیں کبھی خیال نہیں آیا کہ انہوں نے بڑی نیک نیتی سے اسلام کو ریچوال میں بدل رکھا ہے ۔

دراصل یہ نیک نیتی خوش فہمی کی پیداوار ہے جسے آج کل Wishful Thinking کہتے ہیں ۔ سب سے بڑی خوش فہمی جو راہبروں میں پیدا ہوتی ہے یہ ہے کہ میں جانتا ہوں ۔ مجھے علم ہے ۔ میں عالم ہوں ۔ جو سمجھتا ہے کہ میں جانتا ہوں اس میں مزید جاننے کی خواہش پیدا نہیں ہوتی ۔ دوسروں کی بات سننے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی ۔ دوسری خوش فہمی یہ ہے کہ چونکہ میں جانتا ہوں اس لیے میرا فرض ہے کہ عوام (جو نہیں جانتے) کو سیدھے راستے پر چلنے کی تلقین کروں ۔

صاحبو! ہمیشہ ایسے ہی ہوتا ہے ۔ ہر مذہب کے ساتھ ایسے ہی ہوا ۔ پہلے Revelation آیا پھر Reveolution آ گیا اور بالآخر Superstition چھا گیا ۔ پہلے الہامی باتیں ہوتی ہیں ۔ پھر تعمیری انقلاب ہے ۔ اس کے بعد اجارہ دار آ جاتے ہیں اور پھر ریچوال...... معجزات، کرامات، اجارہ داروں کی آمد کے بارے میں کسی صاحب ذوق نے کیا خوبصورت لطیفہ لکھا ہے ۔ کہتے ہیں:

## بھوں بھوں

ایک شام پروانوں کی بستی میں ایک بھڑ بھوں بھوں کرتا آ گیا ۔ پروانوں نے پوچھا آپ کون ہیں ۔ بھڑ بولا میں بھی پروانہ ہوں ۔ پروانے بہت حیران ہوئے ایسا بھوں بھوں کرنے والا پروانہ انہوں نے کبھی دیکھا نہ تھا ۔ کہنے لگے میاں آپ یہاں انتظار کیں ہم اپنے بڑے بوڑھوں سے پوچھ آئیں ۔ بڑے بوڑھوں نے کہا یہ بتاؤ کہ وہ جو خود کو پروانہ کہتا ہے ۔ وہ ہے کیسا؟ پروانے بولے دیکھنے میں عجیب سا ہے ۔

رنگ بسنتی ہے اور بھوں بھوں کرتا ہے۔

بڑے بوڑھوں نے جھانک کر نووارد کو دیکھا تو بڑے حیران ہوئے بولے یہ تو بڑے حیران ہوئے بولے یہ تو کوئی عجیب سی شے ہے۔ پروانہ نہیں لگتا۔ اندر سے ایک بوڑھا پروانہ بولا نہ میاں جلد بازی نہ کرو کیا پتہ پروانہ ہی ہو۔ بڑے بولے بابا وہ تو ہم سے بالکل ہی مختلف ہے اور پھر بات یوں کرتا ہے جیسے دھونس دے رہا ہے۔ بوڑھا بابا بولا: رمیاں آج کل ساری چیزیں اول بدل رہی ہیں اس لیے یقین سے کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ پروانے بولے تو کیا کریں بابا۔

بابا نے کہا جا کر اس سے کہو کہ بھائی پروانے! شہر جا اور جا کر دیکھ آ کیا شہر میں بتیاں روشن ہو گئی ہیں۔ پروانوں نے بھڑ سے کہا بھائی پہلے شہر جا' جا کر دیکھ آ کر بتیاں جل رہی ہیں کیا۔ آدھ گھنٹے کے بعد بھڑ بھوں بھوں کرتا ہوا واپس آ گیا کہنے لگا شہر میں تمام بتیاں جل رہی ہیں جگ مگ ہو رہی ہیں۔ آج عالم اسلام میں اکثر پروانے ایسے ہیں جو بڑی خوشی سے بھوں بھوں اعلان کرتے ہیں کہ شہر میں بتیاں روشن ہیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے جگ مگ جگ مگ ہو رہی ہیں۔

صاحبو! یہ کوئی انوکھی بات نہیں ہر مذہب کے ساتھ ایسا ہی ہوا۔ جس طرح ہمارے ہاں ہر نئی حکومت کے ساتھ جیالے آ جاتے ہیں اسی طرح ہر نئے مذہب کے ساتھ رکھوالے آ جاتے ہیں اور جناب سیدھی بات ہے کہ رکھوالے ہمیشہ ہی کوشش کریں گے کہ عوام کو بھیڑیں بنائے رکھیں تا کہ ان کی اجارہ داری قائم رہے۔ ہندو آیا تو ساتھ برہمن آ گئے۔ پھر منو جی نے مستقل بنیادوں پر براہمنوں کی اجارہ داری قائم کر دی۔ ہیومن سوسائٹی کو ذاتوں میں تقسیم کر دیا۔ براہمنوں کو دیوتاؤں کا درجہ دینے کے لیے چھوت کی رسم چلا دی۔ ہندی سوسائٹی کا ایک بتہ بڑا حصہ نیچ بنا دیا گیا۔ ہریجن اور غیر ہندو سبھی Untochables قرار دے دیے گئے۔

## دھرم بھرشٹ

ءمیں جب میں دھرم سالہ کے گورنمنٹ مڈل سکول میں پڑھاتا تھا تو مجھے چھوت کے صحیح معنوں کا علم ہوا۔ دھرم سالہ اور اس کے گرد و نواح کے علاقوں میں ہندو اکثریت تھی ۔سکول میں صرف دو لڑکے مسلمان تھے ۔میری مشکل یہ ہے کہ میں بہت پیاسا ہوں۔ ہر دو چار گھنٹوں کے بعد مجھے پانی کی طلب محسوس ہوتی ہے ۔ایک روز جب جماعت کا واحد مسلمان لڑکا چھٹی پر تھا میں نے ایک ہندو لڑکے سے کہا کہ مجھے ایک گلاس پانی لادو ۔وہ سر لٹکا کر کھڑا ہو گیا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ تم پانی کیوں نہیں لاتے ۔وہ بولا سر میرا دھرم بھرشٹ ہو جائے گا۔

میں نے اسے سمجھایا کہ میاں دھرم بھرشٹ تب ہوتا ہے جب تم میرے ہاتھ سے پانی ہو۔ مجھے پانی پلانے سے نہیں ہوتا ۔میرے سمجھانے کے باوجود لڑکے نے مجھے پانی پلانے سے انکار کر دیا ۔سر میرا دھرم بھرشٹ ہو جائے گا۔پھر دفعتاً بات میری سمجھ میں آ گئی کہ مسلمان اکثریت کے علاقوں میں مسلمان کے ہاتھ سے کھانے پینے سے دھرم بھرشٹ ہوتا ہے لیکن ہندو اکثریت کے علاقے میں مسلمان کو کھانے پلانے سے بھی دھرم شٹ ہوتا ہے ۔

تقسیم کے بعد پہلی مرتبہ جب میں بھارت کے دارالحکومت دلی میں گیا تو حیران رہ گیا ۔ارے یہ میں کیا دیکھ رہا ہوں ۔کیا یہ دلی سہر ہے ۔میں کسی اور جگہ تو نہیں آ گیا ۔کیا ہندو بدل گیا ہے ۔نہیں نہیں یہ نہیں ہو سکتا ہندو کبھی بدل نہیں سکتا۔ کیا ہندو نے چھوت چھوڑ دی ۔کیا Untouchables ختم ہو گئے ۔نہیں نہیں یہ کیسے ہو سکتا ہے ۔میرے سامنے دلی کے ہر بازار میں ٹھنڈے پانی کی ریڑیاں چل رہی تھیں ۔ ٹھنڈے پانی کا گلاس صرف ایک آنے میں اور ریڑی پر صرف ایک گلاس رکھا ہوا تھا۔ صرف ایک گلاس اور سبھی اس ایک گلاس میں پانی پی رہے تھے ۔ میں نے ایک معزز لالہ جی سے پوچھا۔ میں نے کہا لالہ جی یہ کیا ہو رہا ہے ۔بولے مہاراج دھرم اپنی

جگہ بیوپار اپنی جگہ۔

## انسان کی تذلیل

صاحبو! سیدھی سی بات ہے جوں جوں تعلیم عام ہو رہی ہے اور سائنس ترقی کر رہی ہے' توں توں بت پرستی ناممکن ہوتی جا رہی ہے۔ آپ دولت کی پوجا کر سکتے ہیں۔ اقتدار کی پوجا کر سکتے ہیں۔ اقتدار کی پوجا کر سکتے ہیں لیکن بتوں کی پوجا نہیں کر سکتے۔ پھر ایک اور بات ہے اللہ تعالیٰ نے انسان کو بڑا شرف بخشا ہے۔ اشرف المخلوقات بنایا ہے اسے۔ یہ ساری کائنات انسان کے لیے بنائی ہے۔ قرآن میں اللہ کہتا ہے اس کائنات کو دیکھو۔ سوچو غور کرو۔ اس کائنات میں بڑی طاقتیں پوشیدہ ہیں۔ ہم نے یہ کائنات اس بنائی ہے کہ تم اسے تسخیر کرو اور ان پوشیدہ طاقتوں کو اپنے کام میں لاؤ۔ کتنا بڑا اشرف ہے جو اللہ نے انسان کو بخشا ہے۔ ہندو نے انسان کے ایک بڑے طبقے کو اس قدر ذلت اور رسوائی کا ہدف بنا دیا ہے کہ ان سے چھو جانا بھی ناگوار ہے۔ چھونا تو درکنار ان کا سایہ بھی پڑ جائے تو ہندو ناپاک ہو جاتا ہے اور اس پر لازم ہو جاتا ہے کہ اشنان کر کے پھر سے پوتر ہو جائے۔ انسان کی یہ تذلیل فطرت کے اصولوں کے منافی ہے۔ اخلاق کے اصولوں کے خلاف ہے۔ انسانیت کے اصولوں کے خلاف ہے۔ ایسا مذہب قوم یا سرکار انسان کی تذلیل کرے' دور حاضر میں پنپ نہیں سکتے۔ اپنی تصنیف مکینگ آف ہیومینیٹی میں رابرٹ بریفالٹ لکھتے ہیں:۔

''کوئی انسانی نظام جس کی بنیاد غلط اصول پر قائم ہے پنپ نہیں سکتا چاہے ہزار چالاکی یا ہیرا پھیری سے اسے قائم رکھنے کی کوشش کی جائے۔'' ماضی میں بھی ایسے لوگوں کو جنہوں نے انسان کی تذلیل کی فطرت نے حرف غلط کی طرح مٹا دیا۔ قدرت کے اس اصولوں کے مطابق ہندو سماج کا بھی یہی مقدر ہے۔

# ناسور

۱۔ بے شک بھارت ایک بڑا ملک ہے۔

۲۔ ایک طاقت ور ملک ہے۔

۳۔ بیرونی خطرات کے خلاف اپنا تحفظ کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔

لیکن اس کے اندر ایک ناسور ہے‘ انسان دشمنی۔ انسان دشمنی کا رستا ناسور جو پیپ جو ایک روز پھٹ کر بھارتی سلطنت کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔

صاحبو! یہ میں نہیں کہہ رہا ساری دنیا کے دانشور بھارت میں علم نجوم علم ہے۔ اس حقیقت کو جانتے ہیں اگر چہ زبان پر نہیں لاتے۔ بھارت میں علم نجوم عام ہے۔ بھارت کے نجومی جانتے ہیں کہ یہی بھارت کا مقدر ہے لیکن وہ اس کا اپے نہیں کر سکتے‘ اس لیے بے بس ہیں۔ یہ حقیقت اتنی عام ہو چکی ہے کہ آج کل دانشور اخباروں میں بھارت کا جائزہ لیتے ہوئے برملا کہہ رہے ہیں کہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا بھارت کا مقدر ہے‘ مثلاً انگریزی اخبار سے ایک تراشہ ملاحظہ ہو۔ (جولائی 1994)

The "aura" of Gandhi and Nehru' personalities and their cherrished draem to weave the diversities of India into a beautiful mosaie of unity is fast disamppearing and India, over the year, has emerged as the most troubledd county where communarious inter-caste rivalries and regionalism has become rampant, threatening the very existence of the country appearing at the brink of disaster and disintegration.

(نہرو اور گاندھی کی شخصیت اور ان کے اس سہانے خواب کا ''طلسم'' کہ بھارت کی مختلف قومیتوں کو وحدت کی ایک خوبصورت لڑی میں پرونا ہے' تیزی سے ٹوٹ رہا ہے اور کئی برسوں سے بھارت ایک متلاطم **ملک** کے طور پر سامنے آرہا ہے جہاں فرقہ وارانہ جھگڑے اور علاقائیت کے جن قابو سے باہر ہو رہے ہیں۔ان سے **ملک** کے وجود کو خطرہ لاحق ہے اور بھارت تباہی اور ٹوٹ پھوٹ کے دہانے پر ہے)

## سیکولرازم

صاحبو! مجھے آج تک سمجھ میں نہیں آیا کہ اسلام کیا ہے۔ ہمارے راہبر کہتے ہیں کہ میاں آسان بات ہے داڑھی رکھ لو، لبیں کٹواو، مسجد میں نمازیں پڑھو، خطبے سنو، پاجامے کا پائنچا ٹخنے سے اونچا رکھو، روزے رکھو، زکوۃ دو، حج کرو تو تم سچے مسلمان بن جاؤ گے۔تمہاری روح میں پاکیزگی پیدا ہو جائے گی اور تم بہشت کے حقدار بن جاؤ گے۔کچھ لوگ قرآن کی رہنمائی کے قائل ہیں کہتے ہیں کہ اسلام کا مقصد یہ نہیں کہ فرد بہشت کا حق دار بن جائے۔Purification of soul تو ہر مذہب کا مقصد تھا۔دنیا میں بیسیوں مذہب آئے۔ ہر مذہب کا مقصد دیوتاؤں یا خدا کی خوشنودی اور روح کی پاکیزگی حاصل کرنا تھا۔اسلام عام مذاہب کی طرح نہیں ہے۔الٹا اسلام تو مذاہب کے خلاف ایک چیلنج ہے۔عام مذاہب میں تنگ نظری کا پہلو اس قدر شدید ہے کہ پڑھے لکھے مفکروں کے لیے مذہب نا قابل قبول ہو جاتا ہے۔عام مذاہب سائنسی تحقیق کی اجازت نہیں دیتے،اس لیے سیکولرازم وجود میں آیا ہے۔مذہب کی خلاف رویہ فیشن بن گیا ہے۔دراصل یہ رویہ مذہب کے خلاف نہیں ہے بلکہ ان اجارہ داروں کے خلاف ہے جو مذہب کے رکھوالے بن کر بیٹھ گئے اور احکامات جاری کرنے لگے۔یہ نہ کرو،وہ نہ کرو،سوچنا گناہ ہے، تحقیق کرنا کفر ہے۔عیسائی سائنس دانوں اور مفکروں نے برملا کہنا شروع کردیا تھا کہ مذہب ترقی کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔مغربی مفکروں نے علانیہ کہہ دیا کہ:۔

۱۔ مذہب ہمارے بچوں کو عقل پر بنی تعلیم حاصل کرنے نہیں دیتا۔

۲۔ مذہب ہمیں آپس میں لڑاتا ہے۔

۳۔ مذہب امن کا بیری ہے۔

۴۔ مذہب جزا اور سزا کے چکر کے سوا کچھ بھی نہیں۔

مغربی دانشوروں کا کہنا ہے کہ آج انسان اس دور کی دہلیز پر آپہنچا ہے جسے اہل نجوم امن کا سنہرا دور کہتے ہیں اس لیے اب ہم پر لازم ہے کہ ہم مذہب کے عفریت کا قلع قمع کر دیں۔ مذہب سے بیزاری کی فضا دراصل مذہب کے اجارہ داروں کے رویے کی وجہ سے پیدا ہوئی جو روز بروز تقویت حاصل کرتی جا رہی ہے۔

## سب سے بڑی رکاوٹ

جب انگریز ایسٹ انڈیا کمپنی کی حیثیت میں ہندوستان آئے تو آتے ہی انہیں اس بات کا احساس ہو گیا کہ ان کے راستے کی سب سے بڑی رکاوٹ مسلمان ہیں۔

ابتدائی رپورٹ میں انہوں نے اس رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے پروگرام تجویز کیے۔ ایک یہ کہ مسلمانوں کا رخ بدل دو۔ ان کی توجہ قرآن سے ہٹا کر فروعات میں الجھا دو۔ ان پڑھ ملا اور اجارہ داروں کی تنظیموں کی حوصلہ افزائی کرو۔ دوسری تجویز تھی کہ ہندوستان میں مغربی تعلیم رائج کرو۔ نصاب ایسا مرتب کرو کہ مسلمان نوجوانوں کی توجہ سب سے ہٹ جائے اور وہ سیکولر خیالات کی طرف مائل ہو جائیں۔

## زبان

سب سے پہلی مشکل تو یہ تھی کہ ہندوستان کے ہندوستان کے بیشتر حصوں میں پٹھانوں اور مغلوں کے ادوار کی وجہ سے جو سرکاری زبان رائج تھی اس میں عربی اور فارسی زبانوں کی آمیزش تھی۔ زبان کی وجہ سے ہندی مسلمانوں کا جذباتی تعلق فارس اور عرب ممالک سے تھا۔ اس تعلق کو ختم کرنا ازبس ضروری تھا لہٰذا انہوں نے اردو زبان کی بنیاد ڈالی جو مقامی زبانوں اور ہندی کی آمیزش نے مرتب کی گئی تھی۔ صاحبو

یوں ہم اردو سے ہوتے ہوئے انگریزی زبان تک پہنچے اور آج صورتحال یہ ہے کہ ہماری کوئی قومی زبان نہیں۔ اردو جسے ہم رابطہ زبان تسلیم کرتے ہیں' وہ ہمارے سیکرٹریٹ کے باہر دھتکاری ہوئی کھڑی ہے۔

سیکرٹریٹ کے اندر گورا صاحب کے بجائے کالا صاحب ہے جو گورے کی نسبت زیادہ سٹیٹس زدہ ہے۔ انگریزی ہماری سرکاری زبان ہے اور سماجی طور پر سٹیٹس سمبل ہے۔ ہمارا دارالحکومت ایک سٹیٹس کالونی ہے جس میں گریڈوں کی ذات پات سختی سے رائج ہے۔ یہاں کے لوگ اپنے بچوں کو اردو سکول میں داخل کرنے کو کسر شان سمجھتے ہیں۔ بچے میٹریکولیشن کو نفرت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ وہ اولیول اور اے لیول کرنے کے خواہش مند ہیں۔ انگلش سکول یوں دھڑا دھڑ قائم ہوتے جا رہے ہیں جس طرح برسات میں کھنبیاں اگتی ہیں۔ گورے کا پروگرام پھل لایا ہے۔ نوجوان' تہذیب کو عقل سے گری ہوئی گھٹیا چیز سمجھنے لگے ہیں۔ مذہب پر شرمسار ہیں۔

## موسیقی

صرف مذہب ہی نہیں ہمارا تمام تر ورثہ ان کی نظر میں مضحکہ خیز چیز ہے' یہاں تک کہ نوجوانوں میں انگریزی گانے گنگنانے کا رواج چل نکلا ہے اور ان کی بے سری بھدی آوازوں کو ہمارا ٹیلی ویژن بڑے اہتمام سے پیش کرتا ہے۔

ہماری موسیقی سر کی موسیقی تھی جو سیدھی دل پر اثر کرتی تھی۔ انگلش موسیقی تال کی موسیقی ہے جو ٹانگیں جھلانے پر مجبور کرتی ہے۔ سبھی جانتے ہیں کہ اہل مغرب نے ٹانگیں جھلا جھلا کر اپنا سواستیاناس کر لیا ہے۔ اس کے باوجود ہمارے نوجوان ٹانگیں جھلانا سیکھ رہے ہیں۔

## امن کا سنہرا دور

لوگ کہتے ہیں مفتی پاکستان کے مستقبل کے متعلق بڑے دعوے کرتا ہے۔ کہتا ہے کہ پاکستان کا مستقبل بڑا شاندار ہے۔ نشاۃ ثانیہ میں پاکستان دنیائے اسلام کا مرکز

بنے گا۔ایک پروفیسر نے کہا کہ مفتی باباؤں کی باتیں کرتا ہے۔کہتا ہے ایک مستری بابا آنے والا ہے جو پاکستان کو رنگ و روغن کرے گا۔صاحبو میری کیا حیثیت ہے کہ میں ایسے دعوے کروں۔ ایسے دعوے تو ہمارے بزرگ صدیوں سے کرتے آئے ہیں ۔کہتے ہیں کہ حدیث میں بھی نشاہ ثانیہ کا ذکر ہے۔

علم نجوم کے ماہر بھی کئی ایک سوالوں سے یہی کہتے آئے ہیں۔ کہتے ہیں کہ آسمانوں پر ستاروں کے نئے جھرمٹ نمودار ہو رہے ہیں۔ظاہر ہوتا ہے کہ زمین پر ایک سنہرا دور آنے والا ہے جب امن کا دور دورہ ہو گا۔اضطراب ہے' بے چینی ہے تلخی ہے، کشمکش ہے، جنگ و جدل ہے۔بظاہر تو کوئی ایسی صورت نہیں کہ امن سکون اور اطیمنان کا دور آئے لیکن اگر بزرگوں اور عالموں کی بات مان لی جائے تو ظاہر ہے کہ ایسا دور ہماری وجہ سے نہیں بلکہ ہمارے بلکہ آئے گا ۔ایسی حالت میں Providntial Factor کو شامل کرنا لازم ہو جاتا ہے

## پراویڈنشل فیکٹر

مثال کے طور پر پاکستان کو لیجئے ۔قیام پاکستان کے لیے ہندوستان بٹنے کی کوئی صورت نہ تھی۔ ہندو نہیں چاہتا تھا کہ بٹوارہ ہو۔وہ اٹوٹ ہندوستان کے نعرے لگاتا رہا تھا۔انگریز کا ابتداء سے ہی ہندو سے گٹھ جوڑ تھا۔ہندو نے ہمیشہ انگریز کا ساتھ دیا تھا۔ویسے بھی کردار کے لحاظ سے ہندو بہترین ماتحت اور بدترین آقا ہے۔

ان حالات میں اللہ نے مسلمانوں کو ایک لیڈر عطا کر دیا۔ بے شک محمد علی جناح ایک عظیم لیڈر تھا لیکن پاکساتن کے حصول کے لیے اس کا انتخاب بہت غیر موزوں تھا۔محمد علی جناح اعلیٰ کردار کا مالک تھا۔وہ اصولوں کا پابند تھا۔

صاحبو تم ہی بتاؤ کیا سیاست میں بھی کبھی کوئی اصول پابند لیڈر کامیاب ہوا ہے ۔خصوصاً جب مقابلے میں پنڈت نہرو اور پٹیل جیسے گھاگ سیاستنے ہوں۔ظاہر ہے کہ قیام پاکستان ایک معجزہ تھا۔پھر یہ بھی قابل توجہ ہے کہ گزشتہ 48سال سے ہم ......

آپ، میں ہم پاکستان کو توڑنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔اس خداداد پلاؤ کی دیگ کو کھا رہے ہیں۔کھائے جا رہے ہیں۔حرص اور طمع نے ہمیں پاگل کر رکھا ہے۔شوکت نفس سے ہم فرعون بنے ہوئے ہیں۔چاروں طرف سے میں میں کی آوازیں آ رہی ہیں۔اقتدار کے لیے ہم آپس میں یوں لڑ رہے ہیں جیسے بچے لکھو لنے کیلے لڑتے ہیں۔

ہماری کوششوں کے باوجود پاکستان نہیں ٹوٹا۔ہماری شکم پروری کے باوجود یہ دیگ جوں کی توں بھری ہوئی ہے۔سڑکوں پر موٹروں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔دکانیں مال سے لبالب بھری ہوئی ہیں۔پلازے یوں بن رہے جیسے برسات میں کھنبیاں اگتی ہیں۔بازاروں میں اک ہجوم ہے راستہ نہیں ملتا،مارکیٹوں میں پاؤڈر تھپے ہوئے چہروں، کاجل میں تیرتی ہوئی آنکھوں،معطر خضابوں سے رنگ ہوئے بالوں اور لب سٹک رنگے دعوتی ہونٹوں کی بھیڑ لگی ہوئی ہے۔شاپنگ ،شاپنگ ،شاپنگ بخار چڑھ رہا ہے۔

ہندوستان سے آنے والے لوگ یہ مناظر دیکھ کر منہ میں انگلی ڈال لیتے ہیں۔ہے بھگوان یہ **ملک** ہے یا میلہ لگا ہوا ہے۔

## بشاشت زندگی

جب میں دلی گیا تھا۔ایک ہومیو پیتھک سٹور پر کتابیں ں خرید رہا تھا تو ایک جاندار سکھ خاتون آ گئی۔آتے ہی بے تکلفی سے پنجابی میں پوچھنے لگی: بولی: کدآئے پاکستان توں۔ارے میں حیران رہ گیا۔ اس خاتون کو کیسے پتہ چلا کہ پاکستان سے آیا ہوں۔میں نے پوچھا بتا تجھے کیسے پتہ چلا کہ میں پاکسان سے آیا ہوں۔بولی آ میرے ساتھ باہر بازار کی نکڑ پر کھڑے ہو جاتے ہیں۔میں چہرہ دیکھ کر بتادوں گی کہ کون پاکستانی ہے۔

کوئی جادو ہے تیرے پاس۔میں نے پوچھا

ہاں ہے وہ مسکرائی۔

وہ بھید مجھے بھی بتا۔میں نے کہا۔

بولی جس کے چہرے پر بشاشت ہے ،زندگی ہے ،رونق ہے وہ پاکستانی ہے ۔اس لحاظ سے تو تو بھی پاکستانی ہے۔

وہ مسکرائی۔

اس کی مسکراہٹ ان کہی بات سے بھری ہوئی تھی۔دلی کے بڑے بازاروں میں بھیڑ تھی۔لوگ آجا رہے تھے۔کاروبار چل رہے تھے لین دین ہو رہا تھا لیکن بے نام اداسی چھائی ہوئی تھی۔وہ میلا نہیں لگ رہا تھا جو پاکستان میں لگا رہتا ہے۔

## کلرزدہ سانپوں کی زمین

پھر ایک اور بات ہے۔اسلام آباد بننے سے پہلے یہ علاقہ جہاں آج ایک خوبصورت ہرا بھرا شہر کھڑا ہے۔یہ علاقہ کلرزدہ ویرانہ تھا۔راولپنڈی سے دو تپلی تپلی سڑکیں ادھر سے گزرا کرتی تھیں۔ایک نورپور کو جاتی تھی۔ایک سیدپور کو۔ان دنوں نورپور اور سیدپور دونوں مقامات تفریح گاہوں کی حیثیت رکھتے تھے۔چونکہ ان مقامات پر برساتی نالے کثرت سے بہتے تھے جن کی وجہ سے یہ دونوں مقامات تفریح گاہیں بن گئی تھیں۔ان دونوں مقامات پر پہنچنے کے لیے اس علاقے سے گزرنا پڑتا تھا جہاں آج اسلام آباد واقع ہے۔ان دنوں یہ علاقہ بنجر اور ویران تھا۔ درخت نہ بوٹا۔ ہم مقامی لوگوں سے پوچھتے کہ بھئی یہاں کاشت کیوں نہیں ہوتی تو وہ جواب دیتے کہ اس علاقے میں کوئی درخت نہیں اگ سکتا اور نہ ہی کاشت ہو سکتی ہے کیونکہ زمین کلر سے بھری ہوئی ہے۔یہاں سانپ رہتے ہیں یا نیولے۔

آج اسلام آباد کو دیکھ کر یقین نہیں آتا کہ وہی کلرزدہ زمین ہے۔اس شہر میں درختوں اور پودوں کی رونق ہے۔اس قدر ہرا بھرا شہر سارے پاکستان میں نہیں۔یہاں لاکھوں درخت اور پودے ہیں جو مختلف ممالک سے منگوا کر لگائے گئے

ہیں۔

میرے صاحبو مجھے بتاؤ کیا یہ معجزہ نہیں۔صرف ایک معجزے کی بات نہیں یہاں تو معجزوں کی لائن لگی ہوئی ہے۔ایک کلر زدہ علاقہ جو آج پھولوں کا شہر کہلاتا ہے۔ایک پھلوں سے لدا ہوا درخت جسے لوگ بری طرح جھنجھوڑ رہے ہیں۔جھولیاں بھر بھر کر لے جا رہے ہیں۔پھر بھی وہ ہرا بھرا ہے پھل سے لدا ہوا۔ایک دیگ جسے لوگ کھائے جا رہے ہیں لیکن وہ جوں کی توں بھری ہوئی ہے۔

## پلاؤ کی دیگ

تذکرہ غوثیہ سے نقل ہے کہ:شہر میں ایک فقیر آیا۔اس نے آتے ہی لوگوں سے کہا کہ ایک بہت بڑی دیگ لاؤ۔لوگ حیران ہوئے کہ فقیر نے دیگ کو کیا کرنا ہے ،بہر حال انہوں نے ڈھونڈ ڈھونڈ کر ایک دیگ مہیا کر دی۔فقیر نے کہا کہ چولہا گرم کرنے کے لیے لکڑیاں اکٹھی کرو۔چولہا جل گیا تو فقیر نے کہا اس دیگ کو چولہے پر رکھ دو۔لوگوں نے احتجاج کیا بولے سائیں جی خالی دیگ کو چولہے پر رکھنے سے کیا فائدہ؟

فقیر بولا حجت نہ کرو جو کہتا ہوں سو کرو۔

مجبوراً لوگوں نے دیگ چولہے پر رکھ دی۔

اگلے روز لوگوں نے دیگ کا ڈھکنا اٹھا کر دیکھا تو ان کی حیرت کی انتہا نہ رہی دیگ پلاؤ سے بھری ہوئی تھی۔۔

فقیر نے کہا اب تم شہر میں منادی کرو کہ حاجت مند لوگ جب بھی چاہیں فقیر کے دارے میں آ کر کھانا کھا سکتے ہیں۔

لوگوں نے آنا شروع کر دیا،فقیر دیگ پر کھڑا ہو گیا جو بھی آتا ہے رکابی بھر چاول نکال دیتا۔دو ایک دن کے بعد سارا شہر دیگ پر ٹوٹ پڑا،فقیر سارا دن چاول بانٹتا رہا۔رات کو دیگ رڈھکنا دے دیا جاتا۔اگلے روز جب ڈھکنا اٹھاتے تو دیکھتے

کہ دیگ جوں کی توں بھری ہوئی ہے۔

ایک روز فقیر کے سامنے ایک ملنگ آ کھڑا ہوا۔ فقیر نے کہا میاں یہاں کھڑا میرا منہ کیا دیکھ رہا ہے۔ اپنے حصے کے چاول لے اور رخصت ہو۔

ملنگ بولا سائیں میں چاول لینے کے لیے نہیں کھڑا میں تو تیری زیادرت کرنے کے لیے کھڑا ہوں کہ تو اس شہر پر رب بن کر نازل ہوا ہے۔ دھڑ دھڑ لوگوں کو رزق بانٹ رہا ہے۔

فقیر بولا میاں رزق تو وہی بانٹتا ہے۔ میں تو برتاوا ہوں۔ برتا رہا ہوں۔ صاحبو! پاکستان کی مالی حالت بڑی پتلی ہے۔ مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے لیکن میرے دوستو دیکھو۔ صرف دیکھو نہیں دیکھو اور سمجھو کہ جس پاکستان کے شہروں میں ہر چوتھی دکان کھانے پینے کی دکان ہے' جہاں لوگ کھا رہے ہیں۔ کباب کھا رہے ہیں' نہاری کھا رہے ہیں' سری پائے کھا رہے ہیں۔ یہ دیگ ختم ہونے میں نہیں آتی۔ ادھر حکمران کھا رہے ہیں۔ ان کے جیالے کھا رہے ہیں۔ ادھر افسر شاہی کھا رہی ہے۔ اس طرف عوام کھا رہے ہیں۔ ان کے جیالے کھا رہے ہیں۔ کھاؤ میرے بھائیو کھاؤ یہ دیگ کبھی ختم نہیں ہوگی۔

صاحبو! اگر میں کہوں کہ اسلام مذہب ہی نہیں ہے تو کیا آپ میری بات مان لیں گے۔ غالباً نہیں لیکن اگر آپ قرآن کا مطالعہ کریں تو یہ بات واضح ہو کر سامنے آ جائے گی کہ اسلام میں کوئی ایسی بات نہیں جو ہر مذہب میں لازماً پائی جاتی ہے' جو مذہب کی پہچان ہے۔

## کیا اسلام مذہب ہے؟

1- کوئی مذہب عقل کو اہمیت نہیں دیتا اور غور و فکر کی تلقین نہیں کرتا۔ الٹا ہر مذہب کا مطالبہ ہے کہ جانے بغیر ہماری بات مان لو۔ دل میں شک و شبہات مت آنے دو۔ عقل پر بھروسہ نہ کرو چونکہ تمہاری عقل خام ہے۔ اس کے برعکس اسلام کہتا ہے عقل

انسان کے لیے اللہ کی سب سے بڑی دین ہے۔ اسے کام میں لاؤ، سوچو، سمجھو، فکر کرو، آنکھیں بند کر کے ایمان نہ لاؤ۔ اگر دل میں شکوک پیدا ہوتے ہیں تو ہونے دو۔ انہیں دباؤ نہیں، ان پر غور کرو۔ جو لوگ جانتے ہیں ان سے مشورہ کرو۔

2- کوئی مذہب دنیاوی زندگی کو اہمیت نہیں دیتا۔ کہتے ہیں یہ زندگی ایک سراب ہے۔ آنکھ کا دھوکا ہے۔ فانی ہے، اس دنیا سے دل نہ لگاؤ۔ اصل زندگی ہے ج آنے والی ہے۔ اس کے برعکس اسلام کہتا ہے کہ یہ زندگی بڑی اہم ہے۔ آنے والی زندگی تو اس زندگی کا نتیجہ ہے۔ یہ بوٹا ہے جس پر وہاں پھل لگے گا۔ جیسا بوٹا ہوگا ویسا ہی پھل لگے گا۔ اس زندگی میں رچ بس جاؤ، ہم آہنگ ہو جاؤ، توازن پیدا کرو، سکھی رکھو سکھی رہو۔ علم حاصل کرو اپنا مرتبہ پیدا کرو۔ دولت کماؤ، بانٹ کر کھاؤ۔ تمام تر اہمیت اس بات پر موقوف ہے کہ تم یہ زندگی کیسے گزارتے۔

3- تمام مذاہب دوسرے مذہبوں کے خلاف تعصب پیدا کرتے ہیں۔ کہتے ہیں صرف میں سچا ہوں باقی سب جھوٹے ہیں مثلاً ہندوازم کو لیجئے۔ ہندوازم کے مطابق صرف ہندو پاکیزہ ہیں باقی تمام مذاہب اور انہیں ماننے والے پلید ہیں، ناپاک ہیں نجس ہیں، ان سے دور رہنا چاہیے، ان کے ہاتھ سے کوئی چیز لے کر کھاؤ گے تو دھرم بھرشٹ ہو جائے گا۔ ان کا سایہ بھی نہ پڑے۔ اگر پڑ گیا تو پھر سے پاک ہونے کے لیے اشنان کرنا لازم ہو جائے گا۔ اسلام دوسرے مذاہب سے تعصب کی تعلیم نہیں دیتا بلکہ غیر مسلموں کے عقائد، بزرگوں، رسم و رواج کی تعظیم پر زور دیتا ہے۔ غیر مسلموں کو برابر کے حقوق دیتا ہے۔ انہیں نجس نہیں سمجھتا۔ مشاہیر کہتے ہیں کہ اس حوالے سے اسلام کو مذہب کہنا سراسر غلط ہے کیونکہ اسلام میں مذہب والی کوئی بات نہیں پائی جاتی۔

## ہائیں ایسا ہے

لیکن اب جو بات میں آپ سے کہنے والا ہوں اسے سن کر آپ چونک جائیں

گے۔ہائیں ایسا ہے! مسلمان ہونے کے باوجود ہم سب اس بات سے بے خبر ہیں یا اگر خبر ہے تو ہم نے اس بات پر کبھی غور نہیں کیا، اسے سمجھا نہیں۔بہر حال جب میں نے قرآن پڑھا تھا تو میں حیرت زدہ رہ گیا۔ہائیں ایسا ہے! نہیں۔ایسا کیسے ہو سکتا ہے؟ میری سوئی اٹک گئی تھی، پتہ نہیں کتنی دیر اٹکی رہی۔صاحبو میرا کوئی قصور نہ تھا بات ہی ایسی ہے کہ سوئی اٹک جاتی ہے۔بات یہ ہے کہ اسلام کا مقصد صرف افراد کو انسانیت سکھانا نہیں۔سوسائٹی کے کسی ایک گروپ کو اچھے انسان بنانا نہیں۔مسلمانوں کو انسانیت کی منزل تک پہنچانا نہیں بلکہ تمام بنی نوع انسان کو چاہے وہ کسی مذہب سے تعلق رکھتے ہوں انہیں اچھے انسان بنانا ہے۔انہیں انسانیت کی تمام خوبیوں سے آراستہ کرنا ہے۔

قرآن میں اللہ تعالیٰ کہتا ہے: ہمارا کام صرف انسان کی تخلیق کرنا ہی نہیں۔یہ بھی ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم انسان کو اس کی منزل کا شعور بخشیں بلکہ اسے منزل تک پہنچائیں۔ایسا لگتا ہے جیسے انسانیت، اخلاق اور تہذیب اسلام کے جزو ہوں۔اسلام کے محلے کی گلیاں ہوں، مسلمان کی پہچان ہوں۔یارو میرا دوست فقیر چند سچ کہتا ہے۔ کہتا تھا مفتی تمہارا اللہ کیسا اللہ ہے۔ایک طرف تو اپنی پارٹی بناتا ہے پھر اپنی پارٹی یعنی مسلمانوں کو سپورٹ نہیں کرتا۔انہیں شہہ نہیں دیتا ان کی پیٹھ نہیں ٹھونکتا۔انہیں اپنے جیالے نہیں سمجھتا۔الٹا مسلمانوں اور غیر مسلموں کو ایک آنکھ سے دیکھتا ہے۔دوسرے مذاہب کے خلاف نعرے لگانے کی تلقین نہیں کرتا۔تعصب کا سبق نہیں پڑھاتا۔اس ساری دنیا کا رازق بنا بیٹھا ہے۔ساری انسانیت کو منزل تک پہنچانے کا ذمہ لیے بیٹھا ہے۔قرآن مسلمانوں پر نازل کرتا ہے، خطاب انسان سے کرتا ہے۔ہمارے آخری پیغمبر محمدؐ جو اللہ کے احکامات جیتے تھے، قرآن جیتے تھے، انہیں ساری دنیا عظیم انسان مانتی ہے، عظیم مسلمان نہیں۔

صاحبو! سچ پوچھو تو اپنی سمجھ میں نہیں آیا کہ اسلام کیا چیز ہے۔میرا ایک دوست

ہے۔اس نے اسلام کا بڑا مطالعہ کیا ہے۔میں اس کے پاس چلا گیا۔میں نے کہا یارو مجھے بھی سمجھا دو کہ اسلام کیا ہے۔وہ ہنسا، بولا مجھے خود سمجھ میں نہیں آیا تجھے کیا سمجھاؤں۔ میں نے کہا وہ جو اتنا سارا مطالعہ کیا ہے تو نے ،اس کا نتیجہ نہیں نکلا کیا؟ بولا نکلا ہے ۔میں نے کہا کیا نکلا ہے؟ بولا اللہ سے یارانہ لگ گیا ہے، محمدؐ سے محبت ہو گئی ہے، بس اور کسی بات کی سمجھ نہیں آئی۔

## انوکھی تنظیم

صاحبو! اسلام ایک انوکھی اور عظیم تنظیم ہے۔

۱۔ نہ یہ Dogma ہے۔

۲۔ نہ Ritual ہے۔

۳۔ نہ ہی اس میں مولویوں اور دینی عالموں کو کوئی اعزازی مقام دیا گیا ہے جیسے کہ ہر مذہب میں پادریوں کو خصوصی اہمیت سے نوازا گیا ہے۔

۴۔ نہ ہی یہ رہبانیت کو جائز قرار دیتا ہے۔

۵۔ نہ ہی یہ Self Denial کے لیے خود کو اذیت دینے کے حق میں ہے۔ نہ ہی یہ دنیا سے تیاگ کا سبق دیتا ہے۔

۶۔ الٹا اسلام تو کہتا ہے کہ جیو لیکن آنکھیں بند کر کے نہیں۔ہم سے جینے کا سلیقہ سیکھو پھر جیو، پیٹ بھر کے جیو۔صرف خود ہی نہیں جیو، دوسروں کو بھی جینے دو۔

۷۔ ہمارے راہبر کہتے ہیں اسلام ایک ضابطہ حیات ہے۔یہ بات میں ایک زمانے سے سنتا آیا ہوں لیکن میں اس کا مفہوم نہیں سمجھا۔کسی سے پوچھا بھی نہیں۔ کیسے پوچھتا؟ لوگ کہتے ویسے تو اردو کا لکھاڑ بنا پھرتا ہے اور ضابطہ کا مفہوم پوچھتا ہے ۔

صاحبو! بہت سے ایسے Pharse ہیں جنہیں میں سمجھتا نہیں لیکن اپنا بھرم رکھنے کے لیے سمجھتا ہوں کہ سمجھتا ہوں۔پھر ایک دم ہومیوپیتھی کی ایک کتاب پڑھتے پڑھتے

دفعتاً مجھے بات سمجھ میں آ گئی۔ ہومیو پیتھی کی کتاب میں اس درویش بالمن نے لکھا تھا ہومیو پیتھی کرو نہیں ہومیو پیتھی ہو۔

## کرنا اور جینا

دفعتاً گویا ایک پردہ میری نگاہ سے اٹھ گیا جیسے کسی نے مدھم آواز میں میرے کان میں کہہ دیا میاں کچھ باتیں کرنے کی ہوتی ہیں کچھ جینے کی۔ ٹھیک تو ہے۔ آپ نے انڈا تلنا ہے۔ یہ کرنے کی بات ہے۔ فرائی پین میں گھی ڈالا پھر جب گھی کڑکڑ ایا تو انڈا انڈیل دیا۔ لیجئے انڈا فرائی ہو گیا۔ کرنے کا کام تھا ختم ہو گیا۔ جو باتیں جینے والی ہیں وہ ختم نہیں ہوتیں۔ فرض کیجئے آپ کو کسی خاتون سے محبت ہو گئی ہے۔ رات کو بستر پر پڑے پڑے آپ اس کا تصور قائم کر لیتے ہیں، پھر آہیں بھرتے ہیں، شعر گنگناتے ہیں۔ اس کے بعد یہ نہیں ہو سکتا کہ آپ کتاب کھول کر ارسطو کا فلسفہ پڑھنا شروع کر دیں۔ نہیں جناب عشق کرنے کی چیز نہیں جینے کی چیز ہے۔ یہ تو روگ ہے، لگ جائے تو لگا رہتا ہے۔ صبح شام دن دوپہر رات۔ ایسے ہی سارے مذاہب Ritual ہیں۔ سب کرنے کی چیز ہیں۔ مندر میں جاؤ پوجا کرو، آرتی چڑھاؤ۔ چلو مذہبی فرائض پورے ہوئے۔ اب باقی وقت آرام سے اپنے اپنے دھندے میں لگ جاؤ۔ اس کے برعکس اسلام کرنے کی چیز نہیں کہ دو چار فرض ادا کیے پھر آرام سے اپنے کام میں لگ گئے۔ نہیں یہ بات نہیں۔ محبوبہ کی طرح اسلام تو کہتا ہے مجھے جیو صبح، شام، دن رات ہر وقت جیو۔ ہر کام میرے حوالے سے کرو۔ کوئی کام میرے حوالے کے بغیر نہ کرو۔

## اپنا جانو

مثلاً اسلام کہتا ہے اللہ سے تعلق قائم کرو۔ اسے اپنا لو، اسلے اپنا جانو جیسے تم بھائی بہن، ماں باپ یا دوستوں کو اپنا جانتے ہو۔ تعلق کوئی کام نہیں بلکہ رویہ ہے اور رویہ تو ہر وقت قائم رہتا ہے۔ گھڑی کی طرح ہر وقت ٹک ٹک کرتا رہتا ہے۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ پانچویں وقت جائے نماز پر کھڑے ہو کر اللہ کو سلام کرنے

ے اللہ سے تعلق پیدا ہو جائے گا تو یہ آپ کی بھول ہے ۔تعلق کوئی چوبچہ نہیں وہ تو دریا ہے جو ہر وقت چلتا رہتا ہے ۔اللہ سے تعلق پیدا کرنا ہے تو اسے انگلی لگا کر ساتھ ساتھ لیے پھرو ۔کھانا کھانے لگو تو پاس بٹھا لو ۔کہو یار آج تو تو نے مجھے اتنی ساری نعمتیں دے دیں ۔کرکٹ کھیلتے وقت اسے اپنے پاس کھڑا کر لو ۔دوست ایک چھکا لگوا دے ۔اپنی ٹور بن جائے گی ۔تجھ سے کوئی پوچھنے والا نہیں کہ چھکا کیوں لگوایا ۔رات کو سونے لگو تو اسے ساتھ لٹا لو ۔کہو واہ میرے دوست سارا دن قدم قدم پر تو نے میرا ساتھ دیا ہے ۔کیا خوب ساتھ دینے والا ہے تو ۔سبحان اللہ! اللہ سے تعلق تو ایسے ہونا چاہیے جیسے ماں سے ہوتا ہے ۔تھک جاؤ تو اس کی گود میں سر رکھ دو ۔پریشانی ہو تو اس کی آغوش میں سر رکھ کر کہو مجھے تھپک ماں ۔تری تھپک میں پتہ نہیں کیا جادو ہے کہ سب دکھ دور ہو جاتے ہیں ۔کھانا کھانا ہو تو اس کے گوڈے سے لگ کر بیٹھ جاؤ ۔ڈائننگ ٹیبل پر نہ بیٹھنا ۔وہاں اہتمام ہوتا ہے ۔اہتمام سے بچو ۔اہتمام ہو تو ماں بھی دور ہو جاتا ہے ۔اور وہ بھی دور ہو جاتا ہے ۔امارت سے بچو ۔امارت ہو تو وہ دور ہو جاتا ہے ۔اسے دور نہ ہونے دو ۔اقتدار کے پیچھے نہ بھاگو ورنہ تم اس سے بہت دور ہو جاؤ گے ۔

## غربت کی عظمت

غربت کی ماں بہت قریب آجاتی ہے ۔وہ بھی قریب آجاتا ہے ۔افلونس میں ماں کی ممتا کو دولت کا گرہن لگ جاتا ہے ۔صاحبو ہم نے آج تک غربت کی عظمت کو نہیں سمجھا ۔ہمارا جو لیڈر آتا ہے وہ آکر غریب کے خلاف اعلان جنگ کر دیتا ہے کہ ہم غربت کو صفحۂ ہستی سے مٹا دیں گے ۔ہر غربت کا قلع قمع کر دیں گے ۔

میں اکثر سوچتا ہوں یا اللہ تو تو خیر عظیم ہونے کے ساتھ ساتھ انوکھا بھی ہے ۔بے شک تو نے انسان کو انوکھا لاڈلا بنا رکھا ہے لیکن تو خود بھی تو انوکھا ہے' لاڈلا بھی ہے ۔تیری باتیں سمجھ میں نہیں آتیں لیکن تیرے آخری پیغمبر محمدؐ کی باتیں بھی تو سمجھ میں نہیں آتیں حالانکہ وہ آئیڈیل انسان ہیں ۔

میں سوچتا ہوں محمدؐ جو دو جہانوں کے بادشاہ تھے ان کا چولہا کیوں ٹھنڈا رہتا تھا۔ وہ چٹائی پر کیوں سوتے تھے۔وہ ایک کچے مکان میں کیوں رہتے تھے۔کھانے کے لیے ان کی چنگیر میں صرف دو کھجوریں ہوتی تھیں۔کھانے لگتے تو دروازہ بجتا میں بھوکا ہوں اور وہ ایک کھجور سائل کو دے دیتے اور ایک خود کھاتے۔میں سوچتا ہوں وہ جو دو عالم کے بادشاہ تھے انہوں نے کیوں غربت Select کی۔کیا وہ پاگل تھے، کیا وہ کم عقل تھے۔نہیں وہ تو عقل کل تھے۔پھر......؟

اگر وہ عقل کل تھے تو ہمیں ماننا پڑے گا کہ غربت میں کوئی بڑی عظمت ہے ورنہ حضورؐ کبھی غربت Select نہ کرتے۔عمومیت میں کوئی بڑی خوبی ہے ورنہ وہ عمومیت کی زندگی بسر نہ کرتے۔عام لوگوں سا لباس نہ پہنتے۔بوریا نشین نہ ہوتے۔ایک عام سے کچے مکان میں رہائش نہ رکھتے۔

صاحبو! میں تو صرف یہ جانتا ہوں کہ جن ممالک میں امارت نے قدم رکھا ہے وہاں سے اللہ رخصت ہو گیا ہے۔مغربی ممالک میں کوئی اللہ کا نام نہیں لیتا۔وہاں مذہب غیر ضروری چیز سمجھا جانے لگا ہے۔گرجے غیر آباد ہو چکے ہیں۔اگر کچھ کچھ آباد ہیں تو صرف اس لیے ان کی وجہ سے پادریوں کی شوکت نفس قائم ہے۔

## روٹی کپڑا، مکان

میرا بیٹا عکسی ڈاکٹوریٹ کے لیے چیکوسلوا کیہ گیا تھا۔وہاں سے وہ مجھے خط لکھا کرتا تھا ابو یہاں پراگ میں بڑے خوبصورت گرجے بنے ہوئے ہیں لیکن سب غیر آباد ہیں۔دروازوں پر زنگ آلود تالے پڑے ہیں اور ابو ہر گرجے کے پھاٹک پر اللہ بیٹھا ہے۔وہ امید بھر نظروں سے راہ گیروں کو دیکھ رہا ہے کہ شاید کوئی اس کی جانب دیکھے لیکن کوئی نہیں دیکھتا۔ہر شخص اپنے اپنے کام میں مصروف ہے، لیکن ابو اللہ ابھی تک اپنے بندوں سے مایوس نہیں ہوا۔یہ وہ **ملک** تھا جہاں سے کمیونسٹوں نے اللہ کو **ملک** بدر کر دیا تھا، جہاں کے حاکموں نے کہا تھا اللہ رزق دینے والا کون ہوتا ہے۔ہم

سب کو روٹی کپڑا مکان دیں گے ۔ہم غربت کا نام مٹا دیں گے ۔ہم اس نظام کو بدل دیں گے جو انسان کو Haves اینڈ Have not میں تقسیم کر دیتا ہے ،لیکن جب انہیں اقتدار حاصل ہوا تو سب کچھ فیڈ آؤٹ ہو گیا ۔صرف ہم رہ گئے ہم جو کرتا دھرتا تھے ۔جو روٹی کپڑا مکان دینے کا دعویٰ کرتے ہیں ۔پاکستان کے ادیب جب روس کے بلاوے پر ماسکو گئے تو بانو قدسیہ بھی وفد میں شامل تھیں ۔ماسکو میں ان کی بڑی آؤ بھگت کی گئی ۔مہمان نوازیاں کی گئیں ۔سیر و تفریح کے ٹرپ ہوئے ۔

## تاشقند

اس کے بعد روسیوں نے وفد کے ہر ممبر سے پوچھا کیا کوئی ایسی جگہ ہو جسے دیکھنے کی آپ کی خواہش ہے ۔وفد کے ہر رکن نے کسی نا کسی جگہ کا نام لیا ۔بانو سے پوچھا تو وہ کہنے لگی میں تو تاشقند دیکھنا پسند کروں گی ۔تاشقند کا نام سن کر کمیونسٹ گھبرا گئے ۔بولے محترمہ وہ جگہ تو دیکھنے کے قابل نہیں ۔آپ کوئی اور جگہ منتخب کر لیں ۔بانو نے کا مجھے تو وہی جگہ دیکھنی ہے اگر مجھے وہاں لے جانا ممکن ہے تو ٹھیک ،ورنہ میں یہیں ماسکو میں رہوں گی ۔روسیوں نے بڑی کوشش کی کہ بانو کسی اور جگہ کا انتخاب کر لے لیکن وہ اپنی ضد پر اڑی رہی کہ جاؤں گی ورنہ نہ سہی ۔روسی مجبور ہو گئے ۔وہ بانو کو تاشقند لے گئے لیکن کڑی سیکیورٹی میں ۔

وہاں جا کر بانو نے دیکھا کہ مسجدوں پر تالے پڑے ہوئے ہیں ۔محرابوں میں جالے لٹک رہے ہیں ۔گنبدا کھڑے ہوئے ہیں ۔اندر چمگادڑوں نے ڈیرہ لگا رکھا ہے ۔گھروں میں بوڑھی مائیوں نے بانو کو گلے لگایا ۔ان کی آنکھیں خوف سے بھیانک ہو رہی تھیں ،بازو لرز رہے تھے ۔تو اللہ کے گھر سے آئی ہے ۔انہوں نے زیر لبی آواز میں پوچھا اور پھر اسے چومنے لگیں ۔چوم چوم کر بے حال کر دیا ۔ساتھ ہی ان کے آنسو رواں تھے ۔

بانو نے دیکھا کہ ''ہش ہش'' کا عالم ہے ۔بوڑھی مائیاں پچھلی کوٹھڑی میں نماز

پڑھتی ہیں تو جوان لڑکے باہر پہرا دیتے ہیں کہ کوئی مخبر نہ جان لے۔قرآن چھپائے ہوئے رکھے ہیں۔دروازہ بجتا ہے تو دل ڈوب جاتے ہیں۔کوئی آ گیا۔روٹی کپڑا مکان دینے والوں نے اللہ کو ملک بدر کر رکھا تھا۔

ہمارے ہاں بھی ایک حکمران آیا تھا۔ پیدائشی لیڈر تھا۔عالم تھا۔ Hyqer Intelligent تھا۔عامل ایسا تھا کہ دکھانا جانتا تھا۔اس نے آتے ہی روٹی کپڑا اور مکان کا دعویٰ کر دیا۔

## پلاؤ بھری دیگ

نقل ہے کہ ایک شہر میں ایک مست بابا آ گیا۔آتے ہی اس نے حکم دیا کہ ایک بہت بڑی دیگ لاؤ۔دیگ گئی تو بولا اس دیگ کے لائق ایک چولہا بناؤ۔اس میں لکڑیاں رکھ کر بھانبڑ لگا دو۔چولہا جل گیا۔مست نے حکم دیا کہ دیگ میں پانی بھر دو اوپر ڈھکنا لگا دو، اسے چولہے پر رکھ دو۔اگلی صبح انہوں نے دیگ کا ڈھکنا اٹھایا کہ وہ پلاؤ سے بھری ہوئی ہے۔سارے شہر میں اعلان کر دیا گیا کہ حاجت مند آئیں انہیں مفت کھانا تقسیم کیا جائے گا۔اس اعلان پر سارا شہر دیگوں پلاؤں کی تھالیاں بھر بھر کر دینے لگے۔اگلے روز انہوں نے دیگ کا ڈھکنا اٹھایا تو دیکھا کہ دیگ جوں کی توں بھری ہوئی تھی۔اس پر شہر میں مست بابا کی دھوم مچ گئی۔برتاوے تھالیاں بھر بھر کر لوگوں کو بانٹتے مگر دیگ جوں کی توں بھری تھی۔حاجب مندوں میں ایک فقیر بھی تھا۔وہ خالی ہاتھ آتا اور سارا دن کھڑا تماشا دیکھتا رہتا۔برتاوے کہتے میاں تو کیوں خالی ہاتھ کھڑا ہے۔برتن لاؤ اور چاول لے لے۔وہ کہتا میں حاجت مند نہیں ہوں۔

اس بات پر برتاوے حیران ہوتے کہ کھڑا بھی رہتا ہے،ٹر ٹر دیکھتا بھی رہتا ہے،مگر کھاتا پیتا نہیں۔انہوں نے مست بابا سے بات کی۔مست بابا نے کہا اس شخص کو میرے پاس لاؤ۔وہ فقیر کو مست بابا کے پاس لے گئے۔مست بابا نے پوچھا میاں کیا بات ہے کہ تو سارا دن دیگ کے سامنے کھڑا رہتا ہے لیکن دیگ کے چاول نہیں

کھاتا۔

فقیر بولا میں یہاں چاول کھانے کے لیے نہیں آتا اور نہ ہی اس دیگ کو دیکھنے آتا ہوں، جو سدا بھری رہتی ہے۔مست بابا نے پوچھا پھر تو یہاں آتا کیوں ہے۔فقیر بولا میں تو تیری زیارت کرنے آتا ہوں،تو جو اس شہر کا رب بنا ہوا ہے اور لوگوں کو رزق تقسیم کررہا ہے۔

مست بابا کا چہرہ بھیانک ہوگیا وہ چلا کر بولا: دیگ کو انڈیل دو۔چولہے پر پانی ڈال دو۔'' یہ کہہ کر مست بابا نے اپنی لاٹھی اٹھائی اور شہر سے باہر نکل گیا۔

## پاکستانی دیگ

میرے کئی ایک دوست کہتے ہیں مفتی یہ کہانی تو نے خود گھڑی ہے۔یہ تو پاکستان کی کہانی ہے۔لوگ اس دیگ کو کھا رہے ہیں۔وہ چلا جاتا ہے تو دوسرا گروپ آتا ہے کھاتا ہے۔وہ چلا جاتا ہے تو دوسرا گروپ آتا ہے۔اس کے جیالے دیگ پر ٹوٹ پڑتے ہیں لیکن یہ دیگ ختم ہونے میں نہیں آتی۔دیکھنے میں زبوں حالی کا دور دورہ ہے لیکن سڑکوں پر کاروں کی لائنیں روز بروز بڑھتی جا رہی ہیں۔دکانوں میں مال کے انبار بڑھتے جارہے ہیں۔شاپنگ کا بخار چڑھتا جا رہا ہے۔ہوٹلوں میں فنکشن بڑھتے جارہے ہیں۔خواتین کے چہرے گلال ہوتے جارہے ہیں۔ان کی بھورکالی آنکھوں سے کرنیں پھوٹتی ہیں۔سٹیٹس کے درجات بڑھتے جارہے ہیں۔فرق صرف یہ ہے کہ وہ دیگ مست نے چڑھائی تھی اور یہ خود رب جلیل نے چڑھائی ہے لیکن یہ دیگ کی بات تو خواہ مخواہ درآئی ہے،ہم تو غربت کی بات کررہے تھے۔

ارے یہ میں کہاں آنکلا ہوں!

صاحبو!غربت کے چند ایک اوصاف تو سبھی جانتے ہیں۔اگرچہ مانتا کوئی نہیں۔میں بھی نہیں مانتا تھا۔میں اس سٹیٹس زدہ شہر اسلام آباد میں ۱۹۷۲ء سے رہتا ہوں۔یہاں سڑکوں پر بیرے،باورچی،ڈرائیور اور چوکیدار چلتے پھرتے نظر آتے

ہیں۔صاحب اور بیگمات بنگلوں کے اندر بند ہیں۔کاروں میں آتے جاتے جھلکی دکھاتے ہیں۔ہوٹلوں میں کلبوں میں فنکشنوں میں جھلکیاں دکھاتے ہیں۔باہر سے دیکھو تو یہ شہر ویرانہ ہے۔اندر جھانکو تو محفلیں لگی ہوئی ہیں۔ایک دن پتہ نہیں کیا ہوا، غالباً میں راستہ بھول گیا۔ایک گلی میں داخل ہوا تو منظر دیکھا کر حیرت سے رک گیا۔ ارے یہ میں کہاں آنکلا ہوں۔لگتا تھا جیسا اسلام آباد نہ ہو کوئی اور شہر ہو۔گلی کے بیچ میں چارپائیاں بچھی ہوئی تھیں۔لوگ بیٹھے حقہ پی رہے تھے،ہنس ہنس کر باتیں کر رہے تھے،قہقہے لگ رہے تھے۔چارپائیوں کے اردگرد ننگ دھڑنگ بچے کھیل رہے تھے۔غل مچا رہے تھے۔بیبیاں پیڑیوں پر بیٹھی دال چن رہی تھیں۔جو جوان لڑکیاں کوارٹروں کی کھڑکیوں سے جھانک رہی تھیں۔ایسا لگتا تھا جیسے وہ گلی نہیں بلکہ ایک گھرانہ ہو۔پتہ چلا کہ وہ کوارٹر چپڑاسیوں کی بستی کے ہیں۔وہ رونق،وہ خوشی،وہ قہقہے،وہ رشتے،ہمدردیاں،اپنائیت غربت کی تھی۔اللہ خود گلی میں بیٹھا حقہ پی رہا تھا اور اپنی مخلوق کو دیکھ دیکھ کر خوش ہو رہا تھا۔

صاحبو! ایسی چند گلیاں آج بھی اسلام آباد میں موجود ہیں۔اگر آپ اللہ کو دیکھنا چاہیں تو مسجد میں جانے کی ضرورت نہیں۔وہاں اللہ نہیں ملتا۔وہاں اللہ کے اجارہ دار بیٹھے ہیں۔اللہ سے ملنا ہے تو غریبوں کے محلے میں جاؤ۔وہاں اللہ خود بیٹھتا ہے،اس کا نام چاروں طرف گونجتا ہے۔وہاں گھر میں،رشتے ہیں،مامے چاچے ہیں۔وہاں اپنے ہیں۔وہاں ہمدردی کی محبت ہے۔وہاں ملک کی لگن ہے،درد ہے۔

## اے پتر

صاحبو! صوفی غلام مصطفیٰ تبسم بڑا عالم تھا،استاد تھا،شاعر تھا۔اس سے غلطی ہوگئی ،اس نے لکھ دیا

اے پتر ہٹاں تے نئیں وکدے
کیوں لبدی پھریں بازار کڑے

اسے لکھنا چاہیے تھا

اے پتر ہٹاں تے نئیں وکدے

کیوں لبدی سلاماں باد کڑے

صاحبو! اے پتر دین ہے غربت کی

1965ء کی جنگ میں اگر ان پتروں کی یلغار کو نہ روکا جاتا تو آج پاکستان کی شکل کچھ اور ہوتی اور انہیں روکا کس نے؟ تنخواہ دار مفاد پرستوں نے جو ڈالروں کے عوض بکے ہوئے تھے۔

صاحبو! میں مستحق نہیں ہوں جو غربت کی عظمت کی تصویر کشی کر سکوں صرف چند ایک باتیں جانتا ہوں:

۱۔ غربت میں اللہ قریب آجاتا ہے۔

۲۔ غربت ایک دوسرے سے ہمدردی کا درس دیتی ہے۔ غربت کے زور پر ابھی تک ہمارے ہاں فیملی قائم ہے۔ یورپ میں فیملی ٹوٹ چکی ہے۔ بچی کھچی پر جھاڑو پھر رہا ہے۔ جہاں فیملی نہیں وہاں رشتے نہیں۔ وہاں انسان سوشل اینمل نہیں بلکہ سٹیٹس اینیمل ہے۔

۳۔ غربت خدمت کا جذبہ پیدا کرتی ہے۔

۴۔ مشاہیر کا کہنا ہے کہ دنیا میں جو بڑا آدمی پیدا ہوا عالم، سائنس دان، محقق، سوشل ورکر، ٹیکنیشن، وہ ہمیشہ غریبوں میں سے ابھرا ہے۔ آج تک دولت مندوں نے کوئی بڑا آدمی پیدا نہیں کیا۔ دولت مندوں نے ہمیشہ عیاش لوگ پیدا کیے ہیں۔

## کالے گورے

۵۔ سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ لوگ جوں جوں امیر ہوتے توں توں ان میں بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت کم ہوتی جاتی ہے۔ یورپ اور امریکہ میں Fertility کم ہوتی جا رہی ہے۔ اول تو وہاں فیملی ہی نہیں رہی۔ دوسرے فرٹیلٹی کم ہوتی جا رہی ہے

۔تیسرے مادر پدر آزادی کی وجہ سے نوجوان میمیں رات کو گھر جاتے ہوئے رات ساتھی کی تلاش کرتے ہوئے گورے کی نسبت کالے کو ساتھ لے جانے کی خواہاں ہوتی ہیں۔پتہ نہیں اس کی کیا وجہ ہے۔کوئی کہتا ہے کہ کالے جوڑے کے ملاپ میں Vibrations زیادہ ہوتی ہیں اور جنس کی ساری لذت وائی بریشنز پر موقوف ہے جذبات کے تموجات بڑھتے بڑھتے طوفان بن جائیں۔

کچھ لوگ تموجات کو نہیں مانتے ۔ان کا کہنا ہے کہ کالے کا جسم Compact ہوتا ہے۔مسافر قریب قریب ہوتے ہیں۔قریب قریب ہوں تو جسم گٹھا ہوا ہوتا ہ۔اس میں پکڑ ہوتی ہے۔جان ہوتی ہے۔دھما کہ ہوتا ہے۔چاہے کوئی بات سچ ہو نتیجہ یہ ہے کہ کالے گورے کا ملاپ مقبول ہوتا جا رہا ہے۔اس بات پر گورا خوف زدہ ہے کہ پچاس سال کے بعد یورپ اور امریکہ میں کالے ہی کالے نظر آئیں گے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ایک ایسا دن بھی آئے جب گورے کو دیکھنے کے لیے آپ کو چڑیا گھر جانا پڑے۔صاحبو! معافی چاہتا ہوں پھر پٹڑی سے اتر گیا۔۔ڈائی گریشن ہو گئی

## کنڈوم

ادھر امیر لوگوں کی فرٹیلٹی گھٹتی جا رہی ہے۔ادھر غریبوں کی بڑھتی جا رہی ہے۔گھر کھانے کے لیے روٹی نہیں لیکن آٹھ بچے اودھم مچا رہے ہیں اور نویں کی آمد آمد ہے ۔مغربی مشاہیر کہتے ہیں کنڈولم کو عام کر دو۔مفت بانٹو۔سکول کے بچوں پر عائد کرو کہ ان کی ہر جیب میں ایک کنڈولم کا ہونا لازمی ہے۔مجھے نہیں پتہ اس کا کیا نتیجہ ہو گا۔ مجھے یاد ہے جب میں سکس کا طالب علم تھا تو میں نے اپنے ایک دوست کو کنڈولم کا مشورہ دیا تھا۔جب اس کا تیسرا بیٹا پیدا ہوا تو اس نے اس کا نام ابن کنڈوم رکھ دیا۔

صاحبو! غربت کی خوبیوں کی فہرست بڑی طویل ہے۔غربت تکلیف سہنے کی شکتی پیدا کرتی ہے۔Resistence کی طاقت پیدا کرتی ہے۔Survival کی ذمہ

داری ہے ۔مجاہد پیدا کرتی ہے ۔آخر کے امیر ترین **ملک** جاپان کے ایک نومسلم نا کنچی کے بیان کا ایک اقتباس ملاحظہ ہو:

''آج عالم یہ ہے کہ جاپان صنعتی اعتبار سے ایشیا کا سب سے ترقی یافتہ **ملک** ہے ۔ٹیکنالوجی کی بے پناہ ترقی اور اس کے اثرات نے ہمارے معاشرے کو کلیتہ بدل دیا جائے ۔اور مادی نقطہ نظر ہر بات پر حاوی ہے ۔چونکہ ہمارے **ملک** میں قدرتی وسائل کا فقدان ہے اس لیے تمام تر انحصار سخت کوشی پر ہے ۔ہمیں اپنا معیار زندگی برقرار رکھنے کے لیے شب و روز محنت کرنی پڑتی ہے اور صرف یہی وہ ذریعہ ہے جس کے سبب ہماری تجارت اور صنعت زندہ رہ سکتی ہے چنانچہ ہم ایک ایسی مادی دوڑ میں مصروف ہیں جہاں روحانیت کا دور دور تک کہیں پتہ نشان نہیں ملتا۔ جاپانیوں کی ساری جدوجہد محض دنیاوی مفادات کے لیے ہے ۔انہیں مابعد الطیعاتی مسائل پر سوچنے کی فرصت ہی نہیں ملتی۔ ان کا کوئی مذہب ہے نہ روحانی معیار۔وہ ان نقوش پر سجدہ کناں ہیں جو یورپ کی مادیت نے زمانے پر مرتسم کرر کھے ہیں ۔اس ساری یک طرفہ دوڑ کا نتیجہ ہے کہ روحانی طور پر جاپان زبردست افلاس کا شکار ہوتا جارہا ہے اور خوبصورت لباس میں ملبوس ان کے صحت مند جسموں کے اندر بیمار اور مایوس روحیں کراہ رہی ہیں۔

''مجھے یقین واثق ہے کہ جاپان میں اسلام کی اشاعت اور فروغ کے لیے موجودہ دور فیصلہ کن حیثیت رکھتا ہے ۔نام نہاد ترقی یافتہ قوموں نے مادی ترقی تو بلا شبہ کی ہے ۔مگر وہ زبردست روحانی خلا کا شکار ہیں ۔اسلام اور صرف اسلام اس خلا کو پر کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے چنانچہ اگر جاپان میں اسلام کی اشاعت کے لیے مناسب اور موثر تدابیر اختیار کی جائیں تو میں یوں محسوس کرتا ہوں کہ دو یا تین نسلوں کے اندر اندر پورے کا پورا جاپان اسلام کی آغوش میں آ سکتا ہے اور اگر یہ قلعہ سر ہو جائے تو میں سارے مشرق بعید میں اسلام کے روشن مستقبل کی پیش گوئی کر سکتا ہوں ۔مسلم جاپان

پوری انسانیت کے لیے باعث رحمت بن سکتا ہے۔''

WWW.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

## باب ۱۲

# دشمنی یا خوف

حیرت کی بات ہے کہ مغربی ممالک میں عام لوگوں کے دلوں میں جو حقارت بھرا تعصب اسلام کے خلاف پایا جاتا ہے، وہ کسی اور مذہب کے خلاف نہیں پایا جاتا۔

مغربی ممالک میں مسلمانوں کو وحشی قوم سمجھا جاتا ہے۔ اسلام ایسا مذہب سمجھا جاتا ہے جو تلوار کے زور پر پھیلا۔ مسلمان کثرت ازواج کی وجہ سے بدنام ہیں، مسلمان عورت کو اپنی جنس تسکین کا ذریعہ سمجھتے ہیں اور بس۔

# حقارت بھرا تعصب

ڈاکٹر عبدالغنی فاروق نے ایک کتاب مرتب کی ہے۔ عنوان ہے: ''ہم مسلمان کیوں ہوئے''۔ اس کتاب میں 85 نومسلموں کے بیانات درج ہیں۔

تقریباً سب کے سب اس بات کو گواہی دیتے ہیں کہ مغربی ممالک میں اسلام کے خلاف حقارت بھرا تعصب پایا جاتا ہے یہاں تک کہ پڑھے لکھے لوگ بھی اسلام کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے روادار نہیں مثلاً چند ایک مغربی نومسلمان کی آرا ملاحظہ ہوں:

انگلستان کی محترمہ فردی

جو چرچ آف انگلینڈ سے وابستہ تھیں کہتی ہیں: ''اس وقت میں اسلام کے بارے میں کچھ نہیں جانتی تھی۔ اخبارات کے مضامین سے اتنی خبر ضرور تھی کہ اسلام غلامی کا قائل ہے اور اب تک عرب ممالک میں غلامی کا مکروہ کاروبار جاری ہے۔ تعداد ازواج کی صورت میں عورتوں پر ظلم ڈھائے جاتے ہیں...... اسکول کے زمانے میں صلیبی جنگوں کے بارے میں بھی پڑھا تھا جن میں مسلمانوں کو پرلے درجے کا

سفاک اور بے رحم بتایا گیا تھا۔"

ڈاکٹر شیلڈرک

انگلستان کے صحافی تھے۔وہ لکھتے ہیں

"مذاہب عالم پر انگلستان یک لائبریریوں میں جتنی بھی کتابیں ملیں، میں نے سب پڑھ ڈالیں۔کتابوں میں یہودیت، ہندومت اور بدھ مت وغیرہ کے بارے میں تو صرف معلومات تھیں مگر اسلام کا جہاں بھی ذکر آتا تھا کوئی مصنف بھی طعن وتشنیع کے بغیر نہیں گزرتا تھا۔اسلام کے بارے میں ان کتابوں کا ماحصل یہ تھا کہ اسلام بذاتہ کوئی مستقل مذہب نہیں، بلکہ محض عیسائی لٹریچر سے ماخوذ چند اقوال کا مجموعہ ہے ۔اگر عیسائی مصنفین مذہب اسلام سے خایف نہ ہوتے ...... نہ ہی بیٹھتے بیٹھتے اس کی توہین وتذلیل کے درپے ہوتے تو میں اسلام کا مطالعہ کبھی نہ کرتا۔

امریکہ کی سسٹر امینہ

جو امریکہ کے سنڈے سکولوں میں عیسائیت کی تعلیم دیا کرتی تھیں، لکھتی ہیں:

"مجھے مسلمانوں سے تخت نفرت تھی۔میرے نزدیک جیسا کہ عام یورپین سمجھتے ہیں، اسلام وحشت اور جہالت کا مذہب تھا اور مسلمان غیر مہذب، عیاش، عورتوں پر ظلم کرنے والے، اپنے مخالفوں کو زندہ جلا دینے والے لوگ تھے۔امریکہ اور یورپ کے عام مصنفین اور مورخ یہی لکھتے آرہے ہیں۔"

یہ تو خیر پرانی باتیں ہیں جو کتابی صورت میں شائع ہو چکی ہیں۔آج کی بات بھی سن لیجیے جس ہفت روزہ "تصویر پاکستان" کے 23 ستمبر کے شمارے میں جاوید چودھری نے اپنے کالم میں سنڈے ٹائمز لندن کے حالیہ اشاعت کے حوالے سے پیش کیا ہے۔لکھتے ہیں:

'میرا خیال تھا اسلام ایسا جال ہے جو جکڑ لیتا ہے۔زندگی کی ساری آسائشیں آرام اور آزادی شجر ممنوعہ ہو جاتی ہے اور مسلمان...... ایک بدتہذیب، اجڈ اور وحشی

قوم ہے جو بات بات پر تلواریں سونت کر گلے کاٹنا شروع کر دیتے ہیں۔ محبت کرنے والوں کو سنگسار کر دیتے ہیں۔ شراب پینے والوں کو کوڑے برسائے جاتے ہیں۔ مرد چار چار عورتیں رکھتے ہیں جو گھروں میں بڑی غلامانہ زندگی گزارتی ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اپنے اسی تصویر کی وجہ سے میں لندن اور اس کے گردونواح میں آباد مسلمانوں سے بچ بچا کر رہتی تھی لیکن ایک دن مجھے مذاہب عالم پر کتاب پڑھنے کا اتفاق ہوا تو محسوس ہوا مصنف جہاں اسلام کا ذکر آتا ہے فوراً جانبدار ہو کر اس کے خلاف تبلیغ شروع کر دیتا ہے اور اس سلسلے میں اس کے پاس کوئی دلیل بھی نہیں ہوتی۔ مجھے تجسس ہوا اور میں نے اسلام کا مطالعہ شروع کر دیا اور پھر تیسرے مہینے میں مسلمان ہوگئی۔

یہ ماریا ہے جو یورپ، امریکہ آسٹریلیا اور مشرق بعید کے ان ڈیڑھ لاکھ افراد میں سے ایک ہے جو پچھلے چند برسوں کے دوران حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ اس کا انکشاف ''سنڈے ٹائمز'' نے اپنی حالیہ اشاعت میں کیا۔ اخبار کا کہنا ہے کہ گذشتہ چند برسوں کے دوران برطانیہ کے دس ہزار انگریز شہریوں نے اسلام قبول کیا۔

## ان جانے میں

اسلام کے متعلق ایسے حقارت آمیز خیالات رکھنے میں یورپ اور امریکہ کے عوام کا کوئی قصور نہیں۔ سالہا سال کے **مسلسل** اور منظم پراپیگنڈے سے انہیں Condition کر دیا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یورپ اور امریکہ کے عوام مخلص ہیں، متعصب نہیں۔ تنگ دل نہیں۔ تنگ نظری کا شکار نہیں۔

درحقیقت اسلام کے خلاف یہ ایک منصوبہ بند سازش ہے۔ مغرب میں بیسیوں خفیہ سوسائٹیاں اسلام کے خلاف پراپیگنڈا کرنے میں مصروف ہیں۔ یہ پراپیگنڈہ عام طور پر بین السطور ہوتا ہے لیکن کہیں کہیں برملا اور بھونڈے انداز میں بھی ہوتا ہے۔ ان سوسائیٹیوں کے محرک یہودی پادری اور راہب ہیں۔

اس پراپیگنڈے کی کامیابی کی وجہ صرف یہ ہے کہ اہل مغرب اسلام کے متعلق

بالکل بے خبر ہیں۔اس کے علاوہ کالے مسلمانوں کا ابتدائی رویہ گوروں سے حقارت پر مبنی تھا۔علامہ جلال العالم ایک عربی مصنف ہیں جنھوں نے اس موضوع پر ایک کتاب ترتیب دی ہے۔عنوان ہے: 'اسلام اور مسلمانوں کے خلاف یورپی سازشیں'۔

## یورپی سازشیں

ادارہ ندائے فرقان لاہور کے ناظم اعلیٰ ابوسلیمان محمد کفایت اللہ نے اس کتاب کا ترجمہ کیا ہے اور اسے شائع کرایا ہے۔اس کتاب سے میں چند ایک اقتباسات اپنے الفاظ میں پیش کرتا ہوں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ یورپی اقوام کے اسلام سے متعلق کیا جذبات تھے:

## مسٹر آئی یوجین روستو

جو امریکہ کا نائب وزیر خارجہ تھا، ساتھ ہی منصوبہ بندی کے شعبے کا صدر تھا، وہ 1967ء تک صدر جانسن کا مشیر خاص رہا تھا۔اس نے اپنے ایک بیان میں کہا:

'حقیقت تو یہی ہے کہ امریکہ اسلام کے حوالے سے معاندانہ موقف کے سوا کوئی دوسرا موقف اختیار کر ہی نہیں سکتا اور امریکہ کے لیے یہ ممکن ہی نہیں کہ وہ مغربی دنیا اور صیہونی ریاست (اسرائیل) کے بارے میں غیر دوستانہ رویہ اختیار کرے۔ہم امریکیوں کی منصوبہ بندی کی اصل بنیاد اس کے سوا کچھ نہیں کہ ہم یورپ والوں اور مسلمانوں کے مابین ہر قیمت پر صلیبی جنگیں جاری رکھیں۔'

جنگ عظیم اول میں جنرل بنی نے بیت المقدس پر حملہ کر کے اسے فتح کر لیا تھا، اس پر سارے یورپ اور امریکہ میں خوشیاں منائی گئیں۔برطانوی وزیر خارجہ مسٹر لائڈ جارج نے اسے صلیبی جنگوں کا آٹھواں حملہ قرار دیا۔جنرل بنی اور اس کے رفقا کار کو شاندار خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

# فرانسیسی جرنیل غورو

شام کو فتح کرنے کے بعد جب دمشق پہنچا تو غازی اسلام صلاح الدین ایوبی کی قبر پر لات مار کر بولا: ’او صلاح الدین! اٹھ اور دیکھ کہ ہم اپنی شکستوں کا بدلہ لے چکے ہیں اور تیری زمین پر فاتحوں کی حیثیت سے لوٹ آئے ہیں‘۔

فرانسیسی پارلیمنٹ کے ایک وفد نے کہا کہ مراکش میں ہمیں جنگ و جدل ختم کر دینی چاہیے۔ اس پر فرانس کے وزیر خارجہ نے کہا یہ معرکہ نہیں رکے گا۔ یہ معرکہ فرانس اور مراکش کے مابین نہیں چل رہا بلکہ ہلال اور صلیب کے درمیان چل رہا ہے۔

پھر مسفر چرچل

بولے۔ کہنے لگے ’بیت المقدس کو مسلمانوں کے غلبے سے رہائی دلانا ہم مسیحیوں اور یہودیوں کا مشترکہ خواب تھا۔ ہمارا نصب العین تھا...... اس بیت المقدس کو اب دوبارہ کسی قیمت پر بھی مسلمانوں کو واپس نہیں کیا جائے گا۔

صیہونیوں نے اس روز نعرے لگائے...... آج کے دن خیبر کا انتقام لیا جا چکا ہے۔ محمدؐ کا دین دم دبا کر بھاگ گیا‘۔

صاحبو! ملکوں اور قوموں کے درمیان جنگیں تو ہوتی رہتی ہیں، پھر صلح بھی ہو جاتی ہے، تعلقات از سر نو نارمل ہو جاتے ہیں لیکن مسلمانوں کے خلاف یہودیوں اور عیسائیوں کا رویہ ہمیشہ انتقامی رہا۔ صلیبی جنگوں میں مسلمانوں سے انہوں نے جو شکستیں کھائی تھیں، ان کے زخم آج تک رسنے بند نہیں ہوئے۔

آج بھی بیسیوں سوسائٹیاں مسلمانوں کے خلاف پراپیگنڈا کرنے میں مصروف ہیں جن کے متعلق علامہ جلال العالم نے اپنی کتاب ’اسلام اور مسلمانوں کے خلاف یورپی سازشیں‘ میں کوائف جمع کیے ہیں۔ مصنف نے ان کوائف سے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یورپی اقوام اسلام دشمنی سے بھری بیٹھی ہیں۔

## دشمنی یا خوف

مجھے مصنف کے اس خیال سے اتفاق نہیں۔میری دانست میں انہیں مسلمانوں سے دشمنی نہیں بلکہ ان کے ذہنوں پر اسلام کا خوف طاری ہے ۔وہ سمجھتے ہیں کہ اسلام ایک ایسی تلوار ہے جوان کے سروں پر لٹک رہی ہے۔انہیں احساس ہے کہ اگر یورپی عوام کو اسلامی اصولوں کا پتہ چل گیا تو وہ عیسائیت اورصیہونیت سے منحرف ہو جائیں گے،اس لئے وہ اسلام کے متعلق ڈس انفرمیشن پھیلاتے رہتے ہیں۔

بہر حال ان کے بیانات سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اسلام کی عظمت کی معترف ہیں اور اسلام سے خوف زدہ ہیں،مثلاً لارنس براؤن اپنے بیان میں کہتے ہیں۔

'جو چیز حقیقی طور پر ہمارے لیے خطرہ ہے'وہ صرف اسلام ہے...... ہمارے وجود کے لیے' ہمارے تہذیب وثقافت کے لیے کیونکہ اسلام میں آگے بڑھنے، پھیلنے،عوام کے قلب اور ذہن کو مسخر کرنے اور اپنے اندر جذب کرنے کی بے پناہ صلاحیت پائی جاتی ہے۔'

فرانس کے ایک سابق وزیر خارجہ ہانوتو اپنے ایک بیان میں لوگوں کو خبردار کیا۔انہوں نے کہا:'روئے زمین پر کوئی ایسی جگہ نہیں جہاں اسلام نہ پہنچ چکا ہو اور اس نے لوگوں کے دلوں پر اثر نہ کیا ہو۔اسلام میں بڑی کشش ہے، جاذبیت ہے۔'

## جہاد بھرا جن

ایک اور مغربی دانشور البر مشادور نے کہا:'میرے ہم وطنو'میری بات غور سے سنو!مسلمان بیدار ہو چکا ہے۔وہ چلا چلا کر کہہ رہا ہے کہ میں موجود ہوں۔وہ ہرگز مرا نہیں۔'

اشیابومان نے کہا:'مسلمان اپنا وجود قائم رکھے ہوئے ہے۔وہ آگے بڑھ رہا ہے۔پھیلتا جارہا ہے۔ڈرو کہ اس میں جہاد کی قوت ہے۔'

فرانس کی وزارت خارجہ کے ایک افسر نے ۱۹۵۲ء میں بیان دیا: مسلمان سے خبردار رہو۔ وہ عالم نو کی بنیاد رکھ سکتا ہے۔ ایک شاندار مستقبل کی بنیاد رکھ سکتا ہے۔ ہم فرانسیسیوں نے الجزائر میں اپنی حکمرانی کے دوران پوری کوشش کی لیکن ہم مسلمان کا تشخص نہیں چھین سکے۔ مسلمان ایک جن ہے جسے ہم یورپ والوں نے فی الحال مقید کر رکھا ہے۔ اگر ہم اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوئے، اسے قابو میں نہ رکھ سکے تو وہ سارے یورپ پر مسلط ہو جائے گا۔

یورپ اور امریکہ کے چند ایک مشاہیر نے اپنے بیانات میں بات بالکل ہی کھول کر سامنے رکھ دی، مثلاً برطانیہ کے مشہور وزیر اعظم گلیڈسٹون نے ایک بیان میں کہا: 'جب تک قرآن مسلمانوں کے دلوں میں دماغوں پر حکمران رہے گا' اس وقت تک ہم اسلامی مشرق کو اپنے قبضے میں نہیں لا سکتے اور اگر بغرض محال لے بھی آئیں تو تادیر تسلط کو برقرار نہیں رکھ سکتے۔

'ہم فرانسیسی الجزائر پر اپنے غلبے کو برقرار نہیں رکھ سکتے جب تک الجزائری قرآن پڑھتے رہیں گے اور عربی بولتے رہیں گے، لہٰذا ہم پر لازم ہے کہ ہم ان کے دل ودماغ سے قرآن کو محو کر دیں۔'

صرف عیسائیت اور صیہونیت ہی اسلام سے خائف نہیں، کمیونزم کو بھی پورے طور پر احساس تھا کہ اسلام ان کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ ازبکستان سے اشتراکی پارٹی اپنا ایک روزنامہ 'کیزیل' شائع کیا کرتی تھی۔ اس روزنامے کے 22 مئی 1952ء کے شمارے پر ایڈیٹر نے جو اداریہ شائع کیا تھا، اس میں انہوں نے کی لاگ لپیٹ کے بغیر لکھا تھا، 'اسلام کو نیست و نابود کیے بغیر کمیونزم کے لیے ازبکستان میں ہی نہیں بلکہ عالم اسلام میں کہیں بھی جڑ پکڑنا ممکن نہیں۔'

## انقلابی مذہب

روس کے مشہور وزیر اعظم خروشیف نے ایک دفعہ الجزائر کے انقلابیوں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا: 'اسلام اپنی انقلابیت کی حفاظت کرتا رہے گا کیونکہ اسلام انقلابی عوام اور انقلابی اقوام کا دین ہے جسے یورپ کی جنگجویانہ صلیبی ذہنیت کے ہاتھوں اور مشکلات کا مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے۔'

اسرائیل کے ایک سابق وزیر اعظم گوریاں نے ایک بیان میں کہا: 'میں بڑی شدت سے اس بات کا خطرہ محسوس کر رہا ہوں...... اور ہم میں سے کون ہے جو یہ خطرہ محسوس نہیں کر رہا کہ ایسا نہ ہو کہ کل کلاں عالم عرب یا عالم اسلام میں ایک نیا محمدؐ پیدا ہو جائے۔'

اسلام قرآن اور محمدؐ آج بھی اہل مغرب کے دلوں میں چھایا ہوا ہے۔ یہ کوئی نئی بات نہیں۔ باطل ہمیشہ حق سے خائف رہا ہے۔

## ماؤ

ایک دن قدرت اللہ شہاب بڑے اچھے موڈ میں تھے۔ کہنے لگے ماؤ واقعی بڑا آدمی تھا۔

'آپ کو کیسے پتہ ہے؟' میں نے پوچھا۔

کہنے لگے ایک بار میں ان سے ملا تھا۔ ہوا یوں کہ میں چین کے دورے پر گیا تو وہاں میں نے انتظامیہ سے درخواست کی کہ اگر آسانی سے ممکن ہو تو مجھے ماؤ صاحب سے ملنے کی اجازت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان سے ملنے کا کوئی خاص مقصد ہے کیا؟ میں نے کہا نہیں' بالکل نہیں۔ ان سے ملنے کا کوئی خاص مقصد نہیں۔ میں انہیں بڑا آدمی سمجھتا ہوں اور ان کا احترام کرتا ہوں۔ میں انہیں ایک عام مداح کی حیثیت سے ملنا چاہتا ہوں۔ قدرت اللہ شہاب نے کہا انتظامیہ کے رویے سے صاف ظاہر تھا کہ وہ چاہتے تھے کہ بات ٹال دی جائے۔ بہر حال انہوں نے بڑی سوچ بچار کے

بعد مجھے ماؤ سے ملنے کی اجازت دے دی لیکن ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا کہ وہ نحیف ہو چکے ہیں اور لمبی ملاقات کے متحمل نہیں ہو سکتے ،لہذا آپ ملاقات کو طول نہ دیں ۔

قدرت اللہ نے کہا میرا خیال تھا کہ ماؤ کسی شاہی حویلی میں مقیم ہوں گے لیکن وہ مجھے ایک عام سی آبادی میں لے گئے ۔ایک عام سی گلی کے ایک عام سے کوارٹر میں وہ مقیم تھے ۔مجھ سے مل کر وہ بہت خوش ہوئے ۔انہوں نے پہلا سوال مجھ سے یہ کیا کہ کہنے لگے کیا یہ ملاقات کسی خاص مقصد کے لیے ہے؟ میں نے کہا نہیں جناب کوئی مقصد نہیں ۔میں تو آپ کا ایک مداح ہوں اور اظہار تعظیم کے لیے حاضر ہوا ہوں ۔یہ سن کر ان کی خوشی دو چند ہوگئی اور وہ کھل کر باتیں کرنے لگے ۔ان کی باتوں میں بچوں کی سی معصومیت تھی ۔

## کمیونزم اور خدا

باتوں کے دوران میں نے کہا اگر آپ برا نہ مانیں تو میں ایک سوال پوچھوں 'بالکل پوچھیئے 'انہوں نے کہا ۔میں نے عرض کی کہ آپ نے جو اپنی تحریک کو God-Less رکھا کیا اسکا کوئی خاص مقصد تھا؟ وہ مسکرا کر بولے یہ سوال ہماری مجلس میں اٹھایا گیا تھا ۔وہاں اختلاف رائے تھا ۔کوئی کسی خدا کے حق میں تھا ،کوئی کسی اور کے 'اس لئے فیصل ہوا کہ اس ایشو کا فیصلہ اگلی میٹنگ میں کیا جائے ۔ہر کوئی اپنا مشورہ لکھ کر لے آئے ۔

ماؤ نے کہا میں فلسفے کا طالب علم ہوں اور تمام مذاہب کا مطالعہ کر چکا ہوں اس لئے میری دانست میں کمیونزم کے پیچھے اسلام کے خدا کے سوا کوئی خدا قائم نہیں کیا جا سکتا تھا ،لہذا میں نے اس موضوع پر ایک مقالہ تیار کر لیا تا کہ اسے اگلی مجالس میں پیش کر دوں ۔

پتہ نہیں کیسے پروگرام کا انگریزوں کو علم ہو گیا ۔انہوں نے ہندوستان کے علمائے دین سے کمیونزم کے خلاف فتوے حاصل کئے ۔یہ فتوے بہت متشدد تھے ۔انہوں نے

ان فتوں کو شائع کر کے لاکھوں ہینڈ بل ہوائی جہاز کے ذریعے گرا دیے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جب ہماری مجلس کی نشست ہوئی تو ہر رکن کی میز پر ہینڈ بل پڑا تھا، لہذا میرا مقالہ پڑھنا آوٹ آف کوسچین ہو گیا۔

قدرت اللہ نے ماؤ سے پوچھا کیا میں آپ کے اس بیان کا حوالہ دے سکتا ہوں۔

ماؤ نے سر نفی میں ہلا دیا۔ کہنے لگے میری زندگی میں نہیں۔

ایک روز میں نے قدرت اللہ سے پوچھا کہ فرض کیجئے ماؤ کا مشورہ قبول کر لیا جاتا اور کمیونزم اسلام کے خدا کو سرکاری طور پر تسلیم کر لیتا تو نتیجہ کیا ہوتا؟

قدرت اللہ نے جواب دیا کہ کمیونزم کبھی اللہ کو قبول نہ کرتا۔ اگر کر لیتا تو ساتھ ہی اسلام کو قبول نہ کرتا۔ اگر کر لیتا تو ساتھ ہی اسلام کو قبول کرنا پڑتا اور اگر اسلام کو قبول کر لیتا تو اسکا اپنا تشخص ختم ہو جاتا۔

## الٹی ہو گئیں سب تدبیریں

یورپ اور امریکہ کے عیسائی اور صہونی پادریوں اور راہبوں نے اسلام کے خلاف نفرت اور حقارت بھرے جذبات پھیلانے کا ایک مربوط پروگرام بنایا۔ انہوں نے مصنفوں، مفکروں، دانش وروں، عالموں اور لیڈروں سے اسلام کے خلاف تحقیر آمیز بیانات دلوائے اور میڈیا کے ذریعے ان کی تشہیر کی۔ ان کا یہ پراجیکٹ بہت کامیاب رہا۔ لیکن اس دوران مغربی عوام نے بہت ترقی کر لی۔ اب انہیں یہ بات کھلنے لگی کہ بغیر کسی وجہ کے، بغیر کسی دلیل کے اسلام کے خلاف ایسے حقارت بھرے بیانات کو کیوں نشر کیا جا رہا ہے۔ ان کی توجہ اسلام کی طرف مبذول ہو گی اور ان کے دلوں میں اسلام کے متعلق جاننے کا جذبہ بیدار ہو گیا، یعنی اسلام کے خلاف منفی پراپگینڈا جذبات پیدا کرنے کا سبب بن گیا۔

عرصہ دراز تک مغربی اخبارات اور مصنف مسلمانوں کو محمڈن لکھتے رہے۔ مطلب یہ تھا کہ یہ مذہب محمدؐ نے تخلیق کیا ہے اور قرآن الہامی کتاب نہیں بلکہ محمدؐ نے تصنیف کی

ہے۔محمد کو Mohammd نہیں لکھا جاتا تھا بلکہ Mohammet لکھا جاتا تھا اور یہ ''t'' تحقیر کی علامت تھی۔

## تشخص بدل دو

پھر بقول نو مسلم فارنیرز کے Wiser Councils Prevailed صیہونی اور عیسائی اور عیسائی علما نے سوچا کہ اسلام کے خلاف پراپیگنڈا کرنا بے کار ہے بلکہ الٹے اثرات کا حامل ہے، اس لیے آسان کام یہ ہے کہ مسلمانوں کا رخ بدل دو۔

مسلمانوں کا رخ بدلنے کے دو طریقے ہیں: ایک یہ کہ مغربی تعلیم کو عام کر دو۔ مغربی تہذیب کو فیشن میں بدل دو۔ سٹیٹس سمبل بنا دو۔ مغربی خیالات کے زیر اثرات مسلمانوں کی توجہ مذہب سے ہٹ جائیگی۔ وہ مذہب کو ایک غیر ضروری چیز سمجھنے لگیں گے اور زندگی جانب انکا رویہ مادی اور سیکولر ہو جائے گا۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اسلام کی شکل مسخ کر دو۔ اسلام کو بھی عام مذہبوں کی طرح ریچوال میں بدل دو۔ مسلمانوں کی توجہ، علم، عقل اور تحقیق سے موڑ دو اور انہیں رسمی عبادات، پیر پرستی اور خانقاہی نظام کی طرف متوجہ کر دو۔ اس طرح وہ ضعیف الاعتقادی اور اوہام پرستی کی جانب چل نکلیں گے۔ تعویز گنڈے اور وظیفے وظائف کو اپنا لیں گے اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ ان پڑھ اجارہ داروں کی ایک ایسی جماعت قائم کر دو جو مسلمانوں کو فروعات میں پھنسائے رکھیں۔

اپنے ان منصوبوں میں مغربی اقوام کامیاب ہیں اور انہیں اپنی کامیابی کا پورا شعور ہے۔

فرانس کا بادشاہ لوئی ہشتم جب مسلمانوں کی قید سے آزاد ہوا تو اس نے یورپی عیسائیوں کے ارباب اختیار سے مل کر ایک لائحہ عمل بنایا جس کا مقصد اسلام کو ختم کرنا اور مسلمانوں کو یورپی تسلط میں لانا تھا۔

اس پالیسی ساز کا لائحہ عمل آج بھی پریس میں محفوظ ہے۔ اس کی شقیں مختصر طور پر

یہ ہیں۔

۱۔ مسلمانوں کے درمیان اختلاف وتفرقہ پیدا کرو۔

۲۔ تفرقہ پیدا ہو جائے تو اسے مزید گہرا کرو۔

۳۔ مسلمان ممالک میں نیک اور صالح حکمرانوں کے قیام کو ناممکن العمل بناؤ۔

۴۔ مسلمان ممالک میں Corruption کو ہوا دو۔ انتظامیہ میں رشوت اور اقربا نوازی کی رسم ڈالو۔

۵۔ عورتوں کے ذریعے اہلکاروں کے اخلاق داغ دار کرو۔

۶۔ مسلمانوں میں جذبہ جہاد کو کمزور کرو۔

۷۔ عرب ممالک میں پھوٹ ڈالنے کی پالیسی پر عمل کرو۔

بے شک یورپی ممالک اس تخریبی پروگرام میں بہت کامیاب ہیں۔

ان کی سب سے بڑی کامیابی تعلیم کے میدان میں ہے۔ انہوں نے ایک ایسا نظام تعلیم چلا رکھا ہے جس کے تحت مسلمان نوجوانوں میں سیکولر جذبات پرورش پا رہے ہیں۔ وہ مذہب کو تنگ دلی کا نظام سمجھنے لگے ہیں۔ اپنے مذہب اور کلچر پر شرمندگی محسوس کرتے ہیں مغرب کے میس کلچر نے ہمیں اپنی گرفت میں لے رکھا ہے ۔انگریزی زبان اور یورپی کلچر ہمارے لیے سٹیٹس سمبل بن چکے ہیں۔

## قومی زبان

۱۹۴۷ء میں جب برطانیہ ہندوستان سے گیا تھا تو لاہور میں صرف تین انگریزی سکول تھے اب تین ہزار سے زائد ہیں۔ اسلام آباد کے سکولوں میں بچے میٹریکولیشن کے لیے نہیں بلکہ اولیول اور اے لیول کیلئے تیاری کر رہے ہیں۔ ان کا نصاب آکسفورڈ اور کیمبرج میں تیار ہوتا ہے۔

ہمیں آزادی ملے 48 سال ہو چکے ہیں لیکن آج تک ہماری کوئی قومی زبان

نہیں ۔اس مسئلے کوایسا سیاسی رنگ دے دیا گیا ہے کہ لگتا ہے جیسےقومی زبان کا مسئلہ کبھی حل نہ ہوگا اور دفتروں میں انگریزی زبان کا راج رہے گا۔اسکا نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے بیورکریٹ انگریزی رنگ میں رنگے رہیں گے ۔وہ انگریزی کو سٹیٹس سمبل سمجھتے رہیں گے ۔اسلام آباد میں 20 گریڈ کا افسر 18 گریڈ کے افسر سے سوشل رابطہ نہیں رکھے گا۔سی ایس پی کا 17 گریڈ کا افسر نان سی ایس پی افسر سے ملنے میں کسر شان محسوس کرے گا۔سکولوں اور کالجوں میں گروپ بنے ہوئے ہیں ۔انگلش میڈیم والے اردو میڈیم کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔

حالات بہت تاریک ہیں۔مسلم ممالک پر گھٹا ٹوپ اندھیرا چھایا ہوا ہے ۔لیکن ٹھہریے!اس گھٹا ٹوپ اندھیرے میں ایک کرن چمکی ہے۔

بین الاقوامی مسلمان علماء اور دانش وروں کی آوازیں سنائی دے رہی ہیں۔وہ مسلمانان عالم سے پوچھ رہے ہیں کہ بھائیو کیا ہم مسلمان ہیں؟

بیداری کی کرن طلوع ہورہی ہے۔

صاحبو!مغرب کی اسلام دشمن تحریکوں کے بارلیغ میں جان کر اس غلط فہمی کا شکار نہ ہو جائے گا کہ مغرب کے عوام ،اسلام کے خلاف تعصب سے بھرے ہوئے ہیں ۔اہل مغرب کے خلاف ہم عیب جوئی کرتے رہتے ہیں،لیکن سچی بات یہ ہے کہ ہمیں تسلیم کرنا پڑے گا کہ مغرب کے عوام منافق نہیں ہیں اور وہ ذہنی طور پر بد دیانت نہیں ہیں۔

## حکومتیں،عوام

## تعصب بھری فضا

باقی مغربی ممالک کی حکومتوں اور عوام کی بھی کم وبیش یہی کیفیت ہے ۔اگر مغرب کے عوام،اسلام کے متعلق اچھی رائے نہیں رکھتے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اسلام دشمن طاقتوں نے ،صدیوں کے جلی اور خفی پراپیگنڈے سے اسلام کے خلاف ایک

تعصب بھری فضا پیدا کر رکھی ہے۔ جس طرح اونچی ذات کے ہندوؤں نے ہریجنوں کے خلاف نفرت اور حقارت کی فضا پیدا کر رکھی ہے۔

اہل مغرب اسلام سے واقف نہیں ہیں۔ یا تو وہ پادریوں اور یہودیوں سے کروسیڈز کے سنے سنائے قصوں سے متاثر ہیں یا ان لوگوں کے رویوں کو دیکھ کر اندازے لگاتے ہیں جو خود کو مسلمان کہتے ہیں۔

ہمارے ہاں بھی مذہبی اجارہ داروں نے اہل مغرب کے خلاف تعصب کی ایک فضا پیدا کر رکھی ہے کہ وہ مذہب کے دشمن ہیں، سکیولر ہیں، جنسی اخلاق سے بے بہرہ ہیں، جنسی عیاشی کے دلدادہ ہیں، برہنگی اور ہم جنسی کی روا رکھتے ہیں۔

کہتے ہیں تصویروں کی ایک نمائش ہو رہی تھی۔ گیلری میں بہت سے لوگ تصویریں دیکھ رہے تھے۔ ایک تصویر کے سامنے برنارڈ شا کھڑے تھے۔ ان کے ساتھ ایک معمر خاتون کھڑی تھی۔ خاتون نے غور سے تصویر کی جانب دیکھا۔ پھر بولی: اس تصویر میں مجھے عریانی کی جھلک نظر آ رہی ہے' کیوں مسٹر شا آپ کا کیا خیال ہے؟''

شا نے جواب دیا: 'محترمہ! تصویر کے بارے میں تو میں کچھ نہیں کہہ سکتا' البتہ آپ کی نگاہ میں Obscenity کی جھلک ضرور ہے'

صاحبو! سچی بات یہ ہے کہ ہم سب حق کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔ اہل مغرب بھی سیدھا راستہ تلاش کرنے میں مصروف ہیں، ایسا راستہ جو انسان کی فلاح و بہبود کی جانب لے چلے۔ جو متلاشی راست ڈھونڈے گا وہ غلط راستے پر بھی نکل سکتا ہے، جان بوجھ کر نہیں سہوا۔ اہل مغرب آج مذہب سے اس لیے بیزار ہیں کہ مذہب کے نام پر آج تک بلکہ آج بھی بڑے ظلم ڈھائے گئے ہیں۔ اس وجہ سے اہل مغرب سکیولر ہو گئے، لیکن اہل مغرب ایک بہت بڑی حقیقت کو نظر انداز کر گئے اور آج بھی نظر انداز کیے بیٹھے ہیں!

## اللہ

صاحبو! مذہب کو ماننے یا نہ ماننے سے کوئی فرق نہیں پڑتا لیکن اللہ کو نہ ماننے سے بہت فرق پڑ جاتا ہے۔

اگر آپ اللہ یعنی اس عظیم کائنات کے تخلیق کار کو نہ مائیں تو کائنات کی یہ معظم تخلیق ایک بے ربطہ پھیلاؤ بن جاتی ہیں۔ ایک بے معنی بے مقصد گورکھ دھندا ایک اندھا بہاو جس کی نہ کوئی سمت ہے نہ منزل جو اتفاقاً ظہور پذیر ہو گیا۔

مجھے حیرت ہوئی ہے کہ مغربی ممالک کے دانشور، سائنس دان حتی کہ عوام بھی، جو عقل کے دلدادہ ہیں اور شعور کو اہمیت دیتے ہیں، وہ اس کائنات کو ایک اتفاقیہ تخلیق کیسے مان سکتے ہیں؟ پھر یہ بھی ہے کہ اتفاقیہ تخلیق میں اتنا کڑا نظم و نسق تو نہیں ہو سکتا اور اگر یہاں نظم و نسق نہیں تو پھر تحقیق ایک لاحاصل عمل ہے۔ پھر وہ تحقیق میں کیوں مصروف ہیں؟ اس قدر مصروف کو خود کو بھلائے بیٹھے ہیں۔

ڈاکٹر شمشاد ہارون، جب امریکہ سے پیرا سائیکالوجی کی تعلیم مکمل کر کے پاکستان آئیں گے تو مجھ سے کہنے لگیں: مفتی! میں نماز پر ایک کتابچہ لکھنا چاہتی ہوں۔

## نماز

میں نے کہا: 'بی بی! نماز تو بیسیوں کتابیں لکھی ہوئی ہیں' اردو بازار بھرے پڑے ہیں۔ تو نماز پر کیا لکھے گی؟'

کہنے لگی: 'وہ سب کتابچے جن سے اردو بازار بھرے پڑے ہیں' ان میں نماز لکھی ہوئی ہے کہ کون کون سی آیت پڑھو۔ رکوع میں کیا پڑھو، سجود میں کیا پڑھو، ان میں تو نماز پڑھنے کے طریقے لکھے گئے ہیں' نماز پر تو آج تک کبھی کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔'

میں نے کہاں: 'بی بی! نماز تو اللہ کا حکم ہے۔ پڑھو' فرض ادا کرو اور جان چھڑاؤ۔ تم نماز پر کیا لکھو گی؟'

کہنے لگی: 'کبھی کسی نے حفظان جسمانی صحت کے نقطہ نظر کے حوالے سے نماز پر

کچھ نہیں لکھا۔ ذہنی صحت کے حوالے سے کچھ نہیں لکھا۔ ٹرانکولائزر کے حوالے سے کچھ نہیں لکھا، ہمارے راہبر لکھتے ہیں نماز پر نہیں لکھتے اور اگر لکھیں بھی تو جزا سزا کی ڈگڈگی بجاتے ہیں، خوف کا بندر نچاتے ہیں، لوگوں کو سکون پہنچانے کے بجائے اضطراب پھیلاتے ہیں۔ مفتی جی نماز تو بہت بڑی Tranquiliser ہے۔

## محروم

میں نے ڈاکٹر سے پوچھا: 'ڈاکٹر یہ بتاؤ کہ تو جو اتنے سال امریکہ رہی ہے وہاں بھرپور زندگی گزاری ہے۔'

اونہوں'۔اس نے میری بات کاٹ کر کہا۔'امریکہ میں سب کچھ میسر ہے' سب کچھ' لیکن بھرپور زندگی نہیں ہے۔ وہ لوگ بھرپور زندگی سے محروم ہیں۔'

ارے' میں نے کہا۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ انہیں سب کچھ حاصل ہو لیکن بھرپور زندگی سے محروم ہوں۔'

پتہ نہیں ایسا کیوں ہے لیکن ایسا ہے۔اس نے جواب دیا۔'ان کی زندگی میں صرف دو چیزیں ہیں...... کام کام کام اور پھر وہ کام اور تفریح کے چکر میں ایسے پھنسے ہوئے ہیں کہ انہیں کبھی فرصت نہیں ملی، انہیں مادیت نے چاروں طرف سے گھیر رکھا ہے۔اتنی فراغت نہیں ملتی کہ وہ سوچیں کہ یہ کام اور تفریح کا چکر کیا ہے' کیوں ہے' اس کا انجام کیا ہے' مقصد کیا ہے؟'

ڈاکٹر شمشاد سچ کہتی ہے۔

## مادیت کا گرداب

اہل مغرب نے اکنامکس کو اپنا خدا بنا لیا ہے۔ زن کی زندگی کے ہر پہلو میں اکنامکس حاوی ہے۔انہیں 'سٹینڈرڈ آف لونگ' کا بخار چڑھا ہوا ہے۔معیار زندگی اونچا کرو اور اونچا، اور اونچا اور سٹینڈرڈ آف لونگ کیا ہے؟ چیزیں، چیزیں چیزیں۔فرد کی حیثیت چیزوں سے ناپی جاتی ہے۔صرف فرد کی بات نہیں ملکوں اور قوموں کی

حیثیت اور اہمیت ''سٹنڈرڈ آف لونگ' سے ماپی جاتی ہے۔لمبے چوڑے شمارے مرتب کیے جاتے ہیں، پھر باقاعادگی سے شائع کیے جاتے ہیں کہ فلاں ملک کی کیا حیثیت ہے اس کے افراد کی پر کیپٹا انکم کیا ہے، ان کے پاس کتنے ریڈیو سیٹ کتنے ٹیلی ویژن سیٹ ہیں کتنی کاریں ہیں؟ جن ملکوں کے افراد کے پاس زیادہ چیزیں ہیں وہ 'ایڈوانسڈ' یا ترقی یافتہ سمجھے جاتے ہیں ں۔جن کے پاس کم چیزیں ہیں وہ بیک ورڈ سمجھے جاتے ہیں، یا ان کا دل رکھنے کے لیے ترقی پذیر کہا جاتا ہے۔بہرحال ترقی کا انسان یا افراد سے کوئی تعلق نہیں۔اس کی چیزوں سے تعلق ہے' اس کی آمدنی سے تعلق ہے' دولت سے تعلق ہے۔اہل مغرب کے نزدیک زندگی کا مقصد' اکنامک ڈویلپمنٹ' ہے، ہمدردی قربانی یا خدمت اور محبت نہیں۔اگر یہ انسانی اوصاف ان کی نگاہ میں کوئی اہمیت رکھتے ہیں تو صرف اکنامک ڈویلپمنٹ کے حوالے سے۔اگر وہ اکنامک ترقی میں مدد دیتے ہوں، تو ورنہ ذاتی طور پر انہیں کوئی اہمیت حاصل نہیں۔اس صورتحال کا نتیجہ کیا ہے؟

## بیداری کا لمحہ

کام اور تفریح کے چکر میں چلتے چلتے دفعتاً ایک دن فرد رک جاتا ہے سوچنے لگتا ہے، یہ میں کیا کر رہا ہوں؟ اس کا مقصد کیا ہے؟ انجام کیا ہے؟ کیا انسانی زندگی کا یہ مقصد ہے کہ مشقت کرو، کماؤ اور پھر اپنی پونجی تفریح گاہ کی نظر کر دو؟ اور یہ تفریح کیسی ہے؟ سکون دیتی ہے نہ اطمینان۔الٹا شدت کی گھمن گھیری چلا دیتی ہے۔کھاؤ پیو اور ننگی عورتوں کے جھرمٹ میں اپنی نسوں کو تن تنا کر شہوت کا گتار بجاؤ اور لذت کی گھمن گھیری کے بعد بے جان ہو کر گر پڑو۔سوچ کا یہ لمحہ، ہر فرد کی زندگی میں آتا ہے۔کوئی اسے ٹال دیتا ہے، کوئی ڈوب جاتا ہے۔

بہر حال اس لمحے کا نتیجہ یہ ہے کہ امریکہ کے آدھے ہسپتال مینٹل ہسپتال ہیں۔ریاست نیویارک کا 1/3 سے زائد بجٹ اپنے مینٹل ہسپتالوں کو چلانے پر خرچ

کیا جاتا ہے۔

پھر یہ حقیقت بھی قابل غور ہے کہ مغربی ممالک میں خودکشی اس قدر عام کیوں ہے؟

مشاہیر کا کہنا ہے کہ یہ سب اس ایک لمحے کا نتیجہ ہیں ایک امریکی فرد چونک کر رک جاتا ہے، یہ میں کیا کر رہا ہوں؟ یہ میں کس 'میری گوراؤنڈ' کے چکر میں پھنسا ہوا ہوں؟ اس مشقت اور تفریح کا مقصد کیا ہے؟ انجام کیا ہے؟

صاحبو! یہ ایک لمحہ بڑا ظالم لمحہ ہے جو مغرب میں ایک شخص کی زندگی میں آتا ہے اور طوفان کی طرح سب کچھ بہا کر لے جاتا ہے۔

## کام اور عیاشی کا میری گوراؤنڈ

لیجئے ایک نومسلم سے اس لمحے کی کہانی سنئے۔ کہتے ہیں یونیورسٹی سے نکل کر میں عملی زندگی میں آیا۔ نیویارک، ہائی وڈ کیلی فورنیا، شکاگو جہاں بھی گیا، وہاں کے شب و روز میں غرق ہو گیا۔

یہ زندگی سراپا عیش و عشرت کی زندگی تھی۔ کوئی مادی آسائش ایسی نہ تھی جو میسر نہ ہو۔ میری زندگی ایک خوش کن خواب کی مانند تھی، پھر دفعتاً ایک روز میری آنکھ کھل گئی۔ یہ کیا ہو رہا ہے؟ مجھے دنیا کی ہر متاع حاصل ہے اس کے باوجود میری زندگی کھوکھلی ہے۔ اس روز میرا جی چاہا کہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر کہیں بھاگ جاؤں لیکن کہاں؟ اس کا میرے پاس جواب نہ تھا۔ اس بے چارگی کا شدید ردعمل ہوا اور میں شہوانی لذات میں پھر سے ڈوب گیا اور ایسی پستیوں پر جا پہنچا، جہاں خواہشات نفسانی کا الاؤ بھڑ بھڑ جل رہا ہے۔ اب میرے سامنے صرف دو راستے تھے یا اسی جہنم زار میں جل جل کر راکھ ہو جاؤں یا کوئی اور راستہ تلاش کروں۔

ایک روز دفعتاً میں چونکا۔ ایسے لگا جیسے کسی نے کان میں کہہ دیا ہو کہ جس راستے کی تمہیں تلاش ہے، وہ صرف مذہب ہی دکھا سکتا ہے۔ صاحبو! اس مادی دنیا کے

گرداب سے بچنے کے لیے جس میں آج اہل مغرب ڈوب جھلکے کھا رہے ہیں‘ صرف ایک ہی صورت ہے اور وہ بہت ہی آسان اور سادہ صورت ہے۔ خود پر ایک خدا مسلط کر لو۔ بس اتنی سی بات ہے اور اتنی سی بات سے عظیم فرق پڑ جاتا ہے۔

یہ کائنات بے معنی پھیلاؤ نہیں رہتی، ایک با مقصد تخلیق بن جاتی ہے۔ زندگی محنت اور عیاشی کا ’میری گوراؤنڈ‘ نہیں رہتی بلکہ با مقصد ہو جاتی ہے۔ چیزیں اپنی اہمیت کھو دیتی ہیں‘ انسان ابھرتا ہے۔ انسانی قدریں اہمیت حاصل کر لیتی ہیں۔ انسانوں سے ایک بھائی چارے کا تعلق پیدا ہو جاتا ہے۔ آپ چاہے خدا کو جانیں یا نہ جانیں، سمجھیں یا نہ سمجھیں لیکن اسے مانے بغیر چارہ نہیں۔ اگر آپ اسے نہیں مانیں گے تو مادیت کا ایک جہنم، آپ کو چاروں طرف سے گھیر لے گا۔

## ہائیں یہ کیسا مذہب ہے؟

اس ضمن میں فرانس کے پروفیسر جاء گارودی کا اعتراف بھی ملاحظہ ہو۔

آپ تقریباً بارہ سال فرانسیسی کمیونسٹ پارٹی کے چیئرمین رہے۔ آپ لکھتے ہیں کہ میرا دور یورپ میں فکری انارکی اور عملی انتشار کا دور تھا۔ ذاتی طور پر میرا یہ عالم تھا کہ ان گنت لوگوں کی طرح مجھے ساری آسائشیں، عیش اور مسرتیں حاصل تھیں۔ اس کے باوجود میں ذہنی سکون اور اطمینان سے محروم تھا۔ لگتا تھا جیسے کسی خلا میں بھی رہا ہوں۔ جب کبھی اکیلا ہوتا تو سوچتا کہ سب کچھ ہوتے ہوئے میں پرسکون کیوں نہیں ہوں؟ کیوں مضطرب ہوں؟ کس بات پر غمگین ہوں؟ میرے والدین دہریے تھے اور میں کمیونسٹ تھا۔ میری زندگی میں سبھی کچھ موجود تھا لیکن خدا نہیں تھا۔

سوچ سوچ کر میں نے محسوس کیا کہ میری یہ کیفیت صرف اس لیے تھی کہ میں خدا کے تصور سے محروم تھا۔ میں نے جانا کہ یہ کائنات خود بخود نہیں بنی۔ انسان کے لیے خدا کا سہارا بنیادی ضرورت ہے‘ اس لیے میں عیسائیت پر ایمان لے آیا اور کیتھولک نوجوانوں کی تنظیم کا ممبر بن گیا۔

پھر ایک عجیب واقعہ ہوا۔ دوسری جلنگ عظیم میں، میں قید کرلیا گیا اور الجزائر کے جنگلی کیمپ میں منتقل کردیا گیا۔ کیمپ کمانڈر نے ایک روز حکم دیا کہ مجھے گولی مار دی جائے۔ اس مقصد کے لیے انہوں نے مجھے دو مسلمان فوجیوں کے حوالے کر دیا۔ ان دونوں فوجیوں نے کمانڈر کا حکم ماننے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے کہا ہمارا مذہب نہتے انسان پر گولی چلانے کی اجازت نہیں دیتا۔ کسی نے انہیں سمجھایا کہ احمقو! یہ کیا کر رہے ہو؟ اگر تمہارے کمانڈر کو پتہ چل گیا کہ تم نے اس کی حکم عدولی کی ہے تو وہ تمہارا کورٹ مارشل کر دے گا۔ انہوں نے جواب دیا: بے شک کورٹ مارشل کر دے لیکن ہم اپنے اللہ کے حکم کی نافرمانی نہیں کر سکتے۔ پروفیسر جاء گارودی کا کہنا ہے کہ ان سپاہیوں کی بات سن کر میں تو ششدر رہ گیا۔ یہ کون سا مذہب ہے؟ می نے سوچا، جو نہتے پر گولی چلانے کے خلاف ہے۔ کیا دنیا میں کوئی ایسا مذہب بھی ہے جو انسانیت کی اقدار پر عمل کرنا سکھاتا ہے جب مجھے پتہ چلا کہ یہ مذہب اسلام ہے تو میں نے دیوانہ وار اسلام کا مطالعہ شروع کر دیا اور نتیجہ یہ ہوا کہ میں نے اسلام قبول کر لیا۔

## اطمینان اور کھونٹی

صرف پروفیسر گارودی کی ہی بات نہیں۔ مغرب میں بے اطمینانی کی فضا عام ہے۔ لوگوں کو زندگی کی تمام سہولیتیں میسر ہیں، عیاشی کے تمام سامان حاصل ہیں اس کے باوجود ایک بے نام سا احساس محرومی ہے۔ دل کا اطمینان نہیں، سکون نہیں، صرفت نہیں، فراغت نہیں، ایک بے چینی، بے کلی، بے اطمینانی لگی ہے، حرکت کا ایک ریلا چل رہا ہے، پتہ نہیں ، اک دوڑ لگی ہوئی، بے مقصد دوڑ، بے منزل حرکت۔

پتہ نہیں ایسا کیوں ہے کہ اگر کوئی کھونٹی نہیں جس پر آپ خود کی ٹانگ سکیں تو سکون حاصل نہیں ہوتا، ایک بے نام، بے چینی لگی رہتی ہے۔

مغرب میں بہت سے لوگ مادی زندگی سے اکتا کر مذہب کی اہمیت کو محسوس

کرنے لگے ہیں اس لیے وہ مذہب کی طرف رجوع کررہے ہیں لیکن مغرب کے مروجہ مذہب، اتنے کھوکھلے اور بے ہنگم ہیں کہ وہ جدید انسان کے لیے قابل قبول نہیں۔

عیسائیت کو کوئی صاحب عقل تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں، آج کی دنیا میں جب ،سائنسی تحقیق اس بات کو تسلیم کرچکی ہے، کہ نر اور مادہ کے ملاپ کے بغیر بچہ جنم لے سکتا ہے۔

اہل یہود کے مذہبی مطالبات تو بالکل قابل قبول نہیں۔مغرب میں بہت سے لوگ، تمام مذاہب کا تقابلی مطالعہ کرنے کے خواہاں ہیں۔وہاں کی لائبریریوں میں اسلام کے سوا، تمام مذاہب کے بارے میں مکمل معلومات دستیاب ہیں۔پتہ نہیں کیسے یہودی راہبوں اور عیسائی پادریوں نے اسلام کے متعلق غلط فہمیوں کا ایسا جال بچھا دیا ہے کہ اہل مغرب اسلام کو مذہب سمجھتے ہی نہیں۔ان کا خیال ہے کہ مسلمان متعصب لٹیروں کا ایک ٹولہ ہے جسے اخلاق سے قطعی طور پر کوئی تعلق نہیں۔

اس بات پر لوگ اس حد تک یقین رکھتے ہیں کہ انہیں اسلام کے متعلق جاننے کی کبھی خواہش پیدا نہیں ہوئی۔

مغرب کے تمام لوگ جنہوں نے اسلام کا مطالعہ کیا ہے' اسلام کے ابتدائی اصولوں کو جان کر حیرت زدہ ہو گئے اور انہوں نے اسلام کو قبول کر لیا۔

## مغرب اور اسلام

یورپ اور امریکہ کے، تمام نومسلموں کا متفقہ خیال ہے کہ آج کے دور میں صرف اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہے جو ''ماڈرن مین'' کے لیے قابل قبول ہے۔باقی تمام مذاہب تو ہمات کا پلندہ ہیں' جنہیں دور جدید کا فرد قبول نہیں کر سکتا۔

اہل مغرب کے اسلام قبول کرنے میں صرف ایک رکاوٹ ہے، وہ یہ کہ انہیں اسلام کے بارے میں کچھ علم ہی نہیں۔وہ اس بات سے بے خبر ہیں کہ ایک ایسا مذہب

بھی ہے جو عقل کو اہمیت دیتا ہے، حصول علم کا بھی داعی ہے اور تحقیق کے کام کے عبادت کا درجہ دیتا ہے۔

یہ سراسر ہمارا قصور ہے کہ ہم نے تبلیغ اسلام میں کوتاہی کی ہے۔

ہمارے ہاں بیسیوں تبلیغی جماعتیں ہیں، لاکھوں مسجدیں ہزاروں دینی مکتب ہیں، جو تبلیغ دین کے داعی ہیں، لیکن ان کی تبلیغ کا انداز کچھ ایسا ہے، جو آج کے نوجوانوں میں مثبت اثر پیدا کرنے کے بجائے 'ری ایکشن' پیدا کرتا ہے۔

خالد لطیف گابا اپنے بیان میں کہتے ہیں کہ میرے اسلام قبول کرنے کی وجہ یہ تھی کہ اسلام دور حاضرہ کی ضروریات کے عین مطابق ہے۔اس عہد کی مشکلات کا حل کسی دوسرے مذہب کے پاس نہیں۔آج دنیا اخوت اور مساوات چاہتی ہے۔دنیا میں کوئی طاقت ایسی نہیں جو اسلام کیطرح اقوام کے اقتصادی اور اخلاقی مسائل کا تسلی بخش حل پیش کر سکے۔

امریکی نومسلم سلیمان مسفر کا کہنا ہے مجھے اللہ تعالی نے دین حق کی توفیق عطا فرمائی۔حقیقت یہ ہے کہ امریکہ کے باشندے کو، اسلام کی صحیح صورت دکھانے کی ضرورت ہے۔آج تک مغرب میں اسلام کو اس کی صحیح صورت میں نہیں دکھایا گیا۔آج لوگ عیسائیت اور یہودیت کے بے جان مذاہب سے اکتا کر ادھر ادھر دیکھ رہے ہیں، انہیں کوئی راستہ دکھائی نہیں دے رہا۔اب وقت آ گیا ہے کہ اسلام کی دعوت، حکمت، اور جرات سے دی جائے۔یہ امر یقینی ہے کہ مغرب کا مستقبل اسلام سے وابستہ ہے۔

## الٹی چرخی

صاحبو! اس کے برعکس ہمارے مبلغ عوام، اہل مغرب، کے خلاف تعصب پیدا کرنے میں مصروف ہیں۔وہ کچے مسلمانوں کو پکا مسلمان بنانے میں شدت سے مصروف ہیں۔وہ اسلام کو ایک بناتے جا رہے ہیں۔انہیں شعور نہیں کہ وہ جس ٹہنی پر

بیٹھے ہیں اسے ہی کاٹنے میں مصروف ہیں۔وہ مغرب اور اسلام کے درمیان فاصلے پیدا کر رہے ہیں حالانکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ اہل مغرب اور اسلام کے درمیا یہود نے جو دیوار کھڑی کر رکھی ہے، اسے ڈھا دیا جائے۔

جرمنی کے ڈرک والٹر موسک لکھتے ہیں کہ میں نے ہر مذہب کا بغور مطالعہ کیا ہے ،لیکن اسلام کے سامنے دوسرے مذاہب کی حیثیت وہی ہے، جو سورج کے سامنے ماچس کی تیلی کی ہوتی ہے۔میں پورے یقین سے کہتا ہوں کہ جو شخص بھی قرآن کو سمجھ کر پڑھے گا وہ ان اشاءاللہ اسلام قبول کرے گا۔

انگلستان کے ایک نو مسلم، محمد الہدی کا بیان ہے کہ جہاں تک میرا اندازہ ہے ،یورپ میں اشاعت اسلام کے حیرت انگیز امکانات ہیں۔میرے تاثرات یہ ہیں کہ یورپ میں اسلام کا فروغ اعلیٰ تعلیم یافتہ طبقے کی وساطت سے ہوگا۔

اس کے برعکس ہمارے ہاں اسلام کی اجارہ داری ان پڑھ لوگوں نے سنبھال رکھی ہے۔یہ لوگ اپنی تقویت کے لیے دھڑا دھڑ دینی مدارت قائم کر رہے ہیں۔جہاں یتیم، لاوارث بچوں کو قرآن منہ زبانی رٹا دیا جاتا ہے تاکہ وہ محفلوں میں قرآن خوانی کریں۔ان بچوں کو نہ تو قرآن کے مفہوم سے شناسا کیا جاتا ہے، نہ ہی انہیں دوسرے علوم کی تعلیم دی جاتی ہے۔دراصل ان مکتبوں کے ذریعے وہ اپنی اکثیت قائم کر رہے ہیں۔

باب ۱۳

# انوکھا شہنشاہ

مجھے ایک قاری کا خط موصول ہوا ہے۔ لکھتے ہیں آپ نے تلاش میں کبھی سائنس اور مذہب کے تضاد پر روشنی نہیں ڈالی۔

سائنس علم نہیں۔

دراصل سائنس کے متعلق ہم نے ایک غلط فہمی پال رکھی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ سائنس ایک علم ہے۔ یہ ہماری بھول ہے۔ سائنس علم نہیں بلکہ کسی حقیقت کو جاننے یا سمجھنے کا ایک طریقہ کار ہے۔ ایسے ہی علوم کے متعلق بھی ہم نے خوش فہمیاں پال رکھی ہیں۔

دراصل اللہ تعالیٰ نے کائنات میں ہمارے چاروں طرف اپنی حکمتیں بکھیر رکھی ہیں۔ ان کو سمجھنے کے لیے اپنی آسانی کی خاطر ہم نے ان کی درجہ بندی کوی ہے، مثلاً پودوں کی متعلق حکمتیں، مچھلیوں کے متعلق حکمتیں، موسموں کے متعلق حکمتیں، فرض کیجئے ہم پودوں کے متعلق حکمتوں کو سائنسی طریق کار سمجھ کر اکٹھا کر لیتے ہیں تو یہ پودوں کے متعلق علم ہو گیا جسے ہم باٹنی کہتے ہیں۔ عام زبان میں ہم باٹنی کو سائنس کہتے ہیں۔ یہ غلط ہے۔ باٹنی سائنس نہیں بلکہ پودوں کے بارے میں علم ہے جسے سائنسی طریق کار سے حاصل کیا گیا ہے۔

فرض کیجئے آپ حلوہ پکانا چاہتے ہیں۔ پہلے آپ نے سوجی کو گھی میں بھون لیا پھر اس میں شکر کا شیرا ڈال دیا۔ لیجئے حلوہ تیار ہو گیا۔ حلوہ اور چیز ہے لیکن جس طریقے سے وہ بنایا گیا ہے، وہ اور چیز ہے۔ ایسے ہی فزکس طبعیات کا علم ہے، سائنس نہیں۔ تو ظاہر ہے کہ سائنس کوئی علم ہے نہ اس کی کوئی منزل ہے۔ وہ ایک طریق کار ہے، جہاں

چاہو لگا لو۔

## پانچ حواس کے قیدی

صاحبو! ہمارے احساسات محدود ہیں جن کی مدد سے ہم اپنے گردوپیش کو سمجھتے ہیں مثلاً ہماری سماعت محدود ہے۔ ہم چھوٹی آوازیں نہیں سن سکتے اور نہ ہی بڑی آوازیں بن سکتے ہیں۔ یہی کیفیت ہماری آنکھ کی ہے۔ ہم کچھ چیزیں دیکھ سکتے ہیں، کچھ چیزیں نہیں دیکھ سکتے مثلاً قرآن میں اللہ نے کہا لوگو! ہم نے تمام ذی حیات مخلوقات کو پانی سے پیدا کیا۔

لوگوں نے کہا یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ پانی تو پینے کی چیز ہے۔ اس سیال سے مخلوقات کیسے بنائی جاسکتی ہیں، پھر صدیوں کے بعد کسی شخص نے خردبین بنائی جس کی مدد سے ہمیں یوہ چھوٹی چیزیں نظر آسکتی ہیں جنہیں ہماری آنکھ نہیں یدیکھ سکتی۔ پھر جو کی نے خردبین کی مدد سے پانی میں جھانکا تو دیکھا پانی تو جیتے جاگتے کیڑوں سے بھرا ہوا ہے

## ہومیو پیتھی

ظاہر ہے کہ سائنس کا طریقہ کار ہر بات پر حاوی نہیں مثلا ہومیو پیتھی کو لیجئے یہ ایک درویش صفت آدمی کو، جس کا نام ہالیمن تھا، بیٹھے بٹھائے سوجھی۔

یہ بھی عجیب بات ہے کہ علم جب بھی آتا ہے انٹیوشن کے ذریعے آتا ہے، مثلاً کسی فرد کے ذہن مس ی ایک حقیقت چمکارہ مارتی ہے، پھر اس فرد کی توجہ اس حقیقت کی طرف مبذول ہو جاتی ہے۔ وہ سوچ بچار کرتا ہے فکر کرتا ہے، تحقیق کرتا ہے حتیٰ کہ وہ حقیقت واضح طور پر سمجھ میں آجاتی ہے۔

ایسے ہی ہالیمن کے ذہن میں ایک حقیقت کرن کی طرح پھوٹی۔ وہ حقیقت تھی کہ دوا خالص ہو تو وہ کم پر اثر ہوتی ہے۔ اگر اس میں پانی ملا دیا جائے یعنی اسے Dilute کر دیا جائے تو اس کا اثر بڑھ جاتا ہے۔ ہالیمن نے اس حقیقت پر غور کرنا شروع کر دیا۔ تجربات کیے، پھر اس نے مریضوں کو خالص دوائیوں کے بجائے

Diluted دوائیاں دینا شروع کر دیں اس کے بہت عمدہ نتائج بر آمد ہوئے۔

مروجہ طریقہ علاج لوگوں کو یہ بات مضحکہ خیز لگی، لہذا انہوں نے سائنس دانوں سے کہا کہ اپنی لیب میں اس بات کو جانچو کہ کیا واقعی Diluted دوا زیادہ پر اثر ہوتی ہے۔

لیب کے سائنس دانوں کو ڈائیلوٹ کر دی گئی تھی کہ سائنسی آلات دوا کی موجودگی کو جانچ نہ سکیں، لہذا انہوں نے اعلان کر دیا کہ اس Sample میں خالص پانی ہے۔ دوا کا کوئی عنصر موجود نہیں۔

## مضحکہ خیز

سائنسی طریقہ کار ایک لحاظ سے بڑا مضحکہ خیز ہے۔ وہ نتائج کو نہیں دیکھتا مثلاً ہالیمن نے وہی دوا ایک مریضوں کو دی اور وہ شفایاب ہو گئے۔ سائنسی طریق کار یہ نہیں دیکھتا کہ دوا کے نتائج کیا ہیں؟ اس میں شفا بخشنے کی طاقت ہے یا نہیں؟ وہ صرف یہ دیکھتے ہیں کہ ہمارے طریق کار پر پورا اترتی ہے یا نہیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ مروجہ طریق علاج کے ڈاکٹروں نے اعلان کر دیا کہ ہومیوپیتھی سائنٹیفک طریقہ علاج نہیں۔

اس کے باوجود ہومیوپیتھک علاج چلتا رہا اور روز بروز مقبول ہوتا گیا، تاہم مروجہ طریقہ والے اسے غیر سائنسی طریق علاج گردانتے رہے۔

پھر ایک عجیب واقعہ ہوا۔ کسی دوا ساز کمپنی نے ایک دوا دو چار لیبارٹریز میں بھیجی تاکہ وہ انسانی جسم پر اس کے اثرات کا جائزہ لیں۔ اس کے اثر کو لیب والے روز ماپتے۔ نتیجہ تقریباً وہی رہتا۔ ایک روز لیب کی لڑکی نے جو اسے جانچا تو وہ حیران رہ گئی۔ اثر دگنے سے بھی زیادہ بڑھ گیا تھا۔ وہ گھبرا گئی۔ بار بار اس نے جانچا لیکن نتیجہ دگنا ہی رہا۔ اس نے اپنے ساتھیوں سے بات کی۔ وہ سب اس بات پر حیران ہوئے۔ انہوں نے شاید وہ دوا میں کسی ملاوٹ کر دی ہو۔ دوا کی مقدار کو دیکھا تو وہ واقعی بڑھی ہوئی تھی۔ تحقیق کے بعد پتہ چلا کہ کسی نے دوا میں پانی ڈال دیا ہے۔ اس پر ایک اور

مسئلہ سامنے آ گیا۔کیا پانی ملانے سے دوا کی طاقت بڑھ جاتی ہے؟

انہوں نے دوا میں اور پانی ملایا پھر ٹسٹ کیا تو پتہ چلا کہ واقعی دوا میں پانی ملایا جائے تو اس کی طاقت کم ہونے کے بجائے بڑھ جاتی ہے۔

انہوں نے اس تجربے کو بار بار آزمایا اور جب اس کی حقیقت پر یقین آ گیا تو انہوں نے ایک سائنسی جریدے میں اسے تفصیل سے شائع کر دیا۔

یہ دیکھ کر مروجہ طریقہ علاج والے تاجر گھبرا گئے کہ اگر ہومیو پیتھک طریقہ علاج کو سائنٹفک مان لیا گیا تو ان کے لیے باعث نقصان ہوگا۔

## مفاد پرستوں کی باندی

بہر صورت ایک حقیقت ظاہر ہے کہ سائنسی طریق کار نہ تو یقینی ہے اور نہ مکمل سائنس تو اللہ تعالیٰ کی حکمتیں سمجھنے کے لیے ہم نے ایک باندی مقرر کر رکھی ہے۔یہ تو مغربی تہذیب کا چمتکار ہے کہ انہوں نے سائنس کو اس قدر اہمیت دے رکھی ہے ورنہ آج کل تو سائنس کی وہ حیثیت نہیں رہی جو کبھی پہلے ہوا کرتی تھی۔پہلے وہ کائنات کے راز یعنی اللہ کی حکمتوں پر تحقیق کیا کرتی تھی۔تعمیری چیزوں کا کھوج لگایا کرتی تھی۔آج کل تو وہ حکومتوں،تاجروں اور دیگر مفاد پرستوں کے لیے چھوٹے چھوٹے تخریبی کام کرنے پر مجبور کر دی گئی ہے۔سائنس دان اب اپنی مرضی کے مطابق کام نہیں کرتے۔یا تو حکومتیں انہیں خرید لیتی ہیں یا اگر وہ بکنے سے انکار کر دیں تو انہیں زبردستی یرغمال بنا لیا جاتا ہے۔حکومت کے علاوہ تاجر لوگ اپنے جائز نا جائز مفادات حاصل کرنے کے لیے سائنس دانوں کو استعمال کرتے ہیں۔

مغربی تہذیب نے اکنامکس کو زندگی کا معیار اور مقصد قائم کر کے مفاد پرستی کو ہوا دی ہے۔مثال کے طور پر جب نئی نئی ای ایس پی رائج ہوئی تو انسانی ذہن کی ایک نئی طاقت ٹیلی پیتھی ظہور میں آئی کہ انسان اپنا خیال دوسرے انسان کے ذہن میں منتقل کر سکتا ہے۔اس پر بہت سے تجربات کیے گئے مثلاً دو دوستوں کو دور دور بٹھا دیا

گیا۔دونوں کے سامنے تاش کی گڈیاں رکھ دی گئیں۔ایک نے حکم کی بیگم کو اٹھایا اور پھر شعوری طور پر کوشش کی کہ ازس کا دوست جو کئی ایک میل دور بیٹھا تھا اور اس کی طرف متوجہ تھا وہ بھی حکم کی بیگم اٹھالے۔مطلب تھا کہ ایک فرد کا خیال دوسرے فرد کے ذہن منتقل کرنا۔اس طاقت کو مختلف تعمیری صورتوں میں ترقی دی جا سکتی تھی،لیکن مفاد پرستی کی اس فضا میں جو مغرب نے قائم کر رکھی ہے،علم یا اخلاق یا روحانیت کا کوئی مقام ہی نہیں،لہذا ٹیلی پیتھی کی طرف توجہ نہ دی گئی۔

## ''وار مانگرز'' کا ہتھیار

آخر روس کو سوجھی۔اس نے سوچا کہ ٹیلی پیتھی کو فوجی کام میں لایا جا سکتا ہے۔جب باہمی رابطہ ٹوٹ جائے اور دو یونٹوں کے درمیان کمیونی کیشن کی کوئی صورت نہ رہے تو ٹیلی پیتھی کو استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔

یہ بھی سننے میں آیا کہ روس میں میٹا نفسیات اور روحانی علوم پر ریسرچ ہو رہی ہے لیکن مقصد علم حاصل کرنا نہیں بلکہ ان قوتوں کو فوجی طاقت کے طور پر استعمال کرنا ہے۔

تو ظاہر ہے کہ مغربی نظام کے تحت سائنسی ترقی انسانی فلاح پیدا نہیں کرتی بلکہ ذہنوں میں انتشار محرومی اور پریشانی پیدا کرتی ہے۔تو مسلموں کے بیانات سے پتہ چلتا ہے کہ مغرب میں ذہنی انتشار بڑھتا جا رہا ہے۔

## مذہب کا سہارا

مغربی ممالک کے لوگ کام اور تفریح کے چکر سے بے زار ہو چکے ہیں۔وہ مذہب کے سہارے کی ضرورت محسوس کر رہے ہیں۔مذہب کے بغیر زندگی ایک بے مقصد شوراشوری ہے،ایک آوارگی!

مغرب میں جتنے مذہب بھی رائج میں وہ طوطا مینا قسم کی کہانیوں سے بھرے ہوئے ہیں۔

پرانے زمانے میں جب عقل و دانش نے اتنی ترقی نہ کی تھی، لوگ ان طوطا مینا کہانیوں کو تسلیم کر لیتے تھے۔اب صورت حالات مختلف ہے۔آج کے ماڈرن آدمی کے لیے عیسائیت یا یہودیت کے قصے کہانیاں قابل قبول نہیں،وہ عقل کی نفی کرتے ہیں۔اس کے علاوہ پادریوں اور راہبوں کو جو ارفع حیثیت دی گئی ہے،وہ جمہوریت کے اصول کے منافی ہے لہذا مغربی انسان ان دونوں مروجہ مذاہب کو قبول نہیں کرتے اس لیے کام،عیاشی اور مفاد پرستی کے چکر سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ملتا۔

کوئی کوئی ایسا خوش قسمت آدمی ہوتا ہے جو اتفاقاً اسلام کے بارے میں معلومات حاصل کر لیتا ہے،لیکن اسے ان معلومات پر یقین نہیں آتا بہر حال انجانے میں تحقیق کا عمل شروع ہو جاتا ہے اور جب اسے حقیقت حال کا پتہ چل جاتا ہے تو وہ حیرت زدہ رہ جاتا ہے۔

محمدؐ

مثلاً ایک مغربی نومسلم کا بیان ہے کہ اگر چہ میں اس بے مقصد زندگی سے مطمئن نہ تھا لیکن اس سے بچاؤ کی کوئی صورت نہ تھی،اس لیے عام لوگوں کی طرح زندگی گزار رہا تھا۔اپنی دفتری ڈیوٹی کے تحت میں بڑے آدمیوں کی زندگی کے حالات پڑھ رہا تھا۔ابھی محمدؐ کا باب شروع ہوا تھا کہ میں ایک جملہ پڑھ کر چونکا۔لکھا تھا:اے نبیؐ!ان سے کہہ دو کہ میں تو بس تمہارے جیسا ہی ایک انسان ہوں۔

یہ جملہ پڑھ کر میں چونکا!ارے!خدا یہ کیا کہہ رہا ہے!کیا یہ مسلمانوں کو خدا کہہ رہا ہے!اور کیا خدا محمدؐ سے کہہ رہا ہے جس کو اس نے سب انسانوں سے زیادہ عزت کا مقام دیا ہے۔

یہ فقرہ میرے دل میں سوئی کی طرح چبھ گیا۔

یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ خدا جس شخص کو تمام انسانوں کا سردار بنائے،اس سے کہے کہ تم لوگوں سے کہہ دو کہ میں بھی تمہارے جیسا ایک انسان ہوں۔دوسرے مذہبوں

میں تو جو شخص خدا کی طرف سے بھیجا جاتا ہے وہ یا تو دیوتا بن جاتا ہے، یا اور پادری کہلاتے ہیں، ان کا مرتبہ بھی عام انسانوں سے زیادہ ہوتا ہے۔

تو صاحبو! یہ جملہ میرے حلق میں اٹک گیا۔ میرے دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ میں اس شخص کے متعلق مزید باتیں جانوں۔ میں نے محمدؐ کی زندگی پر لکھی ہوئی کئی ایک کتابیں ں پڑھ ڈالیں۔ جوں جوں میں پڑھتا گیا حیرت میں ڈوبتا گیا۔

## انوکھا شہنشاہ۔

میں کسی سپر نیچرل کا مظاہرہ نہیں کروں گا۔

میرے پاس آسمانوں کے خزانوں کی کنجیاں نہیں ہیں۔

میں غیب کی باتیں نہیں جانتا۔

میں انسان ہوں تم جیسا انسان۔

یہ جملے میرے لیے حیران کن جملے تھے۔

ایسے جملے میں نے کسی مذہبی مصلح کی زبان سے نہیں سنے تھے۔ میں نے سوچا یا خدا! یہ کیسا مذہب ہے جو عقل انسانی سے اس قدر ہم آہنگ ہے!

پھر میں نے محمدؐ کی بائیوگرافی غور سے پڑھی۔

وہ عرب کا مطلق العنان حکمران تھا۔

مسلمانوں کا سردار تھا۔

اور اپنے علاقے میں سب سے زیادہ محترم حیثیت کا مالک تھا۔

اس کے باوجود اس کے گھر میں کوئی نوکر نہ تھا۔

وہ اپنا کام خود اپنے ہاتھوں سے کرتا تھا۔

اپنے کپڑوں پر اپنے ہاتھ سے پیوند لگاتا تھا۔

مویشیوں کو اپنے ہاتھ سے چارہ ڈالتا تھا۔

اپنے ہاتھ سے دودھ دوہتا تھا۔

میری دانست میں دنیا بھر میں کوئی حکمران ایسانہیں ہوگا جواپنے کام اپنے ہاتھوں سے کرتا ہواور زندگی یوں گزارتا ہو جیسے کوئی عام آدمی گزارتا ہے۔

میں نے محسوس کیا جیسے اس کے کردار میں مساوات، جمہوریت اور رحمت یوں سموئی ہوئی ہ جیسے گلاب کے پھول میں خوشبو سموئی ہوتی ہے۔میں اس کے کردار سے اس قدر متاثر ہوا کہ میں نے اسلام کو جانے بغیر قرآن کا مطالعہ کیے بغیر اسلام قبول کر لیا۔میں نے محوسس کیا کہ ایسا انسان کبھی جھوٹ نہیں بول سکتا، کبھی خودفریبی میں مبتلا نہیں ہوسکتالہذا جس مذہب کا وہ پرچار کرتا ہے وہ مذہب لازماً سچا ہے۔

## حضورؐ کا کردار

حضورؐ کے کردار سے صرف مسلمان ہی نہیں بلکہ غیر مسلم بھی متاثر ہیں۔

حضورؐ ہمیشہ ہنس مکھ رہتے تھے،

کبھی غصہ کھاتے نہ قہقہہ لگاتے۔

باوقار انداز اپنائے رکھتے۔

کسی کے سلام کا انتظار کیے بغیر خود آگے بڑھ کر سلام کرتے۔

چھوٹوں کو بھی سلام میں پہل کرتے۔

نوکر چاکر اور ماتحتوں کے ساتھ نرمی مزاجی اور متحمل سے پیش آتے۔

ملاقاتی مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھاتے تو ان کا ہاتھ تھام کر ان سے گفتگو کرتے ۔خود ہاتھ پیچھے نہ ہٹاتے جب تک کہ ملاقاتی نہ ہٹاتا۔

کوئی شخص بھی حضورؐ کو پکارتا تو چاہے وہ کسی بھی حیثیت کا مالک ہوتا، بڑی ہمدردی سے اس کی طرف رجوع فرماتے۔

کوئی سخت کلامی کرتات ومسکرا کر خاموش ہو جاتے ۔صبر کرتے ۔آپ کی حیا مثالی تھی۔

سر سبز گفتگو میں جتنے نرم تھے، جہاد کے میدان میں اتنے ہی گرم تھے اور ثابت

قدم۔

اصولوں میں بے لچک رویہ اختیار کرتے۔

عدل وانصاف کے قائل تھے لیکن اگر گنجائش ہوتی تو رحمت کو افضل تر سمجھتے۔

فتح مکہ کے موقع پر فاتح کی حیثیت سے شہر میں داخل ہوئے قریش کے سردار لرز رہے تھے۔انہیں احساس تھا کہ انہوں نے کیا کیا ظلم ڈھائے تھے۔وہ خوف زدہ تھے لیکن حضورؐ نے فرمایا لوگو آج تم سے کوئی انتقام نہیں لیا جائے گا۔اللہ تمہیں معاف کرے۔

آپؐ تاریخ انسانی کے پہلے راہنما ہیں۔اولین قانون ساز ہیں جنہوں نے عورت کو مردانہ شاونزم سے نجات دلائی۔عورت کو مرد کے برابر مساویانہ حقوق دلائے۔

مغرب میں تو آج بھی عورت کو جائیداد میں حصے کا حق نہیں لیکن آپؐ نے چودہ سو سال پہلے عورت کو یہ حق دیا۔آپؐ کی تعلیمات میں عورتوں کے حقوق پر بڑا زور دیا گیا،یہاں تک کہ آپؐ کا فرمان ہے کہ ماں کے قدموں میں جنت ہے۔

## غیر مسلموں کے تاثرات

مغربی مصنفوں میں اسلام دشمن قوتوں کے پھیلائے ہوئے تعصّبات کے باوجود کچھ لکھنے والے ایسے بھی ہیں جنہوں نے ان تعصّبات سے اثر نہیں لیا مثلاً کارلائیل نے اپنی مشہور زمانہ تصنیف ''ہیر وا ینڈ ہیر وشپ'' میں حضورؐ کا تذکرہ کیا ہے۔ایک اقتباس ملاحظہ ہو۔لکھتے ہیں:

'منصب نبوت پر فائز ہونے سے قبل ہی اس سیاہ چشم ،روشن جبیں،فراخ حوصلہ ،کریم النفس، محفل پسند اور درد بھرے مخلص بادیہ نشیں کے خیالات جاہ طلبی سے کوسوں دور تھے۔

دوسرے لوگ سنی سنائی تو ہمانہ باتوں کو اپنا مسلک قرار دے کر اپنے دلوں کو

مطمئن کر لیتے تھے مگر محمدؐ کی تسکین اس انداز کی باتوں سے نہیں ہوتی تھی۔ وہ عرصہ کائنات میں واقعی اکیلے کھڑا تھا اور اس کا دماغ اس نوعیت کے ہزاروں خیالات سے بھرا رہتا تھا کہ میں کیا مانوں؟ کروں تو کیا کروں؟ ان سوالات کے ساتھ وہ کوہ حرا کی ہیبت ناک چٹانوں اور ریگستانوں کی درشت تنہائیوں میں سرگرداں رہا اور آخر کار اسے ان کا جواب مل گیا۔ خدا کی الہامی قوت نے اسے انسانوں کی رہنمائی کے لیے چن لیا۔'

## مریم جمیلہ

محترمہ مریم جمیلہ! ایک نو مسلم خاتون ہیں۔ اسلام قبول کرنے سے پہلے وہ یہودی خاندان سے تعلق رکھتی تھیں۔ اسلام قبول کرنے کے بعد وہ پاکستان آ گئیں۔ اور آج کل لاہور میں سنت نگر میں مقیم ہیں۔ انہوں نے ایک مسلمان شخص محمد یوسف خان سے شادی کر لی اور اسلامی انداز سے گھریلو عورت کی طرح رہتی سہتی ہیں۔

وہ دھڑا دھڑ اسلام پر کتابیں تصنیف کر رہی ہیں۔

اپنی ایک کتاب 'اسلام اینڈ ویسٹرن سوسائٹی' میں وہ لکھتی ہیں کہ پیغمبر اسلامؐ صرف خود ہی سادہ زندگی بسر نہیں کرتے تھے بلکہ ان کی گھر والیاں بھی ایسی ہی زندگی بسر کرتی تھیں۔ لکھتی ہیں :۔

'ایک روز حضرت علیؓ نے اپنے ایک شاگرد سے کہا آؤ میں تمہیں بی بی فاطمہ کی کہانی سناتا ہوں جو محمد الرسول اللہ کی چہیتی بیٹی ہیں۔

فاطمہؓ روز خود اناج پیستی ہیں' چکی چلاتی ہیں جس کی وجہ سے ان کے ہاتھوں میں چھالے نکل آتے ہیں۔ روز کنوئیں سے مشکیزے میں پانی بھر کر لاتی ہیں تاکہ گھر کی ضرورتیں پوری ہوں۔ مشکیزہ لٹکاتے کی وجہ سے ان کے جسم پر نشان پڑ جاتے تھے، پھر وہ روزانہ خود گھر کی صفائی کرتی ہیں۔

ایک دفعہ ایسا ہوا کہ مدینہ میں کچھ جنگی قیدی لائے گئے۔ میں نے فاطمہؓ سے کہا بی بی آپ اپنے والد سے جا کر درخواست کریں کہ جنگی قیدیوں سے ایک خاتون آپ کو دے دیں جو گھر کے کام میں آپ کا ہاتھ بٹایا کرے۔ میرے کہنے پر وہ حضور کی خدمت میں حاضر ہوئیں لیکن اس وقت ان کے گرد سائلوں اور حاجت مندوں کی بھیڑ لگی ہوئی تھی۔

فاطمہ طبیعت کی بڑی شرمیلی تھیں، اس لیے وہ حضورؐ سے بات نہ کر سکیں، بات کیے بغیر لوٹ آئیں۔

اگلے روز نبی کریم خود ہمارے گھر آئے۔ بولے فاطمہ تو جو کل میرے پاس آئی تھی، کیا بات تھی؟

فاطمہ نے آپ کے سوال کا جواب نہ دیا بلکہ شرما کر سر جھکا لیا۔ یہ دیکھ کر میں نے خود ان سے بات کی۔ میں نے کہا اے نبی کریم فاطمہ روز روٹی پکانے کے لیے چکی پیستی ہیں، جن کی وجہ سے ان ہاتھوں پر چھالے پڑ گئے ہیں اور روز کنویں سے بھر کر پانی کا مشکیزہ گھر لاتی ہیں جس کی وجہ سے ان کے جسم پر دانے نکل آئے ہیں۔ سارا دن وہ گھر کے کام میں جتی رہتی ہیں۔ میں نے ہی مشورہ دیا تھا کہ آپ کے پاس جائیں اور آپ سے درخواست کریں کہ جو جنگی قیدی آئے ہیں ان سے ایک خاتون انہیں دے دی جائے تا کہ گھر کے کاموں میں ان کا ہاتھ بٹا سکے۔

یہ سن کر نبی کریمؐ ایک ساعت کے لیے خاموش رہے، پھر فاطمہ سے بولے: فاطمہ! اللہ سے ڈرو، تقویٰ کو اپناؤ جب تم سونے لگو تو ۳۳ بار سبحان اللہ پڑھو، ۳۳ بار الحمدللہ پڑھو اور ۳۴ بار اللہ اکبر۔ نوکر کی نسبت تقویٰ تمہارا بہتر مددگار ثابت ہوگا۔''

صاحبو! وہ لوگ جو عقل کے گرویدہ ہیں اور عقل کی راہبری میں زندگی گزارتے ہیں، وہ بڑے خوش قسمت لوگ ہیں، بڑے مبارک لوگ ہیں۔ دعا کرو کہ اللہ کسی کو روحانی یا سپر نیچرل کے جھنجھٹ میں نہ ڈالے ورنہ عقل پر بھروسا نہیں رہتا اور سپر

نیچرل یا روحانیت کا سرا نہیں ملتا۔اس بدنصیب فرد پر یہ بات صادق آتی ہے۔

کہاں کے دیرو حرم گھر کا راستہ نہ ملا

## نیچرل،سپر نیچرل

ایک روز قدرت اللہ شہاب سے میں نے کہا:

'جناب جب سے روحانیت کا تجربہ ہوا ہے میر تو مت ماری گئی ہے۔جناب والا اس سے پہلے میں تو بڑا عقل مند آدمی تھا۔عقل پر بھروسا کرتا تھا۔حقائق پسند تھا اور زندگی سکون سے گزر رہی تھی۔'

شہاب صاحب بولے:

'یہ جو ہم نے نیچرل اور سپر نیچرل کے خانے بنا رکھے ہیں یہ سراسر ہماری بے سمجھی کی وجہ سے ہیں۔جس بات کو ہماری عقل سمجھ لیتی ہے اسے ہم نیچرل کا نام دے دیتے ہیں۔جس بات کا ہماری عقل احاطہ نہیں کرسکتی ہے ہم اسے سپر نیچرل سمجھتے ہیں۔سارا قصور ہماری عقل کا ہے ورنہ سپر نیچرل کا کوئی وجود نہیں۔سب نیچرل ہے۔ایک دن ایسا آنے والا ہے جب ہماری عقل پر بھید کھیل جائیں گے اور ہر بات نیچرل آئے گی۔

## ماننا اور جاننا

میں نے پوچھا:'آپ کا مطلب سپر نیچرل سے روحانی ہے؟'

وہ بولے:'روحانیت کوئی الگ چیز نہیں ہے۔دنیا اور روحانیت ایک ہی سکے کے دورخ ہیں۔ہم نے خواہ مخواہ انہیں الگ کر رکھا ہے۔'

پتہ نہیں کس دانشور نے کہا تھا کہ ایمان اندھا ہوتا ہے۔اس نے سچ کہا تھا۔میرا ایمان بھی اندھا ہے'میں قرآن حکیم کی ہر بات کو سچے دل سے مانتا ہوں اگر چہ قرآن حکیم کی بہت سی باتیں میری سمجھ میں نہیں آتی۔نور بابا کہا کرتے تھے صاحبو ماننے کے لیے جاننا ضروری نہیں۔

ایک تو جزا وسزا کا مسئلہ ہے جو میری سمجھ میں نہیں آتا۔ہم سمجھتے ہیں کہ انصاف اصولوں پر مبنی ہوتا ہے۔اٹل اصول جو بدلتے نہیں، جو ہر شخص پر یکساں لاگو ہوتے ہیں چاہے وہ شخص ارتقاء کی کسی سٹیج پر ہو۔یہ ہماری بھول ہے۔

پرانی بات ہے تب میں کالج میں پڑھا کرتا تھا۔ہمارے پروفیسر ایک بار ہمیں پاگل خانے لے گئے تاکہ ہم ذہنی مریضوں کی کیفیات کو دیکھیں، سمجھیں۔

سپرنٹینڈنٹ صاحب اور ان کا عملہ بڑے اخلاق سے ہمیں ملے۔انہوں نے ہمیں سمجھایا کہ عام طور پر ذہنی مریض تشدد پسند نہیں ہوتے۔وہ وزیٹرز سے بڑے اخلاق سے ملتے ہیں، اس لئے گھبرانے کی بات نہیں البتہ ایک بات کا خیال رہے کہ کوئی ایسی حرکت سرزد نہ ہو جس سے وہ خوف زدہ ہو جائیں۔وہ خوف زدہ ہو جائیں تو وہ Violent ہو جاتے ہیں۔

سپرنٹنڈنٹ کے عملے نے ہمیں چند ایک ضروری باتیں سمجھا دیں۔اس کے بعد ہم راؤنڈ پر چل نکلے۔

صحن میں ہمیں سب سے پہلے ایک صاحب ملے۔اس کے ہاتھ میں دودھ کی ادھ بھری بالٹی تھی۔

## گھنڈی

ہمیں دیکھ کر وہ رک گیا۔بالٹی زمین پر رکھ دی۔کہنے لگا: 'کتنی خوشی کی بات ہے کہ آپ تشریف لائے ہیں۔السلام علیکم۔

اس کے بعد اس نے ہم سب سے مصافحہ کیا۔حال احوال پوچھا۔پھر بولا ''ہم آپ کی کیا خدمت کرسکتے ہیں۔'یہ کہہ کر وہ بالٹی کی طرف بڑھا اور بولا 'دودھ پیجیے۔'

جب اس نے ہمیں دودھ پلانے پر ضد کی تو عملے نے کہا:

'یہ لوگ ذرا راؤنڈ کرلیں پھر آکر آپ سے دودھ پئیں گے، جب تک آپ انتظار کریں۔'

یہ سن کر وہ مطمئن ہو گیا اور ہم چل دیئے۔ جب ہمارا آخری ساتھی اس کے پاس سے گزرا تو اس نے ایک جست بھری اور ہمارے ساتھی کی ٹوپی اتار کر بھاگ گیا۔

اس پر ہم بہت حیران ہوئے۔ ہم تو سمجھے تھے کہ وہ سٹاف کا آدمی ہے۔ سپرنٹنڈنٹ صاحب مسکرائے۔ بولے: 'نہیں یہ شخص پیشنٹ ہے۔'

'لیکن اس کا برتاؤ؟' ہم نے پوچھا۔

انہوں نے بات کاٹ کر کہا 'اس کا برتاؤ بالکل نارمل ہے۔ ذہن میں صرف ایک گھنڈی ہے۔ جب بھی یہ شخص کسی کے سر پر ٹوپی دیکھتا ہے تو اس پر دیوانگی طاری ہو جاتی ہے اور یہ لپک کر اس کی ٹوپی اتار کر بھاگ جاتا ہے۔'

## اختیار، بے اختیاری

صاحبو! ہم سب کا یہی حال ہے۔ دیکھنے میں ہم نارمل لگتے ہیں، لیکن ہر شخص کے ذہن میں ایک گھنڈی موجود ہے۔ جب وہ اثر انداز ہوتی ہے تو ہم پر ایک دیوانگی طاری وہ جای ہے۔ جس کے تحت ہم کوئی ایسا کام کر جاتے ہیں جو ہمارے اختیار میں نہیں ہوتا۔ یہ گھنڈی جب طاری ہوتی ہے تو ہم پر ایک وحشت سوار ہو جاتی ہے۔ ہم اپنے بس میں نہیں رہتے۔ ہمارا کنٹرول سسٹم ہمارے اخیار میں نہیں رہتا۔

یہ گھنڈیاں ہمیں ورثے میں ملتی ہیں۔ کوئی گھنڈی ماں سے مل گئی، کوئی باپ سے کوئی دادا پردادا سے۔ صاحبو! میری دانست میں سیدھی بات ہے کہ جو بات ہماری مرضی کے باوجود عمل میں آئے ہم پر اس کی ذمہ داری نہیں ڈالی جاسکتی، اس لئے وہ جزا سزا سے مبرا ہونی چاہیے۔

جزا سزا کے اصول قائم نہیں کئے جاسکتے۔ انصاف اصول پر مبنی نہیں ہوسکتا۔ وہ ایک منفرد مسئلہ ہے۔ ہر شخص کیلئے انصاف الگ ہوگا۔

سیانے کہتے ہیں ہم تقریباً پونے نوے فی صد Prdestined ہیں۔

پیدا کرنے سے پہلے ہمیں پوچھا نہیں جاتا کہ میاں کس گھرانے میں پیدا ہونا

پسند کرو گے؟ امیر کے گھر میں غریب کے گھر میں یا مڈل کلاس کے گھر میں ۔ مسلمان کے گھر میں، عیسائی کے گھر میں دہریے کے گھر میں ۔ ہمیں اپنی موت کے بارے میں علم ہوتا ہے نہ شادی کے بارے میں اور نہ ہی اولاد کے متعلق ۔

زندگی میں بیشتر واقعات Predestined ہوتے ہیں ۔ صرف چند ایک ہمارے اختیار میں ہوتے ہیں ۔ یہ بھی یقین سے نہیں کہا جا سکتا کہ وہ واقعات جو اختیار آتے ہیں واقعی ہمارے اختیار میں ہوتے ہیں ۔ ممکن ہے وہ بھی بے اختیاری نہ ہوں اگرچہ ہمیں یہ احساس دلایا جاتا ہو کہ یہ اختیاری ہیں ۔

## ایشور لال

پرانے زمانے کی بات ہے جب کالج میں پڑھتا تھا ۔ ان دنوں میرا ایک ہندو دوست ایشور لال تھا ۔ ایشور لال کا والد بنیا تھا ۔ پیسے والا تھا لیکن وہ بیٹے کو کھلا پیسہ نہ بھجتا تھا لہذا ایشور لال ہمیشہ مالی مشکلات کا شکار رہتا تھا ۔

ایکدن میں نے ایشور لال سے پوچھا:

'کیا تمہارے والد تمہاری تعلیم کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے ؟ جبھی وہ تمہیں پورا خرچہ نہیں بھجتے ۔'

ایشور لال بہت ہنسا ۔ قہقہہ مار کر ہنسا ۔ کہنے لگا:

میرے پتا جی لکھ پتی ہیں، علاقے میں سب سے زیادہ امیر ہیں ۔'

پھر وہ تمہیں پورا خرچہ کیوں نہیں بھجتے؟'

کہنے لگا: ان کا حوصلہ نہیں پڑتا کہ یک مشت مجھے سارا خرچہ بھیجیں ۔ اس لیے تین قسطوں میں بھجتے ہیں ۔'

''تم تو کہتے ہو کہ وہ لکھ پتی ہیں ۔''

وہ بولا: 'بالکل لکھ پتی ہیں اور اسی وجہ سے سارا خرچہ ایک دم بھیجنے کا حوصلہ نہیں پڑتا ۔'

میں نے کہا: 'تمہیں تو بڑی تکلیف ہوتی ہوگی؟'

بولا۔ بہت

میں نے کہا: پتا جی پر غصہ آتا ہوگا۔'

کہنے لگا: 'پہلے آتا تھا' اب نہیں آتا۔'

میں نے کہا: وہ کیسے

ایشور لال پھر ہنسنے لگا۔ بولا: پہلے میں ان کی مجبوری کو نہیں سمجھتا تھا۔ اب سمجھتا ہوں۔'

''اب کیسے سمجھتے ہو؟' میں نے پوچھا۔

بولا: 'ہمارے ہوسٹل میں بڑے منگتے آتے ہیں۔ کئی تو خیر خاندانی منگتے ہوتے ہیں' کچھ واقعی ضرورت مند ہوتے ہیں۔ انہیں دیکھ کر ترس آتا ہے۔ ہوسٹل کے لڑکے ایسے بھکاریوں کو خیرات دیتے ہیں۔ میرا بھی جی چاہتا ہے کہ انہیں خیرات دوں۔ دینے کیلئے میرے پاس پیسہ ہوتا ہے لیکن جب میں ہاتھ ڈالنے لگتا ہوں تو پتہ نہیں کیا ہوتا ہے جیسے کوئی مریا بازو جکڑ لیتا ہے۔ ساری بانہہ اکڑ جاتی ہے اور میں جیب میں ہاتھ نہیں ڈال سکتا' پھر دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ میں نے کئی بار آزمایا ہے۔ اب میں جانتا ہوں کہ دے نہیں سکتا۔ یہی پتا جی کی مجبوری ہے۔ مجھے معلوم ہوگیا ہے تو اب مجھے ان سے کوئی گلہ نہیں۔''

## دو اور رلو

میں اس زمانے میں ایشور لال کی بات کو پورے طور پر نہ سمجھ سکا۔ ان دنوں مجھے Compuision کا علم نہ تھا۔

میرے ایک دوست ہیں شیخ محمد علی۔ وہ شیخ برداری کے فرد ہیں۔ شیخ نومسلم ہوتے ہیں۔ صدیوں بنئے رہے پھر مسلمان ہو گئے، لیکن ابھی تک اندر بنیوں سے متعلق Compulsion موجود ہیں حالانکہ تقسیم کی وجہ سے انہیں موقع

ملا۔ کاروباری صلاحیتیں موجود تھیں، چند برسوں میں کروڑ پتی بن گئے۔

شیخ محمد علی میں بڑا ''سنس آف ہومر'' ہے۔ ایک روز اس موضوع پر بات چل نکلی تو کہنے لگے:

'ایک روز شیخ صاحب ایک گڑھے میں گر گئے۔ گڑھا خاصا گہرا تھا، خود بخود باہر نکل نہیں سکتے تھے۔ راہ گیر رک گئے۔ ایک نے کہا: 'شیخ صاحب دیجئے اپنا ہاتھ۔' اور اپنا ہاتھ پھیلا دیا لیکن شیخ صاحب نے اپنا ہاتھ نہ دیا' پھر دوسرے تیسرے چوتھے شخص نے ہاتھ پھیلا کر کہا: 'شیخ صاحب دیجئے اپنا ہاتھ۔'' اس کے باوجود شیخ صاحب ٹس سے مس نہ ہوئے۔ اس پر لوگ حیران ہوئے کہ شیخ صاحب اپنا ہاتھ، بلکہ یہی کہو کہ شیخ صاحب لیجئے میرا ہاتھ:۔

یہ سن کر ایک صاحب نے ہاتھ بڑھا کر کہا:

''شیخ صاحب لیجئے میرا ہاتھ۔''

شیخ صاحب نے فوراً ہاتھ پکڑ لیا اور نوجوان نے انہیں گڑھے سے باہر کھینچ لیا۔

یہ دیکھ کر لوگوں نے بڑھے شیخ نے پوچھا کہ جناب لیجئے ہاتھ اور دیجئے ہاتھ میں کیا فرق ہے۔ کیا بھید ہے؟

کوئی بھید نہیں پڑتا۔'' شیخ بولا'' بنیا دینے سے ہچکچاتا ہے۔ لینے پر فٹ راضی ہو جاتا ہے۔''

## ڈاکٹر امانت مفتی

ڈاکٹر امانت مفتی میرا ماموں زاد بھائی ہے۔ اگرچہ عمر میں مجھ سے چھوٹا ہے لیکن میرا دوست ہے۔ ہم دونوں میں کوئی قدر مشترک نہ تھی۔ شرعت کے حوالے کے بغیر کوئی کام نہ کرتا تھا مغرب زدہ تھا۔ اس کے باوجود وہ مجھے دوست جانتا تھا۔ زندگی میں مجھ پر جب بھی کوئی مشکل وقت آیا تو میں نے ڈاکٹر امانت کے ہاں پناہ لی۔

حال ہی میں وہ مجھ سے ملا۔ کہنے لگا۔ ایک بات پوچھوں''

میں نے کہا ''پوچھو ایک نہیں دس پوچھو؟''

کہنے لگا: ''تم تو ادبی آدمی ہو۔ ہمیشہ ادبی مضامین لکھتے رہے ہو، تم نے مذہب پر لکھنا کیسے شروع کر دیا؟ میں تمہارا سلسلہ وار مضمون ''تلاش'' باقاعدگی سے پڑھ رہا ہوں۔ بات سمجھ میں نہیں آئی کہ تم اس موضوع پر کیوں لکھنے لگے ہو؟''

میں نے کہا: ''ڈاکٹر میں تو پھنس گیا ہوں، بری طرح سے پھنس گیا ہوں۔''

وہ بولا: ''دیکھ ٹال مٹول نہ کر، یہ بتا کہ تجھے ہوا کیا ہے؟''

میں نے کہا: ''مجھے وہم ہو گیا ہے، شدت کا وہم کہ جب تک میں یہ کام نہیں کروں گا مجھے چھٹی نہیں ملے گی ...... اور ڈاکٹر میں اب جانا چاہتا ہوں۔'' میں نے بات جاری رکھی۔ ''میں 90 سال کا ہو چکا ہوں۔ میرے اعضاء تھک گئے ہیں، کہتے ہیں اب بس کر رو، بہت ہو چکا۔ ہم ٹک ٹک کرتے کرتے گھس گئے ہیں۔ وہ سچ کہتے ہیں ڈاکٹر۔ میرے لئے جینا روز بروز مشکل ہوتا جا رہا ہے۔''

''میں سمجھا نہیں۔ وہ بولا'' اس بات کا مذہب پر لکھنے سے کیا تعلق ہے؟''

''ٹھیک کہتے ہو تم'' میں نے جواب دیا۔ ''میں وضاحت کرتا ہوں۔''

## کشف اور وہم

''آج سے چھ سات سال پہلے کی بات ہے، میں بیمار پڑا تھا۔ ہسپتال میں داخل تھا۔ ان دنوں میں ''الکھ نگری'' لکھ رہا تھا۔ میں نے محسوس کیا کہ میں الکھ نگری مکمل نہیں کر سکوں گا۔

''انہی دنوں لاہور کی ایک صالح خاتون صغیرہ شیریں کا مجھے خط موصول ہوا۔ خط میں بر سبیل تذکرہ انہوں نے اپنے مرشد شاہ صاحب کا ذکر کیا تھا۔ شیریں نے لکھا کہ شاہ جی بڑے صاحب کشف ہیں۔

''میں نے جواب میں شیریں کو لکھا کہ اگر شاہ جی صاحب کشف ہیں تو ان سے پوچھ کر مجھے بتا کہ کیا میں الکھ نگری مکمل کر پاؤں گا۔

''جواب میں شاہ صاحب نے اپنے ہاتھ سے مجھے لکھا کہ ''الکھ نگری ہم نے مکمل شکل میں دیکھ لی ہے۔ ابھی آپ کو ایک اور کتاب تصوف پر لکھنی ہے۔''

''جب الکھ نگری شائع ہوگئی تو ایک سال بعد میں لاہور گیا۔ شاہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے کہا ''شاہ صاحب یہ ایک منہ زبانی مسلمان ہوں۔ اسلام کے متعلق کچھ بھی نہیں جانتا۔ دنیاوی علوم میں ادھ پڑھ ہوں لیکن اسلام میں ان پڑھ ہوں۔ میں تصوف پر کیا لکھ سکتا ہوں؟''

شاہ صاحب سمجھاتے رہے کہ انسان یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتا' حالات بدل جاتے ہیں' رخ بدل جاتے ہیں' مفہوم بدل جاتے ہیں۔

میں نے اپنی رٹ لگائے رکھی۔

آخر وہ تنگ آکر بولے۔ ''دیکھو میاں! ہمیں تو جو نظر آیا ہم نے بتا دیا۔ اب تمہاری مرضی ہے مانو نہ مانو۔ لکھو یا نہ لکھو۔''

شاہ صاحب سے ملنے کے بعد میں نے اپنے دل کو تسلیاں دیں۔ میں نے سوچا کشف برحق لیکن آخری فیصلہ تو اللہ کا ہوتا ہے' Finality Rests With God کشف مستقبل کی ادھوری جھلکی ہوتی ہے۔ لہذا کشف کو اس حد تک اہمیت دینا مناسب نہیں، بہرحال میں نے بڑی محنت سے اس بات کو ٹال دیا، ذہن سے نکال دیا اور اپنے کام میں لگ گیا۔

## اسلامی دانشور

تین سال گزر گئے، ایک روز اسلام آباد کی جانی پہچانی خاتون سرفراز اقبال، امتیاز بخاری کے ساتھ میرے گھر آگئی۔

سرفراز آتے ہی بولی؟'' میں نے پوچھا۔

بولی ''ایک صاحب نے تجھے ملانا ہے۔''

''خواہ مخواہ'' میں نے کہا۔ میں نہیں ملتا کسی سے۔'

سرفراز میری پرانی سہیلی ہے اور مجھ پر حکم چلانے کی عادی ہے۔ بولی: ''نہیں۔ ملنا پڑے گا۔ میں نے ان سے وعدہ کیا ہے کہ آپ کو مفتی سے ملاؤں گی۔ یہ بخاری صاحب بڑے افسر ہیں۔ تمہیں ان سے ملانے کیلئے لاہور سے گاڑی لائے ہیں۔''

وہ ہے کون؟ میں نے پوچھا۔ ''جس سے مجھے ملنا ہے۔''

بخاری نے کہا: ''پہلے وہ انگلش لٹریچر کے پروفیسر تھے۔ میرے دوست ہیں۔''

''بڑا ہی بزرگ ہے وہ۔'' سرفراز بولی۔

بزرگ کا نام سن کر میں ڈر گیا اور فوراً تیار ہو گیا۔

واقعی وہ ایک عالم شخص تھا، اردو اور انگریزی بڑی روانی سے بولتا تھا۔ قرآن سے تو اس طرح پڑھتا تھا جیسے ماں بولی ہو۔ ساتھ مفہوم سمجھاتا تھا۔ وہ ایک دانشور تھا۔ اس کی اپروچ عقل پر مبنی تھی اور اس کی باتوں میں بلا کرتا ثر تھا۔

اس کی عقلیہ باتیں سن کر اور عوامی انداز میں دیکھ کر میں بے حد متاثر ہوا۔

باتیں کرتے کرتے دفعتاً وہ رک گیا۔ میری طرف متوجہ ہوا اور مدھم آواز میں بولا: ''آپ نے مذہب پر ایک کتاب لکھنی ہے۔'' یہ سن کر میرے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی۔

## عقیدہ اور عقیدت

چند دنوں کے بعد ایک بزرگ میرے گھر تشریف لے آئے۔ ان کے سر پر بھاری عمامہ تھا، جسم پر لمبا چوغہ، انداز رسمی بزرگوں کا سا اور ہاتھ میں دو کتابیں۔ آتے ہی فرمانے لگے:

''دیکھئے، جو کتاب آپ لکھ رہے ہیں اس میں ہمارا ذکر ضرور کریں۔''

وہ دونوں کتابیں چھوڑ کر خود رخصت ہو گئے۔

اس واقعہ نے میرے اندر ایک ہل چل مچا دی۔ کہیں یہ جال شہاب صاحب کا پھیلایا ہوا تو نہیں ہے؟

قدرت اللہ شہاب زندگی بھر مجھ سے کہتے رہے کہ عقیدت کوئی اچھی چیز نہیں، عقیدہ پالئے۔ جواب میں، میں ان سے کہا کرتا تھا:

شہاب صاحب مجھ میں تو صرف عقیدت ہے، عقیدہ نہیں۔ جو چیز میرے اندر نہیں اسے میں کیسے پال سکتا ہوں!''

بار بار مجھے خیال آتا کہ شاید شہاب صاحب اس پر اسرار طریقے سے مجھے عقیدے کے متعلق جاننے پر مائل کرر ہے ہوں۔

## محمد طفیل

پھر ایک اور واقعہ ہوا۔ ایک روز میں گھر آیا تو پتہ چلا کہ کوئی صاحب چند قرآن چھوڑ گئے ہیں۔ دیکھا تو وہ قرآن بہت قیمتی تھے۔ ایک امریکہ کا چھپا ہوا تھا، ایک انگلستان کا۔

میں نے بیوی سے پوچھا کہ قرآن کون چھوڑ گئے ہیں۔

اس نے کہا: ''اپنا نام بتا کر نہیں گئے۔''

تقریباً ایک ماہ کے بعد وہ پھر آئے۔

ان کا نام محمد طفیل ہے۔ وہ ایک تعلیم یافتہ انڈسٹریلسٹ ہیں۔ قرآن کے پروانے ہیں۔ لوگوں کو قرآن اور اسلامی کتابیں بانٹتے رہتے ہیں۔ انہوں نے مجھے اسلامی کتابیں مہیا کرنی شروع کر دیں اور میں نے مطالعہ شروع کر دیا پھر مجھے خیال آیا کہ کیوں نا کسی پرچے میں قسط وار مضامین چھپواتا جاؤں۔

قومی ڈائجسٹ کے مدیر انور سدید میرے دوست ہیں۔ انہوں نے میرے مضامین چھاپنے کی ہامی بھر لی، تو ڈاکٹر میں نے امانت علی سے کہا میں گذشتہ تین سال سے اسلام پڑھ رہا ہوں۔ کتابیں لکھنے والے اونچی باتیں کرتے ہیں۔ علم چھانٹتے ہیں۔ دانشوری جتاتے ہیں۔ مصنف علما کے لیے لکھتے ہیں، مجھ ایسے مبتدی کیلئے کوئی نہیں لکھتا۔ اسلام پر لکھنا میرے بس کی بات نہ تھی۔ مجھے یہ حوصلہ تھا کہ صرف کتاب

لکھنے کی شرط لازم ہے ۔اس بات پر کوئی پابندی نہیں کتاب کیسی ہو؟ ٹھیک ہو یا غلط، سرسری ہو یا با معنی۔

## باندھ کر مروایا

ڈاکٹر میری کیفیت بالکل ایسی ہے جیسے تذکرہ غوثیہ کے حکیم کی تھی ۔"نقل ہے کہ ایک آدمی بہت غریب تھا۔سارا دن دوڑ بھاگ کرتا لیکن مزدوری نہیں ملتی تھی ۔ملتی بھی تو معاوضہ اس قدر قلیل ہوتا کہ پیٹ بھر کر کھانا نصیب نہ ہوتا۔وہ اس مشقت سے اکتا گیا، زندگی سے اکتا گیا۔اس نے سوچا ایسے جینے سے مر جانا بہتر ہے ۔

ایک روز وہ خودکشی کے ارادے سے جنگل کی طرف چل پڑا۔گلے میں پھندا ڈالا۔لٹکنے کیلئے چھلانگ لگانے ہی والا ہی تھا کہ عزرائیل نمودار ہوا۔

عزرائیل بولا: "میاں یہ کیا کر رہا ہے تو! تجھے نہیں پتہ کہ خودکشی حرام ہے۔"

وہ بولا: "جناب کیا کروں! پیٹ بھرنے کیلئے روٹی نہیں ملتی بھوکوں مرنے سے تو خودکشی بہتر ہے۔"

عزرائیل نے کہا: "اگر تجھے کھانے کی روٹی مل جائے تو خودکشی سے باز آجائے گا کیا؟"

مزدور نے کہا: "میں کیا پاگل ہوں کہ پھر خودکشی کا سوچوں۔"

عزرائیل نے کہا: "اچھا تو تو حکیم بن جا۔جب تو مریض کو دیکھنے جایا کرے گا تو ہم تجھے نظر آجایا کریں گے ۔اگر ہم مریض کے سرہانے کھڑے ہوں تو سمجھ لینا کہ مریض کو شفا حاصل ہوگی، پھر تو اسے کوئی سی پڑیا دے دیا کرنا وہ صحت مند ہوجائے گا اور اگر ہم مریض کی پائینتی پر کھڑے نظر آئیں تو جان لینا کہ مریض کا وقت پورا ہو چکا۔"

عزرائیل کے کہنے کے مطابق مزدور حکیم بن گیا ۔اس کی حکمت اتنی کامیاب ہو گئی کہ شہر بھر میں اس کا چرچا ہو گیا۔یہ خبر بادشاہ کو پہنچی تو بادشاہ نے اسے آزمایا

۔آزمائش کہ شہر بھر

میں اس کا چرچا ہوگیا۔آزمائش میں وہ پورا اترا تو بادشاہ نے اسے شاہی حکیم مقرر کر دیا۔

ایک روز حکیم صاحب خود بیمار پڑ گئے،پھر جو آنکھ اٹھائی تو دکھا کہ عزرائیل ان کی پائینتی پر کھڑے ہیں۔یہ دیکھ کر حکیم صاحب گھبرا گئے۔انہوں نے سرہانہ اٹھا کر پائینتی پر رکھا اور خود رخ بدل کر لیٹ گئے۔

پھر جو دیکھا تو عزرائیل پھر پاؤں کی طرف کھڑے تھے۔۔

حکیم صاحب نے پھر سرہانہ بدل لیا۔

گھر والوں نے دیکھا کہ حکیم صاحب بار بار سرہانہ بدل رہے ہیں تو وہ گھبرا گئے ۔وہ کسی اور حکیم کو بلا لائے۔معالج نے آتے ہی دیکھ کر کہا کہ سرسام تو دورہ پڑا ہے ۔ذہن ماؤف ہوگیا ہے،لہذا انہیں چارپائی پر باندھ دو تا کہ بار بار دیوانہ وار رخ نہ بدلی۔

گھر والوں نے معالج کے حکم کے مطابق حکیم صاحب کو چارپائی پر باندھ دیا۔

اس پر حکیم صاحب نے بڑی بے بسی سے منہ پر ہاتھ پھیر کر عزرائیل سے کہا:

''حضور میں ہرگز نہ مرتا لیکن گھر والوں نے باندھ کر مروا دیا۔

تو ڈاکٹر یہی میری کیفیت ہے۔اس موضوع پر لکھنے کی جسارت میں کبھی نہ کرتا لیکن بزرگوں نے باندھ کر مروا دیا۔

## وسعت ہی وسعت

ڈاکٹر امانت نے کہا: اچھا تو تم تین سال سے اسلام پڑھ رہے ہو! کیا اسلام کے متعلق کچھ پتہ چلا؟''

''کچھ پتہ نہیں چلا۔''میں نے جواب دیا۔''پہلے جب میں اسلام سے واقف نہ تھا تو کچھ کچھ پتہ تھا۔اب بالکل ہی کنفیوز ہوگیا ہوں۔''

''مثلاً'' پہلے کیا پتہ تھا؟'' اس سے پوچھا۔

''مثلاً پہلے اسلام میری نظر میں ایک چھوٹا سا خوبصورت سا سنگ مرمر کا تالاب تھا، لیکن اب...... اب تو وہ بے کراں سمندر نظر آتا ہے، وسعت ہی وسعت۔''

''مجھے ایسے لگتا ہے ڈاکٹر جیسے اسلام شالیمار باغ کے مانند ہو جس میں کئی ایک تختے ہیں۔ ایک میں خوبصورت درخت ہیں' پارک ہیں' روشیں ہیں۔ دوسرے میں سنگ مرمر کی بارہ دری ہے' تالاب ہیں' فوارے ہیں' تیسرے میں جنگل کا سماں ہے۔ سچی بات یہ ہے ڈاکٹر! کہ میں بات سمجھ نہیں سکتا۔ مطلب ہے جو میرے جیسے کلمہ گو ہیں وہ بھی مسلمان ہیں۔ جو نمازیں پڑھتے ہیں روزے رکھتے ہیں وہ بھی مسلمان ہیں۔ جو دنیا کو تیاگ کر عبادات میں مصروف ہیں وہ بھی مسلمان ہیں۔ جو اسلامی اصولوں کے مطابق دنیاوی زندگی گزار رہے ہیں وہ بھی مسلمان ہیں اور جو اللہ کے عشق میں دیوانے ہو رہے ہیں وہ بھی مسلمان ہیں۔ عجب گورکھ دھندہ ہے۔''

## بشریت اور ڈیوائن

''عیسائیت کہتی ہے کہ اگر کوئی تمہارے منہ پر تھپڑ مارے تو اسے دوسرا گال پیش کر دو۔ یہ بات بشریت کے منافی ہے۔ اسلام بشریت کے منافی نہیں۔ اسلام کہتا ہے اگر کسی نے تم سے زیادتی کی ہے تو بے شک انتقام لو۔ یہ تمہارا حق ہے' لیکن صرف اتنی زیادتی کرو جتنی تم سے کی گئی ہے' اس سے زیادہ نہیں...... لیکن اگر تم معاف کرو تو یہ افضل ہے۔ ہر بات میں اسلام کا رویہ ایسا ہی ہے کہ اگر تم انتقام لینا چاہو تو تمہیں حق حاصل ہے بشرطیکہ جتنی زیادتی تم پر ہوئی ہے اس سے نہ بڑھو، لیکن اگر معاف کر دو تو افضل ہے۔ اسلام بشریت کے تقاضے کو تسلیم کرتا ہے لیکن ساتھ ہی بشریت سے بے نیاز ہونے کی تلقین کرتا ہے۔ ایک ہاتھ

بشریت پر ہے دوسرا Divine پر۔

''اتنی وسعت ڈاکٹر کہ حد ہے۔ تم بتاؤ ڈاکٹر تم ساری عمر اسلام جئے ہو۔ کیا تمہیں

سمجھ میں آیا ہے کہ اسلام کیا ہے؟''

ڈاکٹر آمان مسکرایا بولا: ''ممتاز میں تو صرف یہ سمجھا ہوں کہ اسلام کا مطلب ہے ''محمدؐ ہے''

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

# خطوط

تلاش...... خدا کی، سچائی کی، دانش کی یا پھر اپنے آپ کی۔ کوئی دانش ہے کہ اس سلسلہ ہائے مضامین میں موجزن ہے، کوئی روشنی ہے کہ دلوں کو منور کر رہا ہے۔ ممتاز مفتی اب ایک لیجنڈ کا درجہ اختیار کر چکے ہیں۔ مردوں میں ایک زندہ شخص اور زندوں میں زندہ دل۔ یہ سلسلہ تا دیر جاری رہنا چاہیے۔

محمد شفیع بلوچ

اٹھارہ ہزاری جھنگ

☆

ممتاز مفتی صاحب کا ''تلاش'' ان کی مخصوص ذہنی سوچ اور منفرد اسلوب کا حامل سلسلہ ہے۔ اللہ تا دیر ایسی تحریریں سپرد قلم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ورثے کی تلاش انتہائی دلچسپ تحریر ہے اور گزشتہ اقساط کی طرح قاری کو اپنی گرفت سے آزاد نہیں کرتی۔

یوسف خالد

سرگودھا

☆

ممتاز مفتی صاحب کا مضمون ''تلاش'' سیکولرانہ جذبات سے لبریز، اور غیر متوازن ہے۔ اس میں علمائے دین پر بھرپور تنقید باندازِ تنقیص کی گئی ہے۔ انہیں جاہل، کورذوق، زمانہ ناشناس، مفاد پرست وغیرہ جیسے ''اعزازات'' سے نوازا گیا ہے اور کوئی استثنا نہیں کیا گیا۔

معاشرے کے دوسرے شعبوں کی طرح اہل دین میں بھی یقیناً زوال رونما ہو گیا

ہے اور نا اہل افراد کی اس میں دو رائے ہیں اور بحیثیت مجموعی اہل دین طبقہ علمی اور علمی اور سیرت و کردار کے پہلو سے انحطاط کا شکار ہو گیا ہے لیکن صرف اہل دین طبقہ ہی نہیں دوسرے

طبقات میں بھی علم و عمل اور سیرت و کردار کا زوال رونما ہوا ہے۔

دوسری چوک جو مفتی صاحب سے ہوئی ہے یہ ہے کہ اس دور کے زوال دیدہ یا نام نہاد علماء کا موازنہ ان صوفیائے کرام سے کیا ہے جو صدیوں پہلے گزر چکے ہیں۔آج کے نام نہاد صوفیا کی طرف مفتی صاحب کی نظر کیوں نہیں اٹھی۔کیا وہاں زوال و انحطاط نہیں ہے اور کیا وہاں سیرت و کردار کا کوئی بحران نہیں؟ اگر محترم مفتی صاحب غیر جانبدارانہ نظر ڈالتے تو انہیں اندازہ ہوتا کہ بڑے بڑے جبوں اور عطر میں بسے ہوئے پر تکلف لباس میں کتنا تعفن ہے، تو ان کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے۔

محترم ممتاز مفتی صاحب نے جن علماء پر تنقید کی ہے وہ علماء نہیں نیم خواندہ اور ضرورت مند لوگ ہیں۔وہ بد کردار اور بے عمل ہیں لیکن اس میں معاشرے کا بھی ہاتھ ہے۔عام طور پر مسجد، اس کا نظام اور اس کی دیکھ بھال ہمارے پروگرام میں شامل نہیں ہوتی۔جو طالب علم یا موقع پرست ضرورت مند روٹی اور چند ٹکوں پر آجائے، ہم سمجھتے ہیں وہی ٹھیک ہے۔

شیخ امتیاز احمد

ملتان روڈ، لاہور

☆

ممتاز مفتی صاحب کے منفرد سلسلہ تحریر کی دوسری کڑی دیکھنے کے بعد شدت سے انتظار ہونے لگا ہے۔مواد کے انتخاب کے ساتھ ساتھ لے آؤٹ بھی قابل داد ہے۔سرخیوں، تعارفی سطروں اور خاکوں کا انداز بہت بدلا ہوا ہے۔تجزیاتی مضمون بہت فکر انگیز ہوتا ہے، البتہ جانبداری کھٹکتی ہے کہ ایک پارٹی کی صرف برائیاں گنوائی

جائیں اور دوسرے کی صرف خوبیاں، ٹائیٹل پر مجھے اعتراض ہے۔

خالد ہمایوں

لاہور

☆

قومی ڈائجسٹ شمارہ اکتوبر 1993ء کے مضامین میں سے تلاش خاکے الیکشن ریکارں (مفتی، یونس بٹ، امین) کس کو کس پر ترجیح دی جائے۔ایک سے بڑھ کر ایک۔آپ نے دل خوش کردیا ہے۔انعام کے لالچ سے قطع نظر ڈائجسٹوں کا بادشاہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا اللہ کرے زور ڑائجسٹ اور زیادہ۔

عبدالوحید ملک

گلشن اقبال، کراچی

☆

قومی ڈائجسٹ شمارہ اکتوبر 1993ء کے مضامین میں سے میری پسند کا بہترین مضمون تلاش از ممتاز مفتی ہے۔ممتاز مفتی کی تحریروں میں ایسا سفاکانہ سچ ہوتا ہے کہ ان پر جھوٹ کا گمان ہوتا ہے۔وہ ایک صاحب طرز ادیب ہیں۔ایک سچے اور کھرے فنکار، قدرت سے انہیں فی الواقع بہت سی خوبیاں عطا کی ہیں ان سے مستقل لکھوانے کا بندوبست کرکے آپ نے یقیناً معرکے کا کام کیا ہے۔

محمد شفیع بلوچ

موضع درگاہی شاہ تحصیل وضلع جھنگ

☆

قومی ڈائجسٹ شمارہ اکتوبر 1993ء کے مضامین میں سے میری پسند کا بہترین مضمون تلاش از ممتاز مفتی ہے۔اتنے بزرگ مصنف میں شباب کی تازگی اور بچوں

جیسی جستجو قابل قدر اور نسبتاً نایاب بھی ہے۔ممتاز مفتی واقعی بڑے آدمی ہیں۔

افضل اقبال (ڈاکٹر)

سٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

------------اختتام---- The End-----------

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
اقبال اکادمی پاکستان
©2002-2006